3082 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِالتَّمْرَةِ، فَمَا يَمْنَعُهُ مِنْ أَخْذِهَا إِلَّا مَخَافَةُ أَنْ تَكُونَ صَدَقَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار کھجوروں کے ڈھیر کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف اس لیے نہیں کھایا کہ کہیں صدقہ نہ ہو۔

3083 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا سِمَاكٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِبَرَاءَةَ مَعَ أَبِي بَكْرٍ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ ثُمَّ دَعَاهُ فَبَعَثَ عَلِيًّا فَقَالَ: لَا يُبَلِّغُهَا إِلَّا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو معاہدہ ختم کرنے کا اعلان کرنے مکہ بھیجا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ کو بلوا کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا' اس کے بعد فرمایا: اس کو کوئی اور نہ پہنچائے مگر میرے گھر والوں میں سے کوئی آدمی۔

3084 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا ثُمَّ تَرَكَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک دعاءِ قنوت پڑھی پھر اسے ترک کر دیا۔

3085 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً دَعَا بِهَا فَاسْتُجِيبَتْ لَهُ، وَإِنِّي اسْتَخْبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی علیہ السلام کے لیے ایک خاص دعا کا اختیار تھا جو اس نے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو قبول فرمایا اور میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا کر رکھا ہے۔

3086 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے

3082- الحديث سبق برقم: **2805** فراجعه .

3083- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **212** قال: حدثنا عبد الصمد' وعفان . وفي جلد **3** صفحه **283** قال: حدثنا عفان . والترمذي رقم الحديث: **3090** قال: حدثنا محمد بن بشار' قال: حدثنا عفان' وعبد الصمد .

3084- الحديث سبق برقم: **3057** فراجعه .

3085- الحديث سبق برقم: **2834** فراجعه .

هَـمَّـامٌ، عَـنْ قَتَـادَـةَ، عَنْ أَنَـسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضْرِبُ شَعْرُهُ إِلَى مَنْكِبِهِ

بال مبارک کندھوں تک تھے۔

3087 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَـمَّـامٌ، عَـنْ قَتَـادَـةَ، عَنْ أَنَـسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْوِصَالِ، قَالَ: فَقِيلَ لَهُ: إِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: إِنِّي أَبِيتُ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال رکھنا شروع کیے تو لوگوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو صوم وصال سے منع فرما دیا اور فرمایا: اگر اللہ چاہے تو میں کھاتا ہوں اور اگر اللہ چاہے تو میں پیتا ہوں۔

3088 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَـمَّـامٌ، عَـنْ قَتَـادَـةَ، عَـنْ أَنَـسٍ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّـى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَالَ: أَيُّكُمُ الْقَائِلُ كَـلِـمَةَ كَـذَا وَكَـذَا؟ فَـأَرَمَّ الْقَوْمُ ثَلَاثًا، قَالَ: فَقَالَ رَجُـلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا قُلْتُهَا، وَمَا أَرَدْتُ بِهَا إِلَّا خَيْرًا، قَـالَ: فَـقَـالَ الـنَّـبِـيُّ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِ ابْتَـدَرَهَـا اثْـنَـا عَشَرَ مَلَكًا فَمَا دَرَوْا كَيْفَ يَكْتُبُونَهَا حَتَّى سَأَلُوا رَبَّهُمْ فَقَالَ: اكْتُبُوهَا كَمَا قَالَ عَبْدِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا درانحالیکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تھے تو اُس نے کہا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اس حال میں کہ وہ پاک ہیں اور ان میں برکت ہے۔ پس جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو فرمایا: یہ کلمات کہنے والا تم میں سے کون تھا؟ تین مرتبہ پوچھنے پر بھی صحابہ کرام خاموش رہے پھر ایک آدمی نے عرض کی: حضور! میں تھا! پس میرا ارادہ نیک تھا۔ راوی کا کہنا ہے: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بارہ فرشتے ان کے لیے جلدی کر رہے تھے لیکن ان کو سمجھ نہ آئی کہ اس کا ثواب کتنا اور کیسے لکھیں یہاں تک کہ انہوں نے اپنے رب سے پوچھا تو اللہ نے فرمایا: جو الفاظ میرے بندے نے کہے اس کے نامۂ اعمال میں وہی لکھ دو (قیامت کے دن میں خود اس کا اجر دوں گا)۔

3087- الحديث سبق برقم: 2867 فراجعه .

3088- الحديث سبق برقم: 2908 فراجعه .

3089 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ نَعْلُهُ لَهَا قِبَالَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک نعل تھی اس کے دو تسمے تھے۔

3090 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُنْبَذَ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ جَمِيعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چھواروں اور خشک کھجوروں کی نبیذ سے منع کرتے تھے۔

3091 - قَالَ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، نَحْوَهُ

حضرت ہمام اسی طرح کی روایت کرتے ہیں۔

3092 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ - فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَسْقِ اللّٰهَ لَنَا، فَاسْتَسْقَى، فَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَمُطِرْنَا فَمَا جَعَلَتْ تُقْلِعُ إِلَّا وَلَابَتَاهَا تُمْطِرُ، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ، قَامَ إِلَيْهِ ذَلِكَ الرَّجُلُ أَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَرْفَعَهَا، قَالَ: فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَى السَّحَابِ يَنْشَقُّ شِمَالًا وَيَمِينًا حَوْلَ الْمَدِينَةِ، وَلَمْ يُمْطِرْ فِي جَوْفِهَا قَطْرَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز تھے۔عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے ہمارے لیے پانی مانگیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی مانگا، حالانکہ آسمان پر رائی کے برابر بادل نہیں تھے، ہم پر بارش برسی۔کوئی ایسی جگہ نہیں جو بارش کی وجہ سے بہہ نہ رہی تھی۔ جب دوسرا جمعہ آیا۔ وہ آدمی کھڑا ہوا، عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ سے دعا کریں اس کو لے جائے۔ میں نے بادلوں کی طرف دیکھا وہ دائیں اور بائیں پھیل گئے۔ مدینہ پاک کے اردگرد برس رہا تھا' مدینہ شریف کے اندر قطرہ بھی نہیں برس رہا تھا۔

3093 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3089- أخرجه أحمد جلد3صفحه203,122 . وعبد بن حُميد: 1177 . وابن ماجة رقم الحديث: 3615 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة .

3090- الحديث سبق برقم: 2999,2884 فراجعه .

3091- الحديث سبق برقم: 3090,2999,2884 .

3092- أخرجه أحمد جلد3صفحه245 قال: حدثنا عفان وبهز' قالا: حدثنا همام . وأخرجه أحمد جلد3صفحه261 قال: حدثنا حسين في تفسير شيبان .

هَـمَّـامٌ، عَـنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا

حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تم جان لو جو میں جانتا ہوں تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ۔

3094 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَـمَّـامٌ، عَـنْ قَتَـادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى رَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً، قَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: وَيْلَكَ، ارْكَبْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ قربانی کا اونٹ ہانک کے لے جا رہا تھا (یعنی خود پیدل تھا، اونٹ کو آگے چلا رہا تھا)۔ اس سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کی: یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تو اس پر سوار ہو جا۔

3095 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَـمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا بَزَقَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَـنْ يَمِينِهِ، وَيَبْزُقُ عَنْ شِمَالِهِ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی پاک ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی تھوکے تو بائیں جانب تھوکے یا بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے، مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کر دینا ہے۔

3096 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَجْتَمِعْ لَهُ غَدَاءٌ وَعَشَاءٌ خُبْزٌ وَلَحْمٌ إِلَّا عَلَى ضَفَفٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے لیے صبح و شام کا کھانا روٹی اور گوشت دونوں اکٹھے بہت کم ہوتے تھے۔

3097 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ

3094- الحديث سبق برقم: **2862** فراجعه .

3095- الحديث سبق برقم: **2878** فراجعه .

3096- الحديث في المقصد العلي برقم: **1503** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **20** وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، ورجالهما رجال الصحيح .

3097- الحديث سبق برقم: **3074,3053,2849,2848,2847,2846** فراجعه .

يُوسُفَ الْأَزْرَقُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً أَوْ نَامَ عَنْهَا، فَإِنَّمَا كَفَّارَتُهَا أَنْ يُصَلِّيَهَا إِذَا ذَكَرَهَا

نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص نماز بھول جائے اسے چاہیے کہ اس کو جب یاد آئے، پڑھ لے۔

3098 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، قَالَ: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ وَمَعَهُ رَايَةٌ سَوْدَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف میں دو مرتبہ پیچھے چھوڑا تھا۔ میں نے قادسیہ کے دن دیکھا آپ ﷺ کے ساتھ کالا جھنڈا تھا۔

3099 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَطَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا وَالْأَكْلِ قَائِمًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھڑے ہو کر کھانے اور پینے سے منع کیا۔

3100 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةٌ مِنْ سُنْدُسٍ وَكَانَ يَنْهَى عَنِ الْحَرِيرِ، فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْهَا، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هَذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو سندس کا ایک جُبّہ ہدیہ دیا گیا حالانکہ آپ ریشم سے منع کرتے تھے، لوگوں کو وہ جبّہ بڑا پسند آیا، آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! سعد بن معاذ کے لیے جنت میں اس سے بھی زیادہ خوبصورت جبّہ ہے۔

3098- أخرجه أحمد جلد3صفحه132 . وأبو داؤد رقم الحديث: 2931,595 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدى به . وأخرجه أحمد جلد3صفحه192 من طريق بهز، حدثنا أبو العوام به .

3099- الحديث سبق برقم: 2964,2860 فراجعه .

3100- أخرجه أحمد جلد3صفحه206 قال: حدثنا روح . وفى جلد3صفحه277,209 قال: حدثنا سليمان بن داؤد، أبو داؤد . ومسلم جلد7صفحه151 قال: حدثنا أحمد بن عبده، قال: أخبرنا أبو داؤد (ح) وحدثنا محمد بن عمرو بن جبلة، قال: حدثنا أمية بن خالد .

3101 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً، فَأَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ مَرَّتَيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل مکہ نے آپ سے سوال کیا کہ کوئی نشانی دکھائیں! آپ نے ان کو دو مرتبہ نشانیاں دکھائیں چاند کو چیر کر۔

3102 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ يَهُودِيًّا أَتَى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَرَدَّ الْقَوْمُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَدْرُونَ مَا قَالَ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، سَلَّمَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَالَ: لَا، وَلَكِنَّهُ قَالَ: كَذَا وَكَذَا، رُدُّوهُ عَلَيَّ قَالَ: فَرَدُّوهُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَقُلْتَ السَّامُ عَلَيْكُمْ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقُولُوا: وَعَلَيْكَ قَالَ: عَلَيْكَ مَا قُلْتَ (وَإِذَا جَاءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہودی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا: السام علیکم! صحابہ کرام نے اس کے سلام کا جواب دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ اس نے کیا کہا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں! اے اللہ کے نبی! اس نے سلام کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے سلام نہیں کیا بلکہ اس نے اس اس طرح کہا ہے مجھے وہ کلمہ بتاؤ! صحابہ کرام نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: کیا اس نے السام علیکم نہیں کہا ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس وقت جب کوئی اہل کتاب سلام کرے تو تم کہا کرو: علیک! اُس نے کہا: علیک کیوں کہا؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''وَإِذَا جَاءُوكَ الی آخره''۔

3103 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُرَى فِيهِ أَبَارِيقُ الْفِضَّةِ عَدَدَ نُجُومِ السَّمَاءِ وَأَكْثَرَ - يَعْنِي الْحَوْضَ-

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں: اس میں آسمان کے ستاروں کی تعداد کے برابر بلکہ ان سے زیادہ چاندی کے پیالے ہیں یعنی حوضِ کوثر میں۔

3101- الحديث سبق برقم: 2923,2922 فراجعه .

3102- الحديث سبق برقم: 3077,2909 فراجعه .

3103- الحديث سبق برقم: 2753 فراجعه .

3104 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا، حَدَّثَهُمْ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ حَدَّثَتْ أَنَّهَا سَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، قَالَ: إِذَا رَأَتْ ذَلِكَ الْمَرْأَةُ فَلْتَغْتَسِلْ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: وَاسْتَحْيَيْتُ مِنْ ذَلِكَ فَقُلْتُ: وَهَلْ يَكُونُ هَذَا؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَمِنْ أَيْنَ يَكُونُ الشَّبَهُ، إِنَّ مَاءَ الرَّجُلِ غَلِيظٌ، وَمَاءُ الْمَرْأَةِ رَقِيقٌ أَصْفَرُ، فَمِنْ أَيِّهِمَا عَلَا أَوْ سَبَقَ يَكُونُ الشَّبَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس عورت کے بارے میں جو خواب میں وہ دیکھے جو مرد دیکھتا ہے (احتلام وغیرہ) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت پانی دیکھے اور اس کو انزال ہو گیا ہو تو اس پر غسل واجب ہے تو ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ یہ ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! مرد کا پانی گاڑھا اور سفید ہوتا ہے اور عورت کا پانی پتلا اور پیلا ہوتا ہے۔ ان پانیوں میں سے جو بھی سبقت لے جائے یا بلند ہو تو بچہ اسی کے مشابہ ہوتا ہے۔

3105 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي اخْتِلَافٌ، وَفِرْقَةٌ يُحْسِنُونَ الْقَوْلَ وَيُسِيئُونَ الْفِعْلَ، يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُونَ إِلَيْهِ حَتَّى يَرْتَدَّ عَلَى فُوقِهِ، هُمْ شِرَارُ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ، طُوبَى لِمَنْ قَتَلَهُمْ، وَطُوبَى لِمَنْ قَتَلُوهُ، يَدْعُونَ إِلَى كِتَابِ اللّٰهِ وَلَيْسُوا مِنْهُ فِي شَيْءٍ، مَنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ أَوْلَى بِاللّٰهِ مِنْهُمْ قَالُوا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا سِيمَاهُمْ؟ قَالَ: التَّحْلِيقُ

حضرت انس اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب میری اُمت اختلاف کا شکار ہو جائے گی' ان میں ایک گروہ ایسا ہو گا جو بات بڑے خوبصورت انداز میں کرے گا لیکن کام بُرے کرے گا' قرآن پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے اس کا اثر نہ جائے گا' وہ دین سے اس طرح نکلے ہوئے ہوں گے جس طرح تیر کمان سے' پھر دین کی طرف لوٹ کر نہ آئیں گے یہاں تک کہ تیر اپنی جگہ لوٹ آئے' وہ تمام مخلوق سے بُرے ہوں گے' ان کو قتل کرنے والوں کو مبارک ہو اور جس کو وہ قتل کر دیں' وہ بھی مبارک ہو! اللہ کی کتاب کی طرف بلائیں گے حالانکہ خود کتاب کی کسی بات کو ماننے والے نہ ہوں گے'

3104- الحديث سبق برقم: **2913** فراجعه .

3105- الحديث سبق برقم: **2954** فراجعه .

جو ان کو قتل کرے گا' وہ لوگوں میں سے اللہ کے زیادہ قریب ہوگا۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کی خاص نشانی؟ آپ نے فرمایا: سر منڈانا۔

3106 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَالِحٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ، فَقَرَّبَ أَحَدَهُمَا فَقَالَ: بِسْمِ اللَّهِ اللَّهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ، هَذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَقَرَّبَ الْآخِرَ فَقَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، اللَّهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ، هَذَا عَمَّنْ وَحَّدَكَ مِنْ أُمَّتِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کالے مینڈھوں کی قربانی کی' ان میں سے ایک آپ کے پاس لایا گیا تو آپ نے پڑھا: اللہ کے نام سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آلِ محمد کی طرف سے تیری رضا حاصل کرنے کے لیے۔ دوسرا قریب کیا تو آپ نے پڑھا: اللہ کے نام سے' اے اللہ! یہ تیرے لیے ہے ان کی طرف سے جو میری اُمت کلمہ پڑھنے والی ہے۔

3107 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

3108 - حَدَّثَنَا عَمَّارٌ أَبُو يَاسِرٍ الْمُسْتَمْلِي، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو حَاتِمٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَدَغَتْ رَجُلًا بُرْغُوثٌ فَلَعَنَهَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنْهَا فَإِنَّهَا نَبَّهَتْ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے' ایک آدمی کو مچھر نے ڈسا' اُس نے اس پر لعنت کی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پر لعنت نہ کرو کیونکہ اس نے انبیاء میں سے کسی نبی کو نماز کے لیے جگایا ہے۔

3106- الحديث سبق برقم: **3064,2965,2870,2852,2799,2798** فراجعه .

3107- أخرجه النسائي جلد **8** صفحه **193** . والترمذي في الشمائل رقم الحديث: **97** من طريقين عن محمد بن عيسى الطباع بهذا السند .

3108- الحديث سبق برقم: **2950** فراجعه .

لِلصَّلَاةِ

3109 - حَدَّثَنَا عَمَّارٌ، أَيْضًا، حَدَّثَنَا يُوسُفُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ الدَّانَاجُ، وَمَطَرٌ الْوَرَّاقُ، كُلُّهُمْ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَابِ الْبَيْتِ وَهُوَ يُرِيدُ الْحُجْرَةَ، فَسَمِعَ قَوْمًا يَتَنَازَعُونَ فِي الْقَدَرِ، وَهُمْ يَقُولُونَ: أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ آيَةَ كَذَا وَكَذَا، أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ آيَةَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَفَتَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابَ الْحُجْرَةِ، فَكَأَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، فَقَالَ: أَبِهٰذَا أُمِرْتُمْ - أَوْ بِهٰذَا عُنِيتُمْ - إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ قَبْلَكُمْ بِأَشْبَاهِ هٰذَا، ضَرَبُوا كِتَابَ اللّٰهِ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ، أَمَرَكُمُ اللّٰهُ بِأَمْرٍ فَاتَّبِعُوهُ، وَنَهَاكُمْ فَانْتَهُوا قَالَ: فَلَمْ يَسْمَعِ النَّاسُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَحَدًا يَتَكَلَّمُ حَتَّى جَاءَ مَعْبَدٌ الْجُهَنِيُّ فَأَخَذَهُ الْحَجَّاجُ فَقَتَلَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کے دروازے سے باہر نکلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ حجرہ کی طرف جانے کا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قوم کو سنا جو تقدیر کے متعلق بحث کر رہی تھی وہ کہہ رہے تھے کیا اللہ نے فلاں آیت میں اس طرح اس طرح نہیں کہا۔ کیا فلاں آیت میں اس طرح اس طرح نہیں کہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرے کا دروازہ کھولا، ایسے محسوس ہوتا تھا کہ گویا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے مبارک پر انار نچوڑا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم کو اس کا حکم دیا گیا ہے؟ تم سے پہلے لوگ ان لیے ہلاک ہوئے ہیں کہ انہوں نے ان اشیاء میں اختلاف کیا' اللہ کی کتاب کا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کیا، اللہ نے جس کام کا حکم دیا ہے اس کو کرو، جس سے منع کیا اس سے رک جاؤ۔ لوگوں نے اس کے بعد کسی سے نہیں سنا اس کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے یہاں تک کہ معبد جہنی آیا اُس نے گفتگو کی تو اسے پکڑ کر حجاج بن یوسف نے قتل کر دیا تھا۔

3110 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَزَلَتْ (يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ) (الحج:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ آیت ''اے لوگو! تم اپنے رب سے ڈرو (اس فرمان تک) کہ اللہ کا عذاب سخت ہے'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر حالتِ سفر میں

3109- الحديث في المقصد العلي برقم: **1154** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **202** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: يوسف بن عطية وهو متروك .

3110- الحديث في المقصد العلي برقم: **1935** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **394** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن مهدي وهو ثقة .

1) إِلَى قَوْلِهِ (وَلَـكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيدٌ) (الحج: 2) عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مَسِيرٍ لَهُ، فَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ حَتَّى ثَابَ إِلَيْهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ: أَتَدْرُونَ أَيَّ يَوْمٍ؟ هَذَا يَوْمُ يَقُولُ اللّٰهُ لِآدَمَ: قُمْ فَابْعَثْ بَعْثًا إِلَى النَّارِ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ إِلَى النَّارِ وَوَاحِدًا إِلَى الْجَنَّةِ فَكَبُرَ ذَلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَدِّدُوا، وَقَارِبُوا، وَأَبْشِرُوا، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا أَنْتُمْ فِي النَّاسِ إِلَّا كَالشَّامَةِ فِي جَنْبِ الْبَعِيرِ، أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِي ذِرَاعِ الدَّابَّةِ، إِنَّ مَعَكُمْ لَخَلِيقَتَيْنِ مَا كَانَتَا فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَمَنْ هَلَكَ مِنْ كَفَرَةِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ

نازل ہوئی' آپ نے اس کو بلند آواز سے پڑھا' یہ سن کر صحابہ کرام آپ ﷺ کی طرف لوٹے' آپ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ وہ کون سا دن ہوگا؟ یہ وہ دن ہوگا جس دن اللہ عزوجل آدم علیہ السلام سے فرمائے گا: ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے جہنم میں بھیج اور ایک جنت میں۔ یہ بات صحابہ کرام پر بڑی دشوار گزری' آپ نے فرمایا: اللہ کی نزدیکی چاہو اور میانہ روی اختیار کرو اور خوشخبری دو' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم لوگوں میں نہیں ہو مگر جس طرح اونٹ کے پہلو میں تل کا نشان ہوتا ہے' یا جس طرح جانور کے بازو میں سیاہ رنگ کا داغ ہوتا ہے۔ بے شک تمہارے ساتھ دو مخلوقات ایسی ہیں جو جس شی میں ہوتی ہیں اس کو زیادہ کر دیتی ہیں' یاجوج ماجوج اور کافر جنوں اور انسانوں میں سے جو ہلاک کرنے والے ہیں۔

3111 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِي قَوْلِهِ (عَبَسَ وَتَوَلَّى) (عبس: 1) جَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُكَلِّمُ أُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (عَبَسَ وَتَوَلَّى) (عبس: 1) قَالَ: فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ يُكْرِمُهُ، قَالَ قَتَادَةُ: وَأَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: رَأَيْتُهُ يَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے اس ارشاد: ''عَبَسَ وَتَوَلّٰی'' کے متعلق کہ اس کا شانِ نزول یہ ہے: حضرت ابن مکتوم رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس آئے اس حالت میں کہ آپ ﷺ ابی بن خلف کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے، آپ (صرف اسلام کی بلندی) کے لیے حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ سے اعراض کیا۔ اللہ عزوجل نے سورۃ نازل فرمائی: ''عبس وتولی''۔ حضور ﷺ اس کے نزول کے بعد حضرت ابن مکتوم رضی اللہ عنہ

3111- أورده ابن كثير في التفسير جلد **7** صفحه **212** من طريق أبي يعلى هذه' وعزاه السيوطي في الدر المنثور الى عبد الرزاق' وعبد بن حميد' وأبي يعلى' عن أنس.

الْقَادِسِيَّةِ وَعَلَيْهِ دِرْعٌ وَمَعَهُ رَايَةٌ سَوْدَاءُ- يَعْنِي ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ-

کا بڑا احترام کرتے تھے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان کو(ابن مکتوم رضی اللہ عنہ) کو قادسیہ کے دن دیکھا۔آپ رضی اللہ عنہ پر زرہ تھی،آپ رضی اللہ عنہ کے پاس سیاہ جھنڈا تھا۔

3112 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَبَحُّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ حَيَاءً مِنْ عَذْرَاءَ فِي خِدْرِهَا، وَكَانَ إِذَا كَرِهَ شَيْئًا عُرِفَ فِي وَجْهِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کنواری لڑکی سے زیادہ شرم و حیاء والے تھے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شے کو ناپسند کرتے تھے اس کی ناپسندیدگی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے معلوم کر لی جاتی تھی۔

3113 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَرَّ فِي الطَّرِيقِ مِنْ طُرُقِ الْمَدِينَةِ وُجِدَ مِنْهُ رَائِحَةُ الْمِسْكِ، قَالُوا: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الطَّرِيقِ الْيَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ شریف کے راستوں میں سے کسی رستہ سے گزرتے اس راستہ سے مسک خوشبو محسوس کی جاتی۔صحابہ کرام کہتے تھے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم آج اس راستہ سے گزرے ہیں۔

3114 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى أَنْجَشَةَ وَهُوَ يَسُوقُ نِسَاءَهُ فَقَالَ: يَا أَنْجَشَةُ رُوَيْدًا، لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انجشہ سے فرمایا جو عورتوں کی سواریوں کو ہانک رہے تھے کہ اے انجشہ! تیرے لیے ہلاکت ہو! شیشوں کے چلانے میں آہستگی اختیار کر۔

3112- الحديث سبق برقم: **2983** فراجعه .

3113- الحديث في المقصد العلي برقم: **1260** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **282** وقال: رواه أبو يعلى، والبزار، والطبراني في الأوسط، الا أنه قال: كنا نعرف..... ورجال أبي يعلى وثقوا .

3114- الحديث سبق برقم: **2861,2802** فراجعه .

3115 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ عَلَى الْخَمْرِ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِيدِ، وَجَلَدَ أَبُو بَكْرٍ بِيَدِهِ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ وَدَنَا النَّاسُ مِنَ الْقُرَى وَالرِّيفِ ذَكَرَ ذَاكَ لِأَصْحَابِهِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: اجْعَلْهَا كَأَخَفِّ الْحُدُودِ، قَالَ: فَجَلَدَ ثَمَانِينَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کی حد جوتوں اور ٹہنیوں سے لگائی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں چالیس کوڑے لگائے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو لوگ ایسی زمین کے نزدیک پہنچے جو شاداب تھی (یعنی انگور وغیرہ ہونے لگے) اور دیہاتوں میں۔ آپ نے مشورہ کیا کہ شراب کی حد کے متعلق آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میری رائے یہ ہے کہ آپ مختصر حد رکھیں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے مقرر کیے۔

3116 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِـ (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة:2)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔

3117 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِي غُسْلٍ وَاحِدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی غسل میں اپنی تمام ازواج کے پاس جاتے تھے (یعنی ایک رات میں)۔

3118 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَخَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، جَمِيعًا، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو، بے شک

3115- الحديث سبق برقم: 3006 فراجعه .

3116- الحديث سبق برقم: 2974 فراجعه .

3117- الحديث سبق برقم: 2935 فراجعه .

3118- الحديث سبق برقم: 2840 فراجعه .

قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

سحری میں برکت ہے۔

3119 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ أَنَسًا، أَنْبَأَهُمْ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ فِي صَلَاتِهِمْ بِ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة: 2)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔

3120 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی سے نکاح کیا، آپ کو آزاد کرنا آپ کا حق مہر بنایا گیا۔

3121 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِي وَنَصِيرِي وَبِكَ أُقَاتِلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ کرتے تھے تو یہ دعا مانگتے تھے: اے اللہ! تو ہی میری قوت ہے، تو ہی میرا مددگار ہے اور تیری وجہ سے ہی میں جہاد کرتا ہوں۔

3122 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ- كَذَا قَالَ- : عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَأَلَ النَّاسُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یہاں تک کہ بہت زیادہ پوچھا' آپ نے فرمایا: مجھ سے جو بھی شی پوچھو گے میں

3119- الحديث سبق برقم: **2971** فراجعه .

3120- الحديث سبق برقم: **3040** فراجعه .

3121- الحديث سبق برقم: **2942** فراجعه .

3122- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **177** قال: حدثنا عبد الملك بن عمرو . وفي جلد **3** صفحه **254** قال: حدثنا روح . والبخاري جلد **8** صفحه **96** قال: حدثنا حفص بن عُمر . وفي جلد **9** صفحه **66** قال: حدثنا معاذ بن فضالة . ومسلم جلد **7** صفحه **94** قال: حدثنا يحيىٰ بن حبيب الحارثي' قال: حدثنا خالد بن الحارث .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَحْفُوهُ بِالْمَسْأَلَةِ، فَقَالَ: لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُهُ فَقَامَ رَجُلٌ كَانَ إِذَا لَاحَى يُدْعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ، فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ: مَنْ أَبِي؟ قَالَ: أَبُوكَ حُذَافَةُ ثُمَّ قَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأَيْتُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَالْيَوْمِ قَطُّ، إِنَّهُ صُوِّرَتْ لِي الْجَنَّةُ وَالنَّارُ

اسے بیان کروں گا۔ ایک آدمی کھڑا ہوا کیونکہ اس کی نسبت اس کے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف کی جاتی تھی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا باپ حذیفہ ہے! پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: ہم اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد کے رسول ہونے پر راضی ہیں' ہم پناہ مانگتے ہیں اللہ کے فتنوں کے شر سے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے شر اور خیر آج کے دن کی طرح کبھی نہیں دیکھے' میرے سامنے جنت اور دوزخ کر دی گئی تھی۔

3123 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ، وَلَمْ يَقُلْ فِي حَدِيثِ هِشَامٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کرتے ہیں لیکن ہشام کی حدیث میں ان شاء اللہ کا لفظ نہیں ہے۔

3124 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ ذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى صِفَاحِهِمَا عَلَيْهِمَا قَدَمُهُ يُسَمِّي وَيَذْكُرُ اللّٰهَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو سینگھوں والے سرخ و سفید مینڈھے لائے ان دونوں کو اپنے ہاتھوں سے ذبح کیا۔ گویا میں اب بھی دیکھ رہا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی گردنوں پر رکھ کر بسم اللہ اللہ اکبر کہا۔

3125 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی صفیں درست کیا کرو۔ بے

3123- الحديث سبق برقم: **2944** فراجعه .

3124- الحديث سبق برقم: **2965,2870,2852,2799,2798,3064** فراجعه .

3125- الحديث سبق برقم: **3045,2988** فراجعه .

قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ، فَإِنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ

شک صف کا سیدھا کرنا یہ نماز کے مکمل ہونے سے۔

3126 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: اسْتَخْلَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَوْمَ الْقَادِسِيَّةِ وَعَلَيْهِ رَايَةٌ سَوْدَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف میں دو مرتبہ پیچھے چھوڑا تھا۔ میں نے قادسیہ کے دن دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کالا جھنڈا تھا۔

3127 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُحُدٍ فَقَالَ: إِنَّ أُحُدًا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

3128 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُلْقَى فِي النَّارِ وَتَقُولُ: هَلْ مِنْ مَزِيدٍ حَتَّى يَضَعَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى رِجْلَهُ فِيهَا أَوْ قَالَ قَدَمَهُ فَتَقُولُ: قَطْ قَطْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم میں جب لوگوں کو پھینکا جائے گا، اللہ عزوجل فرمائے گا کیا اور بھی ڈالا جائے؟ (وہ کہے گی: جی ہاں!) یہاں تک کہ اللہ عزوجل اپنی رحمت فرمائے گا' وہ کہے گی: بس بس۔

3129 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَحَرَمِيٌّ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند دو ٹکڑے ہوا تھا۔

3126- الحديث سبق برقم: **3098** فراجعه .

3127- الحديث سبق برقم: **2941** فراجعه .

3128- أخرجه البخارى رقم الحديث: **7384,4848** من طريق عبد الله بن أبى الأسود' عن حرمى بن عمارة به .

وأخرجه البخارى رقم الحديث: **6661** . ومسلم رقم الحديث: **2848** .

3129- الحديث سبق برقم: **2922** فراجعه .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3130 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ: مَنْ أَحَبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلَّهِ، وَمَنْ كَانَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَمَنْ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَرْجِعَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللَّهُ مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوئی اس نے ایمان کی حلاوت کو پا لیا(۱)اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو جمیع ما سواہما (ان دونوں کے علاوہ باقی سب سے) زیادہ محبت کرے (۲) آدمی کسی سے بھی محبت کرے تو صرف اللہ کے لیے (۳) آدمی کفر میں لوٹنا اس طرح ناگوار جانے جس طرح کہ وہ اس بات کو ناپسند سمجھتا ہے کہ اس کو آگ میں ڈالا جائے آگ کو بھڑکا کر۔

3131 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادٍ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ كَانَ لَهُ ثَانِيًا لَابْتَغَى إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنَ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ قَالَ: فَلَا أَدْرِي شَيْءٌ أَنْزَلَ اللَّهُ أَمْ كَانَ يَقُولُهُ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نماز شروع کرتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میں نماز کو لمبا کروں۔ میں کسی بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں نماز کو مختصر کرتا ہوں۔ میں زیادہ جانتا ہوں اس تکلیف کو جو اس کی ماں تکلیف محسوس کرتی ہے۔

3132 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنِّي لَأَدْخُلُ فِي الصَّلَاةِ وَأَنَا أُرِيدُ إِطَالَتَهَا فَأَسْمَعُ صَوْتَ الصَّبِيِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نماز پڑھنا شروع کرتا ہوں اور نماز لمبی کرنا چاہتا ہوں تو کسی بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں

3130- الحديث سبق برقم: 2991 فراجعه .

3131- الحديث سبق برقم: 2955 فراجعه .

3132- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 109 قال: حدثنا ابن أبي عدى، ومحمد بن جعفر، وعبد الوهاب الخفاف . والبخارى جلد 1 صفحه 181 قال: حدثنا على بن عبد الله، قال: حدثنا يزيد بن زريع، وفى جلد 1 صفحه 181 أيضًا قال: حدثنا محمد بن بشار، قال: حدثنا ابن أبي عدى .

فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ ذَلِكَ

اپنی نماز مختصر کرتا ہوں' کیونکہ میں جانتا ہوں' اس کی ماں کو اس سے کتنی تکلیف ہوتی ہے۔

3133 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيذِ، فَقَالَ: مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ شَيْئًا

حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کچھ نہیں سنا ہے۔

3134 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنِي حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ بِإِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس طرح مبعوث ہوئے ہیں۔ ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت والی اور درمیان والی بڑی انگلی دونوں کو جمع فرما کا اشارہ کیا۔

3135 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

3136 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي الْحَرِيرِ مِنْ حَكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما کو ریشم (کی قمیص) پہننے کی اجازت دی' کیونکہ ان کو خارش کی شکایت تھی۔

3133- الحديث في المقصد العلي برقم: **1528** من طريق آخر . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **279,277** من طريق أبي داؤد' أخبرنا شعبة بهذا السند .

3134- الحديث سبق برقم: **2918** فراجعه .

3135- الحديث برقم: **2902** فراجعه .

3136- الحديث سبق برقم: **2873** فراجعه .

3137 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَبِي حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنْ يَهُودِيًّا مَرَّ بِصَبِيَّةٍ عَلَيْهَا حُلِيٌّ فَانْتَزَعَ حُلِيَّهَا وَقَذَفَهَا فِي بِئْرٍ، فَأُدْرِكَتْ فَأُخْرِجَتْ وَبِهَا رَمَقٌ، فَقِيلَ: مَنْ قَتَلَكِ؟ قَالَتْ: فُلَانٌ الْيَهُودِيُّ، فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہودی' ایک بچی کے پاس سے گزرا' جس نے زیور پہن رکھا تھا' اس نے اس کا زیور چھین کر اسے کنویں میں ڈال دیا' پس (جلدی پتہ چل گیا) اُسے پالیا گیا' کنویں سے نکالا گیا تو اس میں ابھی زندگی باقی تھی' کسی نے کہا: تجھے کس نے قتل کرنے کی کوشش کی؟ اُس نے کہا: فلاں یہودی ہے۔ پس یہ مسئلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے اس کو قتل کروا دیا۔

3138 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو، بے شک سحری میں برکت ہے۔

3139 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی بھلائی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

3140 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ میں

3137- الحديث سبق برقم: 2859 فراجعه .

3138- الحديث سبق برقم: 3118 فراجعه .

3139- الحديث سبق برقم: 2958 فراجعه .

3140- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 274,170 قال: حدثنا محمد بن جعفر' وحجاج . وفي جلد 3 صفحه 180 قال: حدثنا وكيد' وابن جعفر . وفي جلد 3 صفحه 274 قال: حدثنا وكيع' وبهز' وأبو النضر . وفي جلد 3 صفحه 291 قال: حدثنا بهز . والبخاري جلد 3 صفحه 216' وفي الأدب المفرد رقم الحديث: 879' وفي

حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ بِالْمَدِينَةِ فَزَعٌ فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ كَانَ يَقْطِفُ، فَرَجَعَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَجَدْنَاهُ بَحْرًا مِنَ الْبُحُورِ قَالَ: فَكَانَ لَا يُجَارَى

گھبراہٹ ہوئی تو حضور ﷺ حضرت ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار ہوئے' جو بہت چلنے والا تھا' پس آپ ﷺ واپس تشریف لائے تو فرمایا: ہم نے اس کو سمندروں میں سے ایک سمندر دیکھا' فرمایا: جو چل ہی نہیں رہا تھا۔

3141 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ يَهُودِيًّا مَرَّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعَ أَصْحَابِهِ - أَوْ قَالَ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ - فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ: أَتَدْرُونَ مَا قَالَ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: رُدُّوهُ عَلَيَّ قَالَ: قُلْتَ: سَامٌ عَلَيْكُمْ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک یہودی کا ذکر کیا جو رسول کریم ﷺ کے پاس سے گزرا جبکہ آپ صحابہ کے ساتھ تھے' یا فرمایا: آپ کے ساتھ صحابہ بھی تھے' پس اس نے آپ پر سلام کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں معلوم ہے اس نے کیا کہا؟ صحابہ نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اسے پکڑ کے میرے پاس لاؤ۔ آپ نے فرمایا: تُو نے ''سام علیکم'' کہا؟ اس نے کہا: ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں کتابی سلام کریں تو تم صرف وعلیکم کہا کرو۔

3142 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الْأَعَاجِمِ، قِيلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لَا يَقْبَلُونَ كِتَابًا إِلَّا بِخَاتَمٍ، قَالَ: فَاتَّخَذَ خَاتَمًا فَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے عجمیوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا، آپ ﷺ سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عجمی لوگ خط بغیر مہر کے قبول نہیں کرتے ہیں۔ حضور ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پر نقش تھا: محمد رسول اللہ!

خلق أفعال العباد صفحه 72 قال: حدثنا آدم .

3141- الحديث سبق برقم: 2909 فراجعه .

3142- الحديث سبق برقم: 3063 فراجعه .

3143 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنْ يَهُودِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلَى أَوْضَاحٍ، فَقَتَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نے ایک لونڈی کو اوضاح پر قتل کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی کو قتل کیا اُس کے بدلے قصاصاً۔

3144 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِي التَّفْلِ فِي الْمَسْجِدِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هِيَ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

3145 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتِمُّوا الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ بَعْدِ ظَهْرِي إِذَا رَكَعْتُمْ وَإِذَا سَجَدْتُمْ ثُمَّ قَالَ قَتَادَةُ: يُرِيهُ اللّٰهُ مِنْ ذَلِكَ مَا لَا تَرَوْنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکوع اور سجدہ مکمل کیا کرو' اللہ کی قسم! میں اپنی پشت کے پیچھے سے تم کو دیکھتا ہوں جب تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔ پھر حضرت قتادہ نے فرمایا: اللہ آپ کو دکھا دیتا ہے جو آپ نہیں دیکھتے ہیں۔

3146 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، إِلَّا إِنَّهُ لَمْ يَقُلْ يُرِيهِ اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' مگر یہ الفاظ کہ اللہ آپ کو دکھا دیتا ہے' یہ روایت نہیں کیے۔

3147 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز شروع کرتے وقت میں نماز

3143- الحديث سبق برقم: **3137** فراجعه .

3144- الحديث سبق برقم: **3075** فراجعه .

3145- الحديث سبق برقم: **2962** فراجعه .

3146- الحديث سبق برقم: **2962** فراجعه .

3147- الحديث سبق برقم: **3132** فراجعه .

أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي لَأَدْخُلُ فِي الصَّلَاةِ أُرِيدُ إِطَالَتَهَا فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ بُكَائِهِ

لمبی کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو میں کسی بچے کی آواز سنتا ہوں' اپنی نماز مختصر کر دیتا ہوں کیونکہ میں جانتا ہوں' اس سے اس کی ماں کو کتنی تکلیف ہوتی ہے۔

3148 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ رِعْلٌ وَذَكْوَانُ وَعُصَيَّةُ وَبَنُو لِحْيَانَ فَزَعَمُوا أَنَّهُمْ قَدْ أَسْلَمُوا، فَاسْتَمَدُّوهُ عَلَى قَوْمِهِمْ، فَأَمَدَّهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعِينَ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ أَنَسٌ: كُنَّا نُسَمِّيهِمْ فِي زَمَانِهِمُ الْقُرَّاءَ، كَانُوا يُجَاهِدُونَ بِالنَّهَارِ وَيُصَلُّونَ بِاللَّيْلِ، فَانْطَلَقُوا بِهِمْ حَتَّى إِذَا أَتَوْا بِئْرَ مَعُونَةَ غَدَرُوا بِهِمْ فَقَتَلُوهُمْ، فَقَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَدْعُو عَلَى هَذِهِ الْأَحْيَاءِ رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِي لِحْيَانَ قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنَا أَنَسٌ أَنَّهُمْ قَرَءُوا بِهِ قُرْآنًا: بَلِّغُوا عَنَّا قَوْمَنَا أَنَّا لَقِينَا رَبَّنَا، فَرَضِيَ عَنَّا وَأَرْضَانَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ رِعْل' ذکوان اور عصیہ اور بنولحیان کے لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' اُنہوں نے ظاہر کیا کہ وہ مسلمان ہوئے ہیں' اپنی قوم کے خلاف اُنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد مانگی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مدد کی ستر انصار کے ساتھ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس زمانہ میں ان کا نام قراء رکھتے تھے' وہ دن کو جہاد کرتے اور رات کو نماز پڑھتے' وہ انصار اُن کے ساتھ چلے یہاں تک کہ بئر معونہ آئے' اُنہوں نے دھوکہ کیا او ان انصار کو قتل کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک صبح کی نماز میں ان قبائل کے لیے بددعا کی' یعنی قبیلہ رعل' ذکوان' عصیہ اور بنی لحیان کے لیے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: وہ قاریٔ قرآن تھے' ہمیں اُن کے حوالہ سے خبر پہنچی کہ اُنہوں نے کہا: ہم رب سے اس حالت میں ملے ہیں کہ وہ ہم سے راضی تھا اور ہم اُس سے راضی تھے۔

3149 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا حال ہے اس قوم کا جو اپنی

3148- الحديث سبق برقم: 2914 فراجعه .

3149- الحديث سبق برقم: 2956 فراجعه .

أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ فِي صَلَاتِهِمْ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِي ذٰلِكَ حَتَّى قَالَ: لَيَنْتَهُنَّ عَنْ ذٰلِكَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ

نماز میں اپنی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھا لیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنے اس آرشاد میں سختی فرمائی حتیٰ کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہیں ان کی آنکھیں اچک نہ لی جائیں۔

3150 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النُّخَاعَةُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے سردار کی طرف ایک آدمی کو اپنے صحابہ میں سے اللہ کی طرف دعوت دینے کے لیے بھیجا' اُنہوں نے کہا: جس خدا کی طرف تُو ہمیں دعوت دے رہا ہے وہ چاندی کا ہے یا تانبے کا ہے۔ یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے میں کھٹکی' وہ آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: دوبارہ واپس جاؤ! ان کو اللہ کی طرف دعوت دو! وہ دوبارہ واپس گیا تو اُنہوں نے پہلے کی طرح ہی بات کی' وہ دوبارہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: دوبارہ واپس جا اور انہیں اللہ کی طرف دعوت دے! اللہ عزوجل نے ان پر کڑک بھیجی' وہ دوبارہ واپس آیا' اُنہوں نے دوبارہ وہی بات کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوبارہ واپس جاؤ اور انہیں اللہ کی طرف دعوت دو! اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نامعلوم راستے میں تھے جو اس کو معلوم نہیں تھا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کو بتایا کہ اللہ عزوجل نے کڑک بھیجی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: ''وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ الٰی آخرہٖ''۔

3329 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت ہے۔

3328- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **42** وقال: رواه الطبراني في الأوسط...... ورجال البزار رجال الصحيح' غير ديلم بن غزوان وهو ثقة' وفي رجال أبي يعلى والطبراني علي بن أبي سارة وهو ضعيف .

3329- الحديث سبق برقم: **3328** فراجعه .

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي سَارَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، نَحْوَهُ

3330 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: جُلَيْبِيبُ، فِي وَجْهِهِ دَمَامَةٌ فَعَرَضَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّزْوِيجَ فَقَالَ: إِذًا تَجِدُنِي كَاسِدًا، فَقَالَ: غَيْرَ أَنَّكَ عِنْدَ اللّٰهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک آدمی تھے اس کو جُلیبیب رضی اللہ عنہ کہا جاتا تھا ان کے چہرے میں نشانات تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے شادی کے لیے کہا تو اُس نے عرض کی: میں نکما آدمی ہوں! آپ نے فرمایا: تُو اللہ کے ہاں نکما نہیں ہے۔

3331 - حَدَّثَنَاهُ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا دَيْلَمُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: جُلَيْبِيبٌ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں ایک آدمی تھا اُسے جلیبیب کہا جاتا تھا' اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ذکر کی۔

3332 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَتْ نَاقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَضْبَاءُ لَا تُسْبَقُ، فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ بِقَعُودٍ لَهُ فَسَابَقَهَا، فَسَبَقَهَا الْأَعْرَابِيُّ، وَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ أَلَّا يُرْفَعَ مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ إِلَّا وَضَعَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک اونٹنی تھی اس کو عضباء کہا جاتا تھا۔ اس سے آگے کوئی نہیں نکل سکتا تھا' ایک دیہاتی آیا وہ اس سے آگے نکل گیا۔ صحابہ کرام پر بڑا دشوار گزرا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پر حق ہے کہ جو دنیا میں کسی شے کو بلند کرتا ہے اس کو گراتا بھی ہے۔

3330- الحديث في المقصد العلي برقم: 748 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9 صفحه368 .

3331- الحديث سبق برقم: 3330 فراجعه .

3332- أخرجه أحمد جلد3 صفحه253 من طريق عفان . وأبو داؤد رقم الحديث: 4802 من طريق موسى بن اسماعيل كلاهما عن حماد بن سلمة به . وعلقه البخاري رقم الحديث: 2872 .

3333 - حَدَّثَنَا بَسَّامُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، بِنَحْوِهِ

حضرت حماد بن سلمہ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

3334 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيْنَا، وَلِي أَخٌ صَغِيرٌ يُكْنَى أَبَا عُمَيْرٍ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہمارے پاس ایک بچہ تھا جس کو ابوعمیر کہا جاتا' وہ آیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوعمیر! بلبل کے بچے نے کیا کیا؟

3335 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ صُفْرَةً، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ . قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ . ثُمَّ قَالَ لَهُ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ پر زرد رنگ دیکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: میں نے ایک عورت سے سونے کی ایک ڈلی مہر کے بدلے میں نکاح کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تمہیں برکت دے! ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری ذبح کر کے ہی ہو۔

3336 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَمَ عَلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلَى زَيْنَبَ، فَإِنَّهُ ذَبَحَ شَاةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی عورت کا ولیمہ کرتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا ولیمہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی پر کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ولیمہ پر بکری ذبح کی تھی۔

3333- الحديث سبق برقم: **3332** فراجعه .

3334- الحديث سبق برقم: **2828** فراجعه .

3335- الحديث سبق برقم: **3194** فراجعه . أخرجه الحميدي رقم الحديث: **1218** . وأحمد جلد **3** صفحه **274** . والبخاري جلد **7** صفحه **30** قال: حدثنا علي بن المديني .

3336- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **227** قال: حدثنا يونس . وعبد بن حُميد: **1368** . والبخاري جلد **7** صفحه **31** قالا (عبد' والبخاري): حدثنا سليمان بن حرب .

3337 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: - أَظُنُّهُ- عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ غُلَامٌ مِنَ الْيَهُودِ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ، فَأَتَاهُ يَعُودُهُ وَأَبُوهُ عِنْدَ رَأْسِهِ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَنْظُرُ إِلَى أَبِيهِ، فَقَالَ لَهُ أَبُوهُ: أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ . ثُمَّ هَلَكَ الْغُلَامُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْقَذَهُ بِي مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہود سے ایک لڑکا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کرنے کے لیے آئے' اس کا باپ اس کے سر کے پاس تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو توحید و رسالت کی دعوت دی۔ وہ اپنے باپ کی طرف دیکھنے لگا تو اس کے باپ نے کہا: ابو القاسم کی اطاعت کرو! اس نے پڑھا: اشہدان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمداً رسول اللہ۔ پھر وہ لڑکا فوت ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور فرمانے لگے: تمام خوبیاں اللہ کے لیے جس نے اس کو آگ سے بچالیا۔

3338 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی سے نکاح کیا، آپ کو آزاد کرنا آپ کا حق مہر بنایا گیا۔

3339 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ: وَجَبَتْ . وَمُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا شَرًّا فَقَالَ: وَجَبَتْ . فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْتَ لِهَذِهِ: وَجَبَتْ وَلِهَذِهِ: وَجَبَتْ . قَالَ: لِشَهَادَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہو گئی! دوسرا جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی' فرمایا: واجب ہوگئی! عرض کی گئی: یا رسول اللہ! کیا واجب ہوگئی؟ فرمایا: جس کی تعریف کی گئی اُس کے

3337- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 175 قال: حدثنا مؤمل . وفي جلد 3 صفحه 280,227 قال: حدثنا يونس . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 280 . والبخاري جلد 2 صفحه 181 وجلد 7 صفحه 152 .

3338- الحديث سبق برقم: 3040 فراجعه .

3339- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 186 قال: حدثنا يونس بن محمد . وعبد بن حُميد: 1382 قال: حدثنا محمد بن الفضل . والبخاري جلد 3 صفحه 221 قال: حدثنا سليمان بن حرب .

الْقَوْمِ

لیے جنت واجب ہوگئی اور جس کی برائی بیان کی گئی اُس کے لیے لوگوں کی گواہی کی وجہ سے جہنم واجب ہوگئی۔

3340 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، مِثْلَهُ، وَزَادَ فِيهِ: وَأَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

حضرت حماد بن سلمہ اس کی مثل روایت کرتے ہیں' اس میں اضافہ ہے کہ آپ نے فرمایا: تم زمین میں گواہ ہو۔

3341 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا فَارِسِيًّا كَانَ جَارًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ مَرَقَتُهُ أَطْيَبَ شَيْءٍ رِيحًا، فَصَنَعَ طَعَامًا ثُمَّ دَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَعَائِشَةَ إِلَى جَنْبِهِ - قَالَ: فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ: أَنْ تَعَالَ، قَالَ: وَهَذِهِ مَعِي؟ وَأَشَارَ إِلَى عَائِشَةَ، فَقَالَ: لَا . ثُمَّ أَشَارَ إِلَيْهِ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَذِهِ مَعِي؟ . قَالَ: لَا . ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَشَارَ إِلَى عَائِشَةَ، قَالَ: نَعَمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک فارسی آدمی تھا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑوسی تھا۔ اس کے گھر سے شوربہ کی بڑی عمدہ خوشبو آ رہی تھی، اس نے کھانا تیار کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بلوایا اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی موجود تھیں، اس نے اشارہ کیا آنے کا، فرمایا: یہ بھی میرے ساتھ اشارہ کیا عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف اس نے کہا نہیں پھر دوبارہ اشارہ کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف، فرمایا: یہ بھی میرے ساتھ ہے۔ اس نے کہا: نہیں! پھر تیسری مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی میرے ساتھ ہے۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے لے آؤ۔

3342 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ قَالَ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْحَوْضَ؟ فَقَالَ: لَقَدْ تَرَكْتُ

حضرت عبید اللہ بن زیاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ابوحمزہ! کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حوض کے متعلق سنا ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں مدینہ میں بوڑھی عورتیں چھوڑ آیا ہوں وہ کثرت سے

3340- الحديث سبق برقم: **3339** فراجعه .

3341- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **272,123** . ومسلم رقم الحديث: **2037** . والنسائي جلد **6** صفحه **158** من ثلاثة طرق: حدثنا حماد بن سلمة بهذا السند .

3342- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد **1** صفحه **78** من طريقين: خالد بن الحارث' وعبد الوهاب الثقفي' حدثنا حُميد' عن أنس وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .

بِـالْمَدِينَةِ لَعَجَائِزَ يُكْثِرْنَ أَنْ يَسْأَلْنَ اللّٰهَ أَنْ يُورِدَهُنَّ حَوْضَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور ﷺ کے حوض پر جانے کے متعلق اللہ سے سوال کرتی ہیں۔

3343 - حَـدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَـابِتٍ، عَـنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَـالَفَ بَيْـنَ الْأَنْـصَـارِ وَالْـمُهَاجِرِينَ فِي دَارِ أَنَـسٍ بِالْمَدِينَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مدینہ شریف میں انس کے گھر کے اندر انصار و مہاجرین کے درمیان باہم معاہدہ کیا۔

3344 - وَحَـدَّثَـنَـاهُ مُـرَّةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت عاصم' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

3345 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الـرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَـمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: يَبْقَى فِي الْجَنَّةِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَبْقَى، فَيُنْشِءُ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا مَا شَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنت میں جتنا اللہ چاہے گا باقی رکھے گا اس کے بعد اللہ ایسی مخلوق پیدا کرے جو چاہے گا۔

3346 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الـرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، عَـنْ ثَابِتٍ، وَأَبِي عِمْرَانَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: يَـخْـرُجُ مِنَ النَّارِ - قَـالَ أَبُـو عِمْرَانَ: أَرْبَعَةٌ، وَقَالَ ثَابِتٌ: رَجُلَانِ - فَيُعْرَضُونَ عَلَى رَبِّهِمْ، فَيُؤْمَرُ بِهِمْ إِلَـى الـنَّـارِ، فَيَـلْتَـفِـتُ أَحَدُهُمْ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ قَدْ كُـنْـتُ أَرْجُو إِنْ أَخْرَجْتَنِي مِنْهَا أَنْ لَا تُعِيدَنِي فِيهَا، فَيُنْجِيهِ اللّٰهُ مِنْهَا

حضرت ثابت فرماتے ہیں: دو آدمی ایسے ہوں گے کہ ان کو رب کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا' انہیں جہنم میں ڈالنے کا حکم دیا جائے گا' ان میں سے ایک دیکھے گا اور عرض کرے گا: اے رب! میں اُمید کرتا تھا کہ مجھے اس سے نکالا جائے گا اور اس میں مجھے نہیں ڈالا جائے گا' اللہ عزوجل اسے اس سے نجات دے گا۔

3343- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1205** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **3** صفحه **111** قال: قُرئ على سفيان . وفى جلد **3** صفحه **145** قال: حدثنا اسماعيل بن محمد أبو ابراهيم المعقب' قال: حدثنا عباد بن عباد .

3344- الحديث سبق برقم: **3343** فراجعه .

3345- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **152** قال: حدثنا عبد الصمد . وفى جلد **3** صفحه **265** قال: حدثنا سليمان بن حرب . وفى جلد **3** صفحه **270** قال: حدثنا عفان .

3346- الحديث سبق برقم: **3278** فراجعه .

3347 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ أَحَدٍ أَوْجَزَ مِنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَمَامٍ، وَكَانَتْ صَلَاتُهُ مُتَقَارِبَةٌ، وَكَانَتْ صَلَاةُ أَبِي بَكْرٍ مُتَقَارِبَةٌ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ مَدَّ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ قَامَ حَتَّى نَقُولَ: قَدْ أَوْهَمَ، فَيَسْجُدُ، وَيَقْعُدُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ حَتَّى نَقُولَ: قَدْ أَوْهَمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی مختصر مکمل جتنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے مختصر اور مکمل۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز درمیانی ہوتی تھی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز بھی درمیانی ہوتی تھی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دورِ حکومت آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں لمبی قرأت کرتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع الله لمن حمده کہتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے رہتے یہاں تک ہم کہتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہم ہوا ہے' آپ سجدہ کرتے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوسجدوں کے درمیان اتنی دیر بیٹھتے یہاں تک کہ ہم کہتے: آپ کو وہم ہو گیا ہے۔

3348 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ أَسْقِي أَبَا عُبَيْدَةَ، وَأَبَا طَلْحَةَ، وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، وَسِمَاكَ بْنَ خَرَشَةَ، وَسُهَيْلَ بْنَ بَيْضَاءَ، خَلِيطَ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ حَتَّى أَسْرَعَتْ فِيهِمْ، فَمَرَّ رَجُلٌ يُنَادِي: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ قَالَ: فَقَالُوا: يَا أَنَسُ، اكْفَأْ إِنَاءَكَ، فَوَاللّٰهِ مَا انْتَظَرُوا أَنْ يَعْلَمُوا أَصَادِقٌ هُوَ أَمْ كَاذِبٌ، فَوَاللّٰهِ مَا رَجَعَتْ إِلَى رُءُوسِهِمْ حَتَّى لَقُوا اللّٰهَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں' ابوعبیدہ' ابوطلحہ' ابی بن کعب' سماک بن خرشہ اور سہیل بن بیضاء کو کھجوروں اور چھوہاروں کا رس پلا رہا تھا' یہاں تک کہ میں نے ان میں جلدی کی' پس ایک آدمی منادی دیتا ہوا گزرا: خبردار! شراب حرام کر دی گئی۔ راوی کا بیان ہے: اُنہوں نے کہا: اے انس! اپنا برتن انڈیل دو! قسم بخدا! انہوں نے اس بات کا انتظار بھی نہیں کیا کہ وہ اپنی بات میں سچا ہے یا جھوٹا ہے' قسم بخدا! اللہ سے ملاقات تک یعنی موت تک' پھر اُنہوں نے شراب نہیں پی ہے۔

3349 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ابوطلحہ کے گھر

3347- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 203 قال: حدثنا يزيد . وفي جلد 3 صفحه 247 قال: حدثنا عفان . ومسلم جلد 2 صفحه 45 قال: حدثني أبو بكر بن نافع' قال: حدثنا بهز .

3348- الحديث سبق برقم: 2999,3032 فراجعه .

3349- الحديث سبق برقم: 3348,3032,2999 فراجعه .

عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ يَوْمَ حُرِّمَتْ فِي بَيْتِ أَبِي طَلْحَةَ، وَمَا شَرَابُهُمْ إِلَّا الْفَضِيخُ: الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ، فَإِذَا مُنَادٍ يُنَادِي: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ قَالَ: فَجَرَتْ فِي سِكَكِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: اخْرُجْ فَأَرِقْهَا . قَالَ: فَأَهْرَقْتُهَا . فَقَالُوا - أَوْ قَالَ بَعْضُهُمْ - : قُتِلَ فُلَانٌ، وَقُتِلَ فُلَانٌ وَهِيَ فِي بُطُونِهِمْ- فَلَا أَدْرِي هُوَ مِنْ حَدِيثِ أَنَسٍ - قَالَ: فَأَنْزَلَ اللَّهُ (لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا) (المائدة:93) الْآيَةَ

میں قوم کو شراب پلا رہا تھا جس دن شراب کی حرمت نازل ہوئی' ان کی شراب خشک اور تازہ کھجوروں کی تھی۔ ایک آواز دینے والے نے آواز دی: خبردار! شراب حرام کی گئی ہے! پس مدینہ کی گلیوں میں شراب بہا دی گئی۔ حضرت ابوطلحہ نے کہا: نکل! اس کو بہا دے۔ پس میں نے اس کو بہا دیا' یا بعض لوگ کہنے لگے: فلاں فلاں مارا گیا اس حال میں کہ شراب اس کے پیٹ میں ہے۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا ہوں کہ یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے جو اُنہوں نے کھایا اس میں اُن پر کوئی گناہ نہیں''۔

3350 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا أَنَسٌ: إِنِّي لَا آلُو أَنْ أُصَلِّيَ بِكُمْ كَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا قَالَ ثَابِتٌ: رَأَيْتُ أَنَسًا يَصْنَعُ شَيْئًا لَا أَرَاكُمْ تَصْنَعُونَ، كَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ قَامَ حَتَّى يَقُولَ الْقَائِلُ: لَقَدْ نَسِيَ . وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَةِ الْأُولَى قَامَ حَتَّى يَقُولَ الْقَائِلُ: لَقَدْ نَسِيَ

حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ ہم کو فرماتے تھے کہ میں کوتاہی نہیں کرتا ہوں کہ تم کو نماز پڑھاتا جیسا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے' ہمیں نماز پڑھاتے ہوئے۔ حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا کوئی کچھ کرتے ہوئے جو تم کو کرتے ہوئے نہیں دیکھتا ہوں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو آپ کھڑے رہتے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا کہ آپ بھول گئے ہیں۔ جب آپ پہلے سجدہ سے سر اٹھاتے تو آپ بیٹھے رہتے تھے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا کہ آپ بھول

3350- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 226 قال: حدثنا يونس . وعبد بن حُميد: 1380 قال: حدثنا محمد بن الفضل . والبخاري جلد 1 صفحه 208 قال: حدثنا سليمان بن حرب .

گئے ہیں۔

3351 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ، عَنْ خِضَابِ رَسُولِ اللَّهِ، فَقَالَ: لَوْ شِئْتُ أَنْ أَعُدَّ شَمَطَاتٍ فِي رَأْسِهِ لَفَعَلْتُ . وَقَالَ: لَمْ يَخْتَضِبْ وَقَدِ اخْتَضَبَ أَبُو بَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت ثابت فرماتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خضاب کے بارے پوچھا گیا' انہوں نے فرمایا: اگر میں چاہوں تو آپ کے سر کے سفید بال گن سکتا ہوں اور فرمایا: آپ نے خضاب نہیں لگایا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مہندی اور کتم سے خضاب لگایا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی مہندی لگائی۔

3352 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ فِي يَوْمٍ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ مِائَتَيْ مَرَّةً، كُتِبَ لَهُ أَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةِ حَسَنَةٍ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِ دَيْنٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک دن میں سورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھی اللہ عزوجل اس کے لیے پندرہ سو نیکیاں لکھ دے گا مگر اس پر قرض ہو تو پھر نہیں۔

3353 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ، فَمَرَرْتُ بِصِبْيَانَ، فَقَعَدْتُ مَعَهُمْ فَأَبْطَأْتُ عَلَيْهِ، فَخَرَجَ فَرَآنِي مَعَ الصِّبْيَانِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام کے لیے بھیجا' میں بچوں کے پاس سے گزرا تو میں اُن کے ساتھ بیٹھ گیا' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے میں دیر کر دی تو آپ نکلے' آپ نے مجھے بچوں کے ساتھ دیکھا تو آپ نے ان بچوں کو سلام کیا۔

3354 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، فَمَا قَالَ لِي:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے دس سال خدمت کی تو آپ نے مجھے اُف تک نہیں کہی اور نہ مجھے کہا کہ یہ کام تُو نے اس طرح کیوں نہ کیا' یا اس طرح

3351- الحديث سبق برقم: **2886,2823,2821** فراجعه .

3352- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **2900** من طريق محمد بن مرزوق البصري' حدثنا حاتم بن ميمون بهذا السند . قال الترمذي: هذا حديث غريب من حديث ثابت عن أنس .

3353- الحديث سبق برقم: **3286** فراجعه .

3354- الحديث سبق برقم: **2983** فراجعه .

أُفٍّ قَطُّ، وَلَا قَالَ لِشَيْءٍ مِمَّا صَنَعَهُ خَادِمٌ: لِمَ فَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا، وَهَلَّا فَعَلْتَ كَذَا

کیوں کیا' میں نے جو بھی کام کیا۔

3355 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ: يَا فُلَانُ، أَفَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: لَا وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مَا فَعَلْتُ . وَرَسُولُ اللَّهِ يَعْلَمُ أَنَّهُ فَعَلَهُ، فَقَالَ لَهُ: لَقَدْ كَفَّرَ اللَّهُ عَنْكَ كَذِبَكَ بِتَصْدِيقِكَ بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کہا: اے فلاں! کیا تُو نے یہ یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے! میں نے نہیں کیا' حال یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ اس نے کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیرے جھوٹ کو معاف کر دیا ہے لا الٰہ الا اللہ کی تصدیق کے ساتھ۔

3356 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا نَكُونُ عِنْدَكَ عَلَى حَالٍ حَتَّى إِذَا فَارَقْنَاكَ نَكُونُ عَلَى غَيْرِهِ . قَالَ: كَيْفَ أَنْتُمْ وَنَبِيُّكُمْ؟ قَالُوا: أَنْتَ نَبِيُّنَا فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، قَالَ: لَيْسَ ذَاكُمُ النِّفَاقَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم جب آپ کے پاس ہوتے ہیں تو اچھی حالت میں ہوتے ہیں اور جب ہم آپ سے جدا ہو جاتے ہیں تو دنیا داری میں لگ جاتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اور تمہارا نبی کیسا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ ہمارے نبی ہیں پوشیدگی میں اور کھلے بندوں۔ آپ نے فرمایا: یہ منافقت نہیں ہے۔

3357 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَلْقُ عِيَالُ اللَّهِ، فَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللَّهِ أَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق اللہ کی رحمت ہے' اللہ کے ہاں زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کی رحمت کو زیادہ نفع دے۔

3355- الحديث في المقصد العلي برقم: **1639** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **83** وقال: رواه البزار' وأبو يعلى بنحوه......ورجالهما رجال الصحيح .

3356- الحديث سبق برقم: **3291** فراجعه .

3357- الحديث سبق برقم: **3302** فراجعه .

3358 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو بِهٰذِهِ الدَّعَوَاتِ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَجْأَةِ الْخَيْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فَجْأَةِ الشَّرِّ، فَإِنَّ الْعَبْدَ لَا يَدْرِي مَا يَفْجَؤُهُ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا کرتے تھے جب صبح و شام ہوتی: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اِلٰى آخره'' کیونکہ بندہ نہیں جانتا ہے کہ جب صبح و شام ہوگی تو اچانک کیا ہوگا۔

3359 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا أُعْطِيَهَا وَلَوْ لَمْ تُصِبْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ سے صدق دل سے شہادت مانگی اس کو شہادت کا ثواب دیا جائے گا۔ اگرچہ اس کو شہادت نہ ملے۔

3360 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ - مَرْفُوعًا - قَالَ: أُعْطِيَ يُوسُفُ شَطْرَ الْحَسَنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ مرفوعاً نقل کرتے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن کا ایک حصہ دیا گیا تھا۔

3361 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ جِبْرِيلُ - وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ - فَأَخَذَهُ، فَصَرَعَهُ، فَشَقَّ قَلْبَهُ، فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لٹا لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا

3358- الحديث في المقصد العلي برقم: **1648** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**115** وقال: رواه أبو يعلىٰ' وفيه يوسف بن عطية وهو متروك .

3359- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1908** من طريق شيبان بن فروخ بهذا السند .

3360- أخرجه مسلم رقم الحديث: **162** من طريق شيبان بن فروخ بهذا السند من حديث الاسراء والمعراج . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**286** من طريق عفان' حدثنا حماد به .

3361- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**121** قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد **3**صفحه**149** قال: حدثنا حسن بن موسىٰ . وفي جلد **3**صفحه**288** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: **1308** قال: حدثنا حجاج ابن منهال . ومسلم جلد**1**صفحه**101** قال: حدثنا شيبان بن فروخ .

عَـلَقَةً، قَالَ: هَذَا حَظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ، ثُمَّ غَسَلَهُ فِي طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ لَأَمَهُ، ثُمَّ أَعَادَهُ فِي مَكَانِهِ وَجَاءَ الْغِلْمَانُ يَسْعَوْنَ إِلَى أُمِّهِ - يَعْنِي: ظِئْرَهُ - فَقَالُوا: إِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ قُتِلَ، فَاسْتَقْبَلْتُهُ مُنْتَقِعَ اللَّوْنِ . قَالَ أَنَسٌ: قَدْ كُنْتُ أَرَى أَثَرَ ذَلِكَ الْمِخْيَطِ فِي صَدْرِهِ

قلب اطہر شق کیا' اس سے ایک لوتھڑا نکالا۔ عرض کی: یہ شیطان کا حصہ تھا۔ پھر اس کو دھویا، سونے کے ایک پیالہ میں۔ زمزم کے پانی سے پھر دوبارہ اس جگہ رکھ دیا۔ بچے دوڑ کر اپنی امی کے پاس گئے اور کہنے لگے کہ محمد (ﷺ) کو شہید کیا گیا ہے! حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں' ان کا رنگ بدلا ہوا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا تھا کہ آپ ﷺ کے سینے میں اس دھاگہ کے نشانات تھے۔

3362 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُتِيتُ بِالْبُرَاقِ - وَهُوَ دَابَّةٌ أَبْيَضُ طَوِيلٌ، فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُونَ الْبَغْلِ، يَضَعُ حَافِرَهُ عِنْدَ مُنْتَهَى طَرْفِهِ - قَالَ: فَرَكِبْتُهُ حَتَّى أَتَيْتُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ قَالَ: فَرَبَطْتُهُ بِالْحَلْقَةِ الَّتِي يَرْبِطُ بِهَا الْأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَصَلَّيْتُ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس براق لایا گیا، براق ایسا جانور ہے کہ لمبا سفید اور گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا اپنا پاؤں وہاں رکھتا تھا جہاں اس کی نظر کی انتہا ہوتی تھی۔ میں اس پر سوار ہوا یہاں تک کہ بیت المقدس لایا گیا میں نے اس کو اس جگہ باندھا جس جگہ پر دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی سواریاں باندھی ہوئی تھیں۔ پھر میں مسجد اقصیٰ کے اندر داخل ہوا اس میں میں نے دو رکعتیں پڑھائیں، پھر میں نکلا۔

3363 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ بُكَاءَ الصَّبِيِّ مَعَ أُمِّهِ فِي الصَّلَاةِ قَرَأَ بِالسُّورَةِ الْخَفِيفَةِ أَوِ الْقَصِيرَةِ شَكَّ جَعْفَرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپ حالتِ نماز میں ماں کے ساتھ بچے کے رونے کی آواز سنتے تو آپ مختصر قرأت کرتے یا چھوٹی سورت پڑھتے' جعفر کو شک ہے۔

3362- أخرجه أحمد جلد3صفحه153,148 قال: حدثنا حسن بن موسى . وفي جلد3صفحه286 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: 1210 قال: حدثني سليمان بن حرب .

3363- الحديث سبق برقم: 3280 فراجعه .

3364 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ إِذَا أَكَلَ، وَقَالَ: إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ مَا كَانَ بِهَا مِنْ أَذًى وَلْيَأْكُلْهَا، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ، وَلْيَسْلُتِ الصَّحْفَةَ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ فِي أَيِّ طَعَامِكُمُ الْبَرَكَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تین انگلیاں چاٹتے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھاتے تھے اور فرمایا: جب تم میں سے کسی آدمی کا لقمہ گر جائے تو اسے اُٹھا کر صاف کر لے اور اسے کھا لے شیطان کے لیے نہ چھوڑے برتن کو خوب صاف کرے کیونکہ تم نہیں جانتے کہ تمہارے کس کھانے میں برکت ہے۔

3365 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي قَدِمَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ أَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ قَالَ: وَمَا نَفَضْنَا أَيْدِيَنَا مِنْ تُرَابِ قَبْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَنْكَرْنَا قُلُوبَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ دن جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس کی ہر چیز روشن ہوگئی اور وہ دن جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو اس کی ہر شی پر ایک بار اندھیرا چھا گیا۔ راوی کہتا ہے: ابھی ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار کی مٹی بھی ہاتھوں سے نہیں جھاڑی تھی کہ ہمارے دل اجنبیت محسوس کرنے لگے۔

3366 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَتْ لِي فَاطِمَةُ: يَا أَنَسُ، كَيْفَ طَابَتْ أَنْفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سیدہ فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے انس! تمہارے دلوں نے کیسے گوارا کیا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مٹی ڈالو۔

3367 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

3364- الحديث سبق برقم: 3299 فراجعه .

3365- الحديث سبق برقم: 3283 فراجعه .

3366- أخرجه عبد بن حميد: 1364 قال: حدثني سليمان بن حرب . والدارمي رقم الحديث: 88 قال: أخبرنا أبو النعمان . والبخاري جلد6صفحه18 قال: حدثنا سليمان بن حرب .

بْـنُ زَيْـدٍ، حَـدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا ثَـقُلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ يَبْسُطُ رِجْلًا وَيَقْبِضُ أُخْرَى، وَيَبْسُطُ يَدًا وَيَقْبِضُ أُخْرَى . قَـالَـتْ فَـاطِـمَةُ: يَـا كَـرْبَاهُ لِكَرْبِكَ يَا أَبَتَاهُ - قَالَ الْـقَـوَارِيـرِيُّ: قَالَ حَمَّادٌ: احْفَظُوا، قَالَ: يَا كَرْبَاهُ، وَلَـمْ يَـقُـلْ: يَا كَرْبَاهُ لِكَرْبِكَ يَا أَبَتَاهُ - قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْ بُنَيَّةُ، لَا كَرْبَ عَلَى أَبِيكِ بَعْدَ الْيَوْمِ . فَـلَـمَّـا تُوُفِّيَ، قَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا أَبَتَـاهُ، أَجَـابَ رَبًّـا دَعَـاهُ يَا أَبَتَاهُ إِلَى جِبْرِيلَ نَنْعَاهُ يَا أَبَتَـاهُ مِـنْ رَبِّـهِ مَا أَدْنَاهُ يَا أَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ قَـالَ أَنَـسٌ: فَـلَمَّا دَفَنَّاهُ، قَالَتْ لِي فَاطِمَةُ: يَا أَنَسُ، كَيْفَ طَـابَـتْ أَنْـفُسُكُمْ أَنْ تَحْثُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ؟

حضور ﷺ پر بیماری زیادہ ہوگئی، آپ ﷺ اپنے پاؤں کو کبھی اکٹھے کرتے کبھی کھول دیتے، کبھی اپنے ہاتھ کو سمیٹ لیتے کبھی کھول لیتے۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ! میرے ابو کی تکلیف دور کر دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے میری لختِ جگر! آج کے دن کے بعد آپ کے باپ پر کوئی تکلیف نہیں آئے گی۔ جب آپ کا وصال ہوگیا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے ابوجان! آپ نے اپنے رب کا بلاوا قبول کر لیا' اے ابوجان! ہم جبریل کو بتاتے ہیں' اے ابوجان! آپ کا ٹھکانہ جنت الفردوس ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم نے آپ کو دفنایا تو مجھے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے انس! کیا تمہارے دلوں نے پسند کیا کہ تم حضور ﷺ پر مٹی ڈالو۔

3368 - حَـدَّثَـنَـا أَبُو حَمْزَةَ هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يَذْكُرُ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (يَا أَيُّهَا الَّـذِيـنَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ) (الحجرات: 2)- إِلَى قَوْلِهِ - (لَا تَشْعُرُونَ) (الحجرات: 2) قَالَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ: أَنَا وَاللّٰهِ الَّذِي كُنْتُ أَرْفَعُ صَوْتِي عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ أَكُونَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، إِنِّي كُنْتُ أَرْفَعُ صَوْتِي عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب آیت ''یا ایھا الذین'' تا ''لا تشعرون'' تک نازل ہوئی تو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ہی وہ آدمی ہوں جس کی آواز رسول کریم ﷺ کے پاس اونچی ہوتی رہتی ہے اور مجھے خوف ہے کہ میں دوزخیوں سے نہ ہو جاؤں کیونکہ میں ہی نبی کریم ﷺ کے پاس اپنی آواز بلند کرتا رہتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بلکہ وہ جنتی ہیں یا اسی طرح کی کوئی بات فرمائی۔

3368- الحديث سبق برقم: **3318** فراجعه . وأخرجه المؤلف في معجمه برقم: **319** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَوْ كَمَا قَالَ

3369 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دھوکہ باز کی پشت پہ جھنڈا لگایا جائے گا۔

3370 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا أَبُو جُمَيْعٍ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ غُلَامًا وَقَالَ: أَحْسِنَا إِلَيْهِ فَإِنِّي رَأَيْتُهُ يُصَلِّي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ایک غلام دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا' میں نے اس کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

3371 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ إِلَى جِذْعِ نَخْلَةٍ، فَلَمَّا بَنَى الْمِنْبَرَ، خَطَبَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَنَّ الْجِذْعُ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْتَضَنَهُ قَالَ: لَوْ لَمْ أَحْتَضِنْهُ لَحَنَّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے پہل کھجور کے ایک تنے کے پاس خطبہ دیا کرتے تھے' پس جب کسی نے منبر بنایا تو آپ نے منبر پر خطبہ دینا شروع کیا تو وہ کھجور کا تنا رونے لگا' پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس آئے' اسے کلاوے میں لے لیا' فرمایا: اگر میں اسے گلے نہ لگاتا تو یہ قیامت تک روتا رہتا۔

3372 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى هَارُونُ بْنُ عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3369- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 142 قال: حدثنا أبو الوليد . وفي جلد 3 صفحه 150 قال: حدثنا سليمان بن داؤد . وفي جلد 3 صفحه 270,250 قال: حدثنا عفان .

3370- الحديث في المقصد العلى برقم: 724 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 238 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله ثقات . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 2785 .

3371- الحديث سبق برقم: 2747 فراجعه .

3372- الحديث في المقصد العلى برقم: 754 . أخرجه الطيالسي رقم الحديث: 1559 ومن طريقه أخرجه البزار رقم

اللّٰهِ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ عَلَى مَتَاعٍ قِيمَتُهُ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ

حضور ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی اس سامان پر جس کی قیمت دس درہم تھی۔

3373 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُسَمُّونَهُمْ مُحَمَّدًا ثُمَّ تَلْعَنُونَهُمْ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کا نام محمد رکھو اس کو برا نہ کہو۔

3374 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ إِلَى الْمَسْجِدِ وَفِيهِ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، مَا أَحَدٌ مِنْهُمْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنْ حَبْوَتِهِ إِلَّا أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَإِنَّهُ كَانَ يَتَبَسَّمُ إِلَيْهِمَا، وَيَتَبَسَّمَانِ إِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد کی طرف نکلتے ان میں مہاجر اور انصار ہوتے تھے، ان میں کوئی بھی حضور ﷺ کی طرف اپنا سر اٹھا کر نہیں دیکھتے تھے سوائے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اور عمر رضی اللہ عنہ کے آپ ﷺ صرف دونوں کو دیکھ کر تبسم کرتے تھے۔ یہ دونوں آپ ﷺ کو دیکھ کر تبسم کرتے تھے۔

3375 - حَدَّثَنَا هَارُونُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ أَلْقَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں امید کرتا ہوں کہ قیامت کے دن آپ ﷺ کے سامنے پیش کیا جاؤں گا، میں کہوں گا: میں آپ ﷺ کا خادم

الحديث: **1426** وقال البزار: لا نعلمه عن ثابت' عن أنس الا من طريق الحكم' ورأيته في موضع آخر: تزوجها على متاع ورحى قيمته أربعون درهمًا .

3373- الحديث في المقصد العلي برقم: **1087** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **48** وقال: رواه أبو يعلى' والبزار' وفيه: الحكم بن عطية وثقة ابن معين' وضعفه غيره' وبقية رجاله رجال الصحيح .

3374- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2518** . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **150** . والترمذي رقم الحديث: **3669** من طريق أبي داؤد الطيالسي بهذا السند .

3375- الحديث في المقصد العلي برقم: **1429** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **325** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه الحكم بن عطية وثقة أحمد وغيره' وضعفه جماعة' وبقية رجاله رجال الصحيح .

الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَقُولَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، خُوَيْدِمُكَ

ہوں۔

3376 - حَدَّثَنَا هَارُونُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ لِي: أَقْرِءْ قَوْمَكَ السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ- مَا عَلِمْتُ- أَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اس مرض میں جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا۔ مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: اپنی قوم کو میرا سلام کہنا اور ان کو بتانا کہ میں صبر سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھتا ہوں۔

3377 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ أَبُو الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ مُحْتَسِبٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى أَلْقَى إِخْوَانِي؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَسْنَا إِخْوَانَكَ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ أَصْحَابِي، وَإِخْوَانِي الَّذِينَ آمَنُوا بِي وَلَمْ يَرَوْنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بھائی کب میرے ساتھ ملاقات کریں گے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے صحابی رضی اللہ عنہ ہو، میرے بھائی وہ ہیں جو مجھ پر ایمان لائیں گے اس حالت میں کہ مجھے دیکھا نہیں ہو گا۔

3378 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحْتَسِبٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُوبَى لِمَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک بار خوشخبری ہے اس کے لیے جس نے مجھے دیکھا، میرے اوپر ایمان لایا اور سات

3376- أخرجه الطيالسى رقم الحديث: 2585 ومن طريقه أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3899 بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 150 . والترمذى رقم الحديث: 3899 من طريق عبد الصمد، حدثنا محمد بن ثابت به .

3377- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1496 . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 155 من طريق هشام، حدثنا جسر بن فرقد، عن ثابت به .

3378- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1497 . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 144 من طريق هاشم، حدثنا جسر عن ثابت به .

رَآنِي وَآمَنَ بِي مَرَّةً، وَطُوبَى لِمَنْ لَمْ يَرَنِي وَآمَنَ بِي سَبْعَ مَرَّاتٍ

مرتبہ خوشخبری ہے اس کے لیے جو مجھ پر ایمان لایا اور مجھے دیکھا نہیں۔ سات مرتبہ یہ کلمہ فرمایا۔

3379 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحْتَسِبٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ أَقْوَامٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْفَجْرِ إِلَى أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ بَنِي إِسْمَاعِيلَ، دِيَةُ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمُ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا، وَلَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ أَقْوَامٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ بَنِي إِسْمَاعِيلَ، دِيَةُ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمُ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں گا جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں، نماز فجر سے لے کر سورج کے طلوع ہونے کا وقت مجھے زیادہ پسند ہے بنی اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنا' ان میں ہر ایک آدمی کی دیت بارہ ہزار ہو' میں ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں گا جو عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک اللہ کا ذکر کرتے ہیں مجھے زیادہ محبوب ہے بنی اسرائیل سے چار غلام آزاد کرنے سے۔

3380 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، أَخُو مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ اسْتَشْرَفَهُ النَّاسُ، فَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى رَحْلِهِ تَخَشُّعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ شریف داخل ہوئے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر اپنے کجاوے پر رکھ لیا، عاجزی انکساری کے طور پر۔

3381 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ داخل ہوئے، تو اہل مکہ دو صفیں بنا کر

3379- الحديث في المقصد العلي برقم: **1642** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**105** وقال: قلت: رواه أبو داؤد باختصار .

3380- الحديث في المقصد العلي برقم: **976** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6**صفحه**169** . وقال: رواه أبو يعلى وفيه: عبد الله بن أبي بكر المقدمي وهو ضعيف .

3381- أخرجه ابن حبان رقم الحديث: **2020** من طريق أبي يعلى . وأخرجه الترمذي رقم الحديث: **2851** . والنسائي جلد**5**صفحه**212,211,202** .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ قَامَ أَهْلُ مَكَّةَ سِمَاطَيْنِ، قَالَ: وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

خَلُّوا بَنِي الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيلِهِ ... الْيَوْمَ نَضْرِبُكُمْ عَلَى تَنْزِيلِهِ

ضَرْبًا يُزِيلُ الْهَامَ عَنْ مَقِيلِهِ ... وَيُذْهِلُ الْخَلِيلَ عَنْ خَلِيلِهِ

يَا رَبِّ إِنِّي مُؤْمِنٌ بِقِيلِهِ

قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: يَا ابْنَ رَوَاحَةَ، تَقُولُ الشِّعْرَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ، وَفِي حَرَمِ اللّٰهِ؟ قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ يَا عُمَرُ، هَذَا أَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ وَقْعِ النَّبْلِ

کھڑے ہو گئے اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ اشعار پڑھنے لگے:

''اے کفار کے بیٹو! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ خالی کر دو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری پر آج ہم تمہیں ماریں گے ایسی ضربیں جو تمہارے سر دھڑ سے جدا کر دیں گی اور ایک دوسرے کو اس کے دوست سے جدا کر دیں گی''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن رواحہ! تُو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے اور حرم میں اشعار پڑھ رہا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! اس کو چھوڑ دو! یہ اشعار کافروں پر تیر سے زیادہ اثر کر رہے ہیں۔

3382 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الذَّارِعُ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا، وَلَا صُمْنَا وَلَا صَلَّيْنَا، فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے دن فرمایا: اے اللہ! اگر تُو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ روزے رکھتے نہ نماز پڑھتے، ہم پر سکینہ نازل فرما۔

3383 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أُخْتَ الرُّبَيِّعِ أُمَّ حَارِثَةَ جَرَحَتْ إِنْسَانًا، فَقَالَ رَسُولُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کی بہن ام حارثہ نے کسی آدمی کو قتل کر دیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص، قصاص! حضرت ام ربیع

3382- الحديث في المقصد العلي برقم: **966** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **133** وقال: رواه البزار، وأبو يعلى، ورجاله ثقات .

3383- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **284** . ومسلم جلد **5** صفحه **105** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . والنسائي جلد **8** صفحه **26** قال: أخبرنا أحمد بن سليمان .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقِصَاصُ الْقِصَاصُ فَقَالَتْ أُمُّ الرَّبِيعِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُقْتَصُّ مِنْ فُلَانَةَ؟ لَا وَاللّٰهِ لَا يُقْتَصُّ مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا أُمَّ الرَّبِيعِ، الْقِصَاصُ كِتَابُ اللّٰهِ . قَالَتْ: لَا، وَاللّٰهِ لَا يُقْتَصُّ مِنْهَا أَبَدًا . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ

نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ نے فلانی سے قصاص لیا تھا؟ نہیں لیا تھا' اللہ کی قسم! اس سے بھی قصاص نہیں لیا جائے گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک ہے! اے ام ربیع قصاص کا ذکر قرآن پاک میں ہے۔ حضرت ام ربیع نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! اس سے ہمیشہ قصاص نہیں لیا جائے گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ کے بندوں میں سے کچھ بندے ایسے ہیں جو اللہ پر قسم اٹھالیں اللہ ان کی قسم پوری کرتا ہے۔

3384 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، أَنَّهُمْ قَالُوا لِأَنَسٍ: ادْعُ لَنَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، قَالُوا: زِدْنَا، فَأَعَادَهَا، قَالُوا: زِدْنَا، قَالَ: مَا تُرِيدُونَ؟ سَأَلْتُ لَكُمْ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قَالَ أَنَسٌ: فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

حضرت ثابت رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ہمارے لیے دعا کریں، آپ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! ہم کو دنیا اور آخرت میں اچھائی عطا فرما اور ہم کو عذاب قبر سے محفوظ رکھ۔ انہوں نے عرض کی: اور زیادہ دعا کریں آپ رضی اللہ عنہ نے دو بار وہی دعا کی۔ انہوں نے عرض کی: اور زیادہ کریں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم چاہتے ہو میں نے تمہارے لیے دنیا اور آخرت کی بھلائی مانگی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اکثر یہ دعا کرتے تھے۔

3385 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ كَانَ لَهُ ابْنٌ يُكْنَى: أَبَا عُمَيْرٍ، قَالَ: فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟ . قَالَ: فَقُبِضَ وَأَبُو طَلْحَةَ غَائِبٌ فِي بَعْضِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک بیٹا تھا' اس کی کنیت ابوعمیر تھی' حضور ﷺ اس کو فرماتے تھے: اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا ہوا؟ حضرت ابوعمیر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوگیا تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کسی باغ میں گئے ہوئے تھے تو بچہ فوت ہوگیا' حضرت

3384- أخرجه أحمد جلد3صفحه208 قال: حدثنا روح . وفي جلد3صفحه277,209 . وعبد بن حُميد: 1262 قال أحمد وعبد: حدثنا سليمان بن داؤد .

3385- الحديث سبق برقم: 2828 فراجعه .

حِيطَانِهِ، فَهَلَكَ الصَّبِيُّ، فَقَامَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ، فَغَسَّلَتْهُ وَكَفَّنَتْهُ وَسَجَّتْ عَلَيْهِ ثَوْبًا، وَقَالَتْ: لَا يَكُونُ أَحَدٌ يُخْبِرُ أَبَا طَلْحَةَ حَتَّى أَكُونَ أَنَا الَّذِي أُخْبِرُهُ - فَجَاءَ أَبُو طَلْحَةَ كَالًّا وَهُوَ صَائِمٌ، فَتَطَيَّبَتْ لَهُ وَتَصَنَّعَتْ لَهُ، وَجَاءَتْ بِعَشَائِهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ أَبُو عُمَيْرٍ؟ قَالَتْ: قَدْ فَرَغَ - فَتَغَشَّى وَأَصَابَ مِنْهَا مَا يُصِيبُ الرَّجُلُ مِنِ امْرَأَتِهِ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا طَلْحَةَ، أَرَأَيْتَ أَهْلَ بَيْتٍ أَعَارُوا أَهْلَ بَيْتٍ عَارِيَةً فَطَلَبَهَا أَصْحَابُهَا، أَيَرُدُّونَهَا أَوْ يَحْبِسُونَهَا؟ قَالَ: بَلْ يَرُدُونَهَا عَلَيْهِمْ - فَقَالَتْ: احْتَسِبْ أَبَا عُمَيْرٍ - قَالَ: فَغَضِبَ، فَانْطَلَقَ كَمَا هُوَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِقَوْلِ أُمِّ سُلَيْمٍ وَفِعْلِهَا، فَقَالَ: بَارَكَ اللَّهُ لَكُمَا فِي غَابِرِ لَيْلَتِكُمَا - قَالَ: فَحَمَلَتْ بِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، حَتَّى إِذَا وَضَعَتْهُ كَانَ يَوْمَ السَّابِعِ، قَالَتْ لِي أُمُّ سُلَيْمٍ: يَا أَنَسُ، اذْهَبْ بِهَذَا الصَّبِيِّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهَذَا الْمِكْتَلُ فِيهِ شَيْءٌ مِنْ عَجْوَةٍ حَتَّى يَكُونَ هُوَ الَّذِي يُحَنِّكُهُ وَيُسَمِّيهِ، فَمَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجْلَيْهِ وَأَضْجَعَهُ فِي حِجْرِهِ، وَأَخَذَ تَمْرَةً فَلَاكَهَا فِي فِيِّ الصَّبِيِّ، فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبَتِ الْأَنْصَارُ إِلَّا حُبَّ التَّمْرِ

اُم سلیم رضی اللہ عنہا کھڑی ہوئیں اور اس کو غسل دیا اور اس کو کفن دیا' اس کو ایک کپڑے سے لپیٹ دیا اور کہا: ابوطلحہ کو کوئی نہ بتائے! حتیٰ کہ میں خود اسے خبر دوں گی' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تھکے ماندے آئے' وہ روزہ کی حالت میں تھے' حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے خوشبو لگائی' بناؤ سنگھار کیا' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کیلئے رات کا کھانا لائیں' اُنہوں نے فرمایا: ابوعمیر کا کیا حال ہے؟ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ فارغ ہے! حضرت ابوطلحہ نے اُم سلیم سے جماع کیا' جب جماع کر کے فارغ ہوئے تو اُم سلیم نے کہا: اے ابوطلحہ! آپ بتائیں کہ اگر ایک گھر والے کسی اہل خانہ کو کوئی شی عاریتاً دیں پھر وہ واپس مانگیں تو کیا وہ واپس کریں گے یا اسے روک لیں گے؟ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ وہ ان کو واپس کریں گے۔ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ابوعمیر کے متعلق ثواب کی نیت سے اللہ کی رضا پر راضی ہوں۔ حضرت ابوطلحہ کو غصہ آیا اور اسی حالت میں وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' آپ نے اُم سلیم کی بات اور رات کو جو جماع کیا اس کے متعلق بتایا' آپ نے فرمایا: جو تم نے رات کو کیا' اللہ اس میں برکت دے! حضرت اُم سلیم' عبداللہ بن ابوطلحہ کے ساتھ حاملہ ہوئیں' جب اُنہوں نے اُسے جنا تو مجھے اُم سلیم نے کہا: اے انس! اس بچے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے جاؤ! یہ شیشی ہے اس میں عجوہ کھجور ہے' اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گھٹی بھی دلوانا اور نام بھی رکھوانا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دونوں پاؤں سے پکڑا' اس

کو اپنی گود میں رکھا اور کھجور پکڑی اسے اپنے منہ میں چبایا اور بچے کے منہ میں رکھی' وہ بچہ اس کا ذائقہ لینے لگا' حضور ﷺ نے فرمایا: انصار کھجور سے ہی محبت کرتے ہیں۔

3386 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْجِبُهُ الدُّبَّاءُ وَهُوَ الْقَرْعُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ پیالہ میں کدو کو پسند کرتے تھے۔

3387 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا مَسِسْتُ بِكَفِّي ذِي شَيْئًا أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَرِيرًا وَلَا عَنْبَرَةً- وَأَشْيَاءَ ذَكَرَهَا لَا أَحْفَظُهَا - وَمَا وَجَدْتُ رَائِحَةً أَطْيَبَ مِنْ رَائِحَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصُحْبَتِهِ عَشَرَ سِنِينَ، فَمَا قَالَ لِي لِشَيْءٍ قَطُّ: لِمَ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی شخص کی ہتھیلی کو نہیں چھوا جو حضور ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو' ریشم' عنبرہ اور ایسی شی ذکر کی جو مجھے یاد نہیں ہے' میں نے حضور ﷺ کے جسم اطہر سے آنے والی خوشبو سے زیادہ خوشبو نہیں پائی' میں دس سال آپ کی صحبت میں رہا ہوں' مجھے آپ نے کسی شی کے متعلق اُف تک نہیں کہا کہ تُو نے یہ کیوں نہیں کیا۔

3388 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الْمُؤَذِّنَ - أَوْ بِلَالًا- كَانَ يُقِيمُ فَيَدْخُلُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَسْتَقْبِلُهُ الرَّجُلُ فَيَقُومُ مَعَهُ حَتَّى يَخْفِقَ عَامَّتُهُمْ بِرُءُوسِهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مؤذن یا حضرت بلال رضی اللہ عنہ اقامت پڑھ رہے تھے' اس کے بعد حضور ﷺ داخل ہوئے' آپ کے سامنے ایک آدمی آیا' آپ اُس کے ساتھ کھڑے ہوئے یہاں تک کہ عام صحابہ کرام اپنے سروں کو نیند کی وجہ سے جھٹکنے لگے۔

3389 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بارش

3386- الحديث سبق برقم: **2876** فراجعه .

3387- الحديث سبق برقم: **3354** فراجعه .

3388- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**339,338** من طريق الحسن بن موسىٰ' حدثنا عمارة بهذا السند . وراجع الحديث رقم: **3293,3188,3296** .

زَاذَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ مَلَكُ الْقَطْرِ رَبَّهُ أَنْ يَزُورَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَذِنَ لَهُ، وَكَانَ فِي يَوْمِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ، احْفَظِي عَلَيْنَا الْبَابَ لَا يَدْخُلْ عَلَيْنَا أَحَدٌ قَالَ: فَبَيْنَمَا هِيَ عَلَى الْبَابِ إِذْ جَاءَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، فَاقْتَحَمَ، فَفَتَحَ الْبَابَ، فَدَخَلَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ، فَقَالَ الْمَلَكُ: أَتُحِبُّهُ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ، إِنْ شِئْتَ أَرَيْتُكَ الْمَكَانَ الَّذِي تَقْتُلُهُ فِيهِ . قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنَ الْمَكَانِ الَّذِي قُتِلَ بِهِ، فَأَرَاهُ فَجَاءَ سَهْلَةً- أَوْ تُرَابٌ أَحْمَرُ - فَأَخَذَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَتْهُ فِي ثَوْبِهَا، قَالَ ثَابِتٌ: فَكُنَّا نَقُولُ: إِنَّهَا كَرْبَلَاءُ

برسانے والے فرشتے نے ربِ تعالیٰ سے حضور ﷺ کی زیارت کرنے کے لیے اجازت مانگی۔ اس کو اجازت دی گئی۔ وہ دن ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی باری کا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ام سلمہ! ہمارے دروازے پر حفاظت کرو ہمارے پاس کوئی نہ آئے۔ میں اس حالت میں تھی، دروازے کے پاس اچانک امام حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے، دروازہ کھولا، اندر داخل ہوئے۔ حضور ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ چمٹا لیا اور بوسہ لیا۔ پھر اس فرشتے نے عرض کی: کیا آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: آپ ﷺ کی امت عنقریب اس کو قتل کر دے گی۔ اگر آپ ﷺ چاہیں تو میں آپ کو وہ جگہ دکھا دوں جس جگہ آپ کے اس لختِ جگر کو قتل کیا جائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے، اس فرشتے نے اس جگہ سے ایک مٹی کی مٹھی لی جو آپ کو دکھائی، جس جگہ آپ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا جانا تھا، وہ مٹی سرخ تھی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے کپڑے میں رکھ لی، حضرت ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ کربلا کی جگہ تھی۔

3390 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَسْأَلْ أَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا حَتَّى يَسْأَلَهُ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم رب تعالیٰ سے ہر قسم کی ضروریات مانگو، یہاں تک کہ اگر جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا ہو تو وہ بھی مانگو۔

3390- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3607** من طريق ابي داؤد سليمان بن الأشعث، حدثنا قطن بن نسير بهذا الاسناد .

3391 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَصْحَابِهِ، آخَى بَيْنَ سَلْمَانَ وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، وَآخَى بَيْنَ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ وَبَيْنَ صَعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا اور عوف بن مالک رضی اللہ عنہ اور صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔

3392 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ شُعْبَةَ، بَصْرِيٌّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحْسِنُوا جِوَارَ نِعَمِ اللّٰهِ، لَا تُنَفِّرُوهَا، فَقَلَّمَا زَالَتْ عَنْ قَوْمٍ فَعَادَتْ إِلَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نعمتوں کی قدر کیا کرو، اس سے بے رغبتی نہ کیا کرو بہت کم لوگ ایسے ہیں جن سے نعمتیں لے کر ان کو واپس کی گئی ہوں۔

3393 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ النِّيلِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ يَعْنِي الْمُرِّيَّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمَّارُ بُيُوتِ اللّٰهِ هُمْ أَهْلُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے گھروں کو آباد کرنے والے ہی اللہ والے ہیں۔

3394 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج وعمرہ اکٹھا کیا۔

3391- الحديث في المقصد العلي برقم: **1010** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **171** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

3392- الحديث في المقصد العلي برقم: **1034** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **195,1** وقال: رواه أبو يعلى، وفيه: عثمان بن مطر وهو ضعيف .

3393- الحديث في المقصد العلي برقم: **240** . وأخرجه البيهقي في السنن الكبرى جلد **3** صفحه **66** من طريق هاشم بن القاسم . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **494** .

3394- الحديث سبق برقم: **3016,2813** فراجعه .

3395 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا رُشَيْدٌ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَجْلِسِ بَنِي سَلِمَةَ فَقَالَ: يَا بَنِي سَلِمَةَ، مَا الرَّقُوبُ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي لَا وَلَدَ لَهُ. قَالَ: بَلْ هُوَ الَّذِي لَا فَرَطَ لَهُ. قَالَ: مَا الْمُعْدِمُ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي لَا مَالَ لَهُ. قَالَ: بَلْ هُوَ الَّذِي يَقْدَمُ وَلَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی بنی سلمہ کی مجلس پر کھڑے ہوئے۔ فرمایا: اے بنوسلمہ! رقوب کس کو شمار کرتے ہو؟ عرض کی کہ جس کے پاس اولاد نہ ہو۔ آپ نے فرمایا: بلکہ رقوب میں وہ ہے جس کا قصور کوئی نہ ہو پھر فرمایا: تم معدم کس کو شمار کرتے ہو؟ عرض کی: جس کے پاس مال نہ ہو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ معدم وہ ہوتا ہے جو خیر میں چلے اللہ کے ہاں اس کے لیے کوئی بھلائی نہ ہو۔

3396 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ، حَدَّثَنَا رُشَيْدٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَوَارِي بَنِي النَّجَّارِ وَهُنَّ يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ، وَيَقُلْنَ:

(البحر الرجز)

نَحْنُ جَوَارٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ . . . يَا حَبَّذَا مُحَمَّدٍ مِنْ جَارٍ

فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيهِنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بنی نجار کی لڑکیوں کے پاس سے گزرے وہ دف بجا رہی تھیں اور یہ شعر پڑھ رہی تھیں:

''ہم بنی نجار کی پڑوسن ہیں اور محمد ہمارے پڑوسی ہیں''۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! ان کے اس کہنے میں برکت عطا فرما۔

3397 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الذَّارِعُ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: اللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے دن فرمایا: اے اللہ! اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ روزے رکھتے نہ نماز پڑھتے ہم پر سکینہ نازل فرما۔

3395- الحديث في المقصد العلى برقم: **447** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3** صفحه**11** وقال: رواه أبو يعلى، والبزار باختصار، ورجال البزار رجال الصحيح .

3396- الحديث في المقصد العلى برقم: **1473** . وأخرجه ابن السني في عمل اليوم والليلة برقم: **229** من طريق أبي يعلى . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **4179** .

3397- الحديث سبق برقم: **3382** فراجعه .

اهْتَدَيْنَا، وَلَا صُمْنَا وَلَا صَلَّيْنَا، اللّٰهُمَّ فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا

3398 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ كَانَتْ مَعَ أَبِي طَلْحَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَمَعَهَا خِنْجَرٌ، فَقَالَ لَهَا أَبُو طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، مَا هَذَا؟ قَالَتْ: خِنْجَرٌ اتَّخَذْتُهُ إِنْ دَنَا مِنِّي أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ بَعَجْتُهُ. قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمَا تَسْمَعُ مَا تَقُولُ أُمُّ سُلَيْمٍ؟ تَقُولُ كَذَا وَكَذَا- شَيْئًا ذَهَبَ عَلَى أَبِي حَرْبٍ- تَقْتُلُهُمْ. فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفَى وَأَحْسَنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھیں خیبر کے دن حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس خنجر تھا۔ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے اُم سلیم! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ خنجر ہے اگر مشرکوں میں سے کوئی میرے قریب آیا اس کے ساتھ ماروں گی۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ سن رہے ہیں کہ ام سلیم کیا کہہ رہی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس اس طرح کچھ کہہ رہی ہیں' ابوحرب کے پاس جا اسے قتل کر۔ فرمایا: بے شک اللہ کافی ہے اور اچھا ہے۔

3399 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ، كَانَ يَوْمَ أُحُدٍ يَرْمِي بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ خَلْفَهُ، وَكَانَ أَبُو طَلْحَةَ رَجُلًا رَامِيًا، وَكَانَ إِذَا رَمَى رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَخْصَهُ يَنْظُرُ أَيْنَ يَقَعُ سَهْمُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ احد کے دن حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے تیر پھینک رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ رضی اللہ عنہ کے پیچھے تھے۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ایک تیر انداز آدمی تھے۔ جب آپ رضی اللہ عنہ تیر پھینکتے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم آنکھ اٹھا کر اس جگہ کو دیکھا کہاں گرا ہے۔

3400 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3398- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 109,112 قال: حدثنا أبو أسامة عن سليمان بن المغيرة . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 286 قال: حدثنا عفان .

3399- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 286 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: 1347 قال: حدثني سليمان ابن حرب . وأخرجه البخاري جلد 4 صفحه 46 قال: حدثنا أحمد بن محمد .

3400- الحديث في المقصد العلي برقم: 1419 . وأخرجه ابن حبان رقم الحديث: 2251 من طريق أبي يعلى .

حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ، قَرَأَ سُورَةَ بَرَاءَةٌ فَأَتَى عَلَى هَذِهِ الْآيَةِ (انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا) (التوبة: 41) فَقَالَ: أَلَا أَرَى رَبِّيَ يَسْتَنْفِرُنِي شَابًّا وَشَيْخًا، جَهِّزُونِي. فَقَالَ لَهُ بَنُوهُ: قَدْ غَزَوْتَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قُبِضَ وَغَزَوْتَ مَعَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى مَاتَ، وَغَزَوْتَ مَعَ عُمَرَ، فَنَحْنُ نَغْزُو عَنْكَ. فَقَالَ: جَهِّزُونِي. فَجَهَّزُوهُ، فَرَكِبَ الْبَحْرَ فَمَاتَ، فَلَمْ يَجِدُوا لَهُ جَزِيرَةً يَدْفِنُوهُ فِيهَا إِلَّا بَعْدَ سَبْعَةِ أَيَّامٍ، فَلَمْ يَتَغَيَّرْ

ہمارے باپ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے سورۃ برات پڑھی' جب اس آیت پر پہنچے: ''انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا'' اس کے بعد فرمایا: خبردار! میں دیکھتا ہوں کہ میرا رب چاہتا ہے کہ میں نکلوں جوانی اور بڑھاپے کی حالت میں۔ ان کے بیٹوں نے عرض کی: آپ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جہاد کیا یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جہاد کیا' ہم آپ کی طرف سے جہاد کریں گے' اس کے بعد فرمایا: مجھے تیار کرو، آپ رضی اللہ عنہ کے لیے بندوبست کیا، سمندر میں سوار ہوئے اس کے بعد آپ رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا اس جزیرہ میں آپ رضی اللہ عنہ کو دفن کرنے کے لیے کوئی جگہ نہ پائی۔ سات دن کے بعد دفن کیا گیا اس حالت میں کہ ان کا بدن میں ذرہ برابر تبدیلی نہیں آئی تھی۔

3401 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ فِي نَخْلِهِ، فَلَمَّا سَمِعَ بِهِ جَاءَ فَقَالَ: إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ أَشْيَاءَ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا نَبِيٌّ، فَإِنْ أَخْبَرْتَنِي بِهَا فَأَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ. فَسَأَلَهُ عَنِ الشَّبَهِ، وَعَنْ أَوَّلِ شَيْءٍ يَحْشُرُ النَّاسَ، وَعَنْ أَوَّلِ شَيْءٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اس حالت میں کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ایک کھجور کے باغ میں تھے، جب انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں تو وہ آئے اور عرض کی: (یا رسول اللہ!) آپ سے چند اشیاء کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں جن کو صرف نبی ہی جانتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بتائیں اس کے متعلق کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نبی ہیں۔ حضرت عبداللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے

ولحاكم في المستدرك جلد3صفحه353 من طريقين عن حماد بن سلمة' عن علي بن زيد' وثابت' عن أنس .

3401- أخرجه أحمد جلد 3صفحه108 قال: حدثنا ابن أبي عدى . وفي جلد3صفحه189 قال: حدثنا اسماعيل . وعبد بن حميد:1389 قال: أخبرنا يزيد بن هارون .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخْبَرَنِي بِهِنَّ جِبْرِيلُ آنِفًا ۔ قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُودِ ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا الشَّبَهُ فَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْأَةِ مَاءَ الرَّجُلِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَأَوَّلُ شَيْءٍ يَحْشُرُ النَّاسَ نَارٌ تَجِيءُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ فَتَحْشُرُ النَّاسَ إِلَى الْمَغْرِبِ، وَأَوَّلُ شَيْءٍ يَأْكُلُهُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوتٍ ۔ فَآمَنَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ الْيَهُودَ قَوْمٌ بُهْتٌ، وَإِنَّهُمْ إِنْ سَمِعُوا بِإِسْلَامِي بَهَتُونِي وَيَقَعُونَ فِيَّ، فَاخْبَأْنِي وَابْعَثْ إِلَيْهِمْ وَسَلْهُمْ عَنِّي، فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ فَجَاءُوا - وَخَبَّأَهُ - فَقَالَ: أَيُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِيكُمْ؟ قَالُوا: خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا، وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَعَالِمُنَا وَابْنُ عَالِمِنَا ۔ فَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ آمَنَ تُؤْمِنُونَ؟ ۔ قَالُوا: أَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذَلِكَ لِيَفْعَلَ ۔ فَقَالَ: اخْرُجْ يَا بْنَ سَلَامٍ إِلَيْهِمْ ۔ فَخَرَجَ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ ۔ فَقَالُوا: بَلْ هُوَ شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَجَاهِلُنَا وَابْنُ جَاهِلِنَا ۔ فَقَالَ: أَلَمْ أُخْبِرْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَّهُمْ قَوْمٌ بُهْتٌ

پوچھا کہ (۱) بچہ اپنا باپ یا ماں کے کیسے مشابہ ہوتا ہے؟ (۲) اول شے کون سی لوگوں کو اکٹھا کرے گی؟ (۳) جنت میں سب سے پہلے کون سی شے کھائی جائے گی؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ابھی مجھے جبرائیل علیہ السلام نے بتایا ہے کہ حضرت عبداللہ نے عرض کی: یہ یہود کا دشمن ہے' یعنی حضرت جبریل۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہرحال (۱) ہر بچہ ماں یا باپ کے کیسے مشابہ ہوتا ہے تو وہ یہ کہ اگر مرد کا پانی غالب ہو تو بچہ مرد کے مشابہ ہوتا ہے اگر عورت کا پانی غالب ہو تو ماں کے مشابہ ہوتا ہے (۲) سب سے پہلے لوگوں کو جو شے اکٹھی کرے گی وہ آگ ہوگی جو مشرق کی جانب سے آئے گی اور لوگوں کو مغرب کی طرف اکٹھا کر دے گی۔ سب سے پہلے جنتی لوگ جو کھائیں گے وہ مچھلی کی کلیجی ہوگی۔ حضرت عبداللہ اسلام لے آئے، عرض کی: یا رسول اللہ! یہود بہتان باز قوم ہے! اگر اُنہوں نے میرے اسلام کے متعلق سنا تو مجھ پر بہتان لگائیں گے' میرے متعلق باتیں کریں گے' مجھے رُسوا کریں گے' ان کی طرف کسی کو بھیجیں اور ان سے میرے متعلق پوچھیں۔ آپ نے اُن کی طرف کسی کو بھیجا' ان کو بتایا' اُس نے کہا: تم میں عبداللہ بن سلام کیسے آدمی ہیں؟ کہنے لگے: ہم میں بہتر ہیں اور بہتر کے بیٹے ہیں' ہمارے سردار ہیں اور سردار کے بیٹے ہیں' ہمارے عالم اور عالم کے بیٹے ہیں۔ اس نے کہا: اگر تم کو بتایا جائے کہ وہ ایمان لایا ہے تو تم ایمان لاؤ گے؟ اُنہوں نے کہا: اللہ ہم کو اس سے بچائے! اس سے ایسے کیا

ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن سلام! ان کی طرف جاؤ! حضرت ابن سلام نکلے اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اُنہوں نے کہا: وہ ہم میں بُرا ہے اور بُرے کا بیٹا ہے' وہ ہم میں جاہل ہے اور ہمارے جاہل کا بیٹا ہے۔ ابن سلام نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو بتایا نہیں تھا کہ یہ لوگ بہتان باز ہیں۔

3402 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ الْكَلْبِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النِّسَاءَ أَتَيْنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَهَبَ الرِّجَالُ بِالْفَضْلِ، يُجَاهِدُونَ وَلَا نُجَاهِدُ . قَالَ: مِهْنَةُ إِحْدَاكُنَّ فِي بَيْتِهَا تُدْرِكُ جِهَادَ الْمُجَاهِدِينَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتیں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں' عرض کی: یا رسول اللہ! مرد ہم سے فضیلت لے گئے، وہ جہاد کرتے ہی ہم جہاد نہیں کرتی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھر میں رہو، تم بھی مجاہدین کے درجہ کو پالوگی، اگر اللہ نے چاہا۔

3403 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ رَوْحُ بْنُ الْمُسَيَّبِ الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَتَتِ النِّسَاءُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَهَبَ الرِّجَالُ بِالْفَضْلِ، بِالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَمَا لَنَا عَمَلٌ نُدْرِكُ بِهِ عَمَلَ الْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . قَالَ: مِهْنَةُ إِحْدَاكُنَّ فِي بَيْتِهَا تُدْرِكُ عَمَلَ الْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتیں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں' عرض کی: یا رسول اللہ! مرد ہم سے فضیلت لے گئے، وہ جہاد کرتے ہی ہم جہاد نہیں کرتی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھر میں رہو، تم بھی مجاہدین کے درجہ کو پالوگی، اگر اللہ نے چاہا۔

3402- الحديث في المقصد العلى برقم: **770** . وأخرجه البزار رقم الحديث: **1475** من طريق حُميد بن مسعدة، حدثنا أبو رجاء الكلبي روح بن المسيب ثقة بهذا السند .

3403- الحديث سبق برقم: **3402** فراجعه .

3404 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: - أَحْسِبُهُ - عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ يَعُودُهُ، فَوَافَقَهُ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ: كَيْفَ تَجِدُكَ يَا فُلَانُ؟ . قَالَ: بِخَيْرٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرْجُو اللّٰهَ وَأَخَافُ ذُنُوبِي . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَجْتَمِعَا فِي قَلْبِ رَجُلٍ عِنْدَ هَذَا الْمَوْطِنِ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَا رَجَاهُ، وَآمَنَهُ مِمَّا خَافَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس اس کی عیادت کرنے کے لیے آئے۔ اس کو قریب المرگ پایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سلام کیا۔ فرمایا: تُو کیسا ہے؟ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! بہتر ہوں۔ میں اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش کا اُمیدوار بھی ہوں اور اپنے گناہوں کے متعلق ڈرتا بھی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خصوصاً اس موقع پہ یہ دونوں چیزیں کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوتی ہیں مگر اللہ عزوجل اس کو عطا کر دیتا ہے' جس کی اُسے اُمید ہوتی ہے' اسے خوف سے امن دیتا ہے۔

3405 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ مَلِكَ ذِي يَزَنَ أَهْدَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً اشْتُرِيَتْ بِثَلَاثَةٍ وَثَلَاثِينَ بَعِيرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ذی یزن کے بادشاہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک حلہ ہدیہ دیا، جس سے بتیس اونٹ خریدے جا سکتے تھے۔

3406 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَحَابَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دو آدمی اللہ کے لیے محبت کرتے ہیں ان میں سے افضل وہ ہوتا ہے جو اپنے ساتھی سے

3404- الحديث سبق برقم: **3290** فراجعه .

3405- أخرجه أحمد جلد3 صفحه 221 من طريق حسن . وأخرجه داؤد رقم الحديث: **4034** من طريق عمر بن عون كلاهما أخبرنا عمارة بن زاذان به .

3406- أخرجه البخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: **544** حدثنا موسىٰ قال: حدثنا مبارك بن فضالة قال: حدثنا ثابت به . وأخرجه الخطيب فى تاريخه جلد 11 صفحه 341 من طريق أبى يعلىٰ' حدثنا هدبة بن خالد' حدثنا مبارك بن فضالة به .

رَجُلَانِ فِي اللّٰهِ قَطُّ إِلَّا كَانَ أَفْضَلَهُمَا أَشَدُّهُمَا حُبًّا لِصَاحِبِهِ

زیادہ محبت کرتا ہو۔

3407 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنْ صَدَقَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اهْتَمَّ بِجَوْعَةِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ فَأَطْعَمَهُ حَتَّى يَشْبَعَ وَسَقَاهُ حَتَّى يُرْوَى، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بھوکے مسلمان بھائی کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یہاں تک کہ وہ سیر ہو جائے اور پلائے یہاں تک کہ وہ سیراب ہو جائے تو اللہ عزوجل اس وجہ سے اس کو بخش دے گا۔

3408 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الذِّرَاعُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَهْ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! بھلائی آخرت کی بھلائی ہے' انصار اور مہاجرین کو بخش دے!

3409 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ سِنَانٍ أَبُو عَوْنٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ قَبَضَ قَبْضَةً فَقَالَ: لِلْجَنَّةِ بِرَحْمَتِي، وَقَبَضَ قَبْضَةً فَقَالَ: لِلنَّارِ وَلَا أُبَالِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل ایک مٹھی پکڑے گا' اس کے بعد "یہ جنت کے لیے ہے" فرمائے گا: یہ میری رحمت ہے! ایک اور مٹھی پکڑے گا، جہنم کے لیے فرمایا: مجھے اس میں داخل ہونے والوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

3410 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3407- الحديث في المقصد العلي برقم: **1055** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **2332** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**130** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: بكر بن خنيس وهو ضعيف .

3408- الحديث سبق برقم: **2994,3198,3311** فراجعه .

3409- الحديث في المقصد العلي برقم: **1134** .

3410- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**120** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **3**صفحه**120** أيضًا قال: حدثنا عبد الصمد .

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ أُوذِيتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُؤْذَى أَحَدٌ، وَلَقَدْ أُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يَخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثَةٌ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ مَا لِي وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ إِلَّا مَا وَارَاهُ إِبْطُ بِلَالٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اللہ کی راہ میں بہت زیادہ تکلیفیں دی گئی ہیں' اتنی تکلیفیں کسی کو نہیں دی گئی۔ مجھے اللہ کے راستہ میں ڈرایا گیا اتنا کسی کو نہیں ڈرایا گیا۔ مجھ پر تین دن و راتیں آئیں میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لیے پتوں کے علاوہ اور کوئی شی نہیں تھی۔

3411 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ فَقَالَ: مَالَهُ؟ قَالُوا: إِنَّهُ نَذَرَ أَنْ يَحُجَّ مَاشِيًا . قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ مَشْيِ هَذَا، فَلْيَرْكَبْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اپنے دو بیٹوں کے درمیان چل رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو کیا ہوا ہے؟ اس کے اصحاب نے عرض کی: اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسی نذر سے بے پرواہ ہے' اس کو چاہیے کہ سوار ہو۔

3412 - حَدَّثَنَا أَبُو الْجَهْمِ الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا الْمُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَنْبِيَاءُ أَحْيَاءٌ فِي قُبُورِهِمْ يُصَلُّونَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

وفی جلد3صفحه286 قال: حدثنا عفان .

3411- أخرجه أحمد جلد 3صفحه106 قال: حدثنا ابن عدی . وأخرجه أحمد جلد 3صفحه183,114 . والبخاری جلد8صفحه177 .

3412- الحديث فی المقصد العلی برقم: 1239 . أخرجه البزار رقم الحديث: 256 . والبيهقی فی حياة الأنبياء صفحه3 . وأخرجه أبو نعيم فی أخبار أصبهان جلد2صفحه38 .

صحت الحدیث عند الائمہ والمحدثین

(۲) امام نورالدین علی بن ابی بکر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"رواہ ابو یعلیٰ والبزار ورجال ابو یعلیٰ ثقات".

اس (حدیث مبارک) کو ابو یعلیٰ اور بزار نے روایت کیا اور (مسند) ابو یعلیٰ کے تمام رجال ثقہ ہیں۔

(مجمع الزوائد جلد **8** صفحہ **386**' تحت رقم الحدیث: **13812**)

(۲) امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وصححه البيهقی".

اور امام بیہقی نے اسے (حدیث مبارکہ کو) صحیح کہا ہے۔ (فتح الباری للعسقلانی جلد **6** صفحہ **486**' تحت رقم الحدیث: **3257**)

(۳) امام زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وروی فیه باسناد صحیح عن انس مرفوعًا الانبیاء احیاء فی قبورھم".

(شرح زرقانی علیٰ مؤطا' باب صفۃ عیسیٰ ابن مریم' جلد **4** صفحہ **357**)

(۴) امام عبدالرؤف مناوی فرماتے ہیں:

"وھو حدیث صحیح".

(یہ حدیث صحیح ہے)۔ (فیض القدیر للمناوی جلد **2** صفحہ **211**' تحت رقم الحدیث: **3081**)

(۵) امام ابن النجار البغدادی فرماتے ہیں:

"قال البیهقی ھذا حدیث صحیح".

امام بیہقی فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح ہے۔

(ذیل تاریخ بغداد لابن النجار' ترجمہ الفضل بن الحسن بن اسماعیل الطبری' رقم: **1334**' جلد **3** صفحہ **511**)

(۶) ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وصح خبر الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون".

انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں' یہ حدیث صحیح ہے۔ (مرقات المفاتیح باب الجمعۃ' جلد **5** صفحہ **39**)

(۷) امام سمہودی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"رواہ ابُو یعلی برجال ثقات"۔

امام ابویعلیٰ نے اسے (اپنی مسند میں) ثقہ راویوں سے روایت کیا ہے۔

(خلاصۃ الوفاء باخبار دار المصطفیٰ' الباب الاوّل فی فضل الزیارۃ' جلد 1 صفحہ 43)

(۸) امام ابن الملقن رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس حدیث مبارکہ کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔

(ملاحظہ ہو: البدر المنیر تحت الحدیث السادس بعد الخمسین' جلد 5 صفحہ 283)

(۹) امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے جامع صغیر میں حدیث مبارکہ نقل کرنے کے بعد "ح"' یعنی حسن لکھا ہے۔

(الجامع الصغیر صفحہ 275' تحت رقم الحدیث: 3089)

(۱۰) امام ابوالحسن علی بن محمد بن العراق الکنانی فرماتے ہیں:

(قلت) منها حديث انس الانبياء احياء فی قبورهم يصلون اخرجه من طرق وصححه من بعضها والله اعلم .

میں کہتا ہوں کہ ان احادیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ والی حدیث مبارکہ بھی ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور اس کی کئی سندیں ہیں اور ان میں سے بعض سندیں صحیح ہیں اور اللہ زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ (تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ جلد 1 صفحہ 335' تحت رقم الحدیث: 22)

(۱۱) امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"بل الثابت فی الاحاديث الكثيرة الصحيحة أن الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

لیکن احادیث کثیرہ صحیحہ سے ثابت ہے' انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

(تحفۃ المحتاج بشرح المنہاج جلد 2 صفحہ 227)

اور امام ابن حجر مکی (المتوفی 974 ہجری) رحمۃ اللہ علیہ ہی اپنی کتاب الجوہر المنظم فی زیارۃ القبر الشریف میں فرماتے ہیں:

"وبالحديث الصحيح الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

اور صحیح حدیث میں ہے کہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

(۱۲) امام علی بن احمد العزیزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وهو حديث صحيح".

یہ حدیث صحیح ہے۔ (السراج المنیر شرح الجامع الصغیر جلد 2 صفحہ 356)

(۱۳) امام محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی (المتوفی 903 ہجری) فرماتے ہیں:

"الانبياء احياء في قبورهم يصلون..........وصححه البيهقي".

انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں..........امام بیہقی نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح کہا ہے۔

(القول البدیع، الباب الرابع فی تبلیغہ صلی اللہ علیہ وسلم سلام من یسلم علیہ ورده السلام، صفحہ 164)

(۱۴) محدث الہند شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

امام ابویعلیٰ ثقہ راویوں کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

(مدارج النبوت جلد 2 صفحہ 516 مترجم)

(۱۵) امام محمد یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اور صحیح حدیث کے ساتھ استدلال کیا ہے کہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

(سعادۃ الدارین صفحہ 281 مترجم)

(۱۶) مفتی عالم اسلام محافظ ناموسِ رسالت وصحابہ واہل بیت، امام اہل سنت مولانا الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس حدیث مبارکہ کو صحیح فرمایا ہے۔ (ملاحظہ ہو: فتاویٰ رضویہ)

(۱۷) عرب کے مشہور عالم امام محمد بن علوی المالکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وبالحديث الصحيح الانبياء احياء في قبورهم يصلون.

(امام بیہقی نے) اس صحیح حدیث سے استدلال کیا کہ انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

(شفاء الفواد بزیارۃ خیر العباد صفحہ 140)

(۱۸) شیخ محمود سعید ممدوح فرماتے ہیں:

حدیث صحیح میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کرام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔

(زیارت روضہ رسول ترجمہ رفع المنارہ صفحہ **38**' مطبوعہ لاہور)

(۱۹) محمد شمس الحق عظیم آبادی فرماتے ہیں:

"وقد ثبت فی الحدیث الانبیاء احیاء فی قبورهم رواه المنذری وصححه البیهقی" .

اور بے شک حدیث سے ثابت ہے کہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں' اسے منذری نے روایت کیا ہے اور بیہقی نے صحیح کہا ہے۔ (عون المعبود شرح سنن ابوداؤد' باب فضل یوم الجمعۃ' جلد **3** صفحہ **261**)

(۲۰) محمد بن علی بن محمد الشوکانی فرماتے ہیں:

"لانه صلی اللّٰه علیه وسلم حیی فی قبره وروحه لا تفارقه لما صح أن الانبیاء احیاء فی قبورهم كذا قال ابن الملقن وغیره" .

کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر میں حیات ہیں اور آپ کی روح مبارک آپ سے جدا نہیں کیونکہ حدیث صحیح میں ہے کہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں' جیسا کہ محدث ابن الملقن وغیرہ نے کیا ہے۔

(تحفۃ الذاکرین بعدۃ الحصن الحصین صفحہ **42**' طبع دار القلم' بیروت' لبنان)

(۲۱) ناصر الدین البانی فرماتے ہیں:

"اخرجه ابو یعلٰی باسناد جید" . (احکام الجنائز للالبانی صفحہ **229**)

(۲۲) مسند ابویعلیٰ کے محقق "حسین سلیم اسد" فرماتے ہیں:

"اسناده صحیح" . (مسند ابویعلیٰ جلد **3** صفحہ **311**' تحت رقم الحدیث: **3425**)

(۲۳) محقق العصر' مناظر اسلام حضرت علامہ محمد عباس رضوی صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے بھی اس حدیث مبارکہ کی صحت ثابت فرمانے کیلئے ناقابل تردید حوالہ جات دیئے ہیں۔ (ملاحظہ ہو: آپ زندہ ہیں واللہ! صفحہ **36** تا **166**)

(۲۴) شیخ بارع عرفان توفیق فرماتے ہیں:

"صحیح" . (کنوز السنۃ النبویۃ' صفحہ **129**' تحت رقم الحدیث: **22**)

توثیق رجال:

(۱) الازرق بن علی بن مسلم الحنفی

(۱) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ذکر کیا۔ (کتاب الثقات لابن حبان جلد **5** صفحہ **67**، رقم: **12612**)

(۲) امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"صدوق یغرب" ۔ (تقریب التہذیب لابن حجر جلد **1** صفحہ **72**، رقم: **301**)

(۳) امام یوسف بن الزکی عبدالرحمٰن ابوالحجاج المزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ذکره ابو حاتم بن حبان فی کتاب الثقات وقال یغرب ۔ (تہذیب الکمال للمزی جلد **2** صفحہ **301**، رقم: **301**)

(۴) امام صفی الدین احمد بن عبداللہ الخزرجی الانصاری فرماتے ہیں:

"قال ابن حبان ثقه یغرب" ۔ (خلاصۃ تہذیب تہذیب الکمال للخزرجی من اسمہ أزرق صفحہ **54**)

(۵) امام ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث مبارکہ نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

رواه الطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجالهما رجال الصحیح غیر الازرق بن علی وحسان بن ابراهیم وکلاهما ثقة ۔ (مجمع الزوائد، باب من أحب أحد فلیعلمہ، جلد **10** صفحہ **501**، تحت رقم الحدیث: **18035**)

(۶) امام احمد بن ابی بکر بن اسماعیل البوصیری رحمۃ اللہ علیہ "الازرق بن علی" سے مروی ایک حدیث مبارکہ نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"هذا اسناده رجاله ثقات" ۔

(اتحاف الخیرۃ المہرۃ، کتاب النکاح، باب: ما یرقی بہ المریض، جلد **4** صفحہ **467**، تحت رقم الحدیث: **3946**)

(۷) امام ابوداؤد نے اپنی کتاب "الناسخ والمنسوخ" میں الازرق بن علی سے حدیث لی ہے جیسا کہ امام جمال الدین مزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

روی له ابوداؤد فی "الناسخ والمنسوخ" ۔

(تہذیب الکمال من اسمہ الازرق بن علی بن مسلم الحنفی، جلد **2** صفحہ **317**، رقم: **301**)

اور امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"أن أبا داؤد لا یروی الا عن ثقة" .

(تهذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی جلد 2 صفحہ 118' ترجمہ داؤد بن اُمیۃ الازدی رقم: 342)

لہٰذا ثابت ہو: "الازرق بن علی" امام ابوداؤد کے نزدیک بھی ثقہ ہیں۔

(۸) نیز امام جمال الدین مزی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو (یعنی الازرق بن علی) کو امام ابوزرعہ عبیداللہ بن عبدالکریم الرازی کے شیوخ میں بھی شمار کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو: تہذیب الکمال من اسمہ الازرق بن علی بن مسلم الحنفی رقم: 301)

اور امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"فمن عادة أبی زرعة ان لا یحدث الا عن ثقة" .

(لسان المیزان' ترجمہ داؤد بن حماد بن فرافصۃ' جلد 2 صفحہ 305' رقم: 1720)

لہٰذا ثابت ہوا کہ "الازرق بن علی" امام ابوزرعہ کے ہاں بھی ثقہ ہیں۔

(۹) امام سمہودی نے زیر بحث حدیث مبارکہ کے تمام رجال کو ثقہ کہا ہے' لہٰذا ثابت ہوا "الازرق بن علی" اُن کے نزدیک بھی ثقہ ہیں۔ (ملاحظہ ہو: خلاصۃ الوفاء باخبار دار المصطفیٰ جلد 1 صفحہ 43)

(۲) یحییٰ بن ابی بکیر قاضی کرمان

(۱) امام عجلی فرماتے ہیں:

"ثقه" . (معرفۃ الثقات للعجلی جلد 2 صفحہ 57' رقم: 1964)

(۲) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ذکر کیا۔ (ملاحظہ ہو: کتاب الثقات لابن حبان جلد 8 صفحہ 111' رقم: 16306)

(۳) امام علی بن المدینی فرماتے ہیں:

"ثقه" .

(۴) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"ثقه" .

(۵) امام ابوحاتم فرماتے ہیں:

"صدوق" . (الجرح والتعدیل جلد 5 صفحہ 133' رقم: 557)

(٦) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"كان كيسا" ۔

ذہین اور سمجھدار تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ للذہبی جلد 1 صفحہ 385' رقم:384)

(۷) امام شمس الدین ذہبی فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔ (الکاشف جلد 1 صفحہ 144' رقم:6142)

(۸) امام ترمذی نے "یحییٰ بن أبی بکیر" سے مروی حدیث مبارکہ کے متعلق فرمایا:

"هذا حديث حسن صحيح غريب" ۔

(سنن ترمذی' باب ما جاء فی معیشۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم واھلہ' جلد 2 صفحہ 580' رقم:2359)

(۹) امام ابوداؤد نے سنن میں کئی احادیث ہیں' امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

"ان ابا داؤد لا يروى الا عن ثقه" ۔ (تہذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی' ترجمہ داؤد بن أمیۃ الازدی' جلد 2 صفحہ 118)

(۱۰) اسی طرح "محمد محی الدین عبدالحمید" محقق سنن ابوداؤد نے "یحییٰ بن ابی بکیر" سے مروی کئی احادیث کو صحیح کہا۔

(ملاحظہ ہو: سنن ابوداؤد' باب: فیما تجتنب المعتدہ فی عدتھا' جلد 1 صفحہ 703' تحت رقم الحدیث:2304)

(۳) مستلم بن سعید الثقفی

(۱) امام ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "تاریخ اسماء الثقات" میں ذکر کیا۔

(ملاحظہ ہو: تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین جلد 1 صفحہ 55' رقم:1378)

(۲) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ذکر فرمایا۔ (ملاحظہ ہو: کتاب الثقات لابن حبان جلد 8 صفحہ 86' رقم:15974)

(۳) امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں:

"شيخ ثقه" ۔

(۴) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"صويلح" ۔

(۵) امام نسائی فرماتے ہیں:

"لیس به بأس" ۔ (تہذیب الکمال للمزی من اسمہ مستلم بن سعید الثقفی الواسطی' جلد 27 صفحہ 429' رقم: 5891)

(۶) امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے "مستلم بن سعید" سے مروی حدیث مبارکہ کے متعلق فرمایا:

"هذا حديث صحيح الاسناد" ۔

(۷) اسی طرح امام شمس الدین نے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی موافقت فرمائی۔

(ملاحظہ ہو: المستدرک للحاکم' کتاب النکاح' جلد 3 صفحہ 176' رقم الحدیث: 2685)

(۸) امام عراقی رحمۃ اللہ علیہ "مستلم بن سعید" سے مروی سنن ابوداؤد اور سنن نسائی کی حدیث مبارکہ "تزوجو الودود الولود" کے متعلق فرماتے ہیں:

"أخرجه ابوداؤد والنسائی من حديث معقل بن يسار تزوجو الودود......الحديث واسناده صحيح"۔

لہٰذا ثابت ہو: "مستلم بن سعید" امام عراقی کے نزدیک بھی ثقہ ہیں۔

(تخریج احادیث الاحیاء جلد 1 صفحہ 443' رقم: 1443)

(۹) امام ابوداؤد نے اپنی سنن میں "مستلم بن سعید" سے احادیث لیں جیسا کہ (تہذیب الکمال للمزی' ترجمہ مستلم بن سعید جلد 27 صفحہ 430) پر (د س) سے ثابت ہے اور امام ابن داؤد بقول امام ابن حجر عسقلانی صرف ثقہ ہی سے روایت لیتے ہیں جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:

"ان ابا داؤد لا يروی الا عن ثقه" ۔ (تہذیب التہذیب' من اسمہ داؤد بن امیۃ الازدی جلد 2 صفحہ 118)

(۱۰) شیخ ناصر الدین البانی "مستلم بن سعید" سے مروی سنن ابوداؤد کی حدیث مبارکہ کے متعلق فرماتے ہیں:

"حسن صحيح" ۔

(سنن ابوداؤد بتحقیق ناصر الدین البانی' باب النھی عن تزویج من لم یلد من النساء' جلد 2 صفحہ 175' تحت رقم: 2052)

(۱۱) سنن ابوداؤد کے محقق "محمد محی الدین عبدالحمید" مستلم بن سعید سے مروی حدیث مبارکہ کے متعلق لکھتے ہیں:

"حسن صحيح" ۔ (سنن ابوداؤد بتحقیق "محمد محی الدین عبدالحمید" جلد 1 صفحہ 625 تحت رقم الحدیث: 2050)

(۱۲) شیخ شعیب الارنؤوط "محقق صحیح ابن حبان" نے بھی مستلم بن سعید سے مروی ایک حدیث مبارکہ کے متعلق فرمایا:

"اسناده قوی" ۔ (صحیح ابن حبان، باب ما جاء فی الفتن، جلد 13 صفحہ 289 تحت رقم الحدیث: 5957)

(۴) حجاج بن أبی زیاد الاسود

(۱) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔

(۲) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔ (العلل ومعرفۃ الرجال لاحمد، جلد 2 صفحہ 287، رقم: 3892)

(۳) امام ابوداؤد فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔ (سؤالات ابی عبداللہ الآجری، جلد 1 صفحہ 427، رقم: 887)

(۴) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ذکر فرمایا۔

(ملاحظہ ہو: کتاب الثقات لابن حبان جلد 5 صفحہ 60 رقم: 7370)

(۵) امام ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "تاریخ أسماء الثقات لابن شاہین" میں ذکر فرمایا، نیز آپ امام احمد کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ وہ حجاج الاسود کے متعلق فرماتے ہیں:

"ما أری به باسأ" ۔ یعنی میں اُن میں کوئی حرج نہیں دیکھتا۔ (تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین صفحہ 12 رقم: 255)

(۶) امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، مستدرک للحاکم کی تلخیص میں حجاج بن الاسود سے مروی حدیث مبارکہ:

احبو الفقراء وجالسوهم.........الحدیث

کے متعلق فرماتے ہیں: "صحیح"۔ (المستدرک للحاکم، کتاب الرقاق، جلد 4 صفحہ 368، رقم: 7947)

(۷) امام محمد بن عبداللہ الحاکم النیشاپوری "حجاج بن الاسود" سے مروی ایک حدیث مبارکہ کے متعلق فرماتے ہیں:

"هذا حديث صحيح الاسناد" ۔ (المستدرک للحاکم، کتاب الرقاق، جلد 4 صفحہ 368، تحت رقم الحدیث: 7947)

(۸) امام ابوحاتم فرماتے ہیں:

"صالح الحديث" ۔ (لسان المیزان لابن حجر عسقلانی، جلد 2 صفحہ 128، رقم: 787)

(۹) امام نورالدین علی بن ابی بکر الہیثمی "مجمع الزوائد" میں زیر بحث حدیث مبارکہ نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"ورجال ابو يعلىٰ ثقات" .

لٰہذا حجاج بن الاسود امام ہیثمی کے نزدیک ثقات میں سے ہیں۔

(مجمع الزوائد جلد 8 صفحہ 386' تحت رقم الحدیث: 13812)

(۱۰) امام ابن الملقن سراج الدین ابوحفص عمر بن علی بن احمد الشافعی المصری (التوفی 804 ہجری) زیر بحث حدیث مبارکہ کے رجال کے متعلق فرماتے ہیں:

"كلهم ثقات" . (البدر المنیر لابن الملقن فی تخریج الاحادیث والاثار الواقعۃ فی الشرح الکبیر جلد 5 صفحہ 285)

لٰہذا حجاج بن الاسوذ امام ابن الملقن کے نزدیک بھی ثقات سے ہیں۔

(۱۱) مسند ابی یعلیٰ کے محقق زیر بحث حدیث مبارکہ کے متعلق فرماتے ہیں:

"اسناده صحيح" . (مسند ابویعلیٰ جلد 3 صفحہ 311' تحت رقم الحدیث: 3425)

لٰہذا ثابت ہوا کہ حجاج بن الاسود مسند ابویعلیٰ کے محقق "حسین سلیم اسد" کے نزدیک بھی ثقہ ہیں۔

(۱۲) شیخ ناصر الدین البانی نے بھی زیر بحث حدیث مبارکہ کے متعلق فرمایا:

"اخرجه ابو يعلىٰ باسناد جيد" . (احکام الجنائز صفحہ 229)

لٰہذا "حجاج بن الاسوذ" ناصر الدین البانی کے نزدیک بھی ثقات سے ہیں۔

(۱۳) امام سمہودی رحمۃ اللہ علیہ بھی زیر بحث حدیث مبارکہ کے رجال کے متعلق فرماتے ہیں:

"رواه ابو يعلىٰ برجال ثقات" .

لٰہذا حجاج بن الاسود امام سمہودی کے نزدیک بھی ثقات سے ہیں۔ (خلاصۃ الوفاء الباب الاوّل جلد 1 صفحہ 43)

(۵) ثابت بن اسلم البنانی

(۱) امام احمد بن حنبل آپ کے متعلق فرماتے ہیں:

"ثقه" . (العلل ومعرفۃ الرجال لاحمد جلد 3 صفحہ 43' رقم: 4348)

(۲) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"ثقه" .

(۳) امام ابوحاتم فرماتے ہیں:

"ثقه صدوق" ۔ (الجرح والتعدیل جلد **10** صفحہ **450**' رقم: **1805**)

(۴) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں ذکر فرمایا' ملاحظہ ہو (کتاب الثقات لابن حبان جلد **3** صفحہ **25**' رقم: **1960**)

(۵) امام احمد بن عبداللہ العجلی فرماتے ہیں:

"ثقه رجل صالح" ۔

(۶) امام نسائی فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔ (تہذیب الکمال للمزی جلد **4** صفحہ **347**' رقم: **811**)

(۷) امام شمس الدین ذہبی آپ کے متعلق فرماتے ہیں:

"وكان رأسا في العلم والعمل" ۔

آپ علم اور عمل کی بنیاد تھے۔ (الکاشف للذہبی جلد **2** صفحہ **38**' رقم: **681**)

(۸) امام ابن شاہین نے آپ کا تذکرہ "تاریخ اسماء الثقات" میں فرمایا۔ (تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین صفحہ **8**' رقم: **144**)

(۹) امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

"ثقه عابد" ۔ (تہذیب التہذیب جلد **1** صفحہ **143** رقم: **812**)

(۱۰) یادرہے کہ ثابت البنانی' امام بخاری اور امام مسلم کے شیوخ میں سے ہیں۔

اصول الحدیث کی روشنی میں زیر بحث حدیث مبارکہ بالکل "صحیح" ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ اور سند متصل ہے' باوجود اس کے کہ اتمامِ حجت کیلئے مذکورہ بالا حدیث مبارکہ کے شواہدات ذیل میں پیش خدمت ہیں تا کہ بات زیادہ پختہ اور واضح ہو جائے۔

شاہد نمبر:ا

اخبرنا ابو خليفة حدثنا مسدد حدثنا عيسى بن يونس عن سليمان التيمي عن انس بن مالك قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

مررت ليلة أسرى بي على موسى عليه السلام يصلي في قبره ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں معراج کی رات موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر سے گزرا وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔

''شیخ شعیب الارنوؤط مذکورہ بالا سند کے متعلق فرماتے ہیں:''اسناده صحيح على شرط البخارى''۔

(صحیح ابن حبان' کتاب الاسراء' جلد 1 صفحہ 241' رقم:49)

شاہد نمبر:۲

حدثنا محمود بن محمد نا محمد بن حرب نا صلة بن سليمان عن عوف عن ابى نضرة عن أبى سعيد أن النبى صلى الله عليه وسلم قال ليلة أسرى بى مررت بموسى وهو قائم يصلى فى قبره عند الكثيب الاحمر .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ اللہ نے فرمایا: معراج کی رات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر جو کہ سرخ ٹیلے کے پاس ہے' سے گزرا تو آپ قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

(المعجم الاوسط' باب من اسمہ محمود' جلد 8 صفحہ 13' رقم:7806)

شاہد نمبر:۳

حدثنا الحسن بن يحيىٰ وابراهيم بن المعتمر قال حدثنا عمر بن حبيب عم سليمان التيمى عن انس عن أبى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت موسىٰ يصلى فى قبره ليلة أسرى بى .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔ (مسند البزار' مسند أبي هريرة' جلد 2 صفحہ 371' رقم:7616)

شاہد نمبر:۴

ثنا عيسىٰ بن هشام حدثنى ابو احمد المغيره بن عبد الرحمٰن الحرانى ثنا فياض بن محمد الرقى ثنا الغفارى عن ابى جريج عن عمرو بن دينار عن ابن عباس: أن النبى صلى الله عليه وسلم مر على موسىٰ وهو قائم يصلى فى قبره . (اخبار اصبهانی لابی نعیم' من اسمہ عبدالرحمٰن' جلد 7 صفحہ 288' رقم:40622)

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بسند صحیح ثابت ہے کہ ''انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں'' اور پھر معراج کی رات آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا مشاہدہ بیان فرما کر انبیاء علیہم السلام کی حیاتِ برزخی پر مہر ثبت فرما دی، ممکن ہے کہ آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا مشاہدہ اس حکمت کے تحت بھی بیان فرمایا ہو کہ:

"لیس الخبر کالمعاینة" .

خبر دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔ (الحدیث)

(مستدرک للحاکم، تفسیر سورۃ الاعراف، جلد 2 صفحہ 351، رقم: 3250) (صحیح ابن حبان، باب: بدء الخلق، جلد 3 صفحہ 96، رقم: 6213) (مجمع الزوائد للہیثمی، باب فی الخبر، جلد 1 صفحہ 383، رقم: 688) وقال رجالہ ثقات

شاہد نمبر: ۵

عن یوسف بن عطیة قال سمعت ثابت البنانی رحمة اللّٰه علیه یقول لحمید الطویل هل بلغك ان احدًا یصلی فی قبره الا الانبیاء قال لا قال ثابت اللّٰهم ان اذنت لاحد ان یصلی فی قبره فاذن لثابت ان یصلی فی قبره .

(ترجمہ:) حضرت یوسف بن عطیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ثابت سے سنا کہ اُنہوں نے حمید الطّویل سے فرمایا کہ اے ابوعبید! کیا تمہیں کوئی ایسی حدیث پہنچی ہے کہ حضرات انبیاء کرام کے علاوہ کوئی شخص قبر میں نماز پڑھتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ نہیں! تو حضرت ثابت نے دعا مانگی: اے اللہ! اگر کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی توفیق واجازت دیتا ہے تو ثابت کو اجازت عطا فرما کہ وہ اپنی قبر میں نماز پڑھے۔ (حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ترجمہ ثابت البنانی، جلد 1 صفحہ 354)

امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

امام حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ان هذه الدعوة استجیبت وانه رُئِیَ بعد موته یصلی فی قبره .

ان کی (ثابت البنانی رضی اللہ عنہ) کی دعا قبول ہوئی اور آپ کو بعد از وصال دیکھا گیا کہ آپ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ (سیر اعلام النبلاء ترجمہ ثابت بن اسلم، جلد 5 صفحہ 222)

تصریحات آئمہ ومحدثین

(۱) امام عبدالرؤف المناوی المصری فرماتے ہیں کہ:

"الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون لانهم كالشهداء بل افضل والشهداء احیاء عند ربهم وفائدة لیست بظاهرة عندنا وهما كالملئكة وكذا الانبیاء ولهذا كانت الانبیاء لا تورث .

(ترجمہ:) انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں کیونکہ وہ شہداء کی طرح بلکہ ان سے بہت افضل ہیں' یہاں اپنے رب کے ہاں کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان شہداء کی زندگی ہمارے پاس ظاہر نہیں ہے اور وہ شہداء ملائکۃ کی طرح ہیں جیسا کہ حضرات انبیاء کرام (کیونکہ فرشتے بھی حیات ہیں لیکن ہماری نظروں سے اوجھل ہیں' اسی طرح انبیاء ہیں' اسی لیے انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔

(فیض القدیر للمناوی جلد **3** صفحہ **184**' تحت رقم الحدیث: **3089**)

(۲) امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ' انبیاء علیہم السلام کی حیاتِ برزخی کے متعلق فرماتے ہیں:

"انهم احیاء فی قبورهم یصلون" .

(انبیاء) اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (شرح سنن النسائی للسیوطی' کتاب قیام اللیل وتطوع جلد **2** صفحہ **371**)

(۳) امام ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لأن الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون .

کیونکہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (مرقات المفاتیح' باب الایمان بالقدر' جلد **1** صفحہ **343**)

(۴) امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

بل الثابت فی الاحادیث الكثیرة الصحیحة أن الانبیاء أحیاء فیی قبورهم یصلون .

لیکن کثیر صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں۔

(تحفۃ المحتاج بشرح المنہاج' جلد **2** صفحہ **227**)

(۵) امام سلیمان الجمل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

لأن الله تعالیٰ حرم علی الارض أكل اجسادهم ولانهم أحیاء فی قبورهم یصلون .

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے (انبیاء علیہم السلام) کے اجسام مٹی پر کھانا حرام کر دیئے ہیں کیونکہ وہ اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (حاشیۃ الجمل علی المنہج لشیخ الاسلام زکریا الانصاری' باب صفۃ الصلاۃ جلد 2 صفحہ 510)

(٦) فتاویٰ الرملی میں ہے کہ:

"أما الانبياء فلانهم احياء فی قبورهم يصلون ويحجون كما وردت به الاخبار" .

پس انبیاء کیونکہ اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز و حج ادا کرتے ہیں جیسا کہ اخبار (احادیث) میں وارد ہوا ہے۔

(فتاویٰ الرملی' باب تفضیل البشر علی الملائکۃ' جلد 2 صفحہ 317)

(٧) امام تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

انبیاء اپنی قبور میں حیات ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (کتاب الکلیات لابی البقاء الکفومی' فصل الخاء' جلد 1 صفحہ 670)

(٨) شیخ عبدالواحد بن عبدالعزیز بن الحارث تمیمی' امام احمد بن حنبل کا قول نقل فرماتے ہیں کہ:

"ان الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

بے شک انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں۔ (اعتقاد الامام ابن حنبل صفحہ 303)

(٩) امام بدرالدین زرکشی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وهو حيی فی قبره يصلی فيه باذان واقامة بانه صلی اللّٰه عليه وسلم سراج كما قال اللّٰه تعالٰی وسراجًا منيرًا .

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور اذان و اقامت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورج ہیں' اللہ تعالیٰ نے آپ کو سراجاً منیراً کہا ہے۔ (زرقانی علی المواہب جلد 5 صفحہ 395)

(١٠) شیخ محمد احمد الشوبری الشافعی (المتوفی 1069 ہجری) فرماتے ہیں:

"وكرامات الاولياء لا تنقطع بموتهم اما الانبياء فلانهم احياء فی قبورهم يصلون ويحجون كما وردت به الاخبار" .

اور اولیاء کی کرامات ان کی موت کے ساتھ منقطع نہیں ہوتی اور بہر حال انبیاء کرام تو وہ اپنی قبور میں زندہ ہیں' نماز یں

پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔

(فتویٰ فی کرامات اولیاء صفحہ 11 'لشیخ الشوبری ملحق الدر السنیۃ مطبوعہ ترکی)

(۱۱) حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ غوث اعظم فرماتے ہیں:

"الانبیاء والاولیاء یصلون فی قبورھم کما یصلون فی بیوتھم" .

انبیاء واولیاء اپنی قبروں میں اسی طرح نماز پڑھتے ہیں جیسا کہ اپنے گھروں میں۔

(سر الاسرار فیما یحتاج الیہ الابرار صفحہ 104)

(۱۲) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ان الانبیاء لا یموتون وانھم یصلون ویحجون قبورھم .

انبیاء کرام فوت نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنی قبور میں نماز پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں۔ (فیوض الحرمین صفحہ 31)

(۱۳) امام شافعی حنفی فرماتے ہیں کہ:

"ان الانبیاء علیھم الصلوٰۃ والسلام احیاء فی قبورھم" .

انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ (رد المختار علی در المختار' کتاب الجہاد' جلد 4 صفحہ 151)

(۱۴) امام زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"لحیاتہ فی قبرہ یصلی فیہ باذان واقامۃ .

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی قبر میں زندہ ہیں اور اذان واقامت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔

(زرقانی علی المواهب جلد 6 صفحہ 169)

(۱۵) امام حسن بن عمار بن علی شرنبلالی حنفی فرماتے ہیں:

"ولما ھو مقرر عند المحققین انہ صلی اللہ علیہ وسلم حیی یرزق متمتع لجمیع الملاذ والعبادات غیر انہ حجب عن ابصار القاصرین عن شریف المقامات" .

اور محققین کے نزدیک یہ طے شدہ ہے کہ آپ ﷺ زندہ ہیں اور آپ کو رزق دیا جاتا ہے اور آپ عبادات سے لطف اُٹھاتے ہیں' ہاں! یہ بات ہے کہ وہ ان آنکھوں سے پردے میں ہیں جو ان مقدس مقامات تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔

(نور الایضاح صفحہ 189' مکتبہ امدادیہ' ملتان)

(١٦) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے شیخ حضرت امام نجم الدین الغیطی فرماتے ہیں کہ:

"بانهم كالشهداء بل افضل منهم احياء في قبورهم يصلون ويحجون كما ورد في الحديث الآخر".

بے شک وہ (انبیاء کرام) شہداء کی طرح ہیں بلکہ ان سے بہت افضل ہیں' اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں جیسا کہ دوسری حدیث میں وارد ہے۔ (المعراج الکبیر صفحہ 67)

(١٧) شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

انبیاء کرام علیہم السلام قبور میں نماز پڑھتے ہیں' یہ تو آپ نے سنا ہی ہوگا اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام معراج کی رات جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر گزرے تو آپ نے دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نماز پڑھ رہے تھے۔

(مکتوبات دفتر دوم' مکتوب: 16' صفحہ 43)

اولیاء کرام کی حیاتِ برزخی پر آئمہ کرام و بزرگانِ دین کی تصریحات

(١) ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ولذا قيل اولياء الله لا يموتون ولكن ينتقلون من دار الٰى دار".

اسی لیے کہا جاتا ہے کہ اولیاء کرام مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر تشریف لے جاتے ہیں۔

(مرقات المفاتیح' باب الجمعہ' جلد 5 صفحہ 39)

اسی طرح ملا علیٰ قاری رحمۃ اللہ علیہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

میں کہتا ہوں: "أن الانبياء لايموتون" یعنی انبیاء علیہم السلام مرتے نہیں۔

"بل ينتقلون من دار الفناء الى دار البقاء" بلکہ دار الفناء (جہانِ فانی) سے دار البقاء (آخرت) کی طرح منتقل ہوتے ہیں۔ (مرقات المفاتیح' باب فی المعراج' جلد 9 صفحہ 82)

(٢) امام ابوحفص عمر بن علی ابن عادل الدمشقی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"المؤمنون لا يموتون بل ينقلون من دار الٰى دار".

مؤمنین مرتے نہیں ہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(اللباب فی علوم الکتاب' تفسیر سورۃ العنکبوت جلد 5 صفحہ 370)

(۳) امام ابوعبداللہ محمد بن عمر بن الحسن بن الحسین التیمی الرازی فرماتے ہیں:

"اولیاء اللّٰه لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار" ۔

اولیاء اللہ مرتے نہیں ہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(تفسیر مفاتیح الغیب' تفسیر سورۃ آل عمران' تحت آیت: 169' جلد 3 صفحہ 469)

(۴) امام نظام الدین الحسن بن محمد بن حسین القمی النیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"فان اولیاء اللّٰه لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار ۔

کیونکہ اولیاء اللہ مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر تشریف لے جاتے ہیں۔

(تفسیر غرائب القرآن' تفسیر سورۃ العنکبوت' آیت: 42' جلد 6 صفحہ 194)

(۵) امام اسماعیل حقی بن مصطفیٰ الحنفی الخلوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"لان المؤمنین الکاملین لا یموتون بل ینقلون من دار الی دار" ۔

کیونکہ مؤمنین کاملین مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(تفسیر روح البیان' تفسیر سورۃ الزخرف' جلد 8 صفحہ 303)

(۶) امام محمد علی الصابونی فرماتے ہیں:

"قال العلماء لیس الموت فناء وانقطاعا بالکلیة عن الحیاة وانما هو انتقال من دار الٰی دار" ۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ موت کُلّی طور پر انقطاع اور فناء (حیات سے) کا نام نہیں بلکہ وہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے۔ (صفوۃ التفاسیر' سورۃ الملک' جلد 3 صفحہ 377)

(۷) شیخ عبدالرحمٰن بن محمد القماش فرماتے ہیں:

"اولیاء اللّٰه لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار" ۔ (تفسیر مراح لبید' تفسیر سورۃ النمل' جلد 4 صفحہ 91)

(۸) امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ' رسالہ قشیریہ میں ایک واقعہ نقل فرماتے ہیں کہ:

حضرت ابوسعید خزاز قدس سرہ الممتاز فرماتے ہیں کہ میں مکہ معظمہ میں تھا' باب بنی شیبہ پر ایک جوان مردہ پڑا پایا'

جب میں نے اُس کی طرف نظر کی' مجھے دیکھ کر مسکرایا اور کہا:

"یا ابا سعید أما علمت أن الاحباء أحیاء و ان ماتوا و انما ینقلون من دار الٰی دار" .

اے ابوسعید! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ کے پیارے زندہ ہیں' اگر چہ مر جائیں' وہ تو یہی ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہوتے ہیں۔ (رسالہ القشیریہ باب الخروج من الدنیا صفحہ 140)

(۹) امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اسی طرح ایک اور واقعہ نقل فرماتے ہیں کہ:

حضرت سیدی ابوعلی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک فقیر کو قبر میں اتارا' جب کفن کھولا اور ان کا سر خاک پر رکھ دیا کہ اللہ اُن کے حال پر رحم فرمائے' اُس فقیر نے آنکھیں کھول دیں اور مجھ سے فرمایا: اے ابوعلی! مجھے اُس کے سامنے ذلیل کرتے ہو جو میرے ناز اُٹھاتا ہے۔ میں نے کہا: اے میرے سردار! کیا موت کے بعد زندگی؟ فرمایا:

"بلی انا حیی و کل محب اللہ حیی" .

ہاں! میں زندہ ہوں اور خدا کا ہر پیارہ زندہ ہے۔ (الرسالۃ القشیریۃ' باب الخروج من الدنیا' صفحہ 41)

(۱۰) حضرت بلال بن سعد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"یا اھل الخلود و یا اھل البقاء انکم لم تخلقوا للفناء و انما خلقتم للخلود و الابد و لکنکم تنقلون من دار الٰی دار" .

اے ہیشگی والو! اے بقاء والو! تم فناء ہونے کیلئے تخلیق نہیں ہوئے بلکہ دوام و ہیشگی کیلئے بنے ہو' ہاں! ایک گھر سے دوسرے گھر میں چلے جاتے ہو۔ (حلیۃ الاولیاء لابی نعیم' ذکر بلال بن سعد جلد 3 صفحہ 229) (سیر اعلام النبلاء للذہبی' ترجمہ بلال بن سعد' جلد 5 صفحہ 91) (تہذیب الکمال للمزی' من اسمہ بلال بن سعد' جلد 4 صفحہ 294)

زیر بحث حدیث مبارکہ پر اعتراضات کے جوابات

اعتراض نمبر:۱

صحاح ستہ کی کسی کتاب کو یہ شرف حاصل نہیں کہ اس حدیث کے زیور سے آراستہ ہوتی' اگر یہ شرف حاصل ہوا ہے تو چوتھی صدی کے صرف اور صرف ایک محدث جس کا نام احمد بن علی ابویعلیٰ موصلی ہے جس کی کتاب طبقہ ثالثہ میں شمار ہوتی ہے۔ (ندائے حق' مؤلفہ: جلد 2 صفحہ 19)

الجواب: کسی حدیث مبارکہ کا صحاح ستہ میں ہونا اُس کی صحت کو مستلزم نہیں ہوا کرتا اور نہ ہی صحاح ستہ کے علاوہ کتب احادیث ضعف و موضوعیت احادیث سے مکمل طور پر بھری پڑی ہیں' حدیث کی صحت کیلئے محدثین کرام نے جو اصول وضع فرمائے ہیں' اُن اصولوں وضوابط کی روشنی میں احادیث پر صحت کا حکم لگایا جاتا ہے۔ حدیث صحیح کی تعریف محدثین کرام نے کچھ یوں بیان فرمائی ہے:

"اَمـا الـحـديـث الـصـحـيـح فهو الحديث المسند الذى يتصل اسناده بنقل العدل الضابط عن العدل الضابط الى منتهاه ولا يكون شاذا ولا معللا" .

یعنی صحیح حدیث اُس مسند حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند عادل وضابط راویوں کی سند کے ساتھ آخر تک متصل ہو اور شاذ ومعلول نہ ہو۔ (مقدمہ ابن الصلاح' النوع الاوّل من انواع علوم الحدیث معرفۃ الصحیح من الحدیث' صفحہ 11)

(۲) اسی طرح امام اسمٰعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی (المتوفی 774 ہجری) نے اختصار علوم الحدیث (تعریف الحدیث الصحیح' صفحہ 3) پر حافظ ابن صلاح کی اسی تعریف کو نقل فرمایا ہے۔

مذکورہ بالا شرائط پر پوری اُترنے والی حدیث مبارکہ صحیح کہلائے گی نا کہ صحاح ستہ میں شامل ہونے کی بناء پر۔

مسند ابو یعلیٰ کا طبقہ ثالثہ میں ہونا

یاد رہے کہ احادیث مبارکہ کا کتب طبقہ ثالثہ ورابعہ سے ہونا مستلزم ضعف نہیں ہوا کرتا' مذکورہ بالا طبقاتی تقسیم سے خود شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی مکمل اتفاق نہیں' چہ جائیکہ اس قانون کو علی الاطلاق تسلیم کیا جائے۔

ثانیاً: خود شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تصانیف خطیب بغدادی اور امام ابونعیم اصبہانی کو طبقہ رابعہ میں شمار فرمایا ہے اور پھر آپ خود ہی اپنی تصنیف بستان المحدثین میں کچھ یوں رقمطراز ہیں:

"از نوادر کتب او کتاب حلیۃ الاولیاء ست کہ نظیر آں در اسلام تصنیف نشدہ"۔

یعنی ان کی تصانیف میں سے حلیۃ الاولیاء ایسے نوادرات میں سے جس کی مثل اسلام میں آج تک کوئی تصنیف نہ ہوئی۔ (بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' متخرج علی صحیح مسلم' مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی' کراچی' صفحہ 115)

اور پھر خود ہی خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کتاب کا تعارف یوں کرواتے ہیں کہ "کتاب اقتضاء العلم والعمل از تصانیف خطیب است بسیار خوب کتابے است در باب خود"۔

خطیب بغدادی کی کتاب میں اقتضاء العلم والعمل اپنے فن میں بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔

(بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' کتاب اقتضاء العلم والعمل للخطیب' مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی' کراچی' صفحہ 169)

معلوم ہوا کہ اپنی اس طبقاتی تقسیم سے مطلقاً شاہ صاحب کو بھی اتفاق نہیں ہے' خود امام ابونعیم کی حلیۃ الاولیاء کو بے مثل نوادرات سے تعبیر کرنا اور خطیب بغدادی کی کتاب اقتضاء العلم والعمل کو بہت سی خوبیوں وفوائد کا حامل قرار دینا ہمارے دعویٰ پر بیّن دلائل ہیں۔

ثالثاً: شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خود تصانیف امام حاکم کو بھی طبقہ رابعہ میں شمار فرمایا ہے جبکہ مستدرک میں امام حاکم نے کئی احادیث مبارکہ کو صحیح بخاری ومسلم کی شرط پر صحیح فرمایا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ امام ذہبی نے بھی اُن سے موافقت فرمائی ہے۔ ملاحظہ ہو (مستدرک للحاکم' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 46' تحت رقم الحدیث:9) (مستدرک للحاکم' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 51' تحت رقم الحدیث:17) (مستدرک للحاکم' کتاب العلم' جلد 1 صفحہ 119' تحت رقم الحدیث:294) (مستدرک للحاکم للحاکم' کتاب الطہارۃ' جلد 1 صفحہ 185' تحت رقم الحدیث:456) (مستدرک للحاکم' باب فی مواقیت الصلاۃ' جلد 1 صفحہ 672' تحت رقم الحدیث:672)

اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ہی بستان المحدثین میں مرقوم ہیں کہ:

انصاف یہ ہے کہ مستدرک میں اکثر احادیث ان دونوں بزرگوں (بخاری ومسلم) یا ان میں سے کسی ایک کے شرائط پر ہیں لیکن ظن غالب یہ ہے کہ تقریباً نصف کتاب اسی قبیل سے اور تقریباً اس کا ایک چوتھائی ایسا ہے کہ بظاہر ان کی اسناد صحیح ہیں لیکن شیخین کی شرائط پر نہیں اور باقی چوتھائی واہیات مناکیر بلکہ بعض موضوعات بھی ہیں۔

(بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' مستدرک میں احادیث موضوع کا اندراج' صفحہ 112)

مذکورہ بالا تحقیق خود شاہد ہے کہ شاہ صاحب کا یہ طبقاتی تقسیم کا قاعدہ علی الاطلاق انہیں خود مسلم نہیں' چہ جائیکہ محدثین کرام کے منہج پر ثابت ہو جانے والی احادیث کو محض اس طبقاتی تقسیم کی آڑ لے کر جھٹلا دیا جائے اور یہ بات بھی یاد رہے کہ اس طبقاتی تقسیم کے موجد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ہیں جبکہ ماہرین نقد ورجال ومحدثین کرام کے ہاں حدیث مبارکہ کو منہج محدثین پر قبول وارد کیا جاتا ہے نہ کہ طبقاتی تقسیم کی بناء پر کسی بھی حدیث مبارکہ کو اپنے عیقدے کے خلاف دیکھ کر اس تقسیم کی آڑ میں جھٹلایا جاتا ہے۔

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

"اذا صح حدیث النبی خلاف قولی فاعملوا بالحدیث ودعوا قولی فھو مذھبی" ۔

جب نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کوئی حدیث صحیح میرے قول کے خلاف ثابت ہو جائے تو اُس پر عمل کرو اور میرا قول چھوڑ دو، وہی (حدیث) میرا مذہب ہے۔ (مرقات المفاتیح' کتاب اللباس' جلد 8 صفحہ 70)

اسی طرح امام شافعی کا یہ قول "شرح مسلم للنووی' باب النھی عن لبس الرجل" جلد 7 صفحہ 55 پر بھی موجود ہے۔

آئمہ کرام اپنی رائے اور قول پر احادیث مبارکہ کو ترجیح دیا کرتے تھے اور ایک یہ مقام ہے کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے اقوال کی زد میں ہزاروں احادیث مبارکہ کو جھٹلایا جا رہا ہے۔

اعتراض نمبر:۲

اس حدیث مبارکہ کے ایک راوی "ازرق بن علی ابوالجہم" صدوق یغرب ہیں' یعنی راوی تو سچے مگر غریب حدیثیں لاتے ہیں۔ (ملاحظہ ہو: ندائے حق صفحہ 19' جلد دوم) (آئینہ تسکین الصدور صفحہ 45)

الجواب: اصولِ حدیث کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ غرابت' حدیث کی صحت کے منافی نہیں ہوا کرتی جیسا کہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

أن الغرابة لاتنا فی الصحة ویجوز أن یکون الحدیث صحیحًا غریبًا ۔

بلاشبہ غرابت صحت کے منافی نہیں ہے اور جائز ہے کہ حدیث صحیح غریب ہو۔ (مقدمہ مشکوٰۃ صفحہ 6)

ثانیاً: اگر بالفرض "صدوق یغرب" کے الفاظ جرح میں شمار ہوتے ہیں تو مندرجہ ذیل راویوں کے متعلق کیا حکم لگایا جائے گا:

(۱) مسکین بن بکیر الحرانی:

"صدوق یغرب"۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 103' رقم: 5404)

یاد رہے کہ مذکورہ بالا راوی صحیح بخاری و مسلم' سنن نسائی اور سنن ابوداؤد کے رجال سے ہے۔

(۲) أزھر بن جمیل بن جناح الھاشمی:

"صدوق یغرب"۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 72' رقم: 303)

مذکورہ بالا راوی سے احادیث صحیح بخاری، سنن ابوداؤد اور سنن نسائی میں موجود ہیں۔

(۳) سلمۃ بن رجاء التیمی: ''صدوق یغرب''۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 374)

یہ راوی بھی صحیح بخاری، ترمذی اور ابن ماجہ کے رجال میں سے ہے۔

(۴) اگر مان بھی لیا جائے کہ راوی کا غریب ہونا (یعنی متفرد) ثقاہت کے منافی ہے تو مندرجہ ذیل رجال پر کیا حکم لگایا جائے گا:

(۱) العلاء بن صالح:

''ثقه يغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 39، رقم: 4334)

(۲) محمد بن مصفی الحمصی:

''ثقه يغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 88، رقم: 5157)

(۳) یحییٰ بن سعید بن أبان:

''ثقه يغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 146، رقم: 6172)

(۴) اسحاق بن فرات تجیبی قاضی مصر:

''ثقه يغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 2 صفحہ 21، رقم: 315)

(۵) ابراہیم بن سوید:

''ثقه يغرب''۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 55، رقم: 183)

(۶) ابراہیم بن طہمان:

''ثقه يغرب''۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 56، رقم: 189)

ثالثاً: بالفرض محال اگر ''صدوق یغرب'' کو جرح مان بھی لیا جائے تو امام ابونعیم الاصبہانی نے اس روایت کو ''تاریخ اصبہان'' میں بھی نقل فرمایا ہے جس کی سند میں ''ازرق بن علی'' کا متابع عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن أبی بکیر موجود ہے، ملاحظہ ہو:

حدثنا علی بن محمود ثنا عبد اللّٰه بن ابراهيم بن الصباح ثنا عبد اللّٰه بن محمد بن أبی بكير ثنا يحيیٰ

بن أبـی بکیر ثنا المستلم بن سعید عن حجاج عن ثابت البنانی عن انس بن مالك قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون ۔

(تاریخ اصبہان لابی نعیم' ترجمہ: عبداللہ بن ابراہیم بن الصباح المقری' صفحہ 225)

یادرہے''ازرق بن علی'' کا متابع ''عبداللہ بن محمد بن یحیٰی بن اَبی بکیر'' ثقہ ہے جیسا کہ امام ابن حبان نے ان کا ذکر اپنی کتاب الثقات میں فرمایا' ملاحظہ ہو: کتاب الثقات لابن حبان جلد 7 صفحہ 141' رقم: 13897۔

(۲) امام خطیب بغدادی فرماتے ہیں:

''و کان ثقه'' ۔ (تاریخ بغدادی من اسمہ عبداللہ بن محمد بن یحیٰی' جلد 2 صفحہ 97)

(۳) امام ابونعیم الاصبہانی فرماتے ہیں:

''و کان صدوقا'' ۔ (طبقات المحد ثین باصبہان' صفحہ 129' رقم: 208)

(۴) شیخ شعیب الارنؤوط ''محقق صحیح ابن حبان'' نے مذکورہ بالا راوی سے مروی ایک حدیث مبارکہ کے متعلق لکھا:

''اسناده صحیح'' ۔ (صحیح ابن حبان' باب: صلاۃ الجمعہ' تحت رقم الحدیث: 2810)

اعتراض نمبر:۳

اس حدیث کا ایک راوی مستلم بن سعید ثقہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہم کا شکار بھی ہو جاتا ہے۔

(اقامۃ البرہان صفحہ 251)

الجواب: اس سے پہلے کہ معترضین کے سوالات کے جوابات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا جائے' سب سے پہلے امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تقریب التہذیب سے عبارت پیش خدمت ہے جس کی وجہ سے مستلم بن سعید پر اعتراضات وارد کرتے ہیں:

''مستلم بن سعید الثقفی الواسطی صدوق عابد ربما وهم'' ۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 450)

یہ بات یادرہے کہ ''ربـمـا وهم'' کے الفاظ یا اس کے مترادف الفاظ ''لـه اوهام'' یا ''اویهم'' کے الفاظ کو جرح کے الفاظ میں شمار کرنا معترضین کی علم جرح وتعدیل سے نابلدی ہے' کسی بھی فن جرح وتعدیل کے امام ''ربـمـا وهم'' کے الفاظ کو ''جرح'' میں شمار نہیں فرمایا' خود حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں ''ربـمـا وهم'' سے

راوی کی ثقاہت پر کوئی حرج نہیں پڑتا۔تقریب التہذیب کے مندرجہ ذیل رات کے تراجم میں ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

(۱) الحسین بن ذکوان:

''ثقه ربما وهم''۔(تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 213)

(۲) حفص بن میسرة العقیلی:

''ثقه ربما وهم''۔(تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 227)

(۳) الحکم بن عبداللہ بن خطاف:

''ثقه ربما وهم''۔(تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 229)

(۴) سہل بن بکار بن بشر:

''ثقه ربما وهم''۔(تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 396)

(۵) ہمام بن یحییٰ بن دینار:

''ثقه ربما وهم''۔(تقریب التہذیب جلد 2 صفحہ 117)

ثانیاً: بالفرض یہ تسلیم بھی کرلیا جائے کہ ''له اوهام'' کے الفاظ جرح ثابت کرنے کیلئے کافی ہیں تو ''امام حماد بن ابی سلیمان'' جو کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے شیوخ میں سے ہیں' اُن کے متعلق امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ:

''حماد بن أبی سلیمان مسلم الاشعری مولاهم أبو اسماعیل الکوفی فقیه صدوق له اوهام''.

(تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 236' رقم: 1505)

ثالثاً: بالفرض یہ الفاظ جرح میں شمار ہو بھی جائیں تو جمہور محدثین سے مستلم بن سعید کی توثیق نقل کر دی گئی ہے' لہٰذا ترجیح جمہور کے قول ہی کو ہوگی۔

اعتراض نمبر:۴

امام ذہبی نے ''حجاج الاسود'' کو مجہول کہا ہے۔(آئینہ تسکین الصدور صفحہ 41)

الجواب: امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''حجاج الاسود'' کو میزان الاعتدال (جلد 1 صفحہ 305' رقم: 1727) میں مجہول فرمایا

ہے جبکہ تلخیص المستدرک جو کہ امام ذہبی نے میزان الاعتدال کے بعد لکھی' اُس میں خود ''حجاج بن الاسود'' سے مروی حدیث مبارکہ کو ''صحیح'' فرمایا ہے' ملاحظہ ہو (تلخیص المستدرک' کتاب الرقاق' جلد 4 صفحہ 368' تحت رقم الحدیث: 7947) لہٰذا امام ذہبی کے اپنے قول ہی سے ''حجاج بن الاسود'' کی توثیق ثابت ہے۔ یاد رہے کہ امام شمس الدین ذہبی کی کتاب ''میزان الاعتدال'' اور تلخیص المستدرک میں دو متضاد اقوال جب پائیں جائیں تو ترجیح ''تلخیص المستدرک'' میں موجود امام ذہبی کے قول ہی کو ہوگی' ملاحظہ ہو (لسان المیزان ترجمہ الحارث بن محمد بن ابی اسامۃ جلد 2 صفحہ 157' رقم: 692) لہٰذا امام ذہبی کا جرح کرنا ساقط ہو جائے گا' مزید برآں امام ذہبی خود ہی حجاج بن الاسود کے متعلق ''سیر اعلام النبلاء'' میں فرماتے ہیں:

حدث عن شهر وابی نضرة وجماعة بصری صدوق روی عنه جعفر بن سليمان وعيسٰی بن يونس وروح وكان من الصلحاء وثقه ابن معين . (سیر اعلام النبلاء للذہبی جلد 7 صفحہ 76' رقم: 30)

مذکورہ بالا حوالہ اس امر پر شاہد ہے کہ خود ذہبی رحمۃ اللہ علیہ سے ''حجاج بن الاسود'' کی ثقاہت ثابت ہے' لہٰذا میزان الاعتدال کا حوالہ پیش کرنا کسی صورت مضر نہیں ہے۔

ثانیاً: گزشتہ اوراق میں 13 علماء ومحدثین کے حوالہ جات سے ''حجاج الاسود'' کی توثیق نقل کر دی گئی ہے' لہٰذا جہالت کا اعتراض خود بخود رفع ہو گیا' یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ ''حجاج بن اُبی زیاد الاسود'' کا تذکرہ امام بخاری نے تاریخ کبیر (جلد 2 صفحہ 142' رقم: 2819) میں بھی کیا لیکن جرح نہیں فرمائی اور مکمل سکوت اختیار فرمایا۔

ثالثاً: جب کسی مجہول راوی سے دو یا دو سے زیادہ ثقہ راوی روایت کریں تو اُس کی جہالت (مجہول) رفع ہو جاتی ہے۔ امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ میزان الاعتدال میں ایک راوی ''الولید بن محمد بن صالح'' جن کو مجہول کہا گیا ہے' اُن سے جہالت کا اعتراض یوں رفع فرماتے ہیں کہ:

قلت قد روی عنه أبو أمية الطرسوسی' وأبو بكر الاعين' فارتفعت الجهالة" .

میں کہتا ہوں: اُن سے ابوامیہ الطرسوسی اور ابوبکر الاعین نے روایت لی ہے' پس اُن کی جہالت رفع ہو جائے گی۔

(میزان الاعتدال' ترجمہ الولید بن محمد بن صالح الایلی' جلد 3 صفحہ 227' رقم: 9401)

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی حجاج بن الاسود پر جرح اُن کے اپنے ہی مذکورہ بالا قاعدہ کی روشنی میں ختم ہو جائے گی کیونکہ امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

وعنه جرير بن حازم وحماد بن سلمة وروح بن عبادة وآخرون .

حجاج بن الاسود سے جریر بن حازم' حماد بن سلمة' روح بن عبادہ اور دیگر حضرات روایت کرتے ہیں۔

(لسان المیزان' جلد **2** صفحہ **128**' رقم: **787**)

رابعاً: جب محدثین کرام کسی راوی کی توثیق فرما دیں تو راوی پر جہالت کا اعتراض رفع ہو جایا کرتا ہے جیسا کہ امام نورالدین علی بن اَبی الہیثمی ایک مقام پر مجمع الزوائد میں رقمطراز ہیں کہ:

"والراوی ثقة من رجال الصحیح فارتفعت الجهالة" .

(مجمع الزوائد' باب: سقی الماء' جلد **3** صفحہ **321**' تحت رقم الحدیث: **4724**)

حجاج بن الاسود کی توثیق کرنے والے محدثین ملاحظہ ہوں:

(۱) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ثقه" .

(۲) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"ثقه" . (العلل ومعرفۃ الرجال لاحمد جلد **2** صفحہ **287**' رقم: **3892**)

(۳) امام ابوداؤد فرماتے ہیں:

"ثقه" . (سؤالات ابی عبداللہ الآجری جلد **1** صفحہ **427**' رقم: **887**)

(۴) امام ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "تاریخ اسماء الثقات" میں ذکر فرمایا۔

(تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین' صفحہ **12**' رقم: **255**)

(۵) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں تذکرہ فرمایا۔

(کتاب الثقات لابن حبان' جلد **5** صفحہ **60**' رقم: **7370**)

لہٰذا ثابت ہوا کہ حجاج بن الاسود پر جہالت (مجہول ہونا) والا اعتراض ہی باطل ہے' جس کی اصول وضوابط ومنہج محدثین پر کوئی حیثیت نہیں ہے۔ (اللہ ورسولہ اعلم بالصواب !)

اعتراض نمبر: ۵

امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث مبارکہ کو ''خبر منکر'' کہا ہے، ملاحظہ ہو!

(میزان الاعتدال جلد 1 صفحہ 305، ترجمہ: حجاج بن الاسود، رقم: 1727)

الجواب: یاد رہے کہ بعض لوگوں کے زعم کے مطابق یہ ایک قوی اعتراض ہے، اس اعتراض کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں:

سب سے پہلے قارئین ''منکر'' کی تعریف جان لیں کہ منکر کا اطلاق محدثین کرام کس کس اثر پر کیا کرتے ہیں، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''المنکر وهو کالشاذ ان خالف راوية الثقات فمنكر مردود وكذا ان لم يكن عدلا ضابطًا وان لم يخالف فمنكر مردود واما ان كان الذى تفرد به عدل ضابط حافظ قبل شرعا ولا يقال له منكر وان قيل له ذلك لغة''.

منکر یہ شاذ کی طرح مردود ہوتی ہے، اگر اس کا (ضعیف) راوی ثقہ راویوں کی مخالفت کرے تو منکر مردود ہوتی ہے اور اسی طرح اگر راوی عادل ضابط نہ ہو اور ثقہ راویوں کی مخالفت نہ کرے تو منکر مردود ہوتی ہے، اگر تفرد کرنے والا راوی عادل ضابط حافظ ہو تو شرعاً یہ مقبول روایت ہے، اسے منکر نہیں کہا جاتا، اگرچہ لغوی طور پر اسے منکر کہا جاتا ہے۔

(اختصار علوم الحدیث، النوع الرابع عشر المنکر، صفحہ 28)

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق ثقات کے تفردات پر بھی لغوی طور پر منکر کا اطلاق ہوتا ہے اور فریق مخالف کی اپنی تصریح کے مطابق اگر دیکھا جائے تو یہ امکان زیادہ قوی نظر آتا ہے کہ علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے محض تفردروات کے باعث اسے لغوی طور پر منکر کہا ہو۔

اوّلاً: علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے اپنے قول میں اس حدیث مبارکہ کو خبر منکر کہنے کی تصریح بھی موجود ہے، علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''ما روى عنه فيما أعلم سوى مستلم بن سعيد''.

ہماری دانست کے مطابق مستلم بن سعید کے بغیر ان سے کسی نے روایت نہیں کی۔

(میزان الاعتدال جلد 1 صفحہ 305، رقم: 1727)

لہذا ثابت ہوا کہ یہاں پر خبر منکر کہنا علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے لغوی طور پر ہوگا' اس کے علاوہ امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"قلت المنکر اطلقه احمد بن حنبل و جماعة علی الحدیث الفرد الذی لا متابع له" .

میں کہتا ہوں کہ امام احمد اور جماعت (محدثین) ایسی حدیث جن کا کوئی متابع نہ ہو' پر بھی منکر کا اطلاق کرتے ہیں۔

(مقدمہ فتح الباری' ترجمہ: محمد بن ابراہیم الحارث' جلد 1 صفحہ 473)

اسی طرح شیخ عبدالغنی بن احمد جبر مزھر فرماتے ہیں:

"قد یطلقون المنکر علی الحدیث الفرد ولو کان روایة مقبولا وهذا اصطلاح بعض المتقدمین" .

(اصول التصحیح والتضعیف صفحہ 2)

شیخ عبدالعزیز بن محمد العبداللطیف فرماتے ہیں کہ:

"وأن الامام احمد وجماعة من المحدثین یطلقون المنکر علی الحدیث الفرد الذی لا متابع له" .

(ضوابط الجرح والتعدیل صفحہ 99)

یعنی متابعت نہ ہونے پر بھی محدثین منکر کا اطلاق کر دیا کرتے ہیں' بالفرض یہ امر تسلیم کر بھی لیا جائے کہ "خبر منکر" جرح ہے تو بھی فریق مخالف کو سودمند نہیں ہے کیونکہ منار اور پھر اُس کی شرح نور الانوار میں ہے کہ:

"(والطعن المبهم من ایمة الحدیث لا یجرح الراوی) عندنا بان بقول هذا الحدیث مجروح او منکر او نحوهما فیعمل به" .

اگر آئمہ حدیث کی جانب سے مبہم طعن ہو تو راوی کی عدالت پر جرح نہ ہوگی' مثلاً یہ کہا جائے کہ یہ حدیث مجروح یا منکر یا اسی جیسے جروحات۔ (نور الانوار' بحث الطعن المبہم والمفسر' صفحہ 204)

جب "حدیث منکر" کی جرح عند الاحناف جرح مبہم ہے تو فریق مخالف کا اس خبر پر منکر کا طعن کوئی فائدہ مند نہیں ہے کیونکہ مسلمہ قاعدہ ہے کہ جرح مبہم قابل قبول نہیں ہوا کرتی' ملاحظہ ہو: تصریحات آئمہ و محدثین کرام اس ضمن میں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) امام نووی فرماتے ہیں کہ:

"لا يقبل الجرح اطلا مفسرا مبين السبب" ۔ (شرح صحیح مسلم جلد **1** صفحہ **25**)

(۲) اسی طرح امام عینی فرماتے ہیں کہ:

"الجرح المبهم غير مقبول عند الحذاق من الاصوليين" ۔ (البنایۃ شرح الہدایۃ' فی بحث شعر المیتۃ جلد **1** صفحہ **234**)

(۳) شیخ محمد بن صالح العثیمین فرماتے ہیں کہ:

"فلا يقبل الجرح المبهم" ۔ (علم مصطلح الحدیث' بحث الجرح والتعدیل' صفحہ **26**)

ثانیاً: بالفرض ''منکر'' کو ہم جرح تسلیم کر بھی لیں تو بھی فریق مخالف کیلئے یہ امر انتہائی مشکل اور دشوار ہے کہ محدثین کرام نے جو تعریف ''منکر'' (ضعیف حدیث) کی بیان فرمائی ہے' زیر بحث حدیث مبارکہ ان شرائط پر پوری اُترتی ہو' امام مسلم رضی اللہ عنہ منکر کی تعریف کچھ یوں بیان فرماتے ہیں کہ:

"وعلامة المنكر فى حديث المحدث اذا ما عرضت روايته للحديث على رواية غيره من اهل الحفظ والرضى خالفت روايته روايتهم او لم تكد نوافقها فاذا كان الاغلب من حديثه كذلك كان مهجور الحديث غير مقبوله ولا مستعمله" ۔

حدیث بیان کرنے والے کی حدیث کے منکر ہونے کی علامت یہ ہے کہ جب اس کی حدیث دوسرے اہل حفظ اور پسندیدہ راویوں کی حدیث پر پیش کی جائے تو اس کی روایت ان کی روایت کے مخالف ہو یا ممکن ہی نہ ہو کہ اُس کی روایت اُن کی روایت کے موافق ہو سکے' جب اس کی حدیث پر یہ اغلب ہو تو اس کی حدیث متروک اور غیر مقبول ہو گی۔

(مقدمہ صحیح مسلم جلد **1** صفحہ **3**)

اگر امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف ''منکر'' کو مدنظر رکھا جائے تو کسی طرح بھی فریق مخالف زیر بحث حدیث مبارکہ پر منکر کا اطلاق ثابت نہیں کر سکتا بلکہ حد تواتر تک پہنچ جانے والی حدیث ''مررت على موسى وهو يصلى فى قبره ''یعنی میں موسیٰ علیہ السلام (کی قبر) کے پاس سے گزرا' وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

(صحیح مسلم' باب من فضائل موسیٰ' جلد **2** صفحہ **411**' رقم: **6308**)

اس کی مکمل تائید کرتی ہے جیسا کہ امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا کہ:

"وشاهدًا لحديث الاوّل ما ثبت فی صحيح مسلم من رواية حماد بن سلمة" ۔

پہلی حدیث (زیر بحث حدیث مبارکہ) کا شاہد ومؤید وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم میں حماد بن سلمہ کی سند سے ہے۔

(القول البدیع صفحہ 168)

اسی طرح امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ولحياة الانبياء بعد موتهم صلوات الله عليهم شواهد من الاحاديث الصحيحة منها..... ان النبی صلی الله عليه وسلم ليلة الاسرى به مر علی موسیٰ عليه السلام وهو يصلی فی قبره" ۔

اور انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات بعداز وفات پر صحیح احادیث میں سے شواہد موجود ہیں' ان میں سے وہ حدیث ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر گزرے تو وہ اپنی قبر میں نماز ادا کر رہے تھے۔

(حیاۃ الانبیاء للبیہقی صفحہ 6' تحت رقم الحدیث:5)

دوسرا یہ کہ منکر وہ روایت ہوتی ہے کہ جس میں کوئی ضعیف راوی ثقہ راویوں کے خلاف روایت کرے یا پھر بقول بعض کوئی ثقہ راوی اپنے سے اوثق راوی کی مخالفت کرے جبکہ اس حدیث میں تمام رجال ثقات ہیں کوئی ضعیف راوی موجود نہیں کہ وہ ثقہ کی مخالفت کر رہا ہو اور نہ ہی ثقہ کسی اوثق کی مخالت کر رہا ہے بلکہ امام بیہقی اور امام سخاوی کی تصریحات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ صحیح میں موجود اس حدیث مبارکہ کی مؤید اور شواہدات میں سے ہے تو تحقیق کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ فریق مخالف کا اسے منکر قرار دینا باطل ہے۔

اشکال

ممکن ہے یہاں پر یہ اشکال بھی وارد ہو سکتا ہے کہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث مبارکہ کو 'حجاج بن الاسود' کی جہالت کی وجہ سے منکر فرمایا ہے تا کہ تفردات ثقہ کی بناء پر اسے منکر قرار دیا ہے۔

الجواب: گذشتہ اوراق میں الحمدللہ "حجاج بن الاسود" کی توثیق کئی جلیل القدر محدثین کرام سے پیش کر دی گئی ہے' لہٰذا جہالت کا اعتراض رفع ہو گیا اور حدیث مبارکہ کو منکر فرمانے کی جرح بھی ختم ہو جائے گی۔

اعتراض نمبر:٦

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ:

لو كان موسىٰ حيًا وادرك نبوتي لا تبعني . (مشکوٰۃ صفحہ 30)

یعنی اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے اور میری نبوت کا زمانہ پالیتے تو بے شک وہ میری اتباع کرتے۔

لہٰذا یہ حدیث حضرت موسیٰ علیہا السلام کی حیات کی نفی پر دال ہے۔ (ندائے حق جلد 2 صفحہ 41)

الجواب: مکمل حدیث مبارکہ ملاحظہ ہو:

"لو كان موسىٰ حيا بين اظهركم ما حل له الا ان يتبعني" .

اگر موسیٰ تمہارے درمیان ہوتے تو میری اتباع کے علاوہ ان کے لیے کوئی چارہ کار نہ تھا۔

(اتحاف الخیرہ للبوصیری' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 248' رقم: 376) (مسند امام احمد' مسند جابر بن عبداللہ' جلد 22 صفحہ 468' رقم: 14631) (مجمع الزوائد' باب لیس لأحد مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد 1 صفحہ 419' رقم: 810)

حدثنا عبد الله حدثني أبي ثنا يونس وغيره قال ثنا حماد يعني ابن زيد ثنا مجالد عن عامر الشعبي عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم..........لو كان موسىٰ حيا..........الخ .

(مسند امام احمد' مسند جابر بن عبداللہ' جلد 3 صفحہ 338' رقم: 14672)

اور امام بیہقی نے اسے شعب الایمان میں مندرجہ ذیل سے نقل فرمایا:

حدثنا ابو محمد بن يوسف الاصبهاني املاء أنا ابو سعيد احمد بن محمد بن زياد البصري بمكة لنا الهيثم بن سهل التستري ثنا حماد بن زياد ثن مجالد بن سعيد واخبرنا احمد بن الحسن القاضي ثنا ابو علي حامد بن محمد الوفاء ثنا محمد بن شاذان الجوهري ثنا زكريا بن عدي ثنا حماد بن زيد عن مجالد عن الشعبي عن جابر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لو كان موسىٰ حيا عليه السلام..........الحديث .

(شعب الایمان' ذکر حدیث جمع القرآن جلد 1 صفحہ 200' رقم الحدیث: 179)

قطع نظر باقی تمام راویانِ اسناد کے قارئین کرام کی خدمت میں ''مجالد بن سعید'' جو کہ مذکورہ بالا دونوں اسناد کا مشترکہ راوی ہے' کے متعلق آئمہ نقد و رجال کی تصریحات ذیل میں پیش خدمت ہیں:

امام شمس الدین ذہبی فرماتے ہیں:

"لين فيه" .

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں:

"لیس بشیء" .

امام نسائی فرماتے ہیں:

"لیس بالقوی" .

امام دارقطنی فرماتے ہیں:

"ضعیف"۔

امام یحیٰ بن سعید نے (مجالد بن سعید کو) ضعیف فرمایا ہے۔

امام ابن مہدی آپ سے روایت نہیں لیتے تھے۔ (میزان الاعتدال جلد **2** صفحہ **295**' رقم: **7070**)

امام جوزجانی نے مجالد بن سعید سے مروی احادیث کو ضعیف کہا ہے۔ (احوال الرجال للجوزجانی صفحہ **12**' رقم: **126**)

امام یحیٰ بن معین فرماتے ہیں:

"مجالد ضعیف واهی الحدیث" .

امام ابوحاتم رازی فرماتے ہیں:

"لیس مجالد بقوی الحدیث" . (الجرح والتعدیل جلد **6** صفحہ **362**' رقم: **14780**)

اعتراض نمبر: ۷

امام بیہقی نے اس حدیث مبارکہ کی تصحیح کہیں نہیں فرمائی۔ (ندائے حق جلد **2** صفحہ **21**)

الجواب: امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصحیح اگر حیاۃ الانبیاء بعد وفاتھم میں نہیں مل سکی تو ممکن ہے کہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث مبارکہ کی حجت کو اپنی کسی اور کتاب میں تسلیم فرمالیا ہو' جس پر محدثین نے مطلع ہو کر اس تصحیح کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بیان فرما دیا ہو۔

ثانیاً: بالفرض یہ امر تسلیم بھی کر لیا جائے کہ امام بیہقی سے اس حدیث مبارکہ کی تصحیح کہیں منقول نہیں تو بھی ہمارے مؤقف کیلئے نقصان دِہ نہیں ہے کیونکہ محدثین نے امام بیہقی کی تصحیح نقل کرنے کے بعد اُس سے اختلاف نہیں فرمایا جو کہ ان محدثین کے ہاں اس حدیث مبارکہ کی صحت پر دال ہے' اگر اُن محدثین کو اس حدیث مبارکہ میں کسی طرح کلام ہوتا تو وہ ضرور امام

بیہقی کی تصحیح سے اختلاف فرماتے نہ کہ موافقت میں خاموش رہتے۔

ثالثاً: جب اصول وقواعد کی روشنی میں حدیث مبارکہ بالکل صحیح ہے تو امام بیہقی کا صحت بیان فرمانا نہ فرمانا برابر ہے جیسا کہ امام زرقانی فرماتے ہیں کہ:

وجمع البیهقی کتابًا لطیفًا فی حیاۃ الانبیاء وروی فیه باسناد صحیح .

(شرح زرقانی علی مؤطا مالک جلد **4** صفحہ **357**)

گزشتہ اوراق میں کثیر حوالہ جات پیش کیے جا چکے ہیں کہ علمائے اعلام نے اس حدیث مبارکہ کی صحت کو تسلیم فرمایا ہے' صرف امام بیہقی کے صحیح نہ فرمانے سے نہ ہی ہمیں کوئی نقصان پہنچتا ہے۔

رابعاً: بر سبیل تنزل یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ حدیث مبارکہ شدید ضعیف ہے تو اس سے یہ عقیدہ کیسے ثابت ہو جائے گا۔

خامساً: اگر مجموعی طور پر حیاۃ الانبیاء کی احادیث کو بنظر انصاف دیکھا جائے تو امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق یہ آثار حد تواتر تک پہنچ چکے ہیں' آپ فرماتے ہیں:

حیاۃ النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فی قبرہ وھو سائر الانبیاء معلومة عندنا علما قطعیا لما قام عندنا من الادلة فی ذلك وتواترت به الاخبار الدالة علی ذلك .

نبی کریم ﷺ کی اپنی قبر مبارک میں اور اسی طرح دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات ہمارے نزدیک قطعی طور پر ثابت ہے کیونکہ اس پر ہمارے نزدیک دلائل قائم ہیں اور تواتر کے ساتھ اخبار موجود ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں۔

(الحاوی للفتاوی للسیوطی)

اسی طرح امام محمد بن جعفر الکتانی رحمۃ اللہ علیہ نے امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نحیاۃ الانبیاء فی قبورھم کے آثار کو متواتر فرمایا ہے۔ (نظم المتناثر صفحہ **126**' تحت رقم الحدیث: **115**)

جب آثار حیات الانبیاء از قبیل تواتر ہیں تو قاعدہ یہ ہے کہ:

"والموتر لا یبحث عن رجاله بل یجب العمل به من غیر بحث" .

اور متواتر کے رجال سے بحث نہیں کی جاتی بلکہ بغیر بحث اس پر عمل واجب ہے۔ (شرح نخبۃ الفکر صفحہ **35**)

3413 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَصَابَنَا مَطَرٌ - وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَحَسَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقَالَ: إِنَّهُ حَدِيثُ عَهْدٍ بِرَبِّهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو بارش پہنچی اس حالت میں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا کپڑا کھول دیا (بارش کا پانی لینے کے لیے) اور فرمایا: یہ ابھی ابھی اپنے رب کی طرف سے آئی ہے۔

3414 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ أَبُو عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ خَطِيبَ الْأَنْصَارِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ) (الحجرات: 2) الْآيَةُ، قَالَ ثَابِتٌ: أَنَا الَّذِي كُنْتُ أَرْفَعُ صَوْتِي فَوْقَ صَوْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو اونچا نہ کرو، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے اونچا نہ بولا کرو''۔ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں بیٹھ گئے، کہنے لگے میں ہی وہ ہوں کہ میری آواز نبی کی آواز پر اونچی ہے۔ میں ہی اہل جہنم سے ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ وہ تو اہل جنت سے ہے بلکہ وہ جنتی ہے۔

3415 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فَيَجِيءُ الْحَسَنُ أَوِ الْحُسَيْنُ فَيَرْكَبُ عَلَى ظَهْرِهِ، فَيُطِيلُ السُّجُودَ فَيُقَالُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَطَلْتَ السُّجُودَ؟ فَيَقُولُ: ارْتَحَلَنِي ابْنِي فَكَرِهْتُ أَنْ أُعَجِلَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں تھے، امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر سوار ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سجدہ کو لمبا کر لیا، عرض کی گئی: اے اللہ کے نبی! آپ نے سجدہ کو لمبا کر لیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا بیٹا میرے اوپر سوار ہو گیا تھا' میں نے ناپسند کیا جلدی کرنے کو۔

3416 - حَدَّثَنَا أَبُو الْجَهْمِ الْأَزْرَقُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَقَدَ الرَّجُلَ مِنْ إِخْوَانِهِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، سَأَلَ عَنْهُ، فَإِنْ كَانَ غَائِبًا دَعَا لَهُ، وَإِنْ كَانَ شَاهِدًا زَارَهُ، وَإِنْ كَانَ مَرِيضًا عَادَهُ، فَفَقَدَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ، فَسَأَلَ عَنْهُ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَرَكْنَاهُ مِثْلَ الْفَرْخِ، لَا يَدْخُلُ فِي رَأْسِهِ شَيْءٌ إِلَّا خَرَجَ مِنْ دُبُرِهِ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَعْضِ أَصْحَابِهِ: عُودُوا أَخَاكُمْ . قَالَ: فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعُودُهُ، وَفِي الْقَوْمِ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَلَمَّا دَخَلْنَا عَلَيْهِ إِذَا هُوَ كَمَا وُصِفَ لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ تَجِدُكَ؟ . قَالَ: لَا يَدْخُلُ فِي رَأْسِي شَيْءٌ إِلَّا خَرَجَ مِنْ دُبُرِي، قَالَ: وَمِمَّ ذَاكَ؟ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي الْمَغْرِبَ، فَصَلَّيْتُ مَعَكَ وَأَنْتَ تَقْرَأُ هَذِهِ السُّورَةَ (الْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ) (القارعة:2)- إِلَى آخِرِهَا - (نَارٌ حَامِيَةٌ) (القارعة:11) قَالَ: فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ مَا كَانَ لِي مِنْ ذَنْبٍ أَنْتَ مُعَذِّبِي عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، فَعَجِّلْ لِي عُقُوبَتَهُ فِي الدُّنْيَا، فَنَزَلَ بِي مَا تَرَى . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ مَا قُلْتَ، أَلَا سَأَلْتَ اللّٰهَ أَنْ يُؤْتِيَكَ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَيَقِيكَ عَذَابَ النَّارِ؟ . قَالَ:

حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کسی آدمی کو تین دن تک نہ پاتے تو آپ اس کے متعلق پوچھتے تھے اگر غائب ہوتا تو آپ اُس کے لیے دعا کرتے اگر حاضر ہوتا تو آپ اس کی ملاقات کے لیے جاتے اگر مریض ہوتا تو مریض کی عیادت کرتے انصار کے ایک آدمی کو تین دن تک نہ پایا تو آپ نے اُس کے متعلق پوچھا عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم نے اس کو ناتواں کی مثل چھوڑا ہے اس کے سر میں کوئی شی داخل ہوتی ہے تو اس کی دُبر سے نکل جاتی ہے۔ حضور ﷺ نے اپنے بعض اصحاب سے فرمایا: اپنے بھائی کی عیادت کرو! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضور ﷺ کے ساتھ اس کی عیادت کرنے کے لیے نکلے۔ لوگوں میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے جب ہم اس کے پاس داخل ہوئے تو وہ ایسے ہی تھا جیسے ہمیں بیان کیا گیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کیسے ہو؟ عرض کی: میرے سر میں کوئی شی داخل کی جاتی ہے تو وہ دُبر کے راستے سے نکل جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کی وجہ کیا ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ آپ نمازِ مغرب پڑھا رہے تھے اور آپ سورۃ ''الْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ'' آخر ''نَارٌ حَامِيَةٌ'' تک پڑھا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ! میرے نامۂ اعمال میں گناہ ہیں اس کا عذاب تُو نے مجھے آخرت میں دینا ہے وہ عذاب تُو مجھے دنیا میں دیدے۔ اس کے بعد میرے اوپر یہ بیماری آئی ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو

فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِذَلِكَ، وَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَقَامَ كَأَنَّمَا نَشَطَ مِنْ عِقَالٍ، قَالَ: فَلَمَّا خَرَجْنَا قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَضَضْتَنَا آنِفًا عَلَى عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، فَمَا لَنَا فِي ذَلِكَ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ يَعُودُ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ، خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ إِلَى حَقْوَيْهِ، فَإِذَا جَلَسَ عِنْدَ الْمَرِيضِ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ وَغَمَرَتِ الْمَرِيضَ الرَّحْمَةُ، وَكَانَ الْمَرِيضُ فِي ظِلِّ عَرْشِهِ، وَكَانَ الْعَائِدُ فِي ظِلِّ قُدْسِهِ، وَيَقُولُ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا كَمِ احْتَسَبُوا عِنْدَ الْمَرِيضِ الْعُوَّادُ قَالَ: تَقُولُ: أَيْ رَبِّ، فُوَاقًا - إِنْ كَانُوا احْتَسَبُوا فُوَاقًا - فَيَقُولُ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: اكْتُبُوا لِعَبْدِي الْعَائِدِ عِبَادَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، قِيَامَ لَيْلِهِ وَصِيَامَ نَهَارِهِ، وَأَخْبِرُوهُ أَنِّي لَمْ أَكْتُبْ عَلَيْهِ خَطِيئَةً وَاحِدَةً قَالَ: وَيَقُولُ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا كَمِ احْتَسَبُوا؟ قَالَ: يَقُولُونَ: سَاعَةً - قَالَ: إِنْ كَانُوا احْتَسَبُوا سَاعَةً - فَيَقُولُ: اكْتُبُوا لَهُ دَهْرًا، وَالدَّهْرُ عَشَرَةُ آلَافِ سَنَةٍ، إِنْ مَاتَ قَبْلَ ذَلِكَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَإِنْ عَاشَ لَمْ يُكْتَبْ عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ وَاحِدَةٌ، وَإِنْ كَانَ صَبَاحًا صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُمْسِيَ، وَكَانَ فِي خِرَافِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مَسَاءً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ، وَكَانَ فِي خِرَافِ الْجَنَّةِ

نے بہت بُرا کہا' تُو نے اللہ تعالیٰ سے یہ کیوں نہیں مانگا' اے اللہ! تجھے دنیا اور آخرت میں بھلائی دے اور جہنم کے عذاب سے بچائے؟ حضور ﷺ نے اس کو یہ دعا کرنے کا حکم دیا' حضور ﷺ نے اس کے لیے دعا کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ ایسے کھڑا ہوا جیسے وہ بالکل تندرست ہے۔ جب ہم نکلے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ابھی ہم مریض کی عیادت کر کے اُٹھے ہیں' ہمارے لیے کیا ثواب ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان مرد جب اپنے گھر سے اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے نکلتا ہے تو اللہ کی رحمت اس کو ڈھانپ لیتی ہے' جب مریض کے پاس بیٹھتا ہے تو اس کو بھی اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور مریض کو بھی اور مریض عرش کے سایہ میں ہوتا ہے اور عیادت کرنے والا بھی عرش کے سایہ میں ہوتا ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: دیکھو! مریض کے پاس عیادت کرنے والے کتنی دیر رُکے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: اتنی دیر جتنی دیر اونٹنی کے دوسری بار دودھ دوھنے میں ہوتی ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے عیادت کرنے والے بندے کے لیے ایک ہزار سال عبادت کرنے اور ایک ہزار سال رات کو قیام کرنے کا اور ایک ہزار دن روزہ رکھنے کا ثواب لکھ دو اور اس کو بتا دو کہ میں نے تمہارا ایک گناہ بھی نہیں لکھا ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے کہتا ہے: دیکھو! میرا بندہ مریض کے پاس کتنی دیر رُکا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: ایک

گھڑی! اللہ عزوجل فرماتا ہے: اگر وہ ایک گھڑی رُکا ہے تو اس کے لیے ایک زمانہ کی نیکیاں لکھ دو' ایک زمانہ دس ہزار سال کا ہوتا ہے' اگر اس سے پہلے مر جائے تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا' اگر زندہ رہا تو اس کے نامۂ اعمال میں ایک گناہ بھی نہیں لکھا جائے گا' اگر صبح کے وقت مریض کی عیادت کرے گا تو ستر ہزار فرشتے اس کے لیے شام تک رحمت کی دعا کرتے رہیں گے' اس دوران وہ جنت میں ہوتا ہے' اگر شام کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے اس کے لیے صبح تک دعائے رحمت کرتے ہیں' اس دوران وہ جنت میں ہوتا ہے۔

3417 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں: ایمان والے آدمی کے خواب' نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔

3418 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَفْضَلِ الصِّيَامِ، قَالَ: شَعْبَانُ تَعْظِيمًا لِرَمَضَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سے روزے افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شعبان کے رمضان کی تعظیم کے لیے۔

3419 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3417- الحديث سبق برقم: **3225** فراجعه .

3418- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **663** . ومن طريقه أخرجه البغوى فى شرح السنة: **1778** . والطحاوى جلد**2** صفحه**83** من طريقين حدثنا موسىٰ بن اسماعيل' حدثنا صدقة بن موسىٰ به .

3419- أخرجه أحمد جلد**3** صفحه**150** . والترمذى رقم الحديث: **3505** من طريق عبد الصمد' حدثنا محمد بن ثابت به .

حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوا ۔قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: حِلَقُ الذِّكْرِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جب جنت کے باغوں سے گزرا کروتو اس سے کھالیا کرو، عرض کی: یا رسول اللہ! جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ذکر کا حلقہ۔

3420 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُسْتَوْرِدٌ أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَرَكْتُ حَاجَةً وَلَا دَاجَّةً إِلَّا قَدْ أَتَيْتُ ۔قَالَ: أَلَيْسَ تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ذَاكَ يَأْتِي عَلَى ذَلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں ہر ضرورت' خدمت اور کام چھوڑ کر آیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو توحید و رسالت کی گواہی دیتا ہے، تین مرتبہ فرمایا' اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ثواب ملے گا۔

3421 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، حَدَّثَنَا الْأَزْوَرُ بْنُ غَالِبٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰهِ فِي كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ سِتَّمِائَةَ أَلْفِ عَتِيقٍ يَعْتِقُهُمْ مِنَ النَّارِ - قَالَ أَحَدُهُمَا فِي حَدِيثِهِ - كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبُوا النَّارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جمعہ کے دن ساٹھ ہزار آدمیوں کو جنت دیتا ہے جن پر جہنم واجب ہو گئی تھی (جہنم سے نکال دیتا ہے، ان تمام پر جہنم واجب ہوگئی ہوتی ہے)۔

3422 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3420- الحديث في المقصد العلي برقم: 1638 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 83 وقال: رواه أبو يعلى والبزار بنحوه' والطبراني في الصغير' والأوسط' ورجالهم ثقات .

3421- أخرجه ابن حبان في المجروحين جلد 1 صفحه 178 من طريق الحسين بن عبد الله القطان بالرقة' حدثنا عمرو بن هشام الحراني .

3422- الحديث سبق برقم: 3421 فراجعه .

مَيْمُونٍ، شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ فِي كُلِّ سَاعَةٍ مِنْ سَاعَاتِ الدُّنْيَا سِتَّمِائَةَ أَلْفِ عَتِيقٍ يَعْتِقُهُمْ مِنَ النَّارِ، كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبَ النَّارَ

حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل دنیا کی گھڑیوں میں سے ہر گھڑی ساٹھ ہزار آدمیوں کو جنت دیتا ہے جن پر جہنم واجب ہوگئی تھی۔

3423 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيَقْرَأُ السُّورَةَ الْخَفِيفَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپ حالتِ نماز میں ماں کے ساتھ بچے کے رونے کی آواز سنتے تو آپ مختصر قرأت کرتے یا چھوٹی سورت پڑھتے۔

3424 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَلَغَ صَفِيَّةَ أَنَّ حَفْصَةَ، قَالَتْ لَهَا: ابْنَةُ يَهُودِيٍّ. فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: قَالَتْ لِي حَفْصَةُ: إِنِّي ابْنَةُ يَهُودِيٍّ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ، وَإِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ، وَإِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ، فَبِمَا تَفْخَرُ عَلَيْكِ؟ ثُمَّ قَالَ: اتَّقِي اللّٰهَ يَا حَفْصَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات پہنچی کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ کہا: یہودی کی بیٹی۔ وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں، اس حالت میں کہ وہ رو رہی تھیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیوں رو رہی ہو؟ عرض کی: مجھے حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہودی کی بیٹی کہا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو تو ایک نبی کی بیٹی ہے، کیونکر ان کا چچا نبی تھا اور تو نبی کے نکاح میں ہے اس بات پر فخر کیوں نہیں کرتی ہو، پھر فرمایا: اے حفصہ! اللہ سے ڈرو۔

3425 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ نے ایک عورت سے شادی کرنے کا ارادہ

3423- الحديث سبق برقم: **3363** فراجعه .

3424- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **135** . وعبد بن حُميد: **1248** . والترمذي رقم الحديث: **3894** قال: حدثنا اسحاق بن منصور، وعبد بن حُميد . والنسائي في الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: **471** عن خُشيش بن أصرم . قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه .

3425- أخرجه عبد بن حُميد: **1254** . وابن ماجة رقم الحديث: **1865** قال: حدثنا الحسن بن علي الخلال، وزهير بن محمد، ومحمد بن عبد الملك .

أَنَسٍ، قَالَ: أَرَادَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ أَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَأَةً، فَذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا، فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَنْ يُؤْدَمَ بَيْنَكُمَا . قَالَ: فَفَعَلَ، فَتَزَوَّجَهَا، فَذَكَرَ مِنْ مُوَافَقَتِهَا

کیا، یہ بات حضور ﷺ کے سامنے ذکر کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جا کر اس کو دیکھو، تمہارے درمیان زیادہ محبت ہوگی انہوں نے ایسے ہی کیا اس کے بعد شادی کر لی، ان دونوں کے درمیان موافقت رہی۔

3426 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، وَأَبَانَ، كُلُّهُمْ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَالَ: إِنِّي يَوْمَئِذٍ أَسْقِي أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا، قَالَ: فَأَمَرُونِي فَكَفَأْتُهَا، وَكَفَأَ النَّاسُ آنِيَتَهُمْ بِمَا فِيهَا، حَتَّى كَادَتِ السِّكَكُ تَمْتَنِعُ مِنْ رِيحِهَا . قَالَ أَنَسٌ: وَمَا خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ مَخْلُوطَيْنِ . قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ كَانَ عِنْدِي مَالُ يَتِيمٍ، فَاشْتَرَيْتُ بِهِ خَمْرًا، أَفَتَرَى أَنْ أَبِيعَهُ فَأَرُدَّ عَلَى الْيَتِيمِ مَالَهُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُودُ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ فَبَاعُوهَا وَأَكَلُوا أَثْمَانَهَا . وَلَمْ يَأْذَنْ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَيْعِ الْخَمْرِ

حضرت ثابت وقتادہ و ابان رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں کہ شراب (جب) حرام کی گئی تو میں اس دن گیارہ مرد حضرات کو شراب پلا رہا تھا' مجھے حکم دیا گیا تو میں نے اسے بہا دیا۔ لوگوں نے اپنے برتنوں میں جو شراب تھی وہ بھی بہا دی (اتنی شراب ہوئی) کہ قریب تھا کہ گلیوں سے شراب گزرنا کی بدبو کی وجہ سے مشکل ہو جائے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان دنوں شراب خشک اور تازہ کھجور کو ملا کر بنی ہوتی تھی' اس کی حرمت نازل ہونے کے بعد ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میرے پاس یتیم کا مال ہے' میں نے اس کے بدلے شراب خریدی ہے' کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں اس کو فروخت کر کے یتیم کو اس کا مال واپس کر دوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل یہود کو ہلاک کرے! ان پر چربی حرام کی گئی تو اُنہوں نے اسے فروخت کیا اور اس کی کمائی کھائی' آپ نے اس کو شراب فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی۔

3427 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عمرۂ قضا کے موقع پر نبی کریم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے' اس حال میں کہ

3426- الحديث سبق برقم: 3032 فراجعه .

3427- الحديث سبق برقم: 3381 فراجعه .

ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ، وَابْنُ رَوَاحَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

خَلُّوا بَنِي الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيلِهِ ... الْيَوْمَ نَضْرِبُكُمْ عَلَى تَأْوِيلِهِ

ضَرْبًا يُزِيلُ الْهَامَ عَنْ مَقِيلِهِ ... وَيُذْهِلُ الْخَلِيلَ عَنْ خَلِيلِهِ

فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا ابْنَ رَوَاحَةَ، فِي حَرَمِ اللّٰهِ، وَبَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ تَقُولُ هَذَا الشِّعْرَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلِّ عَنْهُ يَا عُمَرُ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَلَامُهُ أَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ وَقْعِ النَّبْلِ

حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے تھے' وہ پڑھ رہے تھے:

''اے کافروں کے بیٹو! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ چھوڑ دو! آج کے دن' ان کو روکنے پر ہم تمہیں وہ ضرب لگائیں گے کہ تمہارے سرتن سے جدا ہو جائیں گے اور دوست اپنے دوست سے غسل و بے گانہ ہو جائے گا''۔

پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اے ابن رواحہ! اللہ کے حرم میں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے' تو یہ شعر پڑھتا ہے؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! اسے اپنا کام کرنے دو' قسم ہے مجھے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' اس کا کلام ان پر تیر لگنے سے زیادہ سخت ہے۔

3428 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا وَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَرْبِ الْمَوْتِ مَا وَجَدَ، قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَ أَبَاهُ فَقَالَ: لَا كَرْبَ عَلَى أَبِيكِ بَعْدَ الْيَوْمِ، إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ مِنْ أَبِيكِ مَا لَيْسَ اللّٰهُ بِتَارِكٍ مِنْهُ أَحَدًا، مُوَافَاتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی سختی کو پایا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ پر کیا سختی ہو رہی ہے! آپ نے فرمایا: آج کے دن کے بعد تیرے باپ پر تکلیف نہیں آئے گی۔ آپ کے پاس وہ آئی ہے جو قیامت کے دن مرنے کے وقت حاضر ہوگی۔

3429 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

3428- الحديث سبق برقم: 3367 فراجعه . وقد أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 1629 . والترمذي في الشمائل رقم الحديث: 379 من طريق نصر بن علي به .

3429- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 140 قال: حدثنا زيد بن الحباب . والنسائي في عمل اليوم والليلة

اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا فِي اللّٰهِ. قَالَ: فَأَعْلَمْتَهُ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَأْتِهِ فَأَعْلِمْهُ. قَالَ: فَأَتَاهُ فَأَعْلَمَهُ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ. قَالَ: أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ

آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں فلاں آدمی سے محبت کرتا ہوں اللہ کی رضا کے لیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو تو نے بتایا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اس کو بتا اور کہہ: اے فلاں! میں تجھ سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں، اس نے جواباً کہا: تو مجھ سے محبت کرتا ہے میں بھی تجھ سے محبت کرتا ہوں۔

3430 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا بَزِيعٌ أَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَلَغَهُ عَنِ اللّٰهِ فَضِيلَةٌ فَلَمْ يُصَدِّقْ بِهَا، لَمْ يَنَلْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ عزوجل نے کوئی فضیلت پہنچی ہو، اس نے اس کی تصدیق نہ کی وہ اس کو نہ پاسکے گا یعنی وہ اس کی قدر نہ کر سکا۔

3431 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: وَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَثَرَ الْوَجَعِ عَلَيْكَ لَبَيِّنٌ. قَالَ: إِنِّي عَلَى مَا تَرَوْنَ، قَدْ قَرَأْتُ الْبَارِحَةَ السَّبْعَ الطُّوَلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کوئی شے پائی، جب صبح ہوئی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ پر پریشانی کے اثرات نظر آتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: جو میں نے دیکھا ہے تم نے نہیں دیکھا' میں نے آج رات سبع طوَل (سات لمبی سورتیں) پڑھی ہیں۔

3432 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِينَ لِمَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا مگر اس میں یہ ضرور فرمایا: اس کا ایمان نہیں جو امانت دار نہیں اور اس کا دین نہیں جو وعدے کا وفادار نہیں۔

رقم الحديث: 182 قال: أخبرني محمد بن عقيل النيسابوري' قال: حدثنا على بن الحسين بن واقد.

3430- الحديث في المقصد العلى برقم: 109.

3431- الحديث في المقصد العلى برقم: 409. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 274 وقال: رواه أبو يعلىٰ' ورجاله ثقات.

3432- الحديث سبق برقم: 2856 فراجعه.

لَا عَهْدَ لَهُ

3433 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ أَعْطَاهُ اللّٰهُ أَجْرَ شَهِيدٍ، وَإِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ سے صدق دل سے شہادت مانگی اس کو شہادت عطا کی جاتی ہے اور شہید کا اجر دیا جاتا ہے اگرچہ وہ اپنے بستر پر ہی مرے۔

3434 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ، إِذَا أَنَا بِإِبْرَاهِيمَ مُسْنِدًا ظَهْرَهُ إِلَى الْبَيْتِ الْمَعْمُورِ، وَإِذَا هُوَ يَدْخُلُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ لَا يَعُودُونَ إِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے ساتویں آسمان پر لے جایا گیا میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا آپ بیت المعمور کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ بیت المعمور ایسا گھر ہے جس میں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں پھر دوبارہ نہیں آتے ہیں۔

3435 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْبُرْجُمِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ أَوْ ثَلَاثُ أَخَوَاتٍ، فَاتَّقَى اللّٰهَ، وَأَقَامَ عَلَيْهِنَّ، كَانَ مَعِي فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَأَوْمَأَ بِالسَّبَّاحَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی تین بیٹیاں ہوں یا تین بہنیں ہوں ان کے متعلق اللہ سے ڈرے، ان کی اچھی دیکھ بھال کرے وہ میرے ساتھ جنت میں اس طرح ہو گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبابہ اور وسطیٰ کے ساتھ اشارہ کیا۔

3436 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ثابت البنانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے

3433- الحديث سبق برقم: 3359 فراجعه .

3434- أخرجه مسلم ضمن حديث الاسراء الطويل في الايمان: 162 من طريق شيبان بن فروخ بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد3صفحه153,149,148 من طريق حسن بن موسٰى .

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي سَارَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُشْرِفُ عَلَى أَهْلِ النَّارِ فَيُنَادِيهِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ قَالَ: لَا، وَاللّٰهِ مَا أَعْرِفُكَ، مَنْ أَنْتَ وَيْحَكَ؟ قَالَ: أَنَا الَّذِي مَرَرْتَ بِي فِي الدُّنْيَا فَاسْتَسْقَيْتَنِي شَرْبَةَ مَاءٍ فَسَقَيْتُكَ، فَاشْفَعْ لِي بِهَا عِنْدَ رَبِّكَ . قَالَ: فَدَخَلَ ذَلِكَ الرَّجُلُ عَلَى اللّٰهِ فِي زُوَّرِهِ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، إِنِّي أَشْرَفْتُ عَلَى أَهْلِ النَّارِ فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَنَادَى: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ فَقُلْتُ: لَا، وَاللّٰهِ مَا أَعْرِفُكَ، وَمَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا الَّذِي مَرَرْتَ بِي فِي الدُّنْيَا فَاسْتَسْقَيْتَنِي فَسَقَيْتُكَ، فَاشْفَعْ لِي بِهَا عِنْدَ رَبِّكَ، يَا رَبِّ، فَشَفِّعْنِي فِيهِ قَالَ: فَيُشَفِّعُهُ اللّٰهُ فِيهِ، وَأَخْرَجَهُ مِنَ النَّارِ

حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی اہل جنت میں سے جہنم کی طرف دیکھے گا، جہنم میں سے ایک آدمی اس کو آواز دے گا اے فلاں کیا تو مجھے پہچانتا ہے؟ وہ کہے گا: اللہ کی قسم! میں تجھے نہیں پہچانتا ہوں تو کون ہے تیرے لیے ہلاکت ہو؟ وہ کہے گا: میں وہی ہوں دنیا میں تو میرے پاس سے گزرا تھا تو نے مجھ سے پانی مانگا تھا میں نے تجھے پینے کے لیے دیا تھا، میری اپنے رب کے ہاں سفارش کرو۔ وہ آدمی اپنے رب کے پاس آئے گا اور عرض کرے گا: اے رب! میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا اہل جہنم سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے آواز دی: اے فلاں! کیا تو مجھے پہچانتا ہے، میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں تجھے نہیں پہچانتا ہوں تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں وہی ہوں جو تو دنیا میں میرے پاس سے گزرا تھا تو نے مجھ سے پانی مانگا تھا، میں نے تجھے پینے کے لیے دیا تھا، میری رب کے ہاں شفاعت کرو، اے اللہ! میں اس کی شفاعت کرتا ہوں۔ اللہ عزوجل اس کی شفاعت قبول کرے گا، اس کو جہنم سے نکال دے گا۔

3478 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَخُو الْمُقَدَّمِيِّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا أَتَيْتُ أَنَسًا يُخْبَرُ بِمَكَانِي فَأَدْخُلُ عَلَيْهِ فَآخُذُ يَدَيْهِ فَأُقَبِّلُهُمَا، وَأَقُولُ: بِأَبِي هَاتَيْنِ الْيَدَيْنِ اللَّتَيْنِ مَسَّتَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأُقَبِّلُ عَيْنَيْهِ

حضرت ثابت رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں جب بھی آتا' حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس میری اپنی جگہ کی خبر دی جاتی جہاں کہ آپ رضی اللہ عنہ تھے۔ میں آپ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا ان کے ہاتھ پکڑے ان دونوں کو بوسہ دیا' میں کہتا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! یہ دونوں ہاتھ وہ ہیں

رواه أبو يعلى' وفيه: على بن أبى سارة' وهو متروك .

3478- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1430** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **325** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

وَأَقُولُ: بِأَبِي هَاتَيْنِ الْعَيْنَيْنِ اللَّتَيْنِ رَأَتَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جنہوں نے حضور ﷺ کے ہاتھوں کو چھوا ہے، میں نے ان کی آنکھوں کو بوسہ دیا، میں کہتا: یہ دو آنکھیں وہ ہیں جنہوں نے ساری کائنات کے سردار محمد رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے۔

3479 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا أَتَيْتُ أَنَسًا، دَعَا بِطِيبٍ فَمَسَحَ بِيَدَيْهِ وَعَارِضَيْهِ

حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آتا تو آپ خوشبو منگواتے، اس کو ہاتھوں اور جسم پر ملتے تھے۔

3480 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ جَمِيلَةَ، أُمِّ وَلَدِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَتْ: كَانَ ثَابِتٌ إِذَا أَتَى أَنَسًا، قَالَ أَنَسٌ: يَا جَارِيَةُ، هَاتِي لِي طِيبًا أَمْسَحْ يَدَيَّ، فَإِنَّ ابْنَ أُمِّ ثَابِتٍ إِذَا جَاءَ لَمْ يَرْضَ حَتَّى يُقَبِّلَ يَدَيَّ

حضرت محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے باپ نے مجھے بتایا کہ وہ حضرت جمیلہ ام ولد حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتی ہیں حضرت ثابت رحمۃ اللہ علیہ جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آتے، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے: اے لونڈی! میرے لیے خوشبو لاؤ میں ہاتھوں پہ لگاؤں۔ ام ثابت کا بیٹا جب آتا ہے وہ ہاتھوں کو بوسہ دیا بغیر راضی نہیں ہوتا ہے۔

3481 - حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي سَارَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ، فَقَالَ: أَلَسْتَ مُسْلِمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا، اس کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو مسلمان نہیں ہے؟ اس نے عرض کی: کیوں نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مہندی لگاؤ ان کو۔

3479- الحديث في المقصد العلي برقم: **84** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **169** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله ثقات .

3480- الحديث في المقصد العلي برقم: **87** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **130** وقال: رواه أبو يعلى، وجميلة هذه لم أر من ترجمها .

3481- الحديث في المقصد العلي برقم: **1557** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **160** وقال: رواه أبو يعلى وفيه علي بن أبي سارة، وهو متروك .

۔ قَالَ: بَلَى ۔ قَالَ: فَاخْتَضِبْ

3482 - حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ الشَّعِيرِيُّ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي حَزْمٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ (إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا) (فصلت: 30) وَقَالَ: قَدْ قَالَهَا نَاسٌ ثُمَّ كَفَرَ أَكْثَرُهُمْ، فَمَنْ قَالَهَا حَتَّى يَمُوتَ فَهُوَ مِمَّنِ اسْتَقَامَ عَلَيْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر یہ آیت پڑھی: ''وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر استقامت اختیار کی'' بے شک یہ بات لوگوں نے کہی پھر ان میں سے اکثر کافر ہو گئے جس نے یہ کلمہ کہا یہاں تک کہ وہ مر گیا وہ استقامت والا ہے۔

3483 - حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ؟ ۔ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ ۔ قَالَ: خِيَارُكُمْ أَطْوَلُكُمْ أَعْمَارًا إِذَا سَدَّدُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو بہتر لوگوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیوں نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہیں جن کی عمریں لمبی ہوں اور عمل اچھے ہوں۔

3484 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُؤْتَى بِرَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ، كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، خَيْرَ مَنْزِلٍ ۔ فَيَقُولُ لَهُ: سَلْ وَتَمَنَّهْ ۔ فَيَقُولُ: مَا أَسْأَلُ وَأَتَمَنَّى إِلَّا أَنْ تَرُدَّنِي إِلَى الدُّنْيَا فَأُقْتَلُ عَشْرَ مَرَّاتٍ، لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل جنت میں سے ایک آدمی لایا جائے گا، اس سے کہا جائے گا: اے انسان! تو اپنی جگہ کیسے پاتا ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے رب! اچھی جگہ ہے، اللہ عزوجل اس کو کہے گا: مانگو احسان کیا جائے گا، وہ عرض کرے گا: یا اللہ! میں نہ مانگتا ہوں نہ تمنا کرتا ہوں مگر یہ ہے کہ مجھے دنیا میں واپس بھیج دے میں دس مرتبہ شہید کیا جاؤں کیونکہ اس نے

3482- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3250 . والنسائى فى الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: 433 .

3483- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1767 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 203 وقال: رواه أبو يعلى واسناده حسن .

3484- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 284,239,153,131,126 . والحاكم فى المستدرك جلد 2 صفحه 75 من حديث حماد .

الشَّهَادَةِ، وَيُؤْتَى بِرَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَيَقُولُ: ابْنَ آدَمَ، كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، شَرَّ مَنْزِلٍ، مَرَّاتٍ. أَتَفْتَدِي بِطِلَاعِ الْأَرْضِ ذَهَبًا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، أَيْ رَبِّ. فَيَقُولُ: كَذَبْتَ: قَدْ سَأَلْتُكَ مَا هُوَ أَهْوَنُ مِنْ هَذَا، فَيُرَدُّ إِلَى النَّارِ

شہادت کی فضیلت کو دیکھا ہے' اہل جہنم میں سے ایک آدمی لایا جائے گا، اس سے کہا جائے گا اے ابن آدم کیسی جگہ پاتا ہے؟ وہ عرض کرے گا اے رب بہت بری جگہ ہے۔ اللہ پاک فرمائے گا کیا تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے زمین بھر سونا دے گا؟ وہ عرض کرے گا جی ہاں اے رب۔ اللہ پاک فرمائے گا تو جھوٹ بولتا ہے، میں نے تجھ سے اس سے زیادہ آسان مطالبہ کیا تھا، پھراس کوجہنم میں ہانک دیا جائے گا۔

3485 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ لَهَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ، مَا يَسُرُّهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا إِلَّا الشَّهِيدُ، فَإِنَّهُ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی جان ایسی نہیں کہ جو مر جائے اور اللہ کے ہاں اس کا بہتر مقام ہو' وہ پسند نہیں کرے گا کہ دنیا میں واپس چلا جائے سوائے شہید کے' وہ پسند کرے گا دنیا کی طرف جانے کو' کیونکہ اُس نے شہادت کی فضیلت دیکھی ہے۔

3486 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِالْبُرَاقِ وَهُوَ دَابَّةٌ، أَبْيَضُ، فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُونَ الْبَغْلِ، يَضَعُ حَافِرَهُ حَيْثُ يَنْتَهِي طَرْفُهُ، قَالَ: فَرَكِبْتُهُ حَتَّى سَارَ بِي، حَتَّى أَتَيْتُ عَلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَرَبَطْتُ الدَّابَّةَ بِالْحَلْقَةِ الَّتِي تُرْبَطُ بِهَا الْأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَصَلَّيْتُ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجْتُ فَأَتَانِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس براق لایا گیا' براق ایسا جانور ہے کہ وہ سفید ہے اور گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا ہے' اپنا پاؤں وہاں رکھتا ہے جہاں اس کی آنکھ کی انتہاء ہوتی ہے وہاں اس کا قدم پہنچتا ہے۔ آپ نے فرمایا: میں اس پر سوار ہوا یہاں تک کہ وہ مجھے لے کر چلا' مجھے بیت المقدس پہنچایا' میں نے اپنا جانور باندھا' جس جگہ انبیاء علیہ السلام نے اپنے جانور باندھے تھے' پھر میں مسجد میں

3485- مختصر من الذی قبله برقم: 3484 فراجعه.

3486- أخرجه مسلم رقم الحديث: 162 من طريق شيبان بن فروخ' حدثنا حماد بن سلمة به. والحديث تقدم برقم: 3434,3362 فراجعه.

جِبْرِيلُ بِإِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ وَإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ، فَأَخَذْتُ
اللَّبَنَ، فَقَالَ لِي جِبْرِيلُ: اخْتَرْتَ الْفِطْرَةَ ۔ قَالَ: ثُمَّ
عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ
فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ فَقَالَ: جِبْرِيلُ ۔ فَقِيلَ: مَنْ مَعَكَ؟
قَالَ: مُحَمَّدٌ ۔ قِيلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ
أُرْسِلَ إِلَيْهِ ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِآدَمَ فَرَحَّبَ وَدَعَا
لِي بِخَيْرٍ، ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ،
فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ، فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيلُ ۔
قِيلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ۔ قِيلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ
إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِابْنَيِ
الْخَالَةِ، يَحْيَى وَعِيسَى، فَرَحَّبَا بِي، وَدَعَوَا لِي
بِخَيْرٍ، ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ، فَاسْتَفْتَحَ
جِبْرِيلُ، فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيلُ ۔ فَقِيلَ: وَمَنْ
مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ۔ قِيلَ: أَوَ قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ:
قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِيُوسُفَ، وَإِذَا هُوَ
قَدْ أُعْطِيَ شَطْرَ الْحُسْنِ، فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ،
ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ
فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيلُ ۔ فَقِيلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟
قَالَ: مُحَمَّدٌ ۔ قِيلَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ
أُرْسِلَ إِلَيْهِ ۔ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِإِدْرِيسَ، فَرَحَّبَ
وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ، قَالَ: يَقُولُ اللَّهُ: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا
عَلِيًّا﴾ (مريم: 57) ، ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ
الْخَامِسَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ فَقَالَ:
جِبْرِيلُ ۔ فَقِيلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ۔ قِيلَ: أَوَ

داخل ہوا' میں نے اس میں دو رکعت (نفل) ادا کیے' پھر
میں نکلا تو حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس ایک برتن
لائے جس میں شراب تھی اور ایک برتن لائے جس میں
دودھ تھا' تو میں نے دودھ لے لیا' مجھے حضرت
جبریل علیہ السلام نے عرض کی: آپ نے فطرت کو اختیار کیا ہے'
آپ نے فرمایا: پھر مجھے حضرت جبریل علیہ السلام آسمانِ دنیا
کی طرف لے گئے' حضرت جبریل نے دروازہ کھٹکھٹایا'
کہا گیا: آپ کون ہیں؟ فرمایا: جبریل! کہا گیا: آپ
کے ساتھ کون ہے؟ فرمایا: محمد ﷺ! عرض کی گئی: ان کی
طرف بلوانے کے لیے بھیجا گیا ہے؟ فرمایا: آپ کو
بلوانے کے لیے بھیجا گیا ہے' پس ہمارے لیے دروازہ
کھول دیا گیا تو آگے آدم علیہ السلام تھے' آپ نے خوش آمدید
کہا اور میرے لیے اچھی دعا کی۔ پھر مجھے دوسرے
آسمان کی طرف لے جایا گیا تو حضرت جبریل نے
دروازہ کھٹکھٹایا' عرض کی گئی: آپ کے ساتھ کون ہے؟
حضرت جبریل نے فرمایا: محمد ﷺ! عرض کی گئی: آپ کو
بلوانے کے لیے بھیجا گیا ہے؟ حضرت جبریل نے فرمایا:
آپ کو لانے کے یے بھیجا گیا ہے' پس ہمارے لیے
دروازہ کھول دیا گیا تو وہاں میری خالہ کے دو بیٹے یحییٰ
اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام تھے' دونوں نے مجھے خوش آمدید کہا'
دونوں نے میرے لیے اچھی دعا کی۔ پھر مجھے تیسرے
آسمان کی طرف لے جایا گیا' حضرت جبریل نے
دروازہ کھٹکھٹایا' عرض کی گئی: آپ کون ہیں؟ فرمایا:
جبریل! عرض کی گئی: آپ کے ساتھ کون ہے؟ فرمایا:

قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ ـ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا بِهَارُونَ، فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِخَيْرٍ، ثُمَّ عُرِجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ، فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ فَقِيلَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: جِبْرِيلُ ـ قِيلَ: وَمَنْ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحَمَّدٌ ـ قِيلَ: قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ ـ فَفُتِحَ لَنَا، فَإِذَا أَنَا بِإِبْرَاهِيمَ، وَإِذَا هُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ إِلَى الْبَيْتِ، فَيَدْخُلُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ إِلَيْهِ، ثُمَّ ذَهَبَ بِي إِلَى السِّدْرَةِ الْمُنْتَهَى، فَإِذَا وَرَقُهَا كَآذَانِ الْفِيلَةِ وَإِذَا ثَمَرُهَا كَالْقِلَالِ، فَلَمَّا غَشِيَهَا مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا غَشِيَ تَغَيَّرَتْ، فَمَا أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ يُحْسِنُ يَصِفُهَا مِنْ حُسْنِهَا قَالَ: فَأُوحِيَ إِلَيَّ مَا أُوحِيَ، وَفُرِضَتْ عَلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ خَمْسُونَ صَلَاةً قَالَ: فَنَزَلْتُ إِلَى مُوسَى فَقَالَ: مَا فَرَضَ عَلَى أُمَّتِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: خَمْسِينَ صَلَاةً فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ـ قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ، فَارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيفَ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى رَبِّي فَقُلْتُ: أَيْ رَبِّ، خَفِّفْ عَنْ أُمَّتِي ـ فَحَطَّ عَنِّي خَمْسًا، فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَى فَقَالَ: مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: حَطَّ عَنِّي خَمْسًا ـ قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ، ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيفَ، فَلَمْ أَزَلْ أَرْجِعُ إِلَى رَبِّي فَأَسْأَلُهُ التَّخْفِيفَ فِيمَا بَيْنَ رَبِّي وَبَيْنَ مُوسَى، حَتَّى قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، هِيَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، بِكُلِّ صَلَاةٍ عَشْرٌ، فَتِلْكَ خَمْسُونَ صَلَاةً، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا

محمد ﷺ! عرض کی گئی: کیا آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا؟ حضرت جبریل نے فرمایا: آپ کو لانے کے بھیجا گیا ہے' پس ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا تو آگے حضرت یوسف علیہ السلام تھے' آپ کو آدھا حسن دیا گیا تھا' آپ نے مجھے خوش آمدید کہا اور اچھی دعا کی۔ پھر مجھے چوتھے آسمان کی طرف لے جایا گیا' حضرت جبریل نے دروازہ کھٹکھٹایا' عرض کی گئی: آپ کون ہیں؟ فرمایا: جبریل! عرض کی گئی: آپ کے ساتھ کون ہے؟ فرمایا: محمد ﷺ! عرض کی گئی: کیا آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا؟ حضرت جبریل نے فرمایا: آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا' پس ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا تو آگے ادریس علیہ السلام تھے' آپ نے بھی خوش آمدید کہا اور اچھی دعا دی' اللہ عزوجل نے آپ ہی کے متعلق فرمایا کہ ''ہم نے آپ کو بلند مقام عطا کیا ہے''۔ پھر مجھے پانچویں آسمان کی طرف لے جایا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے دروازہ کھٹکھٹایا' عرض کی گئی: آپ کون ہیں؟ فرمایا: جبریل! عرض کی گئی: آپ کے ساتھ کون ہے؟ فرمایا: محمد ﷺ! عرض کی گئی: آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا ہے؟ فرمایا: آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا ہے' پس ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا تو ہمارے آگے حضرت ہارون علیہ السلام تھے' آپ نے بھی خوش آمدید کہا اور میرے لیے دعائے خیر کی۔ پھر مجھے چھٹے آسمان کی طرف لے جایا گیا' حضرت جبریل علیہ السلام نے دروازہ کھٹکھٹایا' عرض کی گئی: آپ کون ہیں؟ فرمایا: جبریل! عرض کی گئی: آپ کے

كُتِبَتْ حَسَنَةً، وَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ عَشْرًا، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ شَيْءٌ، وَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ سَيِّئَةً وَاحِدَةً. فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَى، فَأَخْبَرْتُهُ، قَالَ: ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيفَ قَالَ: قَدْ رَجَعْتُ إِلَى رَبِّي حَتَّى اسْتَحْيَيْتُ

ساتھ کون ہے؟ فرمایا: محمد ﷺ! عرض کی گئی: آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا ہے؟ فرمایا: آپ کو لانے کے لیے بھیجا گیا ہے' پس ہمارے لیے دروازہ کھول دیا گیا' وہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا جو بیت المعمور سے ٹیک لگائے ہوئے ہیں' اس بیت المعمور میں ہر دن ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں جو پھر دوبارہ داخل نہیں ہوتے ہیں۔ پھر مجھے سدرۃ المنتہٰی لے جایا گیا' سدرۃ المنتہٰی کے پتے ہاتھی کے دانت کی طرح ہیں' اس کے پھل قلال کی طرح ہیں' جب اللہ کا حکم ڈھانپ لیتا ہے تو اس کو کوئی تبدیل نہیں کر سکتا ہے' اللہ کی مخلوق میں سے کوئی اس سے زیادہ حسین نہیں ہے' میری طرف وحی کی گئی جو کی گئی' مجھ پر ہر دن پچاس نمازیں فرض کی گئیں' میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا' حضرت موسیٰ نے عرض کی: آپ کی اُمت پر کتنی نمازیں فرض ہوئی ہیں؟ میں نے فرمایا: دن و رات میں پچاس! حضرت موسیٰ نے عرض کی: آپ کی اُمت اس کی طاقت نہیں رکھتی ہے' آپ واپس رب کی بارگاہ میں جائیں اور کم کرنے کی درخواست عرض کریں۔ پس میں اپنے رب کی طرف واپس گیا اور میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت سے نمازیں کم کر! اس کے بعد پانچ نمازیں کم کی گئیں' میں دوبارہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس گیا تو حضرت موسیٰ نے عرض کی: کیا کیا؟ آپ نے فرمایا: میں نے کہا کہ پانچ نمازیں مجھ سے کم کی گئی ہیں' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: آپ کی اُمت اس کی طاقت نہیں

رکھتی ہے' آپ دوبارہ رب کی بارگاہ میں جائیں اور کم کرنے کی عرض کریں' پس میں مسلسل اپنے رب کی بارگاہ میں جاتا رہا اور کم کرنے کی عرض کرتا رہے' جو میرے اور موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بات ہوتی رہی یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے فرمایا: ہر دن و رات پانچ نمازیں پڑھ لیں' آپ کو ثواب پچاس نمازوں کا دیا جائے گا' جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور کی نہیں تو اس کے لیے ایک مکمل نیکی لکھی جائے گی' اگر اُس نے وہ نیکی کر لی تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی' جس نے بُرائی کا ارادہ کیا اور بُرائی کی نہیں تو اس کے لیے کوئی گناہ نہیں لکھا جائے گا اور اگر اُس نے بُرائی کر لی تو ایک ہی بُرائی لکھی جائے گی۔ میں دوبارہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو حضرت موسیٰ نے عرض کی: آپ دوبارہ اپنے رب کی بارگاہ میں جائیں اور مزید کم کرنے کی عرض کریں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں دوبارہ اپنے رب کی بارگاہ میں جاؤں مجھے اس سے حیاء آتی ہے۔

3487 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ حَارِثَةَ خَرَجَ نَظَّارًا فَأَتَاهُ سَهْمٌ فَقَتَلَهُ، فَقَالَتْ أُمُّهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ عَرَفْتَ مَوْضِعَ حَارِثَةَ مِنِّي، فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ، وَإِلَّا رَأَيْتَ مَا أَصْنَعُ، قَالَ: يَا أُمَّ حَارِثَةَ، إِنَّهَا لَيْسَتْ بِجَنَّةٍ وَاحِدَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ جنگ کے لیے نکلے، ایک تیر ان کو لگا اور وہ شہید ہو گئے۔ ان کی امی نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم حارثہ رضی اللہ عنہ کی جگہ جانتے ہیں (وہ کہاں ہے)؟ اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کرتی ہوں' اگر نہیں تو آپ دیکھیں میں کیا کرتی ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

3487- أخرجه أحمد جلد3صفحه124 . قال حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد3صفحه272 قال: حدثنا عفان . وأخرجه الترمذي رقم الحديث: 3174 قال: حدثنا عبد بن حُميد' قال: حدثنا روح بن عبادة' عن سعيد .

وَلَـكِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيرَةٌ، وَإِنَّ حَارِثَةَ لَفِي أَفْضَلِهَا - أَوْ قَالَ:- فِي أَعْلَى الْفِرْدَوْسِ قَالَ يَزِيدُ: أَنَا أَشُكُّ

اے ام حارثہ! جنت ایک تو نہیں! جنتیں بہت زیادہ ہیں اور حارثہ سب سے افضل جنت میں ہے یا وہ جنت الفردوس میں ہے۔ یزید فرماتے ہیں: مجھے شک ہے۔

3488 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصَلَ آخِرَ الشَّهْرِ وَوَاصَلَ نَاسٌ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَوْ مُدَّ لَنَا الشَّهْرُ لَوَاصَلْتُ وِصَالًا يَدَعُ الْمُتَعَمِّقُونَ تَعَمُّقَهُمْ، إِنَّكُمْ لَسْتُمْ مِثْلِي، إِنِّي أَبِيتُ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال رکھنا شروع کیے تو لوگوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو صوم وصال رکھنے سے منع فرما دیا اور فرمایا: اگر ہمارے لیے مہینہ لمبا بھی ہو جائے تو میں ایسے صومِ وصال رکھوں کہ پرکھنے والے پرکھتے رہ جائیں، تم میری مثل نہیں ہو، بے شک میں رات اس حال میں زارتا ہوں کہ میرا رب مجھے کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی ہے۔

3489 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دعا کے لیے ہاتھ اُٹھاتے تھے یہاں تک کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

3490 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْقَدَحِ الْمَاءَ وَاللَّبَنَ وَالنَّبِيذَ وَالْعَسَلَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اس پیالہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی، دودھ، نبیذ اور شہد پلایا ہے۔

3491 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ،

حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

3488- الحديث سبق برقم: 3268,3204,3087,3042,2963,2867 فراجعه .

3489- الحديث سبق برقم: 2928 فراجعه .

3490- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 247 . ومسلم جلد 6 صفحه 104 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، وزهير بن حرب . وأخرجه الترمذي في الشمائل رقم الحديث: 196 قال: حدثنا عبد الله بن عبد الرحمٰن الدارمي، قال: أنبأنا عمرو بن عاصم .

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ لِامْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ: أَمَا تَعْرِفِينَ فُلَانَةً؟ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهَا وَهِيَ تَبْكِي عَلَى قَبْرٍ فَقَالَ لَهَا: اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي. فَقَالَتْ لَهُ: إِلَيْكَ عَنِّي، فَإِنَّكَ لَا تُبَالِي بِمُصِيبَتِي، قَالَ: وَلَمْ تَكُنْ عَرَفَتْهُ، فَقِيلَ لَهَا: إِنَّ هَذَا رَسُولُ اللَّهِ. فَأَخَذَهَا مِثْلُ الْمَوْتِ، فَجَاءَتْ عَلَى بَابِهِ، فَلَمْ تَجِدْ عَلَيْهِ بَوَّابًا فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي لَمْ أَعْرِفْكَ. فَقَالَ: إِنَّ الصَّبْرَ عِنْدَ أَوَّلِ صَدْمَةٍ

انس رضی اللہ عنہ کو ایک خاندان کی عورت کو فرماتے ہوئے سنا: کیا تو فلانی کو پہچانتی ہے؟ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے' وہ قبر پر رو رہی تھی' آپ نے اس کو فرمایا: اللہ سے ڈر اور صبر کر! اس نے کہا: آپ مجھ سے دور رہیں' آپ کو کوئی پرواہ نہیں ہے کیونکہ مصیبت مجھے پہنچی ہے۔ وہ عورت آپ کو نہیں پہچانتی تھی' اس سے کہا گیا: یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' اُس کو موت کی طرح کسی چیز نے پکڑ لیا' آپ کے دروازہ پر آئی' آپ کا دربان نہ پایا تو عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو پہچانا نہیں' آپ نے اس کو فرمایا: صبر صدمے کی ابتداء میں ہوتا ہے۔

3492 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشَفَةً، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ الْخَشَفَةُ؟ فَقِيلَ: الرُّمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا میں نے ایک آہٹ سنی ہے' میں نے کہا: کس کی آہٹ ہے؟ عرض کی گئی: رمیصاء بنت ملحان کی۔

3493 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى نُخَامَةً فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَحَكَّهَا بِيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں قبلہ کی جانب تھوک دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اس کو صاف کر دیا۔

3494 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3492- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **239** قال: حدثنا حسن . وفي جلد **3** صفحه **268** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حميد: **1346** قال: حدثني سليمان بن حرب .

3493- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **212** قال: حدثنا عبد الصمد . وجلد **3** صفحه **238** قال: حدثنا حسن . وجلد **3** صفحه **252** قال: حدثنا عفان .

3494- الحديث سبق برقم: **3361** فراجعه .

حَـمَّـادٌ، أَخْبَـرَنَـا ثَـابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَـاهُ جِبْرِيلُ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَأَخَذَهُ فَصَرَعَهُ فَشَقَّ عَنْ قَلْبِهِ، فَاسْتَخْرَجَ مِـنْـهُ عَـلَـقَةً، فَـقَـالَ: هَـذَا حَظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ، ثُمَّ غَسَـلَـهُ فِـي طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ لَأَمَهُ وَأَعَادَهُ فِي مَكَانِهِ وَأَتَى الْغِلْمَانُ يَسْعَوْنَ إِلَى أُمِّهِ - يَعْنِي: ظِئْرَهُ - فَقَالُوا: إِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ قُتِلَ فَاسْتَقْبَلَتْهُ وَهُـوَ مُـنْـتَـقِـعُ الـلَّوْنِ، قَالَ أَنَـسٌ: وَكُنْتُ أَرَى أَثَرَ الْـمِـخْيَـطِ فِي صَدْرِهِ وَرُبَّمَا قَالَ حَمَّادٌ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ آتٍ

حضور ﷺ کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اس حالت میں کہ آپ ﷺ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے، آپ ﷺ کو پکڑا اور آپ ﷺ کو لیٹا لیا۔ آپ ﷺ کا قلب اطہر شق کیا' اس سے ایک لوتھڑا نکالا۔ عرض کی: یہ شیطان کا حصہ تھا۔ پھر اس کو دھویا، سونے کے ایک پیالہ میں۔ زمزم کے پانی سے پھر دوبارہ اس جگہ رکھ دیا۔ بچے دوڑ کر اپنی امی کے پاس گئے اور کہنے لگے کہ محمد (ﷺ) کو شہید کیا گیا ہے! حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں' ان کا رنگ بدلا ہوا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا تھا کہ آپ ﷺ کے سینے میں دھاگہ کی طرح کے نشانات تھے اور کبھی حضرت حماد نے یہ الفاظ کہے: آپ کے پاس ایک آنے والا آیا۔

3495 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، وَحُمَيْدٌ، وَثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَـاسًـا مِـنْ عُـرَيْـنَـةَ قَـدِمُـوا الْـمَدِينَةَ فَاجْتَوَوْهَا، فَبَـعَثَهُـمْ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِبِلِ الـصَّـدَقَةِ فَقَالَ: اشْرَبُوا أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا . فَقَتَلُوا رَاعِـيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَاقُوا الْإِبِـلَ، وَارْتَـدُّوا عَنِ الْإِسْلَامِ، فَأُتِيَ بِهِمْ إِلَى النَّبِيِّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ مِنْ خِلَافٍ، وَسَـمَـلَ أَعْيُـنَهُـمْ وَأَلْـقَـاهُمْ بِالْحَرَّةِ، قَالَ أَنَـسٌ: قَـدْ كُـنْـتُ أَرَى أَحَدَهُمْ يَكِيدُ الْأَرْضَ بِفِيهِ حَتَّـى مَـاتُـوا وَرُبَّمَا قَالَ حَمَّادٌ: يَكْدِمُ الْأَرْضَ بِفِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنوعرینہ کا ایک گروہ نبی پاک ﷺ کے پاس آیا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہمیں مدینہ کی آب و ہوا ناموافق آئی ہے۔ ہمارے پیٹ بڑے ہو گئے ہیں اور ہمارے گوشت لاغر ہو گئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ بیت المال کے اونٹوں کے داعی کے پاس جائیں تو انہوں نے اونٹوں کا دودھ اور ان کا پیشاب پیا تو وہ تندرست ہو گئے۔ ان کے جسم بھی ٹھیک ہو گئے انہوں نے نگہبان کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے اور مرتد ہو گئے۔ نبی پاک ﷺ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا ان کو لایا گیا ان کے ہاتھ اور

3495- الحديث سبق برقم: **3298,3159,3034,2875,2808** فراجعه .

حَتَّى مَاتُوا

پاؤں کاٹ دیئے گئے اور آپ ﷺ نے ان کی آنکھیں نکال دیں اور ان کو گرمی میں (سورج کی دھوپ میں) ڈال دیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ان میں سے ایک کو دیکھا وہ اپنے منہ کے ساتھ زمین کو یہاں تک کہ وہ سارے مر گئے' اور کئی بار حضرت حماد نے بھی یوں کلام کیا۔

3496 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّاسَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلَكَ الْمَالُ قَحَطْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَهَلَكَ الْمَالُ، فَاسْتَسْقِ لَنَا . فَقَامَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَاسْتَسْقَى - وَوَصَفَ حَمَّادٌ: بَسَطَ يَدَيْهِ حِيَالَ صَدْرِهِ، وَبَطْنُ كَفَّيْهِ مِمَّا يَلِي الْأَرْضَ - وَمَا فِي السَّمَاءِ قَزَعَةٌ فَمَا انْصَرَفَ حَتَّى أَهَمَّتِ الشَّابَّ الْقَوِيَّ نَفْسُهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى أَهْلِهِ، قَالَ: فَمُطِرْنَا إِلَى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى . فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تَهَدَّمَ الْبُنْيَانُ، وَانْقَطَعَ الرُّكْبَانُ، فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يَكْشِفَهَا عَنَّا، فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا . قَالَ: فَانْجَابَتْ حَتَّى كَانَتِ الْمَدِينَةُ كَأَنَّهَا فِي إِكْلِيلٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے' لوگوں نے چیخنا شروع کیا' عرض کرنے لگے: اے اللہ کے نبی! بارش کی قحط سالی ہے' درخت سرخ ہو گئے ہیں اور جانور مر رہے ہیں' اللہ سے بارش کی دعا کریں! آپ نے عرض کی: اے اللہ! ہم پر بارش برسا! اے اللہ! ہم پر بارش برسا! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! ہم آسمان میں دانہ کے برابر بھی بادل نہیں دیکھ رہے تھے' بادل پیدا ہوئے اور چلنے لگے پھر بارش ہوئی' حضور ﷺ منبر سے نیچے اُترے' آپ نے نماز پڑھائی اور سلام پھیرا' پھر دوسرے جمعہ تک مسلسل بارش ہوتی رہی' جب حضور ﷺ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے تو لوگوں نے چیخنا شروع کر دیا' عرض کی: اے اللہ کے نبی! گھر گرنے شروع ہو گئے ہیں' راستے بند ہو گئے ہیں' اللہ سے بارش رکنے کی دعا کریں! آپ نے عرض کی: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسا اور ہم پر نہ برسا! پس مدینہ سے بارش اُٹھ گئی اور اردگرد برسنے لگی' مدینہ میں ایک قطرہ بھی نہیں برسا' میں نے مدینہ کو

3496- الحديث سبق برقم: **3321** فراجعه .

دیکھا تو تھال کی مثل تھا۔

3497 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، أَخْبَـرَنَـا ثَـابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ كَانَتْ مَعَ أَبِي طَلْحَةَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَإِذَا مَعَ أُمِّ سُلَيْمٍ خِنْجَرٌ، فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: مَا هَذَا مَعَكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ؟ قَالَتِ: اتَّخَذْتُهُ إِنْ دَنَا مِنِّي أَحَدٌ مِنَ الْكُفَّارِ أَبْعَجُ بِهِ بَطْنَهُ . فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَلَا تَسْمَعُ إِلَى مَا تَقُولُ أُمُّ سُلَيْمٍ، تَقُولُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُتِلَ مَنْ بَعْدَنَا مِنَ الطُّلَقَاءِ، انْهَزَمُوا بِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، إِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفَى وَأَحْسَنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھیں خیبر کے دن حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس خنجر تھا۔ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے اُم سلیم! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ خنجر ہے اگر مشرکوں میں سے کوئی میرے قریب آیا۔ اس کے ساتھ ماروں گی۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ سن رہے ہیں کہ ام سلیم کیا کہہ رہی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس اس طرح کچھ کہہ رہی ہیں' ابوحرب کے پاس جا اسے قتل کر۔ فرمایا: بے شک اللہ کافی ہے اور اچھا ہے۔

3498 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، حَـدَّثَـنَـا ثَـابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ يَعُودُهُ وَقَدْ صَارَ كَالْفَرْخِ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ سَأَلْتَ اللّٰهَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي فِي الْآخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا طَاقَةَ لَكَ بِعَذَابِ اللّٰهِ، هَلَّا قُلْتَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ میں سے کسی کی عیادت کرنے کے لیے آئے وہ حالت گھبراہٹ میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا کیا تو نے اللہ سے مانگا؟ اس نے عرض کی: میں نے مانگا ہے اللہ سے جو عذاب تو نے مجھے آخرت میں دینا ہے تو مجھے دنیا میں دے دے۔ اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اللہ کا عذاب برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا' تو نے یہ کیوں نہیں کہا کہ اے اللہ! تو مجھ کو دنیا اور آخرت میں بھلائی عطا فرما۔

3499 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3497- الحديث سبق برقم: **3398** فراجعه .

3498- أخرجه مسلم جلد**2**صفحه**344** عن زهير به . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**288** عن عفان به .

3499- الحديث في المقصد العلي برقم: **426** . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**268** من طريق عفان به . وأخرجه البزار رقم الحديث: **787** من طريق محمد بن معمر' حدثنا الحجاج بن المنهال كلاهما حدثنا حماد بن سلمة به .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: يَا خَالُ، قُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ. فَقَالَ: خَالٌ أَمْ عَمٌّ؟ قَالَ: لَا، بَلْ خَالٌ. وَقَالَ: خَيْرٌ لِي أَنْ أَقُولَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

حضور ﷺ نے انصار کے ایک آدمی کی عیادت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے خالو! کہہ لا الٰہ الا اللہ۔ حضرت ثابت نے کہا: آپ کے چچا یا خالو تھے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ خالو تھے اور اس نے کہا: میرے لیے بہتر ہے کہنا؟ فرمایا: جی ہاں!

3500 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحِي هَذَا الشَّرَابَ كُلَّهُ، الْعَسَلَ وَالنَّبِيذَ وَاللَّبَنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے پیالہ میں حضور ﷺ کو پانی' دودھ' نبیذ اور شہد پلایا ہے۔

3501 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَوُوا، اسْتَوُوا، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِي كَمَا أَرَاكُمْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سیدھے رہو! سیدھے رہو' برابر ہو جاؤ۔ فرمایا' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں تم کو پیچھے سے ایسے ہی دیکھتا ہوں جیسے آگے سے دیکھتا ہوں۔

3502 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَهْلَ الْيَمَنِ، لَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: ابْعَثْ مَعَنَا رَجُلًا يُعَلِّمُنَا السُّنَّةَ وَالْإِسْلَامَ، فَأَخَذَ بِيَدِ أَبِي عُبَيْدَةَ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ: هَذَا أَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل یمن حضور ﷺ کے پاس آئے۔ عرض کی: ہمارے ساتھ ایسا آدمی بھیجیں جو ہمیں دین سکھائے۔ آپ ﷺ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان کے ساتھ بھیج دیا اور فرمایا: یہ اس امت کا امین ہے۔

3503 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

3500- الحديث سبق برقم: 3490 فراجعه .

3501- الحديث سبق برقم: 3277 فراجعه .

3502- الحديث سبق برقم: 3273 فراجعه .

3503- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 119 قال: حدثنا وكيع . وفي جلد 3 صفحه 268 قال: حدثنا عفان . ومسـ

حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيْنَ أَبِي؟ قَالَ: فِي النَّارِ . فَلَمَّا قَفَّى دَعَاهُ قَالَ: إِنَّ أَبِي وَأَبَاكَ فِي النَّارِ

آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا باپ کہاں ہے؟ فرمایا: جہنم میں۔ جب وہ چلا گیا۔ آپ ﷺ نے اس کو بلوایا اور فرمایا کہ میرا چچا اور تیرا باپ جہنم میں ہیں۔

3504 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَهُ ذَاتَ يَوْمٍ صِبْيَانُ الْأَنْصَارِ وَالْإِمَاءُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا استقبال ایک دن انصار کے بچوں اور بچیوں نے کیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تم سے محبت کرتا ہوں۔

3505 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ امْرَأَةً كَانَ فِي عَقْلِهَا شَيْءٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي حَاجَةً . فَقَالَ: يَا أُمَّ فُلَانٍ، انْظُرِي أَيَّ الطَّرِيقِ شِئْتِ . فَقَامَ مَعَهَا يُنَاجِيهَا حَتَّى قَضَتْ حَاجَتَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت تھی اس کی عقل میں کچھ تھا، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے آپ سے کچھ کام ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے فلاں کی ماں! مجھے پکڑو جس راستہ میں لے جانا چاہتی ہو لے جاؤ' آپ اس کے ساتھ چلتے رہے یہاں تک کہ اس نے اپنی ضرورت پوری کر لی۔

3506 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أُخْتَ الرَّبِيعِ بْنِ حَارِثَةَ، جَرَحَتْ إِنْسَانًا، فَاخْتَصَمُوا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْقِصَاصُ الْقِصَاصُ . فَقَالَتْ أُمُّ الرَّبِيعِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتَقْتَصُّ مِنْ فُلَانَةٍ؟ لَا وَاللّٰهِ لَا تَقْتَصُّ مِنْهَا . فَمَا زَالَتْ حَتَّى قَبِلُوا الدِّيَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع رضی اللہ عنہ کی بہن ام حارثہ نے کسی آدمی کو زخمی کر دیا، وہ اپنا جھگڑا لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے کہا: قصاص' قصاص! حضرت ام ربیع نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ نے فلانی سے قصاص لیا تھا؟ نہیں' اللہ کی قسم! اس سے بھی قصاص نہیں لیا جائے گا۔ وہ مسلسل اپنی بات پر اصرار کرتی رہی یہاں تک کہ

جلد1صفحه132 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' قال: حدثنا عفان .

3504- أخرجه أحمد جلد3صفحه150 قال: حدثنا عبد الصمد' قال: حدثنا محمد بن ثابت . وفي جلد3 صفحه285 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا حماد .

3505- الحديث سبق برقم: 3459 فراجعه .

3506- الحديث سبق برقم: 3383 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللَّهِ مَنْ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ

اُنہوں نے دیت قبول کر لی' تو حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ کے بندوں میں سے کچھ بندے ایسے ہیں جو اللہ پر قسم اٹھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرتا ہے۔

3507 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جان لو کہ ہر دھوکہ باز کی پشت پہ قیامت کے دن جھنڈا لگایا جائے گا۔

3508 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُؤْتَى بِأَشَدِّ النَّاسِ كَانَ بَلَاءً فِي الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُولُ اللَّهُ: اصْبُغُوهُ فِي الْجَنَّةِ صَبْغَةً، فَيُصْبَغُ فِيهَا صَبْغَةً، فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا ابْنَ آدَمَ، هَلْ رَأَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ، أَوْ شَيْئًا تَكْرَهُهُ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَكْرَهُهُ قَطُّ، ثُمَّ يُؤْتَى بِأَنْعَمِ النَّاسِ كَانَ فِي الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَيَقُولُ اللَّهُ: اصْبُغُوهُ صَبْغَةً فِي النَّارِ . فَيُصْبَغُ فِيهَا قَالَ: فَيَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ، هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا قَطُّ؟ قُرَّةَ عَيْنٍ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، وَعِزَّتِكَ مَا رَأَيْتُ خَيْرًا قَطُّ، وَلَا قُرَّةَ عَيْنٍ قَطُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اہل جنت میں سے جس آدمی نے دنیا میں سب سے زیادہ تکلیف برداشت کی ہوگی' اُس کو لایا جائے گا' اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو جنت میں غوطہ دیا جائے۔ اسے غوطہ دیا جائے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے انسان! کیا تو نے کبھی کوئی تکلیف دیکھی ہے؟ یا ایسی شے دیکھی ہے جس کو تو ناپسند کرتا تھا؟ وہ عرض کرے گا: تیری عزت کی قسم! میں نے کبھی کوئی ناپسند اشیاء نہیں دیکھی ہیں، پھر جہنم سے ایک آدمی لایا جائے گا، جو دنیا میں بڑا مال دار تھا، اللہ عزوجل فرمائے گا: اس کو جہنم میں غوطہ دیا جائے گا۔ اللہ پاک فرمائے گا: اے انسان! کیا تو نے کبھی بھلائی دیکھی ہے؟ تیری آنکھ کبھی اس سے ٹھنڈی ہوئی ہے؟ وہ عرض کرے گا: تیری عزت کی قسم! میں نے کبھی بھلائی نہیں دیکھی نہ میری کبھی آنکھ

3507- الحديث سبق برقم: **3369** فراجعه .

3508- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**203** قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد**3**صفحه**253** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: **1313** قال: حدثنا حجاج بن منهال . ومسلم جلد**8**صفحه**135** قال: حدثنا عمرو الناقد' قال: حدثنا يزيد بن هارون .

ٹھنڈی ہوئی ہے۔

3509 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، وَثَابِتٌ، وَحُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ كَانُوا يَسْتَفْتِحُونَ الصَّلَاةَ بِـ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة:2) وَكَانَ حُمَيْدٌ، لَا يَذْكُرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کو الحمد للہ رب العالمین سے قرأت شروع کرتے ہوئے سنا۔

3510 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا وَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے بستر پر آتے تو یہ دعا کرتے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ الٰی آخرہٖ''۔

3511 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُولُ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَبْقَى مِنَ الْجَنَّةِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَبْقَى، ثُمَّ يُنْشِئُ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا مِمَّا يَشَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جنت میں سے وہ چیز باقی رہے گی جو اللہ چاہے گا کہ باقی رہے' اس کے بعد اللہ تعالیٰ اس کے لیے وہ مخلوق پیدا کرے جو چاہے گا۔

3512 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ: اللّٰهُمَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے: اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھی نیکی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور دوزخ

3509- الحديث سبق برقم: **3081** فراجعه .

3510- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 153 . وعبد بن حميد: 1335 قال: حدثنا حسن بن موسى . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 167 قال: حدثنا أبو كامل .

3511- الحديث سبق برقم: **3345** فراجعه .

3512- الحديث سبق برقم: **3384,3442** فراجعه .

آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

کے عذاب سے بچا۔

3513 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا يُقَالَ فِي الْأَرْضِ: اللّٰهُ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ روئے زمین میں کوئی اللہ اللہ کرنے والا نہ رہے۔

3514 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا تُمْطِرَ السَّمَاءُ، وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَحَتَّى يَكُونَ لِلْخَمْسِينَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ، وَحَتَّى إِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَمُرُّ بِالرَّجُلِ فَيَأْخُذُهَا فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا فَيَقُولُ: لَقَدْ كَانَ لِهَذِهِ مَرَّةً رَجُلٌ ذِكْرُهُ حَمَّادٌ، هَكَذَا، وَقَدْ ذَكَرَ حَمَّادٌ، أَيْضًا، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَشُكُّ . وَقَدْ قَالَ أَيْضًا، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا أَحْسِبُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم گفتگو کر رہے تھے کہ قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ آسمان بارش برسانا بند کر دے گا' زمین نہیں اُگائے گی، یہاں تک ایک مرد کی زیر کفالت پچاس عورتیں ہوں گی۔ یہاں تک کہ ایک عورت ایک آدمی کے پاس سے گزرے گی وہ اس کو پکڑے گا، وہ اس کی طرف دیکھے گا، پس وہ کہے گا: کبھی اس کا مرد بھی تھا' اس کو حماد نے ذکر کیا ہے۔ اسی طرح حماد نے یہ بھی ذکر کیا ہے حضرت ثابت سے' اُنہوں نے انس سے' اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے' اس میں شک نہیں ہے' یہ بھی کہا ہے کہ حضرت ثابت سے روایت کیا ہے' ثابت نے انس سے' انس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے' اس میں جو میرا گمان ہے۔

3515 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3513- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **162** . وعبد بن حميد: **1247** . ومسلم جلد **1** صفحه **91** قال: حدثنا عبد بن حميد . والترمذى رقم الحديث: **2207** قال: حدثنا محمد بن بشار' قال: حدثنا ابن أبى عدى .

3514- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **140** قال: حدثنا زيد بن الحُباب' قال: حدثنى حسين بن واقد' قال: حدثنى معاذ بن حرملة' فذكره .

3515- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **213** قال: حدثنا عبد الصمد وحسن . وفى جلد **3** صفحه **286** قال: حدثنا عفان . عبد بن حميد: **1314** قال: حدثنا محمد بن الفضل .

حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَأَيْتُ كَأَنِّي فِي دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ، فَأُتِينَا بِرُطَبٍ مِنْ رُطَبِ ابْنِ طَابٍ، فَأَوَّلْتُ أَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا، وَالْعَاقِبَةَ فِي الْآخِرَةِ، وَأَنَّ دِينَنَا قَدْ طَابَ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے دیکھا گویا کہ میں عقبہ بن رافع کے گھر میں تھا، میرے پاس ابن طاب کی تازہ کھجوریں لائی گئیں۔ میں نے اس کی تاویل کی کہ ہمارے لیے بلندی دنیا میں اور اچھا انجام آخرت میں ہو گا اور بے شک ہمارا دین پاکیزہ ہے۔

3516 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ (إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُعْطِيتُ الْكَوْثَرَ، فَإِذَا نَهْرٌ يَجْرِي وَلَمْ يُشَقَّ شَقًّا، فَإِذَا حَافَّتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِي إِلَى تُرْبَتِهِ فَإِذَا مِسْكَةٌ ذَفِرَةٌ، وَإِذَا حَصَاهُ اللُّؤْلُؤُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' اُنہوں نے یہ آیت پڑھی: ''بے شک ہم نے آپ کو خزانوں کا مالک بنا دیا ہے''۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کوثر عطا فرما دی گئی ہے' پس وہ ایک دریا ہے جو مسلسل چل رہا ہے' اس کے دونوں کناروں پر موتی کے پیالے رکھے ہوئے ہیں' میں نے اس کی مٹی پر ہاتھ مارا جبکہ وہ خوشبودار کستوری ہے اور اس کے اندر کنکر بھی موتیوں کے ہیں۔

3517 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ أَبُو الْمُنْذِرِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبِّبَ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا النِّسَاءُ وَالطِّيبُ، وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں سے میرے لیے میری بیویاں اور خوشبو پسندیدہ بنا دی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

3518 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ أَصْوَاتًا فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْأَصْوَاتُ؟ قَالُوا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آوازیں سنیں، فرمایا: یہ آوازیں کیسی ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یہ کھجوروں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ ایسا نہ کریں تو تب بھی درست ہے۔ وہ صحابہ کرام رک گئے

3516- الحديث سبق برقم: 3276 فراجعه .

3517- الحديث سبق برقم: 3469 فراجعه .

3518- الحديث سبق برقم: 3467 فراجعه .

النَّخلُ يَأْبُرُونَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَوْ لَمْ يَفْعَلُوا لَصَلُحَ ۔ قَالَ: فَلَمْ يَأْبُرُوا عَامَهُمْ، فَصَارَ شِيصًا، قَالَ: فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِذَا كَانَ شَيْءٌ مِنْ أَمْرِ دُنْيَاكُمْ فَشَأْنُكُمْ، وَإِذَا كَانَ شَيْءٌ مِنْ أَمْرِ دِينِكُمْ فَإِلَيَّ

انہوں نے ایک سال ایسا نہیں کیا۔ ان کو نقصان ہوا۔ یہ بات حضور ﷺ کے سامنے کی گئی، آپ ﷺ نے فرمایا: جب دنیا کا معاملہ ہو تو تم ضرور کر لیا کرو۔ اگر دین کا معاملہ ہو تو میری طرف رجوع کیا کرو۔

3519 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ رَأَى شَيْخًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ فَقَالَ: مَا بَالُ هَذَا؟ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ ۔ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيبِ هَذَا نَفْسَهُ يَعْنِي: ثُمَّ أَمَرَهُ فَرَكِبَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اپنے دو بیٹوں کے درمیان چل رہا تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو کیا ہوا ہے؟ اس کے اصحاب نے عرض کی: اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسی نذر سے بے پرواہ ہے' اس کو چاہیے کہ سوار ہو۔

3520 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الْيَهُودَ كَانُوا إِذَا حَاضَتِ الْمَرْأَةُ لَمْ يُؤَاكِلُوهَا وَلَمْ يُجَامِعُوهَا فِي الْبُيُوتِ، فَسَأَلَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ) (البقرة: 222) قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ الْآيَةَ ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوا كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا النِّكَاحَ ۔ فَبَلَغَ ذَلِكَ الْيَهُودَ فَقَالُوا: مَا يُرِيدُ هَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہود ایسے کرتے کہ جب اُن کی عورت کو حیض آتا، اس کے ساتھ نہ کھاتے اور نہ اس کو گھر میں ٹھہراتے۔ حضور ﷺ کے صحابہ نے اس کے متعلق پوچھا، اللہ عزوجل نے حکم نازل فرمایا، آپ سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ فرمائیں: وہ تکلیف ہے' حیض کی حالت میں عورتوں سے جدا ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر کام کرو سوائے وطی کے۔ یہ خبر یہود تک پہنچی تو اُنہوں نے کہا: اس آدمی نے اس سے کیا مراد لیا ہے کہ ہم اپنے معاملہ میں کوئی شی چھوڑ دیں' ہم تو مخالفت ہی کریں گے۔ اس

3519- الحديث سبق برقم: 3411 فراجعه .

3520- أخرجه مسلم رقم الحديث: 302 من طريق زهير بن حرب به . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 132, 133 . والترمذى رقم الحديث: 2981 . والبغوى فى شرح السنة رقم الحديث: 314 من ثلاثة طرق من عبد الرحمٰن . به . وأخرجه الطيالسى برقم: 1933 .

الرَّجُلُ أَنْ يَدَعَ مِنْ أَمْرِنَا شَيْئًا إِلَّا خَالَفَنَا فِيهِ . فَجَاءَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ، فَقَالَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْيَهُودَ قَالَتْ كَذَا وَكَذَا، أَفَلَا نُجَامِعُهُنَّ؟ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ قَدْ وَجَدَ عَلَيْهِمَا، فَخَرَجَا فَاسْتَقْبَلَهُمَا هَدِيَّةٌ مِنْ لَبَنٍ، فَأَرْسَلَ فِي أَثَرِهِمَا فَسَقَاهُمَا، فَعَرَفْنَا أَنْ لَمْ يَجِدْ عَلَيْهِمَا

کے بعد حضرت اُسید بن حضیر اور عباد بن بشر آئے' دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہود نے اس اس طرح کہا ہے' کیا ہم جماع کریں؟ حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک کا رنگ تبدیل ہوگیا یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ ان دونوں پر ناراض ہو گئے ہیں۔ دونوں نکلے' آپ نے دونوں کے لیے دودھ کا ہدیہ دیا' ان کو پیش کیا تو دونوں نے پیا' ہم کو معلوم ہو گیا کہ آپ ان دونوں پر ناراض نہیں ہوئے۔

3521 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَعَا جَعَلَ ظَاهِرَ كَفَّيْهِ مِمَّا يَلِي وَجْهَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی پاک ﷺ اپنے ہاتھ کی ہتھیلی (باطنی طرف) سے دعا کیا کرتے تھے۔

3522 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، أَخْبَرَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ حَتَّى يُقَالَ: قَدْ صَامَ . وَيُفْطِرُ حَتَّى يُقَالَ: قَدْ أَفْطَرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ روزہ رکھتے تھے یہاں تک کہ کہا جاتا آپ ﷺ روزہ ہی رکھیں گے اور افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے آپ ﷺ افطار ہی کریں گے۔

الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جو امام زہری رحمۃ اللہ' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3523 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3521- الحديث سبق برقم: **2904** فراجعه .

3522- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **159** قال: حدثنا أبو كامل مظفر بن مدرك . وفي جلد **3** صفحه **208** قال: حدثنا روح . وفي جلد **3** صفحه **252** قال: حدثنا عفان .

حضور ﷺ نکلے جس وقت سورج ڈھل گیا' آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی جب سلام پھیرا تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' آپ نے قیامت کا ذکر کیا اور قیامت سے پہلے واقع ہونے والے کئی کاموں کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کسی شی کے متعلق سوال کرنا' اس کے متعلق پوچھے' اللہ کی قسم! مجھ سے کسی شی کے متعلق پوچھو گے تو میں تم کو اس مقام پر کھڑے کھڑے ہی بتا دوں گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی کھڑا ہوا' عرض کی: یارسول اللہ! میں کہاں داخل ہوں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جہنم میں! حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا باپ حذافہ ہے۔ پھر کثرت سے سوال ہونے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھٹنوں کے بل گرے اور عرض کرنے لگے: ہم اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گئے۔ جس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی تو آپ ﷺ خاموش ہو گئے' پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میرے سامنے ابھی اس باغ میں جنت اور دوزخ پیش کی گئی تھی' آج کے دن کی طرح میں نے خیر اور شر نہیں دیکھی۔ حضرت زہری فرماتے ہیں: مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے بتایا کہ اُم عبداللہ بن حذافہ نے کہا تھا: میں نے تجھ جیسا نافرمان بیٹا نہیں دیکھا ہے' کیا تو اپنی امی کے ہونے پر راضی ہے' وہ جاہلیت میں جدا ہو گئی تھی' اس نے

عورتوں کے گروہ کے سامنے رسوا کیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر مجھے عبد اسود کے ساتھ ملایا جاتا تو میں اس سے مل جاتا۔

3590 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَنُودِيَ بِالصَّلَاةِ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانا حاضر ہو اور نماز کے لیے اقامت کہی جائے تو پہلے کھانا کھالیا کرو۔

3591 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عمرہ وحج کا اکٹھے تلبیہ کہتے ہوئے سنا۔

3592 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَذْهَبُ الذَّاهِبُ إِلَى الْعَوَالِي وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا تھا، جانے والا عوالی تک جاتا حالانکہ سورج چمک رہا ہوتا تھا۔

3593 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا تھا، جانے والا عوالی تک جاتا حالانکہ سورج چمک رہا ہوتا تھا۔

3591- الحديث سبق برقم: 3013,2806,2786 فراجعه .

3592- الحديث سبق برقم: 3581 فراجعه .

3593- الحديث سبق برقم: 3592,3581 فراجعه .

حَيَّةٌ، ثُمَّ يَذْهَبُ الذَّاهِبُ إِلَى الْعَوَالِي فَيَأْتِيهَا وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ

3594 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْعَوَّامِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ، وَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنَادَى: يَا أَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ اسْتَحَرَّ النِّدَاءُ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، فَلَمَّا سَمِعُوا النِّدَاءَ أَقْبَلُوا، فَوَاللّٰهِ مَا شَبَّهْتُهُمْ إِلَّا إِلَى الْإِبِلِ تَجِيءُ إِلَى أَوْلَادِهَا، فَلَمَّا الْتَقَوْا الْتَحَمَ الْقِتَالُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْآنَ حَمِيَ الْوَطِيسُ وَأَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًى أَبْيَضَ فَرَمَى بِهِ، وَقَالَ: هُزِمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ أَشَدَّ النَّاسِ قِتَالًا بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حنین کا دن تھا، صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر چلے گئے، سوائے ابوسفیان اور عباس بن عبدالمطلب کے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دینے کا حکم دیا، اے سورۂ بقرہ کے اصحاب اور انصار کے گروہ! پھر بنی حارث بن خزرج کو آواز دی گئی، جب انہوں نے آواز سنی وہ آئے' صحابہ کرام آئے' اللہ کی قسم! وہ اتنی تیزی سے آئے کہ میں کسی تیزشی کے ساتھ تشبیہ نہیں دے سکتا' مگر اتنا ہے کہ جس طرح اونٹ اپنی اولاد کے پاس دوڑ کر آتا ہے' جب لڑائی لڑی جا رہی تھی تو آپ نے فرمایا: اب تندور گرم ہوا ہے' آپ نے سفید کنکریاں لیں اور وہ پھینکیں' فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! وہ شکست کھا گئے! حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ اس دن سب سے زیادہ لڑے آپ کے سامنے۔

3595 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پسند کرے کامیاب ہونا، اس کو چاہیے کہ وہ خاموشی کو اختیار کرے۔

3594- الحديث فى المقصد العلى برقم: **979** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **181,180** وقال: رواه أبو يعلى، والطبرانى فى الأوسط ورجالهما رجال الصحيح غير عمران بن داؤد وهو أبو العوام، وثقه ابن حبان وغيره، وضعفه ابن معين وغيره .

3595- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1992** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **297** وقال: رواه أبو يعلى، والطبرانى فى الأوسط وفيه عثمان بن عبد الرحمن الوقاص، وهو متروك .

أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْلَمَ فَلْيَلْزَمِ الصَّمْتَ

3596 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ الْأَيْلِيُّ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم سب جنازہ کے آگے چلتے تھے۔

3597 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَجَلِهِ وَيُبْسَطَ لَهُ فِي- أَحْسِبُهُ قَالَ: فِي رِزْقِهِ - فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پسند کرے اس کی عمر لمبی ہو اور رزق میں برکت ہو اس کو چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔

3598 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: وَحَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أُحُدٍ سَمِعَ نِسَاءَ الْأَنْصَارِ يَبْكِينَ فَقَالَ: لَكِنَّ حَمْزَةَ لَا بَوَاكِيَ لَهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ نِسَاءَ الْأَنْصَارِ فَبَكَيْنَ حَمْزَةَ، فَنَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب احد سے واپس آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی عورتوں کو روتے ہوئے دیکھا، لیکن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر کوئی نہیں رو رہا تھا، یہ بات انصاری عورتوں تک پہنچی۔ حضرت حمزہ پر رونے لگیں، پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا' اس کے بعد آپ اُٹھے تو وہ رو رہی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورتو! تم آج مسلسل رولو آج

3596- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1483** قال: حدثنا نصر بن على الجهضمي' وهارون بن عبد الله الحمال . والترمذى رقم الحديث: **1010** قال: حدثنا أبو موسى محمد بن المثنى .

3597- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**247** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد' قال: حدثنا رشدين بن سعد' عن قرة . وأخرجه البخارى جلد**3**صفحه**73** قال: حدثنا محمد بن أبى يعقوب الكرمانى' قال: حدثنا حسان .

3598- الحديث سبق برقم: **3564** فراجعه .

اسْتَيْقَظَ وَهُنَّ يَبْكِينَ، فَقَالَ: يَا وَيْحَهُنَّ، مَا زِلْنَ يَبْكِينَ مُنْذُ الْيَوْمِ، فَلْيَبْكِينَ وَلَا يَبْكِينَ عَلَى هَالِكٍ بَعْدَ الْيَوْمِ

کے بعد کوئی کسی کے مرنے پر نہ رونا۔

3599 - حَدَّثَنَا هُذَيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ، مِنْ وَلَدِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَالَ عَبْدٌ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فِي سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ إِلَّا طُمِسَتْ مَا فِي صَحِيفَتِهِ مِنَ السَّيِّئَاتِ حَتَّى يَسْكُنَ إِلَى مِثْلِهَا مِنَ الْحَسَنَاتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ لا الٰہ الا اللہ رات یا دن کی کسی گھڑی میں کہے گا اس کے ساتھ برائیاں والا صحیفہ سے برائیاں ختم ہو جاتی ہیں اور اچھائیوں والے صحیفہ سے سکون حاصل کرتا ہے۔

3600 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَنَافَسُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا، وَلَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نفرت، غصہ نہ کیا کرو، اللہ کے بندے ہو جاؤ! بھائی بھائی بن جاؤ، کسی آدمی کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے تین دن تک اس سے بول چال ختم کرے۔

3601 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا وَعَنْ يَسَارِهِ أَبُو بَكْرٍ وَعَنْ يَمِينِهِ رَجُلٌ مِنَ الْأَعْرَابِ، فَأَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ فَضْلَهُ ثُمَّ قَالَ: الْأَيْمَنُ فَالْأَيْمَنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قطع تعلقی نہ کرو، بغض نہ رکھو، حسد نہ کرو، اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ! جیسے کہ تم کو اللہ حکم دیتا ہے۔

3599- الحديث في المقصد العلي برقم: 1637 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 82 وقال: رواه أبو يعلى، وفيه: عثمان بن عبد الرحمن الزهري وهو متروك .

3600- الحديث في المقصد العلي برقم: 3538,3537,3536,3247 فراجعه .

3601- الحديث في المقصد العلي برقم: 3551 فراجعه .

3602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ أُبَيٌّ يُحَدِّثُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُرِجَ سَقْفُ بَيْتِي وَأَنَا بِمَكَّةَ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ فَفَرَجَ صَدْرِي ثُمَّ غَسَلَهُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مَمْلُوءٍ حِكْمَةً وَإِيمَانًا فَأَفْرَغَهَا فِي صَدْرِي ثُمَّ أَطْبَقَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے گھر کی چھت پر سوراخ کیا گیا میں مکہ شریف تھا حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے انہوں نے میرے سینہ کو چیر کر آبِ زم زم سے دھویا پھر ایک سونے کا تھال حکمت سے بھرا ہوا لایا گیا' میرے سینہ میں ڈالا گیا پھر بند کر دیا گیا۔

3603 - حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا نُعِينُ فِي فِدَاءِ الْعَبَّاسِ؟ قَالَ: وَلَا بِدِرْهَمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ ہم پر عباس کے فدیہ میں مدد نہ کریں گے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: درہم کے ساتھ نہیں۔

3604 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ أَبُو ذَرٍّ يُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُرِجَ سَقْفُ بَيْتِي وَأَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَفَرَجَ صَدْرِي ثُمَّ غَسَلَهُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ أَتَى بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مَمْلُوءٍ حِكْمَةً وَإِيمَانًا فَأَفْرَغَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے گھر کی چھت کھولی گئی۔ میں جب مکہ میں موجود تھا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے میرے سینہ کو چیرا پھر اس کو آب زم زم سے دھویا پھر سونے کا ایک تھال لایا گیا جو حکمت اور ایمان سے بھرا ہوا تھا، اس کو میرے سینہ میں ڈالا گیا پھر بند کر دیا گیا۔

3602- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائدة على المسند جلد 5صفحه122 . من طريق محمد بن عباد المكي به . وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائده على المسند جلد 5صفحه143 من طريق محمد بن اسحاق بن محمد المسيبي' حدثنا أنس بن عياض به .

3603- أخرجه البخاري جلد3صفحه192 وجلد4صفحه84 قال: حدثنا اسماعيل بن عبد الله' قال: حدثنا اسماعيل ابن ابراهيم بن عقبة . وفي جلد5صفحه109 قال: حدثني ابراهيم بن المنذر' قال: حدثنا محمد بن فُليح .

3604- أخرجه البخاري رقم الحديث: 349 ومن طريقه البغوي في شرح السنة برقم: 3754 من طريق يحيى بن بكير' حدثنا الليث به .

فِي صَدْرِي ثُمَّ أَطْبَقَهُ، ثُمَّ أَخَذَ يَدِي فَعَرَجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ فَلَمَّا أَتَى السَّمَاءَ الدُّنْيَا قَالَ جِبْرِيلُ لِخَازِنِ السَّمَاءِ: افْتَحْ، قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: جِبْرِيلُ . قَالَ: هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَفَتَحَ، فَلَمَّا عَلَوْنَا السَّمَاءَ الدُّنْيَا إِذَا رَجُلٌ قَاعِدٌ عَلَى يَمِينِهِ أَسْوِدَةٌ، وَعَلَى يَسَارِهِ أَسْوِدَةٌ، فَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِينِهِ تَبَسَّمَ وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى، قَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ، قَالَ: قُلْتُ لِجِبْرِيلَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا آدَمُ، وَهَذِهِ الْأَسْوِدَةُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ بَنُوهُ، فَأَهْلُ الْيَمِينِ مِنْهُمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ وَالْأَسْوِدَةُ الَّتِي عَنْ شِمَالِهِ أَهْلُ النَّارِ، فَإِذَا نَظَرَ إِلَى الْيَمِينِ ضَحِكَ، وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى، قَالَ: ثُمَّ عَرَجَ بِي جِبْرِيلُ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ لِخَازِنِهَا: افْتَحْ، قَالَ لَهُ: خَازِنِهَا مِثْلُ مَا قَالَ خَازِنُ السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَفَتَحَ، فَقَالَ أَنَسٌ فَذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ فِي السَّمَاوَاتِ آدَمَ، وَإِدْرِيسَ، وَمُوسَى، وَعِيسَى، وَإِبْرَاهِيمَ، وَلَمْ يُبَيِّنْ كَيْفَ مَنَازِلُهُمْ غَيْرَ أَنَّهُ قَدْ ذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ آدَمَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا، وَإِبْرَاهِيمَ فِي السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ، وَقَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا مَرَّ جِبْرِيلُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِدْرِيسَ قَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، قَالَ: ثُمَّ قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا إِدْرِيسُ، ثُمَّ مَرَرْتُ بِمُوسَى فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ

پھر میرے ہاتھ کو پکڑا آسمان کی طرف لے چلا۔ پھر جب آسمان دنیا تک آئے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے خازن سے کہا: کھولو! اس نے عرض کی: کون؟ فرمایا: جبرائیل علیہ السلام آپ کے ساتھ ہے کوئی؟ عرض کی: بے شک ان کی طرف پیغام بھیجا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! اس کے بعد دروازہ کھولا جب آسمان دنیا پر چڑھے، ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا اس کے دائیں جانب سفید مخلوق تھی اور بائیں جانب کالی تھی، جب دائیں جانب دیکھتے تو خوش ہوتے جب بائیں طرف دیکھتے تو رونے لگ جاتے، فرمایا: نبی صالح اور ابن صالح کو خوش آمدید! میں نے کہا: جبرائیل علیہ السلام یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ آدم علیہ السلام ہیں یہ جو کالے دائیں جانب اور بائیں جانب ہے ان کی اولاد ہے، دائیں جانب والے جنت والے ہیں اور بائیں جانب والے جہنم والے ہیں۔ جب دائیں جانب والوں کو دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور جب بائیں جانب والوں کو دیکھتے ہیں تو روتے ہیں پھر مجھے جبرائیل علیہ السلام دوسرے آسمان پر لے کر چڑھے، خازن نے دروازہ کھولا' اس خازن نے وہی بات کہی جو پہلے آسمان والے نے کہی تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس آسمان میں حضرت آدم وادریس وعیسیٰ وابراہیم علیہم السلام کو پایا لیکن ان کی منازل کو بیان نہیں کیا۔ سوائے اس کے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو پہلے آسمان میں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دوسرے آسمان میں ملاقات کے لیے پایا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام اور رسول

الصَّالِحِ، قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا مُوسَى، قَالَ: ثُمَّ مَرَرْتُ بِعِيسَى فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالْأَخِ الصَّالِحِ، قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ أُرَاهُ قَالَ: عِيسَى، قَالَ: ثُمَّ مَرَرْتُ بِإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالِابْنِ الصَّالِحِ، قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا إِبْرَاهِيمُ

اللہ ﷺ جب حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس سے گزرے تو حضرت ادریس علیہ السلام نے فرمایا: نبی صالح اور ابن صالح کو خوش آمدید۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ عرض کی گئی: یہ ادریس علیہ السلام ہیں اور پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرے انہوں نے بھی کہا: نبی صالح اور اخ صالح کو خوش آمدید۔ میں نے کہا: جبرائیل علیہ السلام یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پھر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا پھر میں ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے گزرا انہوں نے بھی نبی صالح اور ابن صالح کہہ کر خوش آمدید کہا۔ میں نے کہا: یہ کون ہے جبرائیل علیہ السلام؟ عرض کی: یہ ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

3605 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْخَزَّازُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَيُّوبَ نَبِيَّ اللَّهِ كَانَ فِي بَلَائِهِ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ سَنَةً فَرَفَضَهُ الْقَرِيبُ وَالْبَعِيدُ، إِلَّا رَجُلَانِ مِنْ إِخْوَانِهِ كَانَا مِنْ أَخَصِّ إِخْوَانِهِ كَانَا يَغْدُوَانِ إِلَيْهِ وَيَرُوحَانِ إِلَيْهِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: أَتَعْلَمُ، وَاللَّهِ لَقَدْ أَذْنَبَ أَيُّوبُ ذَنْبًا مَا أَذْنَبَهُ أَحَدٌ، قَالَ صَاحِبُهُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: مُنْذُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ سَنَةً لَمْ يَرْحَمْهُ اللَّهُ فَيَكْشِفُ عَنْهُ، فَلَمَّا رَاحَا إِلَيْهِ لَمْ يَصْبِرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت ایوب علیہ السلام ۱۸ سال تک آزمائش میں رہے ہیں، آپ کے قریب اور دور والوں نے آپ کو چھوڑ دیا مگر دو آدمیوں کے علاوہ جو آپ کے بھائی تھے، دونوں آپ کے خاص تھے، دونوں صبح و شام آپ کے پاس آتے، ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: کیا تُو جانتا ہے! اللہ کی قسم! ایوب سے ایسی لغزش ہوئی جو کسی سے نہیں ہوئی۔ اس کے ساتھی نے کہا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: میں ۱۸ سال سے اس کے پاس ہوں، اللہ عزوجل نے اس پر رحم نہیں کیا کہ اللہ عزوجل اس سے تکلیف لے جاتا، جب اللہ نے آپ کو راحت

3605- الحديث في المقصد العلي برقم: **1232** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**208** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3460** .

الرَّجُلُ حَتَّى ذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ أَيُّوبُ: لَا أَدْرِي مَا يَقُولُ غَيْرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ أَنِّي كُنْتُ أَمُرُّ عَلَى الرَّجُلَيْنِ يَتَنَازَعَانِ فَيَذْكُرَانِ اللَّهَ فَأَرْجِعُ إِلَى بَيْتِي فَأُكَفِّرُ عَنْهُمَا كَرَاهِيَةَ أَنْ يُذْكَرَ اللَّهُ إِلَّا فِي حَقٍّ، قَالَ: وَكَانَ يَخْرُجُ إِلَى حَاجَتِهِ فَإِذَا قَضَى حَاجَتَهُ أَمْسَكَتِ امْرَأَتُهُ بِيَدِهِ حَتَّى يَبْلُغَ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ أَبْطَأَ عَلَيْهَا وَأُوحِيَ إِلَى أَيُّوبَ فِي مَكَانِهِ أَنْ: (ارْكُضْ بِرِجْلِكَ، هَذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ) فَاسْتَبْطَأَتْهُ فَلَقِيَتْهُ يَنْتَظِرُ، وَأَقْبَلَ عَلَيْهَا قَدْ أَذْهَبَ اللَّهُ مَا بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ، وَهُوَ عَلَى أَحْسَنِ مَا كَانَ، فَلَمَّا رَأَتْهُ قَالَتْ: أَيْ بَارَكَ اللَّهُ فِيكَ، هَلْ رَأَيْتَ نَبِيَّ اللَّهِ هَذَا الْمُبْتَلَى؟ وَوَاللَّهِ عَلَى ذَلِكَ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشْبَهَ بِهِ مِنْكَ إِذْ كَانَ صَحِيحًا، قَالَ: فَإِنِّي أَنَا هُوَ، .وَكَانَ لَهُ أَنْدَرَانِ أَنْدَرٌ لِلْقَمْحِ وَأَنْدَرٌ لِلشَّعِيرِ، فَبَعَثَ اللَّهُ سَحَابَتَيْنِ، فَلَمَّا كَانَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى أَنْدَرِ الْقَمْحِ أَفْرَغَتْ فِيهِ الذَّهَبَ حَتَّى فَاضَ،، وَأَفْرَغَتِ الْأُخْرَى عَلَى أَنْدَرِ الشَّعِيرِ الْوَرِقَ حَتَّى فَاضَ

دی تو وہ آدمی صبر نہیں کر سکا یہاں تک کہ اس نے ذکر کیا۔ حضرت ایوب علیہ السلام نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں سوائے اس کے کہ بے شک اللہ عزوجل جانتا ہے کہ میں جھگڑنے والے دو آدمیوں کے پاس سے گزرا تھا' پس وہ اللہ کا ذکر کر رہے تھے' پس میں اپنے گھر کی طرف لوٹا تھا' ان دونوں سے دور کر دوں' اللہ تعالیٰ کے ذکر کی ناپسندیدگی مگر حق کے ساتھ۔ راوی کا بیان ہے: پس وہ اپنی ضرورت کو پورا کرنے کی طرف نکلتے تھے' پس جب وہ اپنی قضائے حاجت کر لیتے تو ان کی بیوی ان کا ہاتھ تھام لیتی' یہاں تک کہ وہ پہنچ جاتے' پس ایک دن ایسا آیا' آپ نے اس پر دیر کر دی اور اللہ نے اسی جگہ آپ کی طرف وحی فرما دی کہ ''(ہم نے فرمایا:) زمین پر اپنا پاؤں مار' یہ نہانے اور پینے کیلئے پانی کا ٹھنڈا چشمہ ہے''۔ پس وہ آپ سے ملی اس حال میں کہ آپ منتظر تھے اور آپ اس کی طرف متوجہ ہوئے جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی جملہ بیماریوں کو ختم فرما دیا تھا' آپ خوبصورت حالت میں تھے' جیسے کبھی پہلے تھے۔ پس جب آپ کی بیوی نے آپ کو دیکھا تو عرض کی: اے اللہ! آپ میں اور برکت فرمائے۔ کیا آپ نے اللہ کے نبی کو اس آزمائشوں میں مبتلا دیکھا ہے؟ قسم بخدا! اس صورتِ میں نے کبھی کسی کو نہیں دیکھا جو آپ کے زیادہ مشابہ ہو' جب آپ تندرست تھے۔ آپ نے فرمایا: یقین کر لو! میں وہی ہوں۔ ان کیلئے دو انوکھی باتیں تھیں: ایک گندم کیلئے اور ایک جو کیلئے۔ پس اللہ تعالیٰ نے دو بادل بھیجے۔ پس جب

ایک گندم پر آیا تو اس میں سونا بھر گیا حتیٰ کہ بہنے لگا اور دوسرا جو پر پڑا تو اس میں چاندی وافر مقدار میں ہوگئی حتیٰ کہ بہنے لگی۔

3606 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْخَزَّازُ، حَدَّثَنَا رُوَيْمٌ الْقَارِءُ، أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي أَنَسٌ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَخْصَبَتِ الْأَرْضُ فَانْزِلُوا عَنْ ظَهْرِكُمْ فَأَعْطُوهُ حَقَّهُ مِنَ الْكَلَأِ، وَإِذَا أَجْدَبَتِ الْأَرْضُ فَامْضُوا عَلَيْهَا بِنِقْيِهَا وَعَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سرسبز زمین سے گزرو تو اپنی سواری سے نیچے اتر جاؤ۔ اس کو گھاس کا حق لینے دو۔ خشک زمین سے گزرو تو جلدی سے گزرو، تم رات کو سفر کیا کرو بے شک رات کو زمین لپیٹ دی جاتی ہے۔

3607 - حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي السَّفَرِ أَخَّرَ الظُّهْرَ حَتَّى يَدْخُلَ وَقْتُ الْعَصْرِ فَيَجْمَعَ بَيْنَهُمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب ظہر اور عصر کو جمع کرنے کا ارادہ کرتے تو ظہر کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ عصر کا وقت قریب ہو جاتا دونوں کو جمع کرتے۔

3608 - حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يُونُسَ الْأَيْلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِينَةِ ضِعْفَيْ مَا بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ! تو مدینہ کو برکت والا بنا دے جیسے تو نے مکہ کو بابرکت بنایا ہے۔

3606- أخرجه البزار رقم الحديث: **1696** من طريق محمد بن عبد الرحيم . وأخرجه البيهقى فى الكبرىٰ جلد **5** صفحه **256** . والحاكم جلد **1** صفحه **445** من طريق محمد بن غالب .

3607- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **247** قال: حدثنا قتيبة . وفى جلد **3** صفحه **265** . وعبد بن حُميد: **1165** قالا: حدثنا يحيىٰ بن غيلان .

3608- الحديث سبق برقم: **3569,3566** فراجعه .

شَرِيكٌ عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جوحضرت شریک‘ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ دِعَامَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَرِيكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اخْتَضِبُوا بِالْحِنَّاءِ ؛ فَإِنَّهُ طَيِّبُ الرِّيحِ يُسَكِّنُ الدَّوْخَةَ ، قَالَ أَبُو يَعْلَى: لَا أَدْرِي شَرِيكٌ هَذَا هُوَ ابْنُ أَبِي نَمِرٍ أَمْ لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہندی سے خضاب لگایا کرو‘ بے شک اس کی خوشبو اچھی ہوتی ہے۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا ہوں کہ یہ شریک ابن ابی نمر ہے یا نہیں؟

3610 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَارَ رَجُلٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَنَ بَعِيرَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ، لَا تَسِرْ مَعَنَا عَلَى بَعِيرٍ مَلْعُونٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک آدمی چل رہا تھا اس نے اپنے اونٹ پر لعنت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ کے بندے! تُو ہمارے ساتھ نہ چل اس اونٹ پر جو لعنتی ہے۔

3611 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ

شریک بن نمر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے کسی بچے کے رونے کی آواز سنتے تو نماز مختصر فرماتے‘

3609- الحديث في المقصد العلي برقم: 1558 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 160 وقال: رواه أبو يعلىٰ‘ من طريق الحسن بن دعامة عن عمر بن شريك‘ قال الذهبي: مجهولان .

3610- الحديث في المقصد العلي برقم: 1103 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 77 وقال: رواه أبو يعلىٰ‘ والطبراني في الأوسط بنحوه‘ ورجال أبو يعلىٰ رجال الصحيح .

3611- الحديث في المقصد العلي برقم: 4323,3363,3280,3147,3132 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ وَرَاءَهُ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ أَنْ تُفْتَنَ أُمُّهُ

اس ڈر سے کہ اس کی ماں کسی آزمائش میں نہ پڑ جائے۔

3612 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادٌ الْمِنْقَرِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَأَنَا ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ، فَأَخَذَتْ أُمِّي بِيَدِي فَانْطَلَقَتْ بِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُ لَمْ يَبْقَ رَجُلٌ وَلَا امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَّا قَدْ أَتْحَفَتْكَ بِتُحْفَةٍ، وَإِنِّي لَا أَقْدِرُ عَلَى مَا أُتْحِفُكَ بِهِ، إِلَّا ابْنِي هَذَا فَخُذْهُ فَلْيَخْدُمْكَ مَا بَدَا لَكَ، فَخَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، فَمَا ضَرَبَنِي ضَرْبَةً، وَلَا سَبَّنِي سَبَّةً، وَلَا انْتَهَرَنِي وَلَا عَبَسَ فِي وَجْهِي، وَكَانَ أَوَّلُ مَا أَوْصَانِي بِهِ أَنْ قَالَ: يَا بُنَيَّ، اكْتُمْ سِرِّي تَكُ مُؤْمِنًا ، فَكَانَتْ أُمِّي وَأَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلْنَنِي عَنْ سِرِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا أُخْبِرُهُمْ بِهِ، وَمَا أَنَا بِمُخْبِرٍ سِرَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدًا أَبَدًا، وَقَالَ: يَا بُنَيَّ، عَلَيْكَ بِإِسْبَاغِ الْوُضُوءِ يُحِبُّكَ حَافِظَاكَ وَيُزَادُ فِي عُمُرِكَ، وَيَا أَنَسُ بَالِغْ فِي الِاغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَإِنَّكَ تَخْرُجُ مِنْ مُغْتَسَلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ تشریف لائے میں آٹھ سال کا تھا' میری امی نے میرا ہاتھ پکڑا مجھے لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چلی گئیں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار میں سے کوئی مرد یا عورت نہیں باقی رہی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفہ نہ دیا ہو۔ میں کسی اور تحفہ پر قادر نہیں ہوں سوائے اپنے لخت جگر کے کہ اس کو ہی آپ خادم رکھ لیں جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرے گا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دس سال خدمت کی مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کبھی مارا نہ کبھی گالی دی، نہ جھڑکا نہ چہرے پر مارا سب سے پہلے جو وصیت کی مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ یہ تھی اے میرے بیٹے میرے راز کو ظاہر نہ کرنا تو پکا مومن ہو جائے گا۔ میری امی اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن مجھ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق راز پوچھتی تھیں میں ان کو نہیں بتاتا تھا۔ میں نے کبھی کسی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا راز نہیں بتایا اور فرمایا: اے میرے بیٹے! وضو کیا کر اللہ تجھ سے محبت اور تیری حفاظت کرے گا' اے انس! غسل جنابت میں خوب مبالغہ کیا کرو، جب تو غسل کرے گا' تیرے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہیں رہے گا۔ میں نے عرض کی: مبالغہ کروں یا رسول اللہ؟ فرمایا: اپنے بالوں کی جڑ کو تر

3612- الحديث في المقصد العلي برقم: **166** . وأخرجه الطبراني في الصغير جلد **2** صفحه **33,32** من طريق محمد بن صالح بن الوليد النرسي' حدثنا مسلم بن حاتم' حدثنا محمد بن عبد الله الأنصاري' عن أبيه' عن عبد الله بن المثنى' عن علي بن زيد بن جدعان به .

وَلَيْسَ عَلَيْكَ ذَنْبٌ وَلَا خَطِيئَةٌ ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ الْمُبَالَغَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَبُلُّ أُصُولَ الشَّعَرِ، وَتُنَقِّي الْبَشْرَةَ ، وَيَا بُنَيَّ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ لَا تَزَالَ أَبَدًا عَلَى وُضُوءٍ فَإِنَّهُ مَنْ يَأْتِهِ الْمَوْتُ وَهُوَ عَلَى وُضُوءٍ يُعْطَ الشَّهَادَةَ، وَيَا بُنَيَّ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ لَا تَزَالَ تُصَلِّي، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُصَلِّي عَلَيْكَ مَا دُمْتَ تُصَلِّي ، وَيَا أَنَسُ إِذَا رَكَعْتَ فَأَمْكِنْ كَفَّيْكَ مِنْ رُكْبَتَيْكَ وَفَرِّجْ بَيْنَ أَصَابِعِكَ وَارْفَعْ مِرْفَقَيْكَ عَنْ جَنْبَيْكَ ، وَيَا بُنَيَّ إِنْ رَفَعْتَ رَأْسَكَ مِنَ الرُّكُوعِ فَأَمْكِنْ كُلَّ عُضْوٍ مِنْكَ مَوْضِعَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُنْظُرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى مَنْ لَا يُقِيمُ صُلْبَهُ بَيْنَ رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ ، وَيَا بُنَيَّ فَإِذَا سَجَدْتَ فَأَمْكِنْ جَبْهَتَكَ وَكَفَّيْكَ مِنَ الْأَرْضِ وَلَا تَنْقُرْ نَقْرَ الدِّيكِ وَلَا تُقْعِ إِقْعَاءَ الْكَلْبِ، - أَوْ قَالَ: الثَّعْلَبِ - ، وَإِيَّاكَ وَالِالْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّ الِالْتِفَاتَ فِي الصَّلَاةِ هَلَكَةٌ فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَفِي النَّافِلَةِ لَا فِي الْفَرِيضَةِ ، وَيَا بُنَيَّ وَإِذَا خَرَجْتَ مِنْ بَيْتِكَ فَلَا تَقَعَنَّ عَيْنُكَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ إِلَّا سَلَّمْتَ عَلَيْهِ، فَإِنَّكَ تَرْجِعُ مَغْفُورًا لَكَ ، وَيَا بُنَيَّ وَإِذَا دَخَلْتَ مَنْزِلَكَ فَسَلِّمْ عَلَى نَفْسِكَ وَعَلَى أَهْلِكَ ، وَيَا بُنَيَّ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تُصْبِحَ وَتُمْسِيَ وَلَيْسَ فِي قَلْبِكَ غِشٌّ لِأَحَدٍ فَإِنَّهُ أَهْوَنُ عَلَيْكَ فِي الْحِسَابِ ، وَيَا بُنَيَّ إِنِ اتَّبَعْتَ وَصِيَّتِي فَلَا يَكُنْ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَيْكَ مِنَ الْمَوْتِ

کرو اور جلد کو خوب صاف کرو۔ اے میرے بیٹے! اگر تو طاقت رکھے تو ہمیشہ وضو کی حالت میں رہنا جس کو موت وضو کی حالت میں آئی اس کو شہادت کا درجہ دیا جائے گا۔ اے میرے بیٹے نمازی رہنا بے شک فرشتے تیرے لیے دعا کرتے رہیں گے جب تک تو نماز کی حالت میں رہے گا۔ اے انس! جب تک تو رکوع کرے اپنے ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھ کر سجدہ کرے اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھنا' اپنی کلائیوں کو کروٹ سے جدا رکھنا۔ اے میرے بیٹے جب رکوع سے سر اٹھائے تو اطمینان سے کھڑا ہو جانا، بے شک اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا جو اپنی پشت رکوع اور سجدہ کے درمیان سیدھی نہیں کرتا ہے۔ اے میرے بیٹے! جب تو سجدہ کرے اپنی پیشانی اور ہتھیلیوں کو زمین پر جما کر رکھنا، مرغ کی طرح چونچ نہ مارنا نہ کتے کی طرح بیٹھنا ادھر ادھر نماز میں توجہ کرنے سے بچنا، بے شک نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا ہلاکت ہے۔ اگر ضروری کرنا ہے تو نفلوں میں کرنا فرضوں میں نہ کرنا، اے میرے بیٹے! جب تو گھر سے نکلے تو اپنی آنکھوں سے جس مسلمان کو دیکھے اس کو سلام کرنا تو گھر واپس آئے گا اس حالت میں کہ تو بخشا ہوگا۔ اے میرے بیٹے! جب تو اپنے گھر آئے تو اپنے آپ اور گھر والوں کو سلام کہنا۔ اے میرے بیٹے! اگر تو طاقت رکھے کہ صبح و شام کرے اس حالت میں کہ تیرے دل میں کسی کے متعلق دھوکہ دینا نہ ہو کیونکہ اس سے حساب میں آسانی ہوگی۔ اے میرے بیٹے! اگر تو

میری وصیت کی اتباع کرے گا تو تجھے موت سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں ہوگی۔

3613 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً: ارْكَبْهَا، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: فَارْكَبْهَا، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: وَإِنْ، قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا غَيْرَ مَقْرُوحَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی سے فرمایا جو جانور ہانک کر لے جا رہا تھا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے جواب دیا: یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ نے فرمایا: پھر بھی سوار ہو جا۔ اس نے جواب دیا: یہ قربانی کا جانور ہے۔ راوی کا بیان ہے اگرچہ اس نے کہا: یہ قربانی کا جانور ہے آپ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جا کچھ نہیں ہوتا۔

3614 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا سَمْعَانُ بْنُ مَالِكٍ الْمَالِكِيُّ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَبَالَ فِي الْمَسْجِدِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَانِهِ فَاحْتُفِرَ وَصُبَّ عَلَيْهِ دَلْوٌ مِنْ مَاءٍ، قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: يَا رَسُولَ اللهِ، الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَعْمَلْ بِعَمَلِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آیا اس نے مسجد میں پیشاب کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس پر پانی ڈال کر دھویا جائے، اس دیہاتی نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایک آدمی کسی سے محبت کرتا ہے لیکن ان جیسے عمل کی طاقت نہیں رکھتا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

3615 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَنَسٍ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3613- الحديث في المقصد العلى برقم: 3183,3207,3206 فراجعه .

3614- الحديث في المقصد العلى برقم: 116 . وأخرجه الدارقطني جلد 1 صفحه 132,131 من طريق عبد الوهاب بن عيسى .

3615- أخرجه البخاري جلد 2 صفحه 911 . ومسلم جلد 2 صفحه 332 من حديث عمرو بن مرة ومنصور' عن سالم به بسياق آخر .

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

3616 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: خَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ سِنِينَ، فَمَا قَالَ لِي لِشَيْءٍ يَكْرَهُهُ: مَا صَنَعْتَ؟ وَمَا قَالَ لِشَيْءٍ يُعْجِبُهُ: مَا أَحْسَنَ مَا صَنَعْتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نو سال تک خدمت کی' مجھے آپ نے کبھی نہیں کہا جو آپ نے ناپسند کیا کہ تُو نے کیوں کیا؟ نہ کسی شی کے بارے میں جو آپ کو پسند ہوئی کہ کتنا اچھا تھا' تو کر لیتا۔

3617 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3618 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسٌ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيعًا، وَإِنَّ رُكْبَتِي لَتُصِيبُ رُكْبَتَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حج اور عمرہ کا تلبیہ اکٹھے کہتے ہوئے سنا جبکہ میرا گھٹنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنے کے ساتھ لگ رہا تھا۔

3619 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجَانِ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَقِيَنَا رَجُلٌ عِنْدَ سُدَّةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم دونوں مسجد سے نکل رہے تھے' ہمیں مسجد کے کنارہ پر ایک آدمی ملا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے

3616- الحديث في المقصد العلى برقم: **3354,3353,3387** .

3617- الحديث سبق برقم: **3616,3387,3354,3353** فراجعه .

3618- الحديث سبق برقم: **3016** فراجعه .

3619- الحديث سبق برقم: **3615** فراجعه .

السَّاعَةُ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: فَكَأَنَّ الرَّجُلَ أَمْسَكَ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ وَلَا صَدَقَةٍ، وَلٰكِنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ: فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

ہیں: یہ بات سن کر وہ آدمی خاموش ہو گیا' پھر اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نہ بہت زیادہ نمازیں پڑھی ہیں اور نہ روزے رکھے ہیں اور نہ صدقے دیئے ہیں لیکن میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ تُو محبت کرتا ہوگا' قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا۔

3620 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَبِيرِ صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ وَلَا صَدَقَةٍ، إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ . قَالَ: فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ عرض کی: میں نے نہ تو بہت زیادہ نمازیں پڑھی ہیں اور نہ صدقے دیئے ہیں اور نہ روزے رکھے ہیں مگر اتنا ضرور ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ تُو محبت کرتا ہوگا تُو اسی کے ساتھ ہوگا۔

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جو محمد بن منکدر' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3621 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَإِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، سَمِعَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعت ادا کیں (پھر سفر شروع کیا اور) ذوالحلیفہ کے مقام پر جا کر

3620- الحديث سبق برقم: 3719 فراجعه .

3621- الحديث سبق برقم: 2804,2803,2786 فراجعه .

صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَالْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

عصر کی نماز دو رکعت ادا کیں۔

3622 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ مُسَافِرٌ إِلَى مَكَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعت ادا فرمائی اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ کے مقام پر جا کر دو رکعت پڑھی اس حال میں کہ آپ عازمِ سفر مکہ تھے۔

3623 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعت ادا کی اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں دو رکعت ادا کی۔

3624 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَأَلْتُ رَبِّى اللَّاهِينَ مِنْ ذُرِّيَّةِ الْبَشَرِ فَوَهَبَهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے رب تعالیٰ سے عرض کی کہ آدم کی اولاد میں سے جو بھولے نادان لوگ ہیں ان کو عذاب نہ دے اللہ نے یہ قبول کر لیا' وہ لوگ اللہ تعالیٰ نے مجھے ہبہ کر دیئے۔

رَبِيعَةُ الرَّأْيِ،

وہ احادیث جو حضرت ربیعہ الرأی' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے

3622- الحديث سبق برقم: 3621 فراجعه .

3623- الحديث سبق برقم: 3622,3621 فراجعه .

3624- الحديث سبق برقم: 3558 فراجعه .

عَنْ أَنَسٍ

روایت کرتے ہیں

3625 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، وَهَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بُعِثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِينَ، وَقُبِضَ وَهُوَ ابْنُ سِتِّينَ، لَيْسَ فِي لِحْيَتِهِ وَلَا فِي رَأْسِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا' جب وصال مبارک ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر ساٹھ سال تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک اور داڑھی شریف میں صرف بیس بال سفید تھے۔

3626 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: مَا كَانَ فِي رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہ تھے۔

3627 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ، مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا مِنَ الْيَهُودِ عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال اصفہان کے یہود سے نکلے گا۔ اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے جن پر وہ کمانڈر ہوگا۔

3628 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ:

حضرت ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہ تھے۔

3625- الحديث سبق برقم: **3578,3560** فراجعه .

3626- الحديث سبق برقم: **3625,3578,3560** فراجعه .

3627- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **224** قال: حدثنا محمد بن مصعب' قال: حدثنا الأوزاعي' عن ربيعة' فذكره .

وأخرجه مسلم جلد **8** صفحه **207** قال: حدثنا منصور بن أبي مُزاحم' قال: حدثنا يحيى بن حمزة' عن الأوزاعي' عن اسحاق' فذكره .

3628- الحديث سبق برقم: **3625** فراجعه .

لَمْ يَكُنْ فِي رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

3629 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيعَةَ الرَّأْيِ يَقُولُ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ سِتِّينَ سَنَةً لَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ کی عمر اس وقت ساٹھ سال تھی' آپ کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہیں تھے۔

3630 - حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ قُرَّةَ، أَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ شَهِدَ بَابًا مِنْ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ كَانَ قَاعِدًا خَلْقٌ خَلْفَهُ، فِيهِمْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَذْكُرُ مِنْ صِفَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ فِيمَا ذَكَرَ أَنْ قَالَ: تَنَبَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِينَ، فَمَكَثَ بِمَكَّةَ عَشْرًا وَبِالْمَدِينَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ سِتِّينَ وَلَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: اس حالت میں کہ آپ جنت البقیع کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے' مخلوقِ خدا آپ کے پیچھے تھی' ان میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بھی تھے' میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ بیان کرتے ہوئے سنا' کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں اعلانِ نبوت فرمایا' آپ دس سال مکہ رہے' دس سال مدینہ شریف رہے' آپ کے سر اور داڑھی کے بالوں میں بیس سے زیادہ بال سفید نہیں تھے۔

3631 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجِلَ الشَّعَرِ، لَيْسَ بِالسَّبْطِ وَلَا الْجَعْدِ الْقَطَطِ، كَانَ أَزْهَرَ لَيْسَ بِالْآدَمِ، وَلَا الْأَبْيَضِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے بالوں والے تھے نہ بہت ہی سیدھے اور نہ گھنگھریالے بال تھے' رنگ ظاہر و باہر نہ گندم گو نہ بالکل سفید (سرخ بھی نہیں تھا) قوم میں نمایاں لگتے' نہ قد لمبا تھا اور نہ لمبے تڑنگے۔ چالیس سال

3629- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

3630- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

3631- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

الْأَمْهَقِ، كَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ لَيْسَ بِالْقَصِيرِ وَلَا بِالطَّوِيلِ الْبَائِنِ، بُعِثَ عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِينَ، أَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرًا وَبِالْمَدِينَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ عَلَى رَأْسِ سِتِّينَ لَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

کی عمر میں آپ ﷺ کی بعثت مبارک ہوئی' دس سال مکہ میں اور دس سال مدینہ میں اقامت پذیر رہے اور آپ ﷺ کا وصال تقریباً ساٹھ سال کی عمر میں ہوا' اس حال میں کہ آپ ﷺ کے سر اور داڑھی میں کوئی بیس بال سفید تھے۔

سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جو حضرت سعد بن ابراہیم' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3632 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو سَعِيدٍ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، إِذَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا فَوَفَوْا، وَإِذَا اسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ائمہ قریش سے ہوں گے' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو پورا کریں' جب ان سے رحم طلب کیا جائے تو رحم کریں۔

3633 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سِكِّينُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا سَيَّارُ بْنُ سَلَامَةَ الرِّيَاحِيُّ أَبُو الْمِنْهَالِ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، وَإِنَّ فِي أُذُنَيَّ يَوْمَئِذٍ قُرْطَيْنِ - أَيْ غُلَامٌ- فَقَالَ أَبُو بَرْزَةَ: إِنِّي لَأَحْمَدُ

حضرت سیار بن سلامہ الریاحی ابوالمنہال فرماتے ہیں کہ میں اپنے لڑکے کے ساتھ حضرت ابو برزہ اسلمی کے پاس داخل ہوا' میرے دونوں کانوں میں اس دن دو بالیاں تھیں' حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اللہ کی حمد کرتا ہوں' میں نے صبح اس قریش کے قبیلہ میں لڑائی کی

3632- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2596** . ومن طريقه أخرجه البزار رقم الحديث: **1578** : وأبو نعيم في الحلية جلد**3**صفحه**171** .

3633- الحديث في المقصد العلي برقم: **860** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5**صفحه**193** وقال: أخرجه أحمد، وأبو يعلى أتم منه وفيه قصة، والبزار، ورجال أحمد رجال الصحيح خلا سكين بن عبد العزيز وهو ثقة .

اللَّهَ أَنِّي أَصْبَحْتُ ذَامًّا لِهَذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ، فُلَانٌ هَا هُنَا يُقَاتِلُ عَلَى الدُّنْيَا، وَفُلَانٌ يُقَاتِلُ عَلَى الدُّنْيَا- يَعْنِي: عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ - حَتَّى ذَكَرَ ابْنَ الْأَزْرَقِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيَّ لَهَذِهِ الْعِصَابَةُ الْمُلَبَّدَةُ الْخَمِيصَةُ بُطُونِهِمْ مِنْ أَمْوَالِ الْمُسْلِمِينَ، الْخَفِيفَةُ ظُهُورُهُمْ مِنْ دِمَائِهِمْ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، ثَلَاثًا، لَكُمْ عَلَيْهِمْ حَقٌّ، وَلَهُمْ عَلَيْكُمْ حَقٌّ مَا فَعَلُوا ثَلَاثًا: مَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَاسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا، وَعَاهَدُوا فَوَفَوْا، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

ہے فلاں نے یہاں دنیا کے لیےلڑائی کی ہے فلاں نے یہاں دنیا کے لیےلڑائی کی ہے یعنی عبدالملک بن مروان نے یہاں تک کہ ابن ازرق کا بھی ذکر کیا۔ پھر فرمایا: مجھے لوگوں میں سے سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو مضبوط گروہ ہے مسلمانوں کے مالوں سے ان کے پیٹ خالی ہیں بجائے اس کے کہ وہ خفیہ طور پر مسلمان کا خون بہا کر مال لیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: امراء قریش سے ہوں گے تین تمہارے لیے ان پر حق ہیں ان کے لیے نیکی ہے جب تک تین کام کریں: انصاف کریں تو عدل کریں رحم طلب کیا جائے تو رحم کریں وعدہ کریں تو پورا کریں جو ان میں سے یہ نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

3634 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُصْعَبٍ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو حج اور عمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھتے ہوئے سنا۔

3635 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُصْعَبٍ، سَمِعَهُ مِنْ أَنَسٍ يَقُولُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ وَهُوَ مُحْتَفِزٌ أَكْلًا حَثِيثًا، وَهُوَ يَقْسِمُهُ وَيُرْسِلُنِي بِهِ، أُرَاهُ يَعْنِي: التَّمْرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا۔ آپ ﷺ تناول کر رہے تھے اور جلدی کی حالت میں بیٹھے ہوئے تھے اور آپ ﷺ تقسیم کر رہے تھے، وہ میری طرف بھی بھیجا میں نے دیکھا تو وہ کھجور تھی۔

3636 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، عَنْ -

حضرت انس رضی اللہ عنہ لوگوں کو خبردار فرما رہے تھے کہ

3634- الحديث سبق برقم: 3016,3394 فراجعه .

3635- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 1221 . ومسلم جلد 6 صفحه 122 قال: حدثنا زهير بن حرب، وابن أبى عمر . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 180 .

حُمَيْدٍ، وَمُصْعَبٍ، سَمِعَا أَنَسًا يُخْبِرُ النَّاسَ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْبَيْدَاءِ وَهُوَ رِدْفُ أَبِي طَلْحَةَ يُهِلُّ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا اس حال میں کہ وہ بیداء کے مقام پر تھے جبکہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے بیٹھے تھے' آپ ﷺ عمرہ اور حج دونوں کا تلبیہ کہہ رہے تھے۔

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت یحیٰی بن سعید کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کردہ احادیث

3637 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ الْأَنْصَارَ أَرْضًا مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَإِخْوَانُنَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ فَأَقْطِعْهُمْ أَيْضًا، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انصار کو بحرین سے زمین دی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے بھائی مہاجر بھی ہیں ان کو بھی زمین دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میرے بعد عنقریب ترجیحات دیکھو گے۔ تم صبر کرو یہاں تک کہ حوض کوثر پر مجھے ملو۔

3638 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، جَمِيعًا عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ؟، قَالُوا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو انصار کے بہترین قبیلہ کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: بنی نجار قبیلہ، پھر بنی عبد الاشہل کا قبیلہ پھر بنی عبد الحارث کا قبیلہ پھر

3637- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **171** . والبخارى جلد **5** صفحه **41** قال: حدثنا محمد بن بشار . كلاهما (أحمد، ومحمد) قالا: حدثنا محمد بن جعفر، قال: حدثنا شعبة، عن هشام بن زيد، فذكره .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی، آپ ﷺ نے فرمایا: واجب ہو گئی! دوسرا جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی' فرمایا: واجب ہو گئی! پھر فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو!

3749 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا شَمَمْتُ رِيحَ مِسْكٍ قَطُّ، وَلَا عَنْبَرٍ أَطْيَبَ مِنْ رِيحِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے مشک اور عنبر بھی حضور ﷺ کی خوشبو سے زیادہ نہیں سونگھی۔

3750 - وَبِإِسْنَادِهِ مَا مَسِسْتُ خَزًّا قَطُّ وَلَا حَرِيرًا أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کسی ریشم کو بھی حضور ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم مَس نہیں کیا۔

3751 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

3748- الحديث سبق برقم: 3453,3339 فراجعه .

3749- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3750- الحديث سبق برقم: 3749 فراجعه .

3751- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بِالطَّوِيلِ وَلَا بِالْقَصِيرِ، شَعَرُهُ إِلَى شَحْمَةِ أُذُنَيْهِ، لَيْسَ بِالْجَعْدِ وَلَا السَّبْطِ

زیادہ لمبے اور نہ چھوٹے قد والے تھے آپ کے بال مبارک کانوں کی لووں تک تھے آپ کے بال مبارک نہ بالکل سیدھے لٹکے ہوئے تھے اور نہ سخت گھنگھریالے تھے۔

3752 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَشَى كَأَنَّهُ يَتَوَكَّأُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تھے ایسے چلتے تھے جیسے کہ سہارا لے کر چل رہے ہوں۔

3753 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: يَا خَالُ أَسْلِمْ قَالَ: أَجِدُنِي لَهُ كَارِهًا، قَالَ: وَإِنْ كُنْتَ لَهُ كَارِهًا وَأُكْرِهْتَ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نجار کے ایک آدمی سے کہا اے خالو، مسلمان ہو جا۔ اس نے کہا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے مجبور کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تو مجبور ہو تو اس کو ناپسند کر۔

3754 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَرَجَ إِلَى بَدْرٍ فَاسْتَشَارَ النَّاسَ، فَاسْتَشَارَ الْمُسْلِمِينَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَكَتَ، ثُمَّ اسْتَشَارَ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: إِنَّمَا يُرِيدُكُمْ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا نَقُولُ كَمَا قَالَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ :

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدر کی طرف نکلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے مشورہ لیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پھر مشورہ لیا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا، ایک انصار کے ایک آدمی نے کہا: آپ کیا چاہتے ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ایسے نہیں کہیں گے جس طرح بنی

3752- أخرجه أبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وسلم صفحه **93** من طريق أبي يعلى . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **4863** من طريق وهب بن بقية به .

3753- الحديث في المقصد العلي برقم: **1723** . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **181,109** من طريق ابن أبي عدى ويحيٰى كلاهما عن حميد به .

3754- أخرجه النسائي في الكبرى (جلد **1** صفحه **185** الأطراف) عن محمد بن المثنى عن خالد به . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **188,105** وابن مردويه من طرق عن حميد به .

(فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ) (المائدة: 24)، وَلَكِنْ وَاللّٰهِ لَوْ ضَرَبْتَ أَكْبَادَهَا بَرْكَ الْغِمَادِ لَكُنَّا مَعَكَ

اسرائیل نے کہا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام تو اور تیرا رب جائے، ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن اللہ کی قسم! اگر سواریوں کے جگر پھٹ جائیں' تلوار کی میان کی طرح تو بھی ہم آپ کے ساتھ رہیں گے۔

3755 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَبَسَ عَنِ الصَّلَاةِ لِشَيْءٍ كَانَ بَيْنَ نِسَائِهِ، فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَرُدُّ عَلَى بَعْضٍ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَعَلَ يُنَادِي: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، احْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ وَاخْرُجْ إِلَى الصَّلَاةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کے درمیان کسی کام کی وجہ سے نماز سے رُک گئے' پس صحابہ کرام ایک دوسرے کو کہنے لگے (کہ تم بات کرو)۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کے منہ میں مٹی ٹھونس دو' نماز کی طرف تشریف لے آؤ۔

3756 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدَّجَّالُ أَعْوَرُ عَيْنِ الشِّمَالِ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کانا ہے بائیں آنکھ سے' اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''کافر'' لکھا ہوا ہے۔

3757 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِي أُمَّ سُلَيْمٍ، وَيَنَامُ عَلَى فِرَاشِهَا، وَكَانَ ثَقِيلَ النَّوْمِ، كَثِيرَ الْعَرَقِ، وَكَانَتْ تَأْخُذُ عَرَقَهُ بِقُطْنَةٍ، فَتَجْعَلُهُ فِي قَارُورَةٍ، فَتَجْعَلُهُ فِي سُكٍّ عِنْدَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت اُم سلیم کے پاس آتے' آپ اُم سلیم کے ہاں آرام کرتے' آپ کی نیند ثقیل تھی' آپ کا پسینہ بہت زیادہ ہوگیا' حضرت اُم سلیم نے ایک برتن میں پسینہ اکٹھا کیا اور اسے برتن میں رکھ لیا' اس کو اپنی ایک شیشی میں ڈال لیا۔

3758 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

3755- الحديث سبق برقم: 3733 فراجعه .

3756- الحديث سبق برقم: 3008,3007 فراجعه .

3757- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3758- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس . وأخرجه البخارى جلد 5 صفحه 43 . والنسائى فى فضائل الصحابة رقم الحديث: 241 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ وَقَدْ عَصَبَ رَأْسَهُ فَلَقِيَهُ رِجَالٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنِّي لَأُحِبُّكُمْ، إِنَّ الْأَنْصَارَ قَدْ قَضَوُا الَّذِي عَلَيْهِمْ وَبَقِيَ الَّذِي عَلَيْكُمْ، فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ.

ایک دن نکلے آپ نے اپنا سر باندھا ہوا تھا' انصار میں سے ایک آدمی آپ سے ملا' آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں تم سے محبت کرتا ہوں' بے شک انصار کا کام پورا ہو چکا جو ان پر تھا باقی رہے گا' جو تم پر ہے' ان کی نیکیاں قبول کرو اور برائیوں سے درگزر کرو۔

3759 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپس میں غصہ نہ کرو اور حسد نہ کرو اور جنگ میں پیٹھ نہ کرو' اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔

3760 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ خَطَبَ مَقْدَمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّا نَمْنَعُكَ مِمَّا نَمْنَعُ مِنْهُ أَنْفُسَنَا وَأَوْلَادَنَا، فَمَا لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَكُمُ الْجَنَّةُ قَالُوا: رَضِينَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے خطبہ دیا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو اس سے روکتے ہیں جس سے آپ نے منع کیا ہے' تو ہمارے لیے کیا انعام ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارے لیے جنت ہے! اُنہوں نے عرض کی: ہم راضی ہو گئے۔

3761 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الْمُهَاجِرِينَ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَأَيْنَا قَوْمًا قَطُّ أَبْذَلَ مِنْ كَثِيرٍ، وَلَا أَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِنْ قَلِيلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، لَقَدْ صِرْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ فَأَشْرَكُونَا فِي الْمَهْنَأِ، إِنَّا نَخْشَى أَنْ يَذْهَبُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے کسی قوم کو زیادہ خرچ کرنے والا اور بہترین غمگساری کرنے والا' ان قلیل انصار کی نسبت نہیں دیکھا' جونہی ہم مدنی بنے وہ ہماری ہر مشکل میں ہمارے شریک

3759- الحديث سبق برقم: **3600,3536** فراجعه .

3760- وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **48** وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح . وأخرجه الحاكم في المستدرك جلد **3** صفحه **234** من طريق الحسن بن سفيان' حدثنا وهب بن بقية به .

3761- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **200** قال: حدثنا يزيد . وفي جلد **3** صفحه **204** قال: حدثنا معاذ . والترمذي رقم الحديث: **2487** قال: حدثنا الحسين بن الحسن المروزي' قال: حدثنا ابن أبي عدي .

بِالْأَجْرِ، قَالَ: لَا، مَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ وَدَعَوْتُمْ لَهُمْ

ہوگئے' اب ہمیں تو ڈر ہے کہ سارا اجر وہی نہ لے جائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! جو تم نے ان کی تعریف کی اور ان کے حق میں دعائیں کی (ان کا بھی اجر ہے)۔

3762 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ، فَبَعَثَتْ إِلَيْهِ بِقَصْعَةٍ فِيهَا طَعَامٌ، فَلَمَّا جَاءَتِ الَّتِي فِي بَيْتِهَا ضَرَبَتْ يَدَ الْخَادِمِ فَوَقَعَتِ الْقَصْعَةُ فَانْكَسَرَتْ، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يُعِيدُ الطَّعَامَ فِيهَا وَيَقُولُ: غَارَتْ أُمُّكُمْ، فَلَمَّا جَاءَتْ بِقَصْعَتِهَا أَخَذَهَا فَبَعَثَ بِهَا إِلَى الَّتِي كُسِرَتْ قَصْعَتُهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی کسی زوجہ محترمہ کے پاس تھے انہوں نے آپ کے پاس ایک پیالہ بھیجا' اس میں کھانا تھا' جب آپ کے گھر لایا گیا تو خادم نے اپنا ہاتھ مارا اور وہ پیالہ گرا اور اس کے بعد ٹوٹ گیا۔ حضور ﷺ نے اس کو پکڑا' اس میں جو کھانا تھا اس کو سنبھالنے لگے اور فرمانے لگے: تمہاری ماں تم پر غیرت کرے! جب اس طرح کا پیالہ لایا گیا تو آپ نے اس کو دے دیا جس کا وہ پیالہ ٹوٹا تھا۔

3763 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الْغَدْوَةُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَوِ اطَّلَعَتِ امْرَأَةٌ مِنْ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِلَى الْأَرْضِ لَمَلَأَتْ مَا بَيْنَهُمَا رِيحَ مِسْكٍ، وَلَأَضَاءَتْ مَا بَيْنَهُمَا، وَلَنَصِيفُهَا عَلَى رَأْسِهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں حج کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ جنت میں ایک کمان کی جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ اگر اہل جنت کی کوئی عورت زمین میں جھانک کر دیکھے۔ تو اس سے مہکنے والی کستوری کی خوشبو سے دنیا بھر جائے۔ زمین و آسمان کا درمیان روشن کر دے اس کا ایک بال دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

3764 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

3762- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3763- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 263,141 قال: حدثنا أبو النضر' قال: حدثنا محمد بن طلحة . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 263,141 قال: حدثنا سليمان بن داؤد الهاشمي .

3764- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 267 قال: حدثنا خلف بن الوليد . والبخاري في الأدب المفرد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: احْمِلْنِي، قَالَ: إِنَّا حَامِلُوكَ عَلَى وَلَدِ نَاقَةٍ، فَقَالَ: وَمَا أَصْنَعُ بِوَلَدِ نَاقَةٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ تَلِدُ الْإِبِلُ إِلَّا النُّوقُ

آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا، عرض کی: مجھے سوار کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کروں گا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اونٹنی کے بچے کو کیا کرنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر اونٹ کسی اونٹنی کا بچہ ہوتا ہے۔

3765 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ إِذَا كَانَ بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَخَيْبَرَ بَنَى بِصَفِيَّةَ، فَأَقَامَ عَلَيْهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، وَأَوْلَمَ، فَخَبَزَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ خُبْزًا، وَبَسَطَتْ نِطَعًا، وَصَبُّوا فِيهِ تَمْرًا وَسَمْنًا وَأَقِطًا، وَلَمْ يَكُنْ غَيْرُ ذَلِكَ، ثُمَّ رَكِبَ، فَقَالَ النَّاسُ: إِنْ هُوَ حَجَبَهَا فَإِنَّهَا مِنْ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ، فَلَمَّا رَكِبَ حَمَلَهَا مَعَهُ وَحَجَبَهَا بِثَوْبٍ، وَكَانَ إِذَا دَخَلَ الْمَدِينَةَ أَوْضَعَ مِنْ بَعِيرِهِ وَرَفَعَ مِنْ دَابَّتِهِ، فَلَمَّا دَخَلَ أَوْضَعَ مِنْ بَعِيرِهِ، وَصَعِدَ النَّاسُ، وَأُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنِينَ يَنْظُرْنَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَيْهَا، فَعَثَرَتِ النَّاقَةُ فَصُرِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُ هَمٌّ إِلَّا أَنْ يُصْلِحَ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا، قَالَ: فَكَأَنَّهُنَّ شَمِتْنَ بِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ محبوب کریم ﷺ خیبر سے واپس تشریف لائے جب مدینہ اور خیبر کے درمیان تھے، حضرت صفیہ کے ساتھ سہاگ رات گزاری، پس آپ اُن کے پاس تین دن ٹھہرے اور ولیمہ کیا، پس حضرت اُم سلیم نے روٹی پکائی اور چمڑے کا دسترخوان بچھایا اور گھر والوں نے اس پر کھجور، گھی اور پنیر رکھ دیا، پس ان چیزوں کے علاوہ کوئی چیز نہ تھی، پھر آپ ﷺ سوار ہوئے تو لوگ بولے: آپ ﷺ نے ان سے پردہ اس لیے کروایا کہ وہ اُمہات المؤمنین سے ہیں۔ پس حضور ﷺ جب سوار ہوئے تو انہیں ساتھ سوار کر کے پردہ کروایا اور جب مدینہ میں داخل ہوئے تو آپ ﷺ نے اپنے اونٹ کو تیز کر لیا اور سواری بہت زیادہ تیز چلی، لوگ چھتوں پر چڑھے جبکہ اُمہات المؤمنین حضور ﷺ کو اور ان کو دیکھ رہی تھیں، اونٹنی نے ٹھوکر کھائی تو نبی کریم ﷺ گر پڑے، پس آپ ﷺ کو سوائے اس کے کوئی افسوس وغم نہ تھا کہ آپ ﷺ نے ان کا کپڑا درست فرمایا۔ راوی کا بیان ہے کہ گویا اُمہات المؤمنین،

رقم الحديث: 268 قال: حدثنا محمد بن الصباح .

3765- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 264 قال: حدثنا سليمان بن داؤد . والبخاري جلد 7 صفحه 7 قال: حدثنا قتيبة وفي جلد 7 صفحه 28 قال: حدثنا محمد بن سلام .

نئی بی بی کو اس مصیبت میں دیکھ کر قدرے خوش ہوئیں۔

3766 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ، كَانَ يَرْمِي بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ فَيَنْظُرُ إِلَى مَوْضِعِ سَهْمِهِ، فَرَفَعَ وَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ أَبُو طَلْحَةَ صَدْرَهُ بِحِيَالِهِ، فَقَالَ: هَكَذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تیراندازی کر رہے تھے' پس آپ اپنا سر اُٹھاتے تھے تو تیر گرنے کی جگہ کو دیکھتے' پس اُنہوں نے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُٹھایا' پس حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا سینہ اپنے سامنے سے اوپر اُٹھایا اور عرض کی: اس طرح' اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر فدا فرمائے!

3767 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ: عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ: أَخْبَرَنَا، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: شَهِدْتُ وَلِيمَةَ امْرَأَتَيْنِ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا أَطْعَمَنَا خُبْزًا وَلَا لَحْمًا، قَالَ: قُلْتُ: فَمَهْ؟ قَالَ: الْحَيْسُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو ولیموں میں حاضر ہوا تھا۔ ہم نے نہ روٹی کھائی نہ گوشت کھایا۔ میں نے عرض کی: پھر وہ کیا تھا؟ فرمایا: حیس! (کھجور' پنیر اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا)۔

3768 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَتِ الْمُهَاجِرُونَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَأَيْنَا مِثْلَ قَوْمٍ قَدِمْنَا عَلَيْهِمْ أَحْسَنَ بَذْلًا مِنْ كَثِيرٍ، وَلَا أَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِنْ قَلِيلٍ، قَدْ كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ، وَأَشْرَكُونَا فِي الْمَهْنَأِ، وَقَدْ خَشِينَا أَنْ يَذْهَبُوا بِالْأَجْرِ كُلِّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، مَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ، وَدَعَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مہاجرین نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم نے اس قوم کی مانند کسی کو نہیں دیکھا جن کے پاس ہم آئے ہیں' خوبصورت طریقے سے خرچ کرنے والے اور خوبصورت انداز میں غمگساری کرنے والے' اُنہوں نے ہمارے خرچ میں کفایت کی اور اُنہوں نے اپنی پسندیدہ چیزوں میں ہمیں حصہ دار بنایا' ہمیں ڈر ہے کہ سارا اجر وہی لے جائیں گے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچ ہے! تم

3766- الحديث سبق برقم: **3399** فراجعه .

3767- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**99** من طريق هشيم به . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1910** من طريق زهير بن حرب' حدثنا سفيان' عن على بن زيد به .

3768- الحديث سبق برقم: **3761** فراجعه .

نے کماحقہٗ ان کی تعریف نہیں کی ہے اور ہاں ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا ضرور کی ہے۔

3769 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ مُهَاجِرًا، آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: لِي مَالٌ فَنِصْفُهُ لَكَ، وَلِي امْرَأَتَانِ، فَانْظُرْ أَحَبَّهُمَا إِلَيْكَ فَلَأُطَلِّقُهَا، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا تَزَوَّجْتَهَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، قَالَ: وَفَقَدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَّامًا، ثُمَّ أَتَاهُ وَعَلَيْهِ وَضَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْيَمْ قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ إِلَيْهَا؟، قَالَ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ، أَوْ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب عبدالرحمٰن بن عوف ہجرت کر کے آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان اور حضرت سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا' حضرت سعد نے عبدالرحمٰن سے کہا: آدھا مال آپ کا اور آدھا میرا' میری دو بیویاں ہیں ان میں سے جو آپ کو پسند ہو' میں اُسے طلاق دے دیتا ہوں جب اس کی عدت ختم ہو جائے گی تو آپ اس سے شادی کر لیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ پاک آپ کو اور آپ کے گھر والوں اور مال میں برکت دے! مجھے بازار کے متعلق بتائیں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن کو چند دن نہ پایا' پھر حضرت عبدالرحمٰن آئے' آپ پر زرد رنگ تھا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کیا ہے؟ عرض کی: میں نے انصار کی ایک عورت سے شادی کی ہے' آپ نے فرمایا: حق مہر کیا رکھا ہے؟ عرض کی: سونے کی ایک ڈلی' آپ نے فرمایا: ولیمہ کرو! اگرچہ ایک بکری ذبح کر کے ہی ہو۔

3770 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَوَّلِ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ أَنَّ نَارًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کی پہلی نشانی کے بارے میں پوچھا' پس فرمایا: مجھے حضرت جبریل نے خبر دی کہ یہ ایک آگ ہے جو لوگوں کو مشرق

3769- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3770- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

تَحْشُرُهُمْ مِنَ الْمَشْرِقِ

سے اکٹھا کرنا شروع کرے گی۔

3771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا، قَالُوا: زِدْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لِكُلِّ رَجُلٍ سَبْعُونَ أَلْفًا، قَالُوا: زِدْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَانَ عَلَى كَثِيبٍ، فَحَثَا بِيَدِهِ، قَالُوا: زِدْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ: هٰذَا وَحَثَا بِيَدِهِ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَبْعَدَ اللّٰهُ مَنْ دَخَلَ النَّارَ بَعْدَ هٰذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے ستر ہزار جنت میں داخل ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! زیادہ کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار ہوں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اور زیادہ کریں' جبکہ ریت کے بڑے ڈھیر پر تھے۔ آپ نے اپنے ہاتھ سے مٹھی بھری' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اور اضافہ کریں! آپ نے پھر اپنے ہاتھ سے مٹھی بھری' صحابہ کرام نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اللہ کی رحمت سے دور ہی ہوگا' وہ انسان جو اس کے بعد بھی جہنم میں داخل ہوگا۔

3772 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا كَانَ فِي الدُّنْيَا شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ رُؤْيَةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانُوا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُومُوا لَهُ لِمَا كَانُوا يَعْلَمُونَ مِنْ كَرَاهِيَتِهِ لِذٰلِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دنیا میں کوئی شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب کوئی نہیں ہے جس کو میں نے دیکھا ہو' صحابہ کرام جب آپ کو دیکھتے تھے تو وہ کھڑے نہیں ہوتے تھے کیونکہ آپ اس کو ناپسند کرتے تھے۔

3773 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، أَنَّ أَنَسًا سُئِلَ عَنْ شَعَرِ

حضرت حمید فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا:

3771- الحديث في المقصد العلي برقم: 1956 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه404 وقال: رواه أبو يعلى . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 4699 .

3772- أخرجه أبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وسلم صفحه 63 من طريق أبي يعلى . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه251,250 . والترمذي رقم الحديث: 2755' وفي الشمائل رقم الحديث: 328 .

3773- الحديث سبق برقم: 3477 فراجعه .

النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَانَ شَعَرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُجَاوِزُ أُذُنَيْهِ، كَأَنَّهُ شَعَرَ قَتَادَةَ، فَفَرِحَ قَتَادَةُ يَوْمَئِذٍ، وَكَانَ شَعَرُ قَتَادَةَ رَجِلًا

حضور ﷺ کے بال آپ کے کانوں سے تجاوز نہیں کرتے تھے۔ حضرت حمید فرماتے ہیں کہ حضرت قتادہ کے بال بھی ایسے ہی تھے' حضرت قتادہ اس دن خوش تھے' حضرت قتادہ کے بال بھی کانوں کی لو تک تھے۔

3774 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا قُدَامَةُ بْنُ شِهَابٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتًا أَوْ مَكَانًا، فَرَأَى حَبْلًا مَمْدُودًا فَقَالَ: مَا هٰذَا؟، قَالُوا: فُلَانَةُ تُصَلِّي، فَإِذَا أَعْيَتْ أَخَذَتْهُ فَقَالَ: لِتُصَلِّ، فَإِذَا أَعْيَتْ فَلْتَنَمْ أَوْ لِتَقْعُدْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک گھر میں داخل ہوئے، آپ ﷺ نے ایک رسی باندھی ہوئی دیکھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: فلانی اس کو باندھ کر نماز پڑھتی ہے، جب وہ تھک جاتی اس کو باندھ کر نماز پڑھتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نماز پڑھو! جب تم تھک جاؤ تو سو جاؤ یا بیٹھ جاؤ۔

3775 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بِالْبَقِيعِ فَنَادَى رَجُلٌ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَالْتَفَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ: لَسْتُ إِيَّاكَ أَعْنِي، فَقَالَ: سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جنت البقیع میں تھے، ایک آدمی نے پکارا: اے ابو القاسم! حضور ﷺ متوجہ ہوئے۔ اس آدمی نے کہا: میں نے آپ کو نہیں پکارا، اس وقت آپ نے فرمایا: میرے نام پہ نام رکھو، کنیت پر نام نہ رکھو۔

3776 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اس پیالہ میں حضور ﷺ کو پانی' دودھ' نبیذ اور شہد پلایا ہے۔

3774- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 101 . ومسلم جلد 2 صفحه 189 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' وزهير بن حرب . وأبو داؤد رقم الحديث: 1312 قال: حدثنا زياد بن أيوب' وهارون بن عباد .

3775- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 114 قال: حدثنا يحيى بن سعيد . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 121 قال: حدثنا عبد الله بن بكر .

3776- الحديث سبق برقم: 3500,3490 فراجعه .

وَسَلَّمَ بِهَذَا الْقَدَحِ ذَاتِهِ الْعَسَلَ وَالنَّبِيذَ وَالْمَاءَ وَاللَّبَنَ

3777 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَلِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری لڑکی سے شادی کرنے کی صورت میں فرمایا: اس کے پاس سات دن ٹھہرا جائے اور شادی شدہ کے پاس تین دن۔

3778 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا هَبَّتْ رِيحٌ عُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے معلوم کیا جاتا تھا جب ہوا چلتی تھی۔

3779 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَقْتُ النُّفَسَاءِ أَرْبَعُونَ يَوْمًا، إِلَّا أَنْ تَرَى الطُّهْرَ قَبْلَ ذَلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نفاس کی مدت چالیس دن مقرر فرمائی مگر یہ کہ طہر اس سے پہلے دیکھ لے۔

3780 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

3777- الحديث سبق برقم: **2815** فراجعه . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**99** . وأبو داؤد رقم الحديث: **2123** قال: حدثنا وهب بن بقية' وعثمان بن أبي شيبة .

3778- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**159** من طريق ابراهيم بن الحارث' حدثنا الحارث بن عمير به . وأخرجه البخاري رقم الحديث: **1034** .

3779- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **649** قال: حدثنا عبد الله بن سعيد' قال: حدثنا المحاربي' عن سلام بن سليم أو سلم عن حميد' فذكره .

3780- الحديث في المقصد العلي برقم: **505** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3**صفحه**155** وقال: رواه

حَـدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ صَلَّى صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتَّى يُفْطِرَ، وَلَوْ كَانَ عَلَى شَرْبَةٍ مِنْ مَاءٍ

نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا مغرب کی نماز پڑھتے ہوئے یہاں تک کہ آپ افطار کر لیتے، اگرچہ پانی کے ایک گھونٹ سے ہی کیوں نہ ہوتا۔

3781 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، وَإِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دونوں ہاتھ اُٹھاتے ہوئے دیکھا' جب نماز شروع کرتے اور جب رکوع کرتے اور رکوع سے سر اُٹھاتے۔

3782 - حَدَّثَنَا هَارُونُ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا حُمَّ أَحَدُكُمْ فَلْيَسُنَّ عَلَيْهِ الْمَاءَ الْبَارِدَ ثَلَاثَ لَيَالٍ مِنَ السَّحَرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو بخار آئے تو اس پر ٹھنڈا پانی ڈالا جائے' تین راتیں سحری کے وقت۔

3783 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نِسَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بَيْنَهُنَّ شَيْءٌ، فَجَعَلَ يَنْهَاهُنَّ فَاحْتَبَسَ عَنِ الصَّلَاةِ، فَنَادَاهُ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، احْثُ فِي وُجُوهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ وَاخْرُجْ إِلَى الصَّلَاةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی بیویوں میں کچھ رنجش تھی' آپ ﷺ نماز کی طرف آنے سے ٹھہر گئے' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کی خدمت میں نداء کی: اے اللہ کے رسول! ان کے منہ میں مٹی ٹھونس کر نماز کی طرف تشریف لائیے۔

أبو يعلى' والبزار' والطبراني في الأوسط' ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

3781- الحديث سبق برقم: **3740** فراجعه .

3782- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد**4**صفحه**200** من طريق محمد بن صالح' حدثنا الفضل بن محمد' حدثنا عبيد الله بن محمد' حدثنا حماد بن سلمة به .

3783- الحديث سبق برقم: **3755,3733** فراجعه .

3784 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَامَ بَعْضَ نِسَائِهِ وَشَبَرَ مِنْ ذَيْلِهَا- شِبْرًا أَوْ شِبْرَيْنِ- وَقَالَ: لَا تَزِدْنَ عَلَى هَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعض ازواج رضی اللہ عنہن کے پاس ٹھہرے اور ان کا دامن بالشت سے ماپا' ایک بالشت یا دو بالشت اور فرمایا: آپ اس پر زیادہ نہیں کرسکتیں۔

3785 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَمُوتُ - وَلَهُ عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ- يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا- وَلَهُ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا - إِلَّا الشَّهِيدُ، لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ، فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ مَرَّةً أُخْرَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی ایسا نہیں جو مرے اور اس کیلئے اللہ کے پاس بھلائی ہو' وہ دنیا کی طرف لوٹنا پسند کرے' اگرچہ دنیا میں آکر اسے دنیا اور اس کا سارا مال ملے مگر شہید' اس چیز کی وجہ سے جو وہ شہادت کی فضیلت دیکھے گا تو وہ پسند کرے گا کہ دنیا میں لوٹایا جائے' پس کم از کم ایک بار پھر شہید کیا جائے۔

3786 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا، وَذَكَرَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَقَدْ عَصَبَ رَأْسَهُ، فَتَلَقَّتْهُ الْأَنْصَارُ بِوُجُوهِهِمْ وَفِتْيَانِهِمْ فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنِّي لَأُحِبُّكُمْ، إِنَّ الْأَنْصَارَ قَدْ قَضَوُا الَّذِي عَلَيْهِمْ وَبَقِيَ الَّذِي عَلَيْكُمْ، فَأَحْسِنُوا إِلَى مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سر پر پٹی باندھ کر چلے تو انصار اپنے چہروں سے اور ان کے جوان آپ سے ملے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے! بے شک میں تم سے محبت کرتا ہوں' بے شک انصار نے اپنا کام پورا کر دیا جو ان کے اوپر تھا اور جو تم پر تھا' وہ باقی ہے' ان کے نیکی کرنے والے سے نیک سلوک کرو اور ان کے بُرائی کرنے والے سے درگزر کرو۔

3787 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

3784- الحديث في المقصد العلي برقم: **1570** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **127,126** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

3785- الحديث سبق برقم: **3468,3249,3046,3010,2872** فراجعه .

3786- الحديث سبق برقم: **3758** فراجعه .

3787- الحديث سبق برقم: **3448,3616** فراجعه .

قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ فِيهِ فِي الدُّنْيَا، وَلَكِنْ لِيَقُلِ: اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي

نے فرمایا: تم میں سے کوئی موت کی تمنا بالکل نہ کرے اس مصیبت کی وجہ سے جو اسے پہنچی ہے دنیا میں لیکن وہ یہ دعا کر سکتا ہے کہ اے اللہ! جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہے مجھے زندہ رکھ اور جب وفات بہتر ہو تو وفات دینا۔

3788 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ: هَلِ اتَّخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ خَاتَمِهِ، أَخَّرَ لَيْلَةً صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ إِلَى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ صَلَّى، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَنَامُوا، وَإِنَّكُمْ لَمْ تَزَالُوا فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوهَا، قَالَ: وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ خَاتَمِهِ، قَالَ: وَكَانَ خَاتَمُهُ مِنْ فِضَّةٍ، كَانَ فَصُّهُ مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی مہر تھی؟ فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشاء کو ایک رات مؤخر کیا یہاں تک کہ آدھی رات ہو گئی قریب تھا کہ آدھی رات ہو جاتی' پھر فرمایا کہ بے شک لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے تم مسلسل نماز ہی میں تھے جب سے نماز کا انتظار کر رہے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا کہ اب بھی میں آپ کی چاندی کی انگوٹھی کی چمک کو دیکھ رہا ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور نگ والی تھی۔

3789 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَسَأَلَهُ عَنْ وَقْتِ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا مِنَ الْغَدِ أَمَرَ حِينَ انْشَقَّ الْفَجْرُ أَنْ تُقَامَ الصَّلَاةُ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ أَخَّرَهَا حَتَّى أَسْفَرَ، ثُمَّ أَمَرَ فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَصَلَّى بِنَا ثُمَّ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ؟ مَا بَيْنَ هَذَيْنِ وَقْتٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے فجر کی نماز کا وقت پوچھا جب صبح ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا جس وقت فجر کا وقت قریب ہوا نماز قائم کرنے کا۔ جب دوسری صبح آئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤخر کرنے کا حکم دیا، سفید ہونے تک پھر حکم دیا نماز کی اقامت کا یہ نماز پڑھائی، پھر فرمایا: سائل کہاں ہے جو نماز کا وقت پوچھ رہا تھا؟ فرمایا: ان دونوں وقتوں کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

3788- الحديث سبق برقم: **3300** فراجعه .

3789- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **113** . والنسائي رقم الحديث: **545** من طريق اسماعيل . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **121** . والبيهقي جلد **1** صفحه **378,377** من طريق يزيد بن هارون .

3790 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَادَ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَهُوَ كَالْفَرْخِ الْمَنْتُوفِ جَهْدًا، فَقَالَ: مَا كُنْتَ تَدْعُو بِشَيْءٍ وَتَسْأَلُهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ أَقُولُ: اللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي فِي الْآخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا تُطِيقُهُ أَوْ لَا تَسْتَطِيعُهُ، فَهَلَّا قُلْتَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ، فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَفَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی عیادت کی جبکہ وہ بے بال و پر چوزے کی مانند ہو گیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو اللہ سے کوئی چیز مانگتا ہے اور اس سے کوئی سوال؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! میں یوں دعا کیا کرتا تھا کہ اے اللہ! جو سزا تُو نے کل قیامت کے دن مجھے دینا لکھی ہے وہ آج دنیا میں ہی مجھے دیدے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان اللہ! تیرے اندر اس کی طاقت نہیں' یا تُو طاقت نہیں رکھ سکتا ہے' تُو یہ کیوں نہیں کہتا: اے اللہ! ہمیں دنیا و آخرت میں نیکی عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے حق میں دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے شفاء عطا فرمائی۔

3791 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَسَارَ إِلَى بَدْرٍ فَجَعَلَ يَسْتَشِيرُ النَّاسَ ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ اسْتَشَارَهُمْ ، فَأَشَارَ عَلَيْهِ عُمَرُ، فَجَعَلَ يَسْتَشِيرُ ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: وَاللّٰهِ مَا يُرِيدُ غَيْرَنَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: أَرَاكَ تَسْتَشِيرُ فَيُشِيرُونَ عَلَيْكَ، وَإِنَّا لَا نَقُولُ كَمَا قَالَ بَنُو إِسْرَائِيلَ: (فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا) (المائدة: 24) ، وَلَكِنْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ ضَرَبْتَ أَكْبَادَهَا حَتَّى تَبْلُغَ الْغِمَادِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے چلے' پس بدر کی طرف گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے مشورہ کرنا شروع کر دیا' پس اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے مشورہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشورہ جاری رکھا تو انصار بولے: قسم بخدا! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد ہم سے ہی ہے' پس ایک انصاری صحابی نے عرض کی: میں آپ کو مشورہ کرتے ہوئے دیکھتا ہوں' پس لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورے دے رہے ہیں اور یقیناً ہم یہ نہیں کہیں گے جس طرح بنو اسرائیل نے کہا تھا:

3790- الحديث سبق برقم: 3747 فراجعه .

3791- الحديث سبق برقم: 3754 فراجعه .

لٰكِنَّا مَعَكَ

''(اے موسیٰ!) آپ اور آپ کا رب جا کر جنگ کریں'' لیکن قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے' اگر آپ ہماری سواریوں کے کلیجے ماریں یہاں تک کہ وہ پردۂ غیب میں پہنچ جائیں تو بھی ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

3792 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا قَوْمًا لَمْ يَغْزُ حَتَّى يُصْبِحَ، فَيَنْظُرَ فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ، وَإِنْ لَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا إِلَى خَيْبَرَ، فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْتُ خَلْفَ أَبِي طَلْحَةَ، وَإِنَّ قَدَمِي لَتَمَسُّ قَدَمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَرَجُوا عَلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَمُرُورِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ، فَلَمَّا رَآهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ کسی قوم سے جنگ فرماتے تو صبح تک انتظار فرماتے' آپ ﷺ ملاحظہ فرماتے' پس اگر آپ ﷺ اذان سماعت فرماتے تو ان سے رُک جاتے اور اگر اذان کی آواز نہ آتی تو آپ ﷺ ان پر حملہ کر دیتے۔ راوی کا بیان ہے: ہم خیبر کی طرف چلے' ہم وہاں پہنچے تو جب صبح ہوئی اور آپ ﷺ نے اذان نہ سنی تو آپ سوار ہوئے' میں بھی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار رہا' میرا پاؤں نبی کریم ﷺ کے پاؤں سے چھو رہا تھا' پس جب اُنہوں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا تو پکار اُٹھے: محمد ﷺ اور خمیس (دونوں اکٹھے آ گئے)۔ پس جب نبی کریم ﷺ کی نگاہ اُن پر پڑی' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر! خیبر ویران ہو گیا' بے شک ہم جس قوم کے صحن میں اُترتے ہیں تو ڈرائے جانے والوں کی صبح بڑی بُری ہوتی ہے۔

3793 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عِنْدَ فَخِذِهِ الْيُمْنَى أَوِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ میں آپ کی بائیں یا دائیں ران کے پاس تھا' آپ نے حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ پڑھا۔

3792- الحديث سبق برقم: 3691,3690,3033,2901 فراجعه .

3793- الحديث سبق برقم: 3636 فراجعه .

الْيُسْرَى: لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ

3794 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَعِبْ صَائِمٌ عَلَى مُفْطِرٍ، وَلَا مُفْطِرٌ عَلَى صَائِمٍ، وَكَانَ النَّاسُ جَهِدُوا يَوْمًا فِي رَمَضَانَ فِي السَّفَرِ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ فَشَرِبَهُ لِيَنْظُرَ إِلَيْهِ النَّاسُ أَنَّهُ مُفْطِرٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھنے اور نہ رکھنے والے پر عیب نہیں لگاتے تھے۔ لوگوں کو ایک دن رمضان المبارک میں سفر کرنے میں بہت بھوک لگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش کیا، تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت افطار میں ہیں۔

3795 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ لَهُ فِي رَمَضَانَ وَهُوَ صَائِمٌ، فَأُتِيَ بِإِنَاءٍ مِنْ مَاءٍ، وَضَعَهُ عَلَى يَدِهِ فَشَرِبَهُ وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ فَشَرِبُوا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان شریف کے مہینے میں ایک سفر میں تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا ہوا تھا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پانی کا ایک برتن لایا گیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے ہاتھ پر رکھ کر اس سے پیا' اس حال میں کہ صحابہ دیکھ رہے تھے' پس اُنہوں نے بھی پیا۔

3796 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَامَ لَيْلًا عَلَى الْقَلِيبِ الَّذِي فِيهِ أَبُو جَهْلٍ وَأَصْحَابُهُ بِبَدْرٍ، بَعْدَ قَتْلِهِمْ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، فَنَادَى: يَا أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، يَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ يَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، يَا أُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، هَلْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُنہوں نے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات اس گڑھے کے اوپر کھڑے ہوئے جس میں ابوجہل اور اس کے ساتھ تھے' میدانِ بدر تھا اور ان کو قتل ہوئے تین دن ہو چکے تھے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نداء دی: اے ابوجہل بن ہشام! اے عتبہ بن ربیعہ! اے شیبہ بن ربیعہ! اور اے

3794- أخرجه أحمد جلد**33**صفحه**126** قال: حدثنا روح بن عبادة' قال: حدثنا هشام بن حسان . وفي جلد**3**صفحه**232** قال: حدثنا علي بن عاصم . وفي جلد**3**صفحه**250** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا حماد بن سلمة .

3795- الحديث مختصر من الحديث رقم:**3794** فراجعه .

3796- الحديث سبق برقم:**3316** فراجعه .

وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا ، فَقَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا مُنْذُ ثَلَاثٍ؟ فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ، إِلَّا أَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يُجِيبُونِي

امیہ بن خلف! کیا تم نے سچ پا لیا' وہ وعدہ جو تمہارے رب نے تم سے فرمایا تھا؟ (عذاب کا وعدہ) کیونکہ میں نے تو وہ وعدہ سچ پا لیا ہے جو میرے رب نے مجھ سے کیا تھا (فتح کا وعدہ)۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ کے صحابہ میں سے کچھ حضرات لشکر سے نکل کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ایک ایسی قوم کو ندا دے رہے ہیں جو تین دن سے مر چکے ہیں؟ پس آپ ﷺ نے فرمایا: تم میری بات کو ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو' مگر انہیں طاقت نہیں ہے کہ مجھے جواب دیں (لیکن مسلمان جواب بھی دیتا ہے جسے وہ سنتا ہے جس کے دل کے کان ہوں)۔

3797 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَشْرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَلِيبِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جو کافر کنویں میں ڈالے گئے' آپ نے اُن پر جھانکا' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

3798 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَدَنَةً قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبْهَا قَالَ: بَدَنَةٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ . قَالَ: ارْكَبْهَا وَإِنْ كَانَتْ بَدَنَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ ایک آدمی قربانی ہانک کر لے جا رہا تھا' رسول کریم ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا: اس پر سوار ہو جا! اس نے عرض کی: یہ قربانی ہے (اس لیے میں اس پر سوار نہیں ہو رہا) اے اللہ کے رسول! فرمایا: اس پر سوار ہو جا اگرچہ قربانی ہے۔

3799 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جنت البقیع کے پاس سے گزرے' پس اچانک ایک آدمی

3797- الحديث سبق برقم: 3796,3316 فراجعه .

3798- الحديث سبق برقم: 3613 فراجعه .

3799- الحديث سبق برقم: 3775 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ، فَإِذَا رَجُلٌ يُنَادِي صَاحِبَهُ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَمْ أَعْنِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا عَنَيْتُ فُلَانًا، فَقَالَ: سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

نے اپنے ساتھی کو نداء دی: اے ابوالقاسم! پس نبی کریم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے' اس نے فوراً عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کو آواز نہیں دی' میں نے تو فلاں کو آواز دی ہے۔ پس آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے نام پر نام رکھ سکتے ہو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو۔

3800 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے خواب' نبوت کا چھیالیسواں جز ہیں۔

3801 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ خَلَلٍ فَسَدَّدَ لَهُ بِمِشْقَصٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے گھر میں ایک سوراخ سے جھانکنے لگا' آپ نے اس سوراخ کو ایک لکڑی سے بند کروا دیا۔

3802 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَلْيَمْشِ عَلَى هِينَتِهِ، فَلْيُصَلِّ مَا أَدْرَكَ وَلْيَقْضِ مَا سَبَقَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے، وہ اپنی حالت پہ آئے۔ جو مل جائے اس کو پڑھو، جو رہ جائے وہ بعد میں پڑھ لے۔

3803 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3800- الحديث سبق برقم: 3442,3417 فراجعه .

3801- أخرجه أحمد جلد 3صفحه108 قال: حدثنا ابن أبي عدى . وفي جلد 3صفحه125 قال: حدثنا يحيٰى . وفي صفحه178 قال: حدثنا سهل .

3802- أخرجه أحمد جلد3صفحه243,229,189,188,106 من طريق ابن أبي عدى' ومحمد بن عبد الله' وسليمان بن حيان' وعلى بن عاصم جميعهم عن حميد بهذا السند .

3803- أخرجه الدارمي رقم الحديث: 2270 قال: أخبرنا سعيد بن سليمان' عن هُشيم' عن حُميد' فذكره . وأخرجه

هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ طَلَّقَ حَفْصَةَ أُمِرَ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَرَاجَعَهَا

حضور ﷺ نے جس وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کا ارادہ کیا۔ آپ ﷺ سے رجوع کرنے کی عرض کی گئی۔ آپ ﷺ نے ان سے رجوع کرلیا۔

3804 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّ أَنْ يَلِيَهُ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لِيَأْخُذُوا عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پسند کرتے تھے کہ مہاجرین و انصار کو اپنے قریب کرنا تا کہ وہ آپ ﷺ سے خوب استفادہ کریں۔

3805 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِيبًا بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ، وَكَانَتْ صَلَاةُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُتَقَارِبَةً، ثُمَّ بَسَطَ عُمَرُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی نماز بعض بعض کے قریب ہے اور حضرت ابوبکر کی نماز درمیانی تھی' حضرت عمر نے فجر کی نماز میں لمبی قرأت کی۔

3806 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ لُقْمَةً سَقَطَتْ مِنْ يَدِهِ فَطَلَبَهَا حَتَّى وَجَدَهَا وَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ عَنْهَا وَلْيَأْكُلْهَا، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ لقمہ جو ان کے ہاتھ سے گر جائے' پس وہ اس کو تلاش کریں گے یہاں تک کہ وہ مل جائے کیونکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو وہ اسے جھاڑ لے اور اس کو کھالے' اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے۔

3807 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ مِنَ الشَّهْرِ حَتَّى نَقُولَ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کسی ماہ کے روزے یوں رکھتے تھے کہ ہم

ابن سعد في الطبقات جلد8صفحه59,58 من طريق عثمان بن محمد بن أبي شيبة' عن هشيم به .

3804- أخرجه أحمد جلد3صفحه100 قال: حدثنا معتمر . وفي جلد3صفحه199 . وعبد بن حُميد: 1407 قال: أحمد: حدثنا' وقال عبد بن حُميد: أخبرنا يزيد .

3805- الحديث سبق برقم: 3347 فراجعه .

3806- الحديث سبق برقم: 3299 فراجعه .

3807- الحديث سبق برقم: 3522 فراجعه .

مَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ: مَا يَصُومُ مِنْهُ شَيْئًا

کہتے کہ اب افطار نہ کریں گے اور کبھی افطار کرتے تھے تو ہم کہتے کہ اب کبھی نفلی روزہ نہ رکھیں گے۔

3808 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الْأَنْصَارَ كَانَ لَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُونَ فِيهِمَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَدْ أَبْدَلَكُمُ اللّٰهُ يَوْمَيْنِ خَيْرًا مِنْهُمَا: الْفِطْرَ وَالْأَضْحَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے لیے زمانہ جاہلیت میں دو دن تھے ان دونوں میں وہ کھیلتے تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے تمہارے لیے ان دونوں کے بدلے دو بہتر دن دیئے ہیں عید الفطر و عید الاضحیٰ۔

3809 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ فَيَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا قَبْلَ مَوْتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے؟ آپ نے فرمایا: اس کو مرنے سے پہلے نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے۔

3810 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ بَيْنَ يَدَيَّ خَشَفَةً قَالَتْ: أَنَا الْغُمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا میں نے ایک آہٹ سنی ہے میں نے کہا: کس کی آہٹ ہے؟ عرض کی گئی: غمیصاء بنت ملحان کی۔

3811 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِنَهَرٍ يَجْرِي حَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ قَالَ: فَضَرَبْتُ بِيَدِي إِلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا اچانک میں ایک دریا کے پاس تھا جس کا پانی چل رہا تھا اس کے دونوں

3808- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 178,103 من طريق ابن أبي عدى وسهل بن يوسف . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 178 . والبيهقى فى الكبرىٰ جلد 3 صفحه 277 . والبغوى فى شرح السنة جلد 4 صفحه 292 .

3809- الحديث سبق برقم: 3744 فراجعه .

3810- الحديث سبق برقم: 3492 فراجعه .

3811- الحديث سبق برقم: 3714 فراجعه .

الطِّينِ فَإِذَا مِسْكٌ أَذْفَرُ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هَذَا؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكَ اللّٰهُ

کنارے موتیوں کے خیمے تھے' فرماتے ہیں: میں نے اس کی مٹی پر ہاتھ مارا' پس وہ مشک اذفر تھی' میں نے کہا: اے جبریل! یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے۔

3812 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ مُهَاجِرًا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: لِي مَالٌ فَنِصْفُهُ لَكَ، وَلِي امْرَأَتَانِ فَانْظُرْ أَيُّهُمَا أَحَبُّ إِلَيْكَ أُطَلِّقُهَا، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا تَزَوَّجْتَهَا، قَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَمَا رَجَعَ يَوْمَئِذٍ حَتَّى جَاءَ بِشَيْءٍ قَدْ أَصَابَهُ مِنَ السُّوقِ، فَفَقَدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَّامًا ثُمَّ أَتَاهُ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْيَمْ قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ مِنْهَا، قَالَ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ أَوْ- قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ- فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ أَبُو وَهْبٍ: وَلَا أَعْلَمُ إِلَّا ذَكَرَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ، أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ، كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُلُّنَا يَكْرَهُ الْمَوْتَ، قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ بِكَرَاهِيَةِ الْمَوْتِ، وَلَكِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا جَاءَهُ الْبَشِيرُ مِنَ اللَّهِ بِمَا هُوَ صَائِرٌ إِلَيْهِ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ، وَأَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَإِنَّ الْكَافِرَ - أَوِ الْفَاجِرَ - إِذَا حَضَرَ جَاءَهُ مَا هُوَ لَاقٍ، وَكَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ، وَكَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے، اللہ اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم میں سب موت کو ناپسند کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: موت کو ناپسند نہ کرو لیکن مومن کے پاس جب اللہ کی طرف سے ملاقات کی خوشخبری دینے والا آتا ہے جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور اللہ اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ بے شک کافر یا فاجر جب اس کی موت کا وقت ہوتا ہے تو اس کے پاس وہ آتا ہے جس سے وہ ملنے والا ہے، وہ اللہ سے ملاقات ناپسند کرتا ہے اللہ اس سے ملاقات ناپسند کرتا ہے۔

3866 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمِّ سُلَيْمٍ، فَأَتَتْهُ بِسَمْنٍ وَتَمْرٍ قَالَ: أَعِيدِي سَمْنَكُمْ فِي سِقَائِهِ، وَتَمْرَكُمْ فِي وِعَائِهِ، فَإِنِّي صَائِمٌ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى صَلَاةً غَيْرَ مَكْتُوبَةٍ وَصَلَّيْنَا، فَدَعَا لِأُمِّ سُلَيْمٍ وَلِأَهْلِ بَيْتِهَا، فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: إِنَّ لِي خُوَيْصَةً، قَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَتْ: خَادِمُكَ أَنَسٌ، قَالَ: فَدَعَا لِي بِخَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَقَالَ: اللَّهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَوَلَدًا وَبَارِكْ لَهُ فِيهِ، قَالَ: فَإِنِّي لَمِنْ أَكْثَرِ الْأَنْصَارِ وَلَدًا،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حضرت اُم سلیم کے پاس آئے، حضرت اُم سلیم نے آپ کے آگے گھی اور کھجوریں رکھیں، آپ نے فرمایا: تم گھی مشکیزہ میں رکھ دو اور کھجوریں برتن میں، کیونکہ میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ پھر آپ کھڑے ہوئے آپ نے فرض کے علاوہ نوافل ادا کیے اور ہم نے بھی نماز پڑھی۔ آپ نے حضرت اُم سلیم اور ان کے گھر والوں کے لیے دعا کی۔ حضرت اُم سلیم نے عرض کی: میرے لیے خویصہ بھی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: آپ کا خادم انس! اس کے لیے بھی! آپ نے

البزار رقم الحديث: 780 من طريق خالد بن الحارث .

3866- الحديث سبق برقم: 3226,3189 .

قَالَ: وَأَخْبَرَتْنِي أُمَيْنَةُ أَنَّهُ دُفِنَ مِنْ صُلْبِي إِلَى مَقْدَمِ الْحَجَّاجِ الْبَصْرَةَ بِضْعٌ وَعِشْرُونَ وَمِئَةٌ

میرے لیے دنیا اور آخرت کی بھلائی کی دعا مانگی اور عرض کی: اے اللہ! اس کو مال و اولاد دے اور اس میں برکت بھی دے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسی لیے میں انصار میں زیادہ اولاد والا ہوں۔ مجھے امینہ نے بتایا ہے کہ میں حجاج کے بصرہ آنے تک اپنی صلبی اولاد سے ایک سو بیس دفن کر چکا ہوں۔

3867 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: أَسْلِمْ قَالَ: أَجِدُنِي كَارِهًا، قَالَ: أَسْلِمْ، وَإِنْ كُنْتَ كَارِهًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نجار کے ایک آدمی کو فرمایا: اسلام لے آ۔ اسنے جواب دیا: میرا دل نہیں مانتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام لے آ! اگرچہ دل نہیں مانتا۔

3868 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: إِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَسْأَلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّيْءَ مِنَ الدُّنْيَا فَيُسْلِمُ لَهُ، ثُمَّ لَا يُمْسِي حَتَّى يَكُونَ الْإِسْلَامُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دنیا کی کوئی چیز مانگے اور وہ اس کی وجہ سے اسلام قبول کر لے تو پھر وہ شام نہیں کرے گا یہاں تک کہ اسلام اس کے نزدیک دنیا و مافیہا سے زیادہ پسندیدہ ہوگا۔

3869 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَأَى شَيْخًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَنْ تَعْذِيبِ هٰذَا نَفْسَهُ لَغَنِيٌّ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَرَكِبَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھے آدمی کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان سہارا لے کر چل رہے تھے' لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے (بیت اللہ تک) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ بے پرواہ ہے

3867- الحديث سبق برقم: 3753 فراجعه .

3868- الحديث سبق برقم: 3738 فراجعه .

3869- الحديث سبق برقم: 3830 فراجعه .

اس سے کہ کوئی اپنے آپ کو یوں عذاب دے پھر اسے حکم دیا تو وہ سوار ہوا۔

3870 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: اشْتَكَى ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ، فَرَاحَ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَتُوُفِّيَ الْغُلَامُ، فَهَيَّأَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ أَمْرَ بَيْتِهَا، وَيَسَّرَتْ عَشَاءَهُ، وَقَالَتْ لِأَهْلِهَا: لَا يَذْكُرَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ لِأَبِي طَلْحَةَ وَفَاةَ ابْنِهِ، فَرَجَعَ أَبُو طَلْحَةَ وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ مِنْ أَهْلِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْغُلَامُ؟ فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: خَيْرُ مَا كَانَ، فَقَدَّمَتْ عَشَاءَهُ فَتَعَشَّى وَأَصْحَابُهُ، فَلَمَّا خَرَجُوا عَنْهُ قَامَتْ إِلَى مَا تَقُومُ إِلَيْهِ الْمَرْأَةُ، فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَالَتْ: أَلَمْ تَرَ يَا أَبَا طَلْحَةَ آلَ فُلَانٍ اسْتَعَارُوا عَارِيَةً فَتَمَتَّعُوا بِهَا، فَلَمَّا طُلِبَتْ إِلَيْهِمْ، شَقَّ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: مَا أَنْصَفُوا، قَالَتْ: إِنَّ فُلَانًا - ابْنَهَا - كَانَ عَارِيَةً مِنَ اللّٰهِ فَقَبَضَهُ، فَاسْتَرْجَعَ، ثُمَّ غَدَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا فِي لَيْلَتِكُمَا، فَحَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ، فَلَمَّا وَلَدَتْ لَيْلًا فَكَرِهَتْ أَنْ تُحَنِّكَهُ حَتَّى حَنَّكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَغَدَوْتُ بِهِ وَتَمَرَاتُ عَجْوَةٍ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَهُوَ يَهْنَأُ أَبَاعِرَ لَهُ وَيَسِمُهَا - فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَلَدَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ اللَّيْلَةَ، فَكَرِهَتْ أَنْ تُحَنِّكَهُ حَتَّى تُحَنِّكَهُ أَنْتَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوطلحہ کے ایک بیٹے کو بیماری کی شکایت ہوئی' پس وہ مسجد کی طرف گئے اور بچہ فوت ہو گیا۔ پس حضرت اُم سلیم نے اپنے گھر کا کام کاج کیا' رات کا کھانا تیار کر کے اپنے گھر والوں سے کہا: تم میں سے کوئی ایک حضرت ابوطلحہ کو ان کے بیٹے کی وفات کا ذکر نہ کرے۔ پس حضرت ابوطلحہ اپنے مسجد والے ساتھیوں سمیت واپس آئے تو اُنہوں نے آ کر کہا: بچے کا کیا حال ہوا؟ حضرت اُم سلیم نے جواب دیا: جو حالت ہے' بہتر ہے۔ پس ان کے سامنے رات کا کھانا رکھا' اُنہوں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر کھانا کھایا' پس جب ان کے دوست تشریف لے گئے تو اُم سلیم اسی کام میں مصروف ہو گئیں جو ایک بیوی' میاں کے درمیان ہوتا ہے۔ پس جب رات کا آخری حصہ آیا تو عرض کی: اے ابوطلحہ! تیرا کیا خیال ہے اگر کسی قبیلے والے کوئی چیز اُدھار لیں اور کچھ عرصہ اس سے فائدہ اُٹھائیں پھر جب اُن سے وہ چیز واپس مانگی تو کیا وہ چیز واپس کرنا مشکل ہو گی؟ ابوطلحہ نے جواب دیا: اگر وہ مشکل سمجھیں تو اُنہوں نے انصاف نہیں کیا۔ اس وقت اس خوش بخت عورت نے کہا: ہمارا فلاں بیٹا جو اللہ تعالیٰ نے امانت کے طور پر ہمیں دیا تھا' وہ لے لیا ہے۔ تو یہ سن کر اُنہوں نے پڑھا: انا للہ وانا الیہ راجعون! پھر حضرت

3870- الحديث سبق برقم: **2385** فراجعه .

قَالَ: مَعَكُمْ شَيْءٌ؟ ، قُلْتُ: تَمَرَاتُ عَجْوَةٍ، فَأَخَذَ بَعْضَ ذَلِكَ التَّمْرِ فَمَضَغَهُ، فَجَمَعَ بُزَاقَهُ فَأَوْجَرَهُ فَتَلَمَّظَ الصَّبِيُّ فَقَالَ: حُبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرُ ، فَقُلْتُ: سَمِّهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ

ابوطلحہ رضی اللہ عنہ صبح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں کی رات میں اللہ تعالیٰ تم دونوں کو برکت عطا فرمائے! پس ان کو حمل ہوا عبداللہ سے' پس جب ایک رات وہ بچہ پیدا ہوا تو اُنہوں نے خود گھٹی دینا پسند نہ کیا یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کو گھٹی لگائی۔ وہ فرماتے ہیں: پس میں بچے کو لے کر اور کچھ عجوہ کھجوریں بھی لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صبح حاضر ہوا' اس حال میں کہ آپ جہاد کے اونٹوں پر تارکول مل کر' انہیں نشان لگا رہے تھے' میں نے بڑے ادب سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اُم سلیم نے رات کو بیٹا جنا ہے' پس اُس نے خود گھٹی نہیں دی تاکہ آپ اس بچے کو گھٹی دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس کوئی چیز ہے؟ میں نے عرض کی: عجوہ کھجوریں ہیں' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کھجور لے کر خوب چبائی' اس کو جمع کر کے بچے کے منہ میں ڈالا' پس بچے نے اس کا ذائقہ لیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کی پسند کھجور ہے' میں نے عرض کی: حضور! نام؟ فرمایا: عبداللہ!

3871 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَنَظَرَ إِلَى جُدُرَاتِ الْمَدِينَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف کی دیواروں کو دیکھتے تو اپنی اونٹنی کی رفتار تیز کر لیتے تھے۔ اگر کسی اور سواری پر ہوتے تھے تو اس کو

3871- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 159 قال: حدثنا سليمان' قال: أخبرنا اسماعيل . وفي جلد 3 صفحه 159 قال: حدثنا ابراهيم' قال: حدثنا الحارث بن عُمير .

أَوْضَعَ نَاقَتَهُ، وَإِنْ كَانَ عَلَى دَابَّةٍ فَحَرَّكَهَا مِنْ حُبِّهَا

حرکت دیتے تھے مدینہ شریف کی محبت کی وجہ سے۔

3872 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ جَالِسًا فِي ثَوْبِهِ مُتَوَشِّحًا فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیٹھ کر ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھی' اپنے اس مرض میں جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔

3873 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ وَقَدْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَعَرَضَ لَهُ رَجُلٌ فَكَلَّمَهُ حَتَّى كَادَ الْقَوْمُ أَنْ يَنْعَسُوا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی طرف نکلے جبکہ نماز کھڑی ہو چکی تھی (بیماری کے دنوں میں) ایک آدمی نے آپ کو سہارا دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے گفتگو کی یہاں تک کہ قریب تھا کہ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گفتگو کی وجہ سے) صحابہ نماز چھوڑ دیتے۔

3874 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں پر ایک ہی غسل کے ساتھ' ایک رات چکر لگایا۔

3875 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ تَزَوَّجَ عَلَى نَوَاةٍ - أَوْ وَزْنِ نَوَاةٍ - مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے سونے کی ڈلی یا گٹھلی کے وزن کے برابر سونے کے بدلے نکاح کیا' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ولیمہ ضرور کرو اگرچہ ایک بکری کے ساتھ ہی ہو۔

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ

حضرت عبدالعزیز بن صہیب

3872- الحديث سبق برقم: 3722 فراجعه .

3873- الحديث سبق برقم: 3721 فراجعه .

3874- الحديث سبق برقم: 3707 فراجعه .

3875- الحديث سبق برقم: 3769 فراجعه .

صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3876 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو زعفران کے ساتھ اپنے آپ کو رنگ لینے سے منع فرمایا۔

3877 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ آدمی زعفرانی رنگ لگائے۔

3878 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عَتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور اُن کے آزاد کرنے کو ان کا حق مہر بنایا۔

3879 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ مُتَمَنِّيًا فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی کسی مصیبت کے آنے کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے' اگر تمنا ضرور ہی کرنی ہے تو یہ کہے: ''اے اللہ! مجھے زندہ رکھ! جب تک زندگی میرے لیے بہتر ہے اور مجھے موت دے جب وفات

3876- أخرجه أحمد جلد3صفحه101 . ومسلم جلد6صفحه155 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، وعمرو الناقد، وزهير بن حرب، وابن نُمير، وأبو كُريب .

3877- الحديث سبق برقم: 3876 فراجعه .

3878- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3879- الحديث سبق تخريجه، راجع الفهرس .

خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي

میرے لیے بہتر ہو"۔

3880 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ الْمُؤْمِنُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلِ: اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي

حضرت عبدالعزیز بن صہیب فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی بھی مصیبت کے آنے کی وجہ سے مؤمن موت کی تمنا نہ کرے پس اگر وہ ضرور ہی ایسا کرنے والا ہو تو یوں کہے. اے اللہ! مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جس وقت تک زندگی میرے لیے بہتر ہے اور جب موت میرے لیے بہتر ہو تو مجھے موت دے دینا۔

3881 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ: سَأَلَ قَتَادَةُ أَنَسًا: أَيَّ دَعْوَةٍ كَانَ يَدْعُو بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ؟ قَالَ: كَانَ أَكْثَرُ دَعْوَةٍ كَانَ يَدْعُو بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ، قَالَ: وَكَانَ أَنَسٌ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ بِدَعْوَةٍ دَعَا بِهَا

حضرت عبدالعزیز بن صہیب فرماتے ہیں کہ حضرت قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کون سی دعا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے کیا کرتے ہوں؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا کرتے تھے: "اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا الٰى آخرہٖ" حضرت انس رضی اللہ عنہ جب دعا کرنے کا ارادہ کرتے تھے تو ان کلمات سے دعا کرتے تھے۔

3882 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَرَمِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ الٰى آخرہٖ"۔

3880- الحديث سبق تخريجه، راجع الفهرس .

3881- الحديث سبق تخريجه، راجع الفهرس .

3882- الحديث سبق تخريجه، راجع الفهرس .

3883 - حَدَّثَنَا جعْفَرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ، وَمَالِهِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک ایمان والا نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ وہ مجھ سے اپنے اہل خانہ اور مال اور تمام لوگوں سے زیادہ محبت نہ کرے۔

3884 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: اتَّخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَنَهَى أَنْ يُنْقَشَ عَلَى نَقْشِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سونے کی انگوٹھی تھی، اس میں نقش یہ تھا: محمد رسول اللہ! آپ نے کسی اور انگوٹھی پر اس طرح کا نقش بنانے سے منع کیا۔

3885 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوجِزُ وَيُتِمُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مختصر اور مکمل (نماز پڑھتے تھے)۔

3886 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوجِزُ وَيُتِمُّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مختصر اور مکمل نماز پڑھا کرتے تھے۔

3887 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا مُعَاذُ، قَالَ: لَبَّيْكَ يَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: لوگوں کو جنت کی

3883- الحديث سبق تخريجه، راجع الفهرس .

3884- أخرجه أحمد جلد3صفحه101 . ومسلم جلد 6صفحه151 قال: حدثنا أحمد بن حنبل، وأبو بكر بن أبي شيبة، وزهير بن حرب .

3885- أخرجه أحمد جلد 3صفحه101 قال: حدثنا اسماعيل . وفي جلد 3صفحه281 قال: حدثنا محمد بن جعفر، قال: حدثنا شعبة .

3886- الحديث سبق برقم:3885 فراجعه .

3887- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: بَشِّرِ النَّاسَ أَنَّهُ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، دَخَلَ الْجَنَّةَ

خوشخبری دے دو! جو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہو۔

3888 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السُّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو بے شک سحری میں برکت ہے۔

3889 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السُّحُورِ بَرَكَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو بے شک سحری میں برکت ہے۔

3890 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے تھے: "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اِلٰی آخرہ"۔

3891 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ أَسْقِي عُمُومَتِي الْفَضِيخَ الْبُسْرَ إِذْ سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي: أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، قَالَ: فَقَالُوا: اكْفَأْهَا يَا أَنَسُ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا قَالُوا:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں عام طور پر خشک کھجوروں کی شراب پیتا تھا' اچانک ہم نے آواز دینے والے سے سنا: خبردار! شراب حرام کی گئی ہے' اُنہوں نے کہا: اے انس! اس کو بہا دو! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! اُنہوں نے نہیں کہا یہاں تک

3888- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3889- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3890- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **282** قال: حدثنا محمد بن جعفر . والبخاری جلد **1** صفحه **48** قال: حدثنا آدم . وفی جلد **8** صفحه **88** قال: حدثنا محمد بن عرعرة .

3891- الحديث سبق تخريجه' راجع الفهرس .

حَتَّى نَنْظُرَ وَنَسْأَلَ ، قَالَ: فَكَانَ الْفَضِيخُ يَوْمَئِذٍ مِنْ خُمُورِهِمْ ، قَالَ: وَذُكِرَ مِمَّنْ كَانَ هُنَاكَ يَوْمَئِذٍ أَبُو طَلْحَةَ، وَسُهَيْلُ بْنُ بَيْضَاءَ، وَنَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ ہم دیکھ لیں اور پوچھ لیں۔ ان دنوں شرابوں میں سے ایک شراب انگوروں کے رس یا کچی کھجور کی ہوتی تھی۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: اس دن وہاں ابوطلحہ' سہیل بن بیضاء اور حضور ﷺ کے اصحاب بھی تھے۔

3892 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

3893 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَدِمَ نَاسٌ مِنْ عُرَيْنَةَ الْمَدِينَةَ فَاجْتَوَوْهَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ شِئْتُمْ أَنْ تَخْرُجُوا إِلَى إِبِلِ الصَّدَقَةِ فَتَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا ، قَالَ: فَفَعَلُوا، فَاسْتَصَحُّوا، فَمَالُوا عَلَى الرُّعَاةِ فَقَتَلُوهُمْ وَسَاقُوا ذَوْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آثَارِهِمْ، فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ فِي الْحَرَّةِ حَتَّى مَاتُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنوعرینہ کا ایک گروہ نبی پاک ﷺ کے پاس آیا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہمیں مدینہ کی آب و ہوا ناموافق آئی ہے۔ ہمارے پیٹ بڑے ہو گئے ہیں اور ہمارے گوشت لاغر ہو گئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ بیت المال کے اونٹوں کے راعی کے پاس جائیں تو انہوں نے اونٹوں کا دودھ اور ان کا پیشاب پیا تو وہ تندرست ہو گئے۔ ان کے جسم بھی ٹھیک ہو گئے انہوں نے راعی کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے اور مرتد ہو گئے۔ نبی پاک ﷺ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا ان کو لایا گیا ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے اور آپ ﷺ نے ان کی آنکھیں نکال دیں اوران کو حرہ کے مقام پر ڈال دیا یہاں تک کہ وہ مر گئے۔

3892- الحديث سبق تخريجه' راجع الفهرس .

3893- الحديث سبق تخريجه' راجع الفهرس .

3894 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: طَلَبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقِيلَ لِي: عِنْدَ خَيَّاطِ آلِ الْمُطَّلِبِ دَعَاهُ فَأَجَابَهُ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَإِذَا الْخَيَّاطُ قَدْ جَعَلَ طَعَامًا فِيهِ دُبَّاءٌ، فَجَعَلْتُ آخُذُ الدُّبَّاءَ فَأَجْعَلُهُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا أَعْلَمُ مِنْ حُبِّهِ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کیا' مجھے کہا گیا: آپ آلِ مطلب کے درزی کے پاس ہوں گے' آپ کو اُنہوں نے دعوت دی' آپ نے قبول فرمائی' میں چلا یہاں تک کہ آپ کے پاس داخل ہوا' تو درزی نے آپ کے آگے کدو شریف رکھا تھا' میں کدو شریف تلاش کر کے آپ کے آگے رکھنے لگا کیونکہ میں جانتا تھا کہ آپ اس کو پسند کرتے تھے۔

3895 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، مَوْلَى عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ نَهْرٍ يَغْتَسِلُ مِنْهُ خَمْسَ مَرَّاتٍ، فَمَا عَسَى أَنْ يُبْقِينَ عَلَيْهِ مِنْ دَرَنِهِ؟ يَقُومُ إِلَى الْوُضُوءِ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ فَتَتَنَاثَرُ كُلُّ خَطِيئَةٍ مَسَّ بِهَا يَدَيْهِ، وَيُمَضْمِضُ فَتَتَنَاثَرُ كُلُّ خَطِيئَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا لِسَانُهُ، ثُمَّ يَغْسِلُ وَجْهَهُ فَتَتَنَاثَرُ كُلُّ خَطِيئَةٍ نَظَرَتْ بِهَا عَيْنَاهُ، ثُمَّ يَمْسَحُ رَأْسَهُ فَتَتَنَاثَرُ كُلُّ خَطِيئَةٍ سَمِعَتْ بِهَا أُذُنَاهُ، ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ فَتَتَنَاثَرُ كُلُّ خَطِيئَةٍ مَشَتْ بِهَا قَدَمَاهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی مثال اس نہر کی طرح ہے جو اس سے پانچ دفعہ غسل کرے اس کے جسم پر میل رہے گی؟ جب کُلّی کرے گا تو اس سے منہ کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ پھر اپنے چہرے کو دھوئے تو اس کے ساتھ چہرے کے گناہ معاف ہو جائیں گے، پھر جب سر کا مسح کرے گا تو اس کے ساتھ سارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ پھر جب پاؤں کو دھوئے گا تو اس کے ساتھ اس کے پاؤں کے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے' جن پاؤں سے چل کر گیا تھا اور اس نے گناہ کیا تھا۔

3896 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

3894- الحديث سبق برقم: **2876** فراجعه .

3895- الحديث في المقصد العلي برقم: **132** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **225** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه: مبارك بن سحيم وقد أجمعوا على ضعفه .

3896- الحديث سبق برقم: **3105,2954** فراجعه .

الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي نَاسٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، هُمْ شَرُّ قَتْلَى تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ، طُوبَى لِمَنْ قَتَلَهُمْ، طُوبَى لِمَنْ قَتَلُوهُ، طُوبَى لِمَنْ قَتَلُوهُ

نے فرمایا: میری اُمت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے' آسمان کے سائے کے نیچے قتل ہونے والوں میں سے' وہ سب سے بُرے ہوں گے' مبارک ہو! اُن کو جو انہیں قتل کریں اور اُن کو بھی خوشخبری جن کو وہ شہید کریں' خوشخبری ہو ان کے لیے جن کو وہ شہید کریں۔

3897 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ مُبَارَكٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمُؤْمِنِ؟ قَالَ: مَنْ أَمِنَهُ جَارُهُ وَلَا يَخَافُ بَوَائِقَهُ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مومن کے متعلق پوچھا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا پڑوسی اس کی شرارت سے محفوظ رہے، مسلمان وہ ہوگا جس کے ہاتھ و زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔

3898 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِشِرَارِكُمْ؟، قَالُوا: بَلَى، قَالَ: شِرَارُكُمْ مَنْ يُتَّقَى شَرُّهُ وَلَا يُرْجَى خَيْرُهُ، وَخِيَارُكُمْ مَنْ يُرْجَى خَيْرُهُ وَلَا يُتَّقَى شَرُّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو شر کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں شرارتی وہ ہے کہ اس کے شر سے بچا جائے اور اس سے بھلائی کی امید نہ رکھی جائے' تم میں بہتر وہ ہے جس سے بھلائی کی امید رکھی جائے اور اس کے شر سے نہ بچا جائے۔

3899 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3897- الحديث في المقصد العلي برقم: **10** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **54** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه مبارك بن فضالة' والأكثر على توثيقه .

3898- الحديث في المقصد العلي برقم: **1855** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **183** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه: مبارك بن سحيم وهو متروك .

3899- الحديث في المقصد العلي برقم: **439** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **12** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله ثقات .

بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، سَمِعْتُ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ صُهَيْبٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ لَا يَزَلْنَ فِي أُمَّتِي حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ: النِّيَاحَةُ، وَالْمُفَاخَرَةُ فِي الْأَنْسَابِ، وَالْأَنْوَاءُ ،

حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں میری امت میں رہیں گی یہاں تک کہ قیامت آ جائے گی: (۱) نوحہ (۲) اپنے نسب پر فخر (۳) چاند کی منزلوں کا لحاظ کر کے بارش ان کے اثر سے سمجھنا۔

3900 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَنْ يَزَلْنَ فِي أُمَّتِي ، وَذَكَرَ بِنَحْوِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں میری امت میں رہیں گی اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ذکر کی۔

3901 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ يَحْفِرُونَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِينَةِ، وَيَنْقُلُونَ التُّرَابَ عَلَى مُتُونِهِمْ، وَيَقُولُونَ:

(البحر الرجز)

نَحْنُ الَّذِينَ بَايَعُوا مُحَمَّدَا . . . عَلَى الْإِسْلَامِ مَا بَقِينَا أَبَدَا

قَالَ: وَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيبُهُمْ: اللّٰهُمَّ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَهْ فَبَارِكْ فِي الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ ، قَالَ: وَيُؤْتَوْنَ بِمِلْءِ حَفْنَتَيْنِ شَعِيرًا، فَيُصْنَعُ لَهُمْ بِإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، وَهِيَ بَشِعَةٌ فِي الْحَلْقِ، وَلَهَا رِيحٌ مُنْكَرَةٌ، فَتُوضَعُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین و انصار مدینہ شریف کے اردگرد خندق کھود رہے تھے اور اپنے جسموں سے مٹی جھاڑ رہے تھے اور یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

''ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ کی اسلام پر بیعت کی ہم نے ہمیشہ نہیں رہنا ہے''۔

اور حضور ﷺ ان کے جواب میں فرما رہے تھے: اے اللہ! بھلائی صرف آخرت کی بھلائی ہے' انصار و مہاجرین میں برکت دے! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انصار دو مٹھی جَو لاتے' اس کو خراب بدبودار کھال میں ڈال کر' اُن کے لیے کوئی چیز بنائی جاتی' وہ حلق میں پھنس جاتی تو اس سے عجیب ناپسندیدہ خوشبو محسوس ہوتی اور اس کو قوم کے آگے رکھا جاتا۔

3900- الحديث سبق برقم: **3899** فراجعه .

3901- الحديث سبق تخريجه فراجع الفهرس .

بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ

3902 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَهُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو دعا مانگتے: چھوٹے اور بڑے شیطانوں سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، مِثْلَهُ

حضرت حماد اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3903 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ رَجُلًا لِحَاجَةٍ يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ، فَعَرَضَ لَهُمْ حَيَّانِ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ رِعْلٌ وَذَكْوَانُ، عِنْدَ بِئْرٍ يُقَالُ لَهَا: بِئْرُ مَعُونَةَ، فَقَالَ الْقَوْمُ. وَاللَّهِ مَا إِيَّاكُمْ أَرَدْنَا، إِنَّمَا نَحْنُ مُخْتَارُونَ فِي حَاجَةٍ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلُوهُمْ، فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ شَهْرًا فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَذَاكَ بَدْءُ الْقُنُوتِ، وَمَا كُنَّا نَقْنُتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر صحابہ کرام کو کسی کام کے لیے بھیجا' ان کو قراء کہا جاتا تھا' ان کا سامنا کنویں کے پاس بنی سلیم' رعل' ذکوان سے ہوا' اس کنویں کو بئر معونہ کہا جاتا تھا' اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم کسی اور ارادہ سے نہیں جا رہے ہیں. بلکہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی کام کو جا رہے ہیں' اُنہوں نے انہیں قتل کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف ایک ماہ تک نمازِ فجر میں دعا فرمائی' یہ دعائے قنوت کی ابتداء تھی' اس سے پہلے ہم قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

3904 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَثَابِتٌ عَلَى أَنَسٍ، فَقَالَ لَهُ ثَابِتٌ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، إِنِّي اشْتَكَيْتُ، فَقَالَ لَهُ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَلَا أَرْقِيكَ بِرُقْيَةِ

حضرت عبدالعزیز فرماتے ہیں: میں اور ثابت حضرت انس کے پاس آئے' حضرت ثابت نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے ابوحمزہ! میں بیمار ہوں' حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضرت ثابت کو فرمایا: کیا میں آپ

3902- الحديث سبق برقم: 3890 فراجعه .

3903- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3904- الحديث سبق برقم: 3861 فراجعه .

أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَلَى، اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْهِبِ الْبَأْسَ، اشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لا شَافِيَ إِلَّا أَنْتَ، شِفَاءً لا يُغَادِرُ سَقَمًا

کو ابوالقاسم ﷺ والا دَم نہ کروں؟ حضرت ثابت نے عرض کی: کیوں نہیں! وہ دَم یہ تھا: ''اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ الٰی آخرہٖ''۔

3905 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَنَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، وَجَعَلَ عَلَيْهَا طَعَامًا، وَأَوْلَمَ عَلَيْهَا خُبْزًا وَلَحْمًا، قَالَ: فَأُرْسِلْتُ، وَأُغْطِيَ عَلَى الطَّعَامِ فَدَعَوْتُ، فَيَجِيءُ قَوْمٌ فَيَأْكُلُونَ، ثُمَّ يَخْرُجُونَ، فَدَعَوْتُ حَتَّى مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُوهُ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ أَحَدًا أَدْعُوهُ، قَالَ: فَارْفَعُوا طَعَامَكُمْ، وَإِنَّ زَيْنَبَ لَجَالِسَةٌ فِي جَانِبِ الْبَيْتِ، قَالَ: وَكَانَتِ امْرَأَةً قَدْ أُعْطِيَتْ جَمَالًا، وَبَقِيَ فِي الْبَيْتِ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ يَتَحَدَّثُونَ فِي الْبَيْتِ، وَخَرَجَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ نَحْوَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، كَيْفَ أَصْبَحْتُمْ؟، قَالَتْ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، كَيْفَ وَجَدْتَ أَهْلَكَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهِنَّ؟ قَالَ: فَاسْتَقْرَأَ حُجَرَ نِسَائِهِ كُلِّهِنَّ، يَقُولُ لَهُنَّ كَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ، وَيَقُلْنَ لَهُ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ، ثُمَّ رَجَعَ نَبِيُّ اللّٰهِ فَإِذَا الرَّهْطُ الثَّلَاثَةُ يَتَحَدَّثُونَ فِي الْبَيْتِ، وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَدِيدُ الْحَيَاءِ، فَانْطَلَقَ نَحْوَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ، فَمَا أَدْرِي أَنَا أَخْبَرْتُهُ، أَوْ أُخْبِرَ، أَنَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت زینب بنت جحش سے شادی کی' آپ نے ولیمہ کیا' اس ولیمہ میں گوشت اور روٹیاں پکائی گئیں' کھانا میری طرف بھیجا گیا تو کھانے کو ڈھانپ دیا گیا' میں نے دعوت دی تو کچھ لوگ آئے' اُنہوں نے کھایا پھر نکل گئے' میں نے اس کے بعد دعوت دی' یہاں تک کہ کوئی ایسا آدمی نہیں رہا جس کو میں نے دعوت نہ دی ہو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے سب کو دعوت دی ہے' آپ نے فرمایا: کھانا اُٹھا دو! حضرت زینب ایک کونے میں تشریف فرما تھیں' عورتوں کو دعوت دی گئی' باقی گھر میں تین گروہ رہے' وہ گھر میں گفتگو کرنے لگے' حضور ﷺ نکلے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں چلے' فرمایا: السلام علیکم اہل البیت ورحمۃ اللہ! تم نے صبح کیسے کی ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ پر اللہ کی رحمت ہو! آپ نے اپنے گھر والے کیسے پائے ہیں؟ اللہ عزوجل آپ کے لیے اس میں برکت دے! حضرت تمام ازواج کے حجروں میں گئے اور رُکے' وہی فرمایا جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا تھا' اُنہوں نے بھی وہی جواب دیا جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا' پھر نبی کریم ﷺ واپس آئے تو وہ تین آدمیوں کا گروہ وہاں

3905- الحديث سبق تخريجه راجع االفهرس .

الْقَوْمَ قَدْ خَرَجُوا، فَرَجَعَ، فَلَمَّا وَضَعَ إِحْدَى رِجْلَيْهِ فِي أُسْكُفَّةِ الْبَابِ وَالْأُخْرَى خَارِجَهُ أَرْخَى سِتْرًا بَيْنِي وَبَيْنَهُ، فَأُنْزِلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ

موجود تھا' حضور ﷺ بہت حیا والے تھے' آپ دوبارہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کی طرف چلے' میں نہیں جانتا ہوں کہ میں نے آپ کو بتایا' یا آپ کو بتایا گیا کہ قوم نکل گئی۔ آپ واپس آئے' جب ایک قدم دروازے کی دہلیز میں رکھا اور دوسرا قدم باہر تھا تو میرے اور اپنے درمیان پردہ لٹکا دیا' پس پردے والی آیت نازل ہوگئی۔

3906 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ نَصْرَانِيًّا فَأَسْلَمَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ، قَالَ: فَكَانَ يَكْتُبُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَعَادَ نَصْرَانِيًّا فَكَانَ يَقُولُ: مَا أَرَى يُحْسِنُ مُحَمَّدٌ إِلَّا مَا كُنْتُ أَكْتُبُ لَهُ، فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ فَأَقْبَرُوهُ، فَأَصْبَحَ قَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، قَالُوا: هَذَا عَمَلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، إِنَّمَا لَمْ يَرْضَ دِينَهُمْ، نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا فَأَتَوْهُ، قَالَ: فَحَفَرُوا لَهُ فَأَعْمَقُوا، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، فَقَالُوا: هَذَا عَمَلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا فَأَلْقَوْهُ، قَالَ: فَحَفَرُوا لَهُ فَأَعْمَقُوا فِي الْأَرْضِ مَا اسْتَطَاعُوا، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الْأَرْضُ، فَعَلِمُوا أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ، وَأَنَّهُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَأَلْقَوْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عیسائی آدمی تھا وہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مسلمان ہوا، اس نے سورہ بقرہ و آل عمران پڑھی وہ حضور ﷺ کے لیے وحی لکھتا تھا وہ دوبارہ عیسائی ہوگیا اور بکواس کرنے لگا۔ محمد (ﷺ) اچھا نہیں خیال کرتا مگر اس کو جو میں لکھ کر دیتا ہوں، وہ مرگیا، اس کو دفن کیا، صبح کے وقت زمین نے اس کو باہر پھینک دیا، یہودی کہنے لگے: یہ محمد (ﷺ) اور اس کے ساتھیوں نے کیا ہے۔ وہ اس کے دین پر راضی نہیں تھے۔ انہوں نے ہمارے بھائی کی قبر کھول کر اس کو پھینک دیا ہے۔ انہوں نے قبر پہلے سے گہری کھودی اور صبح کے وقت زمین نے اس کو باہر پھینک دیا۔ وہ کہنے لگے: یہ محمد (ﷺ) اور اس کے ساتھیوں نے کیا ہے کہ اس قبر کو کھول کر باہر پھینک دیا ہے۔ انہوں نے گہری قبر کھودی جتنی ان میں طاقت تھی' صبح کے وقت دوبارہ زمین نے اس کو پھینک دیا۔ انہوں نے کہا: یہ صحابہ کرام نے نہیں کیا بلکہ یہ اللہ عزوجل کی طرف سے

3906- أخرجه البخاری رقم الحديث: **3617** من طريق أبي معمر' حدثنا عبد الوارث بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**222** . ومسلم رقم الحديث: **2781** من طريق سليمان بن المغيرة .

ہے کہ اس کو پھینک دیا۔

3907 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَعَرَضَ لَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ: وَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ ، فَقَالَ: لَا غَيْرَ أَنِّي أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ: فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ؟ ، قَالَ: فَجَاءَ فَقَامَ فَقَالَ: يَا هَذَا، قَالَ أَنَسٌ وَغُلَامٌ مِنْ دَوْسٍ أَنَا وَهُوَ سَوَاءٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَطُلْ بِهَذَا الْغُلَامِ الْعُمُرُ فَلَمْ يَمُتْ هَرِمًا حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے کوئی عمل تیار نہیں کیا لیکن میں اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ساتھ تُو محبت کرتا ہے تُو اسی کے ساتھ ہوگا۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: سائل کہاں ہے؟ راوی کا بیان ہے: وہ آ کر کھڑا ہو گیا' پس فرمایا: اے فلاں! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُس بچہ کا تعلق دوس قبیلہ سے تھا' بس میری عمر کا تھا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس بچے کی عمر لمبی ہو' پس یہ ھرم (بڑھاپے) کو نہیں پہنچے گا یہاں تک کہ قیامت آ جائے گی۔

3908 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ نَاسٌ مِنَ النَّاسِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو طَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَوِّبُ عَنْهُ بِحَجَفَةٍ مَعَهُ، قَالَ: وَكَانَ أَبُو طَلْحَةَ رَجُلًا رَامِيًا شَدِيدَ النَّزْعِ، كَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً، وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اُحد کا دن تھا تو کچھ لوگ شکست کھا گئے دوسرے آدمیوں سے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جبکہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کی طرف سے جواب دے رہے تھے' اپنی ڈھال کے ساتھ' جو ان کے پاس تھی۔ اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بہترین قسم کے تیرانداز تھے' سخت کھینچنے والے تھے' اس دن ان کے ہاتھ پر دو یا تین

3907- الحديث سبق برقم: 3263 فراجعه .

3908- أخرجه البخاري جلد 4 صفحه 40 وجلد 5 صفحه 46 وجلد 5 صفحه 125 . ومسلم جلد 5 صفحه 196 قال: حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن الدارمي .

بِالْجَعْبَةِ فِيهَا النَّبْلُ فَيَقُولُ: انْثُرْهَا لِأَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: وَيَتَشَرَّفُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ، فَيَقُولُ أَبُو طَلْحَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، لَا تَشَرَّفْ يُصِبْكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ، نَحْرِي دُونَ نَحْرِكَ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا مُشَمِّرَتَانِ أَرَى خَدَمَ سُوقِهِمَا، تَنْقُلَانِ الْمَاءَ عَلَى مُتُونِهِمَا، ثُمَّ تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا، ثُمَّ تَجِيئَانِ فَتُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِ الْقَوْمِ، وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدِ أَبِي طَلْحَةَ مِنَ النُّعَاسِ إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلَاثَةً

کمانیں ٹوٹیں' جوآدمی بھی ترکش لے کر گزرتا جس میں تیر تھے' پس وہ کہتے: ان کو ابوطلحہ کے لیے بکھیر دو۔ راوی کا بیان ہے: نبی کریم ﷺ سر اُٹھا کر دیکھتے' پس قوم پر نگاہ ڈالتے' حضرت ابوطلحہ عرض کرتے: اے اللہ کے نبی! میرے ماں باپ آپ پر قربان! اپنا سر اوپر نہ اُٹھائیں! اللہ نہ کرے قوم کا کوئی تیر آپ کو لگ جائے' تیر آپ تک پہنچنے سے پہلے ہمیں لگے گا اور میں نے حضرت عائشہ بنت ابوبکر اور حضرت ابوسلیم کو اس حال میں دیکھا کہ اُنہوں نے اپنے کپڑے سنبھالے ہوئے تھے' ان دونوں کی پنڈلیوں سے پازیب ڈالنے والی جگہ پر میری نگاہ پڑی' وہ اپنے کندھوں پر پانی لا رہی تھیں' پھر زخمی صحابہ کے منہ پر ٹپکا رہی تھیں' پھر لوٹ جاتیں' ان کو بھرتیں' پھر تشریف لاتیں' اور وہی پہلا عمل کرتیں' اونگھ آنے کی وجہ سے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے تلوار گر گئی' دو یا تین بار۔

3909 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سحری کھایا کرو' بے شک سحری میں برکت ہوتی ہے۔

3910 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سحری کھایا کرو' بے شک سحری میں برکت ہوتی ہے۔

3909- الحديث سبق برقم: **3887,3886** فراجعه .

3910- الحديث سبق برقم: **3909,3887,3886** فراجعه .

3911 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمْ يَخْرُجْ إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَذَهَبَ أَبُو بَكْرٍ يَتَقَدَّمُ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحِجَابِ فَرَفَعَهُ، فَلَمَّا وَضَحَ لَنَا بَيَاضُ وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَظَرْنَا مَنْظَرًا قَطُّ أَعْجَبَ إِلَيْنَا مِنْ وَجْهِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وَضَحَ لَنَا، قَالَ: فَأَوْمَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ: أَنْ تَقَدَّمْ، قَالَ: وَأَرْخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِجَابَ فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهِ حَتَّى مَاتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تین دن تک ہم کو نماز پڑھانے کے لیے نہیں آئے، نماز کے لیے اقامت کہی گئی، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے، آگے بڑھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر سے پردہ اٹھایا، ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی سفیدی دکھائی دی، ایسا منظر کبھی نہیں دیکھا، ہم کو اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک کی سفیدی بہت اچھی لگی۔ جس وقت آپ نے ہمارے سامنے اپنا چہرہ ظاہر کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اشارہ کیا آگے بڑھنے کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پردے کو نیچے رکھ دیا، اس کے بعد ہم نے زیارت نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا۔

3912 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُزَعْفِرَ الرَّجُلُ جِلْدَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو منع فرمایا کہ وہ اپنی جلد کو زعفران سے رنگے۔

3913 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ذَكَرَ تَزْوِيجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ، فَقَالَ ثَابِتٌ: مَا أَصْدَقَهَا؟ فَقَالَ أَنَسٌ: أَصْدَقَهَا نَفْسَهَا، أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا

حضرت صہیب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا' آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا ذکر کیا' حضرت ثابت نے عرض کی: آپ نے ان کا حق مہر کتنا رکھا تھا؟ حضرت انس نے فرمایا: ان کا مہر خود ان کو رکھا تھا' یعنی ان کو آزاد کیا اور شادی کر لی۔

3911- أخرجه البخاري رقم الحديث: 681 من طريق أبي معمر . وأخرجه مسلم رقم الحديث: 419 من طريقين عن عبد الصمد كلاهما: حدثنا عبد الوارث' بهذا السند .

3912- الحديث سبق برقم: 3877,3876 فراجعه .

3914 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے نابالغ تین بچے فوت ہو جائیں اللہ تعالیٰ اس کے باپ کو اپنے فضل سے جنت میں داخل کرے گا۔

3915 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ، قَالَ أَنَسٌ: فَأَنَا أُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ

حضرت صہیب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سفید و سرخ مینڈھوں کی قربانی کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں بھی دو مینڈھوں کی قربانی کرتا ہوں۔

3916 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْعَزِيزِ يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَصَابَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ قَحْطٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَقَامَ النَّاسُ إِلَيْهِ فِي جُمُعَةٍ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، غَلَتِ الْأَسْعَارُ، وَاحْتُبِسَتِ الْأَمْطَارُ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَاسْتَسْقَى، قَالَ: فَمُطِرْنَا، فَلَمْ نَزَلْ نُمْطَرُ حَتَّى كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْمُقْبِلَةُ، قَالَ: فَقَامَ النَّاسُ إِلَيْهِ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں قحط پڑ گیا۔ لوگوں میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا، جمعہ کے دن اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز تھے اور خطبہ دے رہے تھے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! غلہ نہیں ہو رہا ہے بارش رک گئی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ سے دعا کریں کہ ہم پر بارش برسے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ اٹھائے، پس اس کے بعد بارش برسی۔ مسلسل بارش ہوتی رہی یہاں تک کہ دوسرا جمعہ آ گیا۔ صحابہ کرام میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر

3914- أخرجه البخاري جلد **2** صفحه **92** قال: حدثنا أبو معمر' قال: حدثنا عبد الوارث . وفي جلد **2** صفحه **125** قال: حدثنا يعقوب بن ابراهيم' قال: حدثنا ابن عُلَيَّة .

3915- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3916- أخرجه البخاري رقم الحديث: **3582,932** . وأبو داؤد رقم الحديث: **1174** من طريق مسدد' حدثنا حماد بن زيد' عن عبد العزيز بن صهيب به .

انقَطَعَتِ الرُّكْبَانُ، وَانْهَدَمَ الْبُنْيَانُ، فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يَكْشِفَهَا لَنَا، قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا ، قَالَ: فَتَحَرَّفَتْ، فَصَارَتِ الْمَدِينَةُ فِي إِكْلِيلٍ، وَمَا حَوْلَهَا يُمْطَرُ

پر جلوہ افروز تھے۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! سواریاں رک گئی ہیں، دیواریں گرنا شروع ہوگئی ہیں اللہ سے دعا کریں اس کو لے جائے۔ حضور ﷺ نے تبسم فرمایا: اپنے ہاتھ اٹھائے' عرض کی: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسا ہم پر نہ برسا! بادل اُڑ گئے مدینہ شریف کے اردگرد برسنے لگے۔

3917 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَهُ فِي الدُّنْيَا، فَلَنْ يَلْبَسَهُ فِي الْآخِرَةِ يَعْنِي: الْحَرِيرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو آدمی ریشم دنیا میں پہنے گا اس کو آخرت میں نہیں پہنایا جائے گا۔

3918 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھتے: اے اللہ! چھوٹے بڑے شیطانوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

3919 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَعَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الصُّبْحَ حِينَ أَتَى مِنْ خَيْبَرَ بِغَلَسٍ، ثُمَّ رَكِبَ فَقَالَ: اللَّهُ أَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غلس یعنی اندھیرے میں صبح کی نماز پڑھائی' جس وقت آپ خیبر آئے' پھر آپ سوار ہوئے' فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے! خیبر والوں کے لیے ہلاکت! پھر جب اُترے گا ان کے آنگن میں تو ڈرسنائے جانے والوں کیلئے کیا ہی

3917- أخرجه أحمد جلد3صفحه281 قال: حدثنا محمد بن جعفر . والبخاري جلد7صفحه193 قال: حدثنا آدم . ومسلم جلد6صفحه142 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' وزهير بن حرب .

3918- الحديث سبق برقم: 3901,3889 فراجعه .

3919- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

الْمُنْذَرِينَ، قَالَ: فَخَرَجُوا يَسْعَوْنَ فِي السِّكَكِ وَهُمْ يَقُولُونَ: مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ۔ قَالَ حَمَّادٌ: أَيِ الْجَيْشُ۔ وَظَهَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ، وَسَبَى ذَرَارِيَهُمْ، قَالَ: وَكَانَتْ صَفِيَّةُ لِدِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، ثُمَّ صَارَتْ بَعْدُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَزَوَّجَهَا، وَجَعَلَ صَدَاقَهَا عِتْقَهَا، فَقَالَ: عَبْدُ الْعَزِيزِ لِثَابِتٍ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، أَنْتَ سَأَلْتَ أَنَسًا: مَا أَمْهَرَهَا؟ فَقَالَ لَكَ: أَمْهَرَهَا نَفْسَهَا؟ فَتَبَسَّمَ ثَابِتٌ

بُری صبح ہو گی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ لوگ نکلے اور دوڑتے ہوئے گلیوں میں چلے گئے اور کہنے لگے: محمد اور لشکر! حماد فرماتے ہیں: خمیس سے لشکر مراد ہے۔ حضور ﷺ نے ان پر غلبہ پالیا' انہیں قتل کیا اور اُن کے بچوں کو قیدی بنا لیا' حضرت صفیہ' حضرت دحیہ کلبی کے حصہ میں آئی تھیں' پھر اس کے بعد حضور ﷺ کو دے دی گئیں' آپ نے ان سے شادی کر لی اور اُن کا حق مہر اُن کا آزاد کرنا ٹھہرایا۔ حضرت عبدالعزیز نے حضرت ثابت سے کہا: اے ابومحمد! آپ نے حضرت انس سے پوچھا تھا کہ ان کا حق مہر کیا تھا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرا حق مہر تو آپ ہی ہے۔ حضرت ثابت نے تبسم فرمایا۔

3920 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوجِزُ الصَّلَاةَ وَيُتِمُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ انتہائی مختصر اور مکمل نماز ادا کرتے تھے۔

3921 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے زعفران کے ساتھ رنگ لگانے سے مردوں کو منع فرمایا ہے۔

3922 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سحری کیا کرو کیونکہ سحری

3920- الحديث سبق برقم: 3884 فراجعه .

3921- الحديث سبق برقم: 3912,3877,3876 .

3922- الحديث سبق برقم: 3910,3909,3889,3888 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السُّحُورِ بَرَكَةً

میں برکت ہوتی ہے۔

3923 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، فَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَقَالَ لِلنَّاسِ: إِنِّي اتَّخَذْتُ خَاتَمًا، وَنَقْشُهُ مُحَمَّدٌ، فَلَا يُنْقَشْ عَلَى نَقْشِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنوائی اور اس پر نقش کروایا: محمد رسول اللہ! اورلوگوں سے فرمایا: بے شک میں نے انگوٹھی بنوا کر اس پر محمد نقش کروایا ہے پس اس طرح کا نقش کوئی اورآدمی نہ بنوائے۔

3924 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، مَوْلَى عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْدَفَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ فَقَالَ: يَا مُعَاذُ بِأَعْلَى صَوْتِهِ، قَالَ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ نَادَاهُ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ نَادَاهُ الثَّالِثَةَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ، فَقَالَ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يُشْرِكْ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھایا ہوا تھا' آپ نے بلند آواز سے فرمایا: اے معاذ! حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہوں! پھر دوسری مرتبہ آواز دی' پھر تیسری مرتبہ بلند آواز سے پکارا' عرض کی: یارسول اللہ! حاضر ہوں' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے' وہ جنت میں داخل ہوگا۔

3925 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ افْتَرَقَتْ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَإِنَّ أُمَّتِي تَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بنی اسرائیل میں ۷۱فرقے تھے۔ میری امت کے ۷۲فرقے ہوں گے، سارے کے سارے جہنم میں جائیں گے مگر سوادِ اعظم جنت میں جائے گا۔

3923- الحديث سبق برقم: **3884** فراجعه .

3924- الحديث سبق برقم: **3887** فراجعه .

3925- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **120** من طريق وكيع' حدثنا عبد العزيز يعني الماجشون' عن صدقة ابن يسار' عن النميري' عن أنس . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3993** من طريق هشام بن عمار' حدثنا الوليد بن مسلم' حدثنا أبو عمرو الأوزاعي' حدثنا قتادة' عن أنس .

3926 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فَقَالَ: طُوبَى لَهُ إِنْ لَمْ يَكُنْ عَرِيفًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا' آپ نے فرمایا: خوشخبری اس کے لیے اگر اس کا عریف نہ ہو۔

3927 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں جانے لگتے تو یہ دعا پڑھتے: اے اللہ! چھوٹے بڑے شیطانوں سے میں تیری پناہ میں آتا ہوں۔

3928 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا مُعَاذُ، قَالَ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللَّهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ، قَالَ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللَّهِ ثَلَاثًا، كُلَّ ذَلِكَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: بَشِّرِ النَّاسَ، أَنَّهُ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! انہوں نے عرض کی: حاضر ہوں! اللہ کے رسول! پھر فرمایا: اے معاذ! اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! حاضر ہوں! تین بار ہر بار وہ عرض کرتے: لبیک رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کو خوشخبری سنا کہ جس نے کہا: لا الہ الا اللہ وہ جنت میں داخل ہوگا۔

3929 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَظُنُّهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَرِدُ عَلَى حَوْضِي أَقْوَامٌ يُخْتَلَجُونَ دُونِي، فَأَقُولُ: يَا رَبِّ، أَصْحَابِي،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب میرے حوض پر ایسی قوم آئے گی، پھر پیچھے رہ جائیں گے۔ میں عرض کروں گا: اے رب! یہ میرے صحابی ہیں۔ اللہ عزوجل فرمائے گا:

3926- الحديث في المقصد العلي برقم: **487** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**89** وقال: رواه أبو يعلى عن محمد ولم ينسبه فلم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

3927- الحديث سبق برقم: **3918,3902,3890** فراجعه .

3928- الحديث سبق برقم: **3924,3887** فراجعه .

3929- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**281** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: **1213** . والبخارى جلد**8**صفحه**149** قالا: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

آپ ﷺ کو معلوم نہیں کہ آپ (ﷺ) کے بعد انہوں نے کیا کیا ہے۔

3930 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي قَدِ اصْطَنَعْتُ خَاتَمًا، فَلَا يَنْقُشَنَّ أَحَدٌ عَلَى نَقْشِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ایک انگوٹھی بنائی ہے' کوئی بھی اس جیسا نقش نہ کرے۔

3931 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ سُحَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْتَرَقَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَإِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ: يَعْنِي الْجَمَاعَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک بنی اسرائیل میں ۷۱ فرقے تھے۔ میری امت کے ۷۲ فرقے ہوں گے، سارے کے سارے جہنم میں جائیں گے مگر سوادِ اعظم جنت میں جائے گا۔ محمد بن بحر نے کہا: سوادِ اعظم سے مراد بڑی جماعت ہے۔

3932 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ فِي هَذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ وَمَسْخٌ، وَرَجْفٌ وَقَذْفٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب اس امت میں دھنسنا اور مسخ کرنا ہوگا، زلزلے اور تہمت ہوگی۔

3933 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3930- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3931- الحديث سبق برقم: **3925** فراجعه .

3932- الحديث في المقصد العلي برقم: **1876** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **10** وقال: رواه أبو يعلى، والبزار، وفيه مبارك بن سحيم، وهو متروك .

3933- الحديث في المقصد العلي برقم: **1841** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **296** وقال: رواه البزار، وأبو يعلى، وفيه: مبارك بن سحيم وهو متروك .

مُبَارَكٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: لَا تَرْجِعُنَّ بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضور ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: میرے بعد کافر نہ ہونا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑاتے پھرنا۔

الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت مختار بن فلفل، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3934 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ النُّبُوَّةَ وَالرِّسَالَةَ قَدِ انْقَطَعَتْ، فَجَزِعَ النَّاسُ، قَالَ: قَدْ بَقِيَتْ مُبَشِّرَاتٌ، وَهِيَ جُزْءٌ مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نبوت رسالت ختم ہوگئی ہے۔ صحابہ کرام پریشان ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: خوشخبریاں باقی ہیں وہ نبوت کا جزء ہے۔

3935 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُخْتَارَ بْنَ فُلْفُلٍ - وَكَانَ أَرَقَّ مُحَدِّثٍ، يُحَدِّثُ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ - يَذْكُرُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ: يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

عبداللہ بن ادریس فرماتے ہیں: میں نے حضرت مختار بن فلفل رحمہ اللہ کو سنا اور وہ ایسے محدث تھے جو سب سے زیادہ نرم دل اور نرم گفتگو کرنے والے تھے ان کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ذکر کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے عرض کی: اے خیرالبریہ! حضور ﷺ نے فرمایا: یہ ابراہیم علیہ السلام تھے۔

3934- أخرجه أحمد جلد 3صفحه 267 . والترمذي رقم الحديث: 2273 من طريق عفان بن مسلم، حدثنا عبد الواحد ابن زياد، حدثنا المختار بن فلفل به .

3935- أخرجه أحمد جلد 3صفحه 178 قال: حدثنا وكيع عن سفيان . وفي جلد3صفحه184 قال: حدثنا عبد الرحمٰن عن سفيان . وفي جلد3صفحه 184 أيضًا قال: حدثنا أبو نُعيم، قال: حدثنا سفيان .

3936 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، وَابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ قَالَ: ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: اے تمام خشکی کی مخلوق سے بہتر ہستی! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے۔

3937 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ قَالَ: ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی: یا خیر البریہ! آپ نے فرمایا: یہ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

3938 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ بَيْنَ أَظْهُرِنَا، إِذْ أَغْفَى إِغْفَاءَةً، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ مُتَبَسِّمًا، فَقُلْتُ: مَا أَضْحَكَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آنِفًا سُورَةٌ، فَقَرَأَ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ، ثُمَّ قَالَ: مَا تَدْرُونَ مَا الْكَوْثَرُ؟ ، قُلْنَا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّهُ نَهَرٌ وَعَدَنِيهِ عَلَيْهِ رَبِّي خَيْرًا كَثِيرًا، هُوَ حَوْضٌ تَرِدُ عَلَيْهِ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، آنِيَتُهُ عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ، فَيُخْتَلَجُ الْعَبْدُ مِنْهُمْ، فَأَقُولُ: رَبِّ، إِنَّهُ مِنْ أُمَّتِي فَيَقُولُ: إِنَّكَ لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن ہمارے درمیان تھے۔ اچانک بڑے خوش ہوئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرِ مبارک اٹھایا، خوشی خوشی میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کیوں ہنسے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر ابھی ایک سورت نازل ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پڑھا: بسم اللہ الرحمن الرحیم، انا اعطیناك الكوثر۔ پھر فرمایا: تم جانتے ہو، کوثر کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جانتے ہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ نہر ہے، میرے رب نے وعدہ کیا اس کے متعلق بہت زیادہ بھلائی کا' حوض ہے، مجھ پر قیامت کے دن امت پیش کی جائے گی۔ اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں

3936- الحديث سبق برقم: 3935 فراجعه .

3937- الحديث سبق برقم: 3936,3935 فراجعه .

3938- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 102 (مترين) . ومسلم جلد 2 صفحه 13 وجلد 7 صفحه 71 قال: حدثنا أبو كُريب' محمد بن العلاء .

تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

گے۔ اُن میں کچھ بندے پیچھے کر دیئے جائیں گے۔ میں عرض کروں گا، اے ربّ یہ میری امت سے ہے۔ اللہ فرمائے گا: آپ نہیں جانتے کہ آپ کے بعد انہوں نے کیا کیا؟

3939 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي إِمَامُكُمْ، فَلَا تَسْبِقُونِي بِالرُّكُوعِ، وَلَا بِالسُّجُودِ، وَلَا بِالْقِيَامِ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ أَمَامِي وَمِنْ خَلْفِي، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ رَأَيْتُمْ مَا رَأَيْتُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا، قَالُوا: وَمَا رَأَيْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: رَأَيْتُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی ایک دن جب نماز سے فارغ ہوئے۔ ہماری طرف متوجہ ہوئے۔ فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے آگے ہوتا ہوں، میرے رکوع اور سجدہ میں آگے نہ بڑھو، نہ قیام میں، میں تم کو آگے اور پیچھے سے دیکھتا ہوں، پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم دیکھ لو جو میں جانتا ہوں تم تھوڑے ہنسو اور زیادہ روؤ۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے کیا دیکھا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جنت و دوزخ دیکھی ہے۔

3940 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْكَوْثَرُ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ وَعَدَنِيهِ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوثر جنت میں ایک نہر ہے اس کا رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔

3941 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُخْتَارَ بْنَ فُلْفُلٍ قَالَ:

حضرت مختار بن فلفل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے (ان) برتنوں میں پینے

3939- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 102 . ومسلم جلد 2 صفحه 28 قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن نمير، واسحاق بن ابراهيم . والنسائي جلد 3 صفحه 83 .

3940- الحديث سبق برقم: 3938,3929 فراجعه .

3941- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 119,112 من طريق عبد الله بن ادريس به . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 154 من طريق أسود بن عامر، حدثنا زهير، عن المختار بن فلفل به .

سَأَلْتُ أَنَسًا عَنِ الشُّرْبِ فِي الْأَوْعِيَةِ؟ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَفَّتِ، وَقَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

کے متعلق پوچھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مزفت برتن میں پینے سے منع کیا اور فرمایا: ہر نشہ آور حرام ہے۔

3942 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَاضِي حَلَبَ، حَدَّثَنَا مُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى الْأَرْضِ فِي الْمَكْتُوبَةِ قَاعِدًا، وَقَعَدَ فِي التَّسْبِيحِ فِي الْأَرْضِ فَأَوْمَأَ إِيمَاءً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین پر بیٹھ کر فرض نماز ادا کی اور نوافل وغیرہ زمین پر بیٹھ کر پڑھے، اشارہ کے ساتھ۔

3943 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ؟ فَقَالَ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَضْرِبُ عَلَى الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ، قَالَ: فَكُنَّا نُصَلِّي عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، فَقُلْتُ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّاهُمَا؟، قَالَ: قَدْ كَانَ يَرَانَا نُصَلِّيهِمَا فَلَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا

حضرت مختار بن نوفل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عصر کے بعد نماز پڑھنے کے متعلق پوچھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو مارتے تھے جو عصر کے بعد نوافل وغیرہ پڑھتا تھا۔ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں سورج کے غروب ہونے کے بعد مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے تھے۔ میں نے عرض کیا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان دو رکعتوں کو پڑھتے تھے؟ فرمایا: ہم کو پڑھتے ہوئے دیکھتے تھے ہمیں منع یا حکم نہیں کرتے تھے۔

3944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا مُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا اس حال میں کہ آپ نے

3942- الحديث في المقصد العلى برقم: **318** . ؤورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2**صفحه**149** وقال: رواه أبو يعلىٰ، وفيه حفص بن عمر قاضى حلب، وهو ضعيف .

3943- أخرجه مسلم جلد**2**صفحه**211** قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة، وأبو كُريب، جميعًا عن ابن فُضَيْل . وأبو داؤد رقم الحديث: **1282** قال: حدثنا محمد بن عبد االرحيم البزار قال: أخبرنا سعيد ابن سليمان، قال: حدثنا منصور بن أبى الأسود .

3944- الحديث سبق برقم: **3939** فراجعه .

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، وَانْصَرَفَ مِنَ الصَّلَاةِ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ رَأَيْتُمْ مَا رَأَيْتُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا رَأَيْتَ؟، قَالَ: رَأَيْتُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ

نماز کا سلام پھیرا تھا' فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم دیکھ لو جو میں دیکھتا ہوں تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ! ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے کیا دیکھا ہے؟ فرمایا: میں نے جنت اور دوزخ دیکھی ہے۔

3945 - حَدَّثَنَا أَبُو بَهْزٍ الصقرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنُ بِنْتِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ إِلَى بُسْتَانٍ، فَجَاءَ آتٍ فَدَقَّ الْبَابَ، فَقَالَ: يَا أَنَسُ، قُمْ فَافْتَحْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، وَبَشِّرْهُ بِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِي، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُعْلِمُهُ؟ قَالَ: أَعْلِمْهُ، فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ، قُلْتُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، وَأَبْشِرْ بِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَاءَ آتٍ فَدَقَّ الْبَابَ، فَقَالَ: يَا أَنَسُ قُمْ فَافْتَحْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، وَبَشِّرْهُ بِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُعْلِمُهُ؟ قَالَ: أَعْلِمْهُ، قَالَ: فَخَرَجْتُ فَإِذَا عُمَرُ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، وَأَبْشِرْ بِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: ثُمَّ جَاءَ آتٍ فَدَقَّ الْبَابَ، فَقَالَ: يَا أَنَسُ، قُمْ فَافْتَحْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، وَبَشِّرْهُ بِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِ عُمَرَ، وَأَنَّهُ مَقْتُولٌ، قَالَ: فَخَرَجْتُ فَإِذَا عُثْمَانُ، قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ میں داخل ہوئے، ایک آنے والا آیا اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ فرمایا: اے انس! اٹھو اور اس کیلئے دروازے کو کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دے دو اور میرے بعد خلافت کی خوشخبری دو۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! (کیا) میں اس کو بتا دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بتا دو۔ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے عرض کی: جنت کی خوشخبری ہو اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت کی خوشخبری ہو۔ پھر ایک آنے والا آیا اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انس! اٹھو اور آنے والے کو جنت کی خوشخبری دے دو اور اس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کی خوشخبری دے دو۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کو بتا دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بتا دو۔ میں نکلا، وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے، میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ کو جنت کی خوشخبری ہو اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کی خوشخبری ہو۔ پھر ایک آنے والا آیا، اس نے دروازہ

3945- الحديث في المقصد العلى برقم: **846** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5**صفحه**177,176** وقال: رواه أبو يعلى والبزار...... وفيه صقر بن عبد الرحمن وهو كذاب .

قُلْتُ لَهُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، وَبِالْخِلَافَةِ مِنْ بَعْدِ عُمَرَ، وَأَنَّكَ مَقْتُولٌ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لِمَهْ؟ وَاللّٰهِ مَا تَغَنَّيْتُ، وَلَا تَمَنَّيْتُ، وَلَا مَسَسْتُ فَرْجِي مُنْذُ بَايَعْتُكَ، قَالَ: هُوَ ذَاكَ يَا عُثْمَانُ

کھٹکھٹایا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے انس! اٹھو دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی خوشخبری دو اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کی خوشخبری دو اور شہید کیے جانے کے متعلق بتا دو۔ میں نکلا، وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے، میں نے عرض کی: آپ رضی اللہ عنہ کو جنت کی خوشخبری اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کی خوشخبری ہو، آپ شہید کیے جائیں گے۔ حضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں کیوں شہید کیا جاؤں گا؟ خدا کی قسم! میں کبھی غیبت اور خواہش اور اپنی شرمگاہ کو کبھی ہاتھ نہیں لگاتا جب سے میں نے آپ ﷺ کی بیعت کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! یہ ہوگا۔

3946 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَشْفَعُ فِي الْجَنَّةِ، وَأَنَا أَكْثَرُ الْأَنْبِيَاءِ تَبَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں لوگوں کے جانے کی سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور زیادہ انبیاء میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔

3947 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا إِمَامُكُمْ، فَلَا تُبَادِرُونِي بِالرُّكُوعِ، وَلَا بِالسُّجُودِ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ أَمَامِي وَمِنْ خَلْفِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے آگے ہوتا ہوں، تمہارا رکوع اور سجدہ مجھ سے پوشیدہ نہیں ہوتا ہے، کیونکہ تمہیں اپنے آگے اور پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

3948 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3946- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 140 قال: حدثنا حسين بن على، عن زائدة . والدارمي رقم الحديث: 52 قال: أخبرنا أحمد بن عبد الله، قال: حدثنا حسين بن على، عن زائدة .

3947- الحديث سبق برقم: 3939 فراجعه .

3948- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 102 قال: حدثنا محمد بن فضيل . ومسلم جلد 1 صفحه 85 قال: حدثنا عبد الله

عَنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ يَسْأَلُونَ مَا كَذَا، مَا كَذَا؟ حَتَّى يَقُولُوا: اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ، فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ ،

حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ مسلسل سوال کرتے رہیں گے، یہ کیوں ہوا؟ یہ کیوں ہوا؟ یہاں تک کہ وہ کہیں گے اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا ہے اور اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے۔

3949 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

3950 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، وَانْصَرَفَ مِنَ الصَّلَاةِ، فَأَقْبَلَ إِلَيْنَا فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي إِمَامُكُمْ، فَلَا تَسْبِقُونِي بِالرُّكُوعِ، وَلَا بِالسُّجُودِ، وَلَا بِالْقِيَامِ، وَلَا بِالْقُعُودِ، وَلَا بِالِانْصِرَافِ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ أَمَامِي وَمِنْ خَلْفِي، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ رَأَيْتُمْ مَا رَأَيْتُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَأَيْتَ؟، قَالَ: رَأَيْتُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک دن فرمایا' جبکہ آپ ﷺ نماز سے واپس آئے' پس آپ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا امام ہوں' تم مجھ سے پہلے رکوع اور سجود نہ کرو' نہ قیام نہ قعود اور نہ ہی مجھ سے پہلے نماز سے واپس لوٹو۔ دیکھتا ہوں' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! اگر تم وہ چیز دیکھ لو جو میں نے دیکھی ہے تو تم ہنسو کم اور روؤ زیادہ۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے کیا دیکھا؟ فرمایا: میں نے جنت بھی دیکھ لی ہے اور دوزخ کو بھی ملاحظہ کرلیا ہے۔

3951 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، وَأَبُو بَكْرٍ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کا دروازہ سب سے پہلے میں کھٹکھٹاؤں گا۔

ابن عامر بن زُرارة' قال: حدثنا محمد بن فضيل .

3949- الحديث سبق برقم: 3948 فراجعه .

3950- الحديث سبق برقم: 3944,3939 .

3951- الحديث سبق برقم: 3946 فراجعه .

أَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ

3952 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي إِمَامُكُمْ، فَلَا تُبَادِرُونِي بِالرُّكُوعِ، وَلَا بِالسُّجُودِ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ أَمَامِي وَمِنْ خَلْفِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میں تمہارا امام ہوں' رکوع سجود میں مجھ سے جلدی نہ کرو کیونکہ میں تمہیں اپنے آگے اور اپنے پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

3953 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْأَشْرِبَةِ؟ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الظُّرُوفِ الْمُزَفَّتَةِ، وَقَالَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: صَدَقْتَ، السُّكْرُ حَرَامٌ، إِنَّمَا أَشْرَبُ الشَّرْبَةَ وَالشَّرْبَتَيْنِ عَلَى أَثَرِ الطَّعَامِ، قَالَ: فَقَالَ لِي: مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ، قَالَ: ثُمَّ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ وَهِيَ مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ، وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ، وَالشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ، وَمَا خَمَّرْتَ مِنْ ذَلِكَ فَهُوَ الْخَمْرُ

حضرت مختار بن فلفل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مشروبات کے متعلق پوچھا' حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مزفت برتنوں میں پینے سے منع فرمایا اور فرمایا: ہر نشہ آور شے حرام ہے۔ حضرت مختار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ نے سچ کہا' نشہ حرام ہے' میں ایک گھونٹ اور دو گھونٹ کھانے کے بعد پیتا ہوں' مجھے فرمایا: نشہ آور شے تھوڑی ہو یا زیادہ' وہ حرام ہے۔ پھر فرمایا: جو شراب حرام کی گئی ہے وہ انگور اور کھجور اور شہد' گندم' جو کے دانوں کی ہے' کیونکہ شراب انہیں کی ہوتی ہے۔

3954 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ يَشْفَعُ فِي الْجَنَّةِ، وَأَنَا أَكْثَرُ الْأَنْبِيَاءِ تَبَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمام لوگوں میں سے پہلا شخص ہوں جو جنت میں سفارش کرے گا اور تمام انبیاء سے میرے پیروز زیادہ ہوں گے۔

3955 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

3952- الحديث سبق برقم: 3944,3939,3950 فراجعه .

3953- الحديث سبق برقم: 3941 فراجعه .

3954- الحديث سبق برقم: 3946 فراجعه .

3955- الحديث سبق برقم: 3954,3946 فراجعه .

حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ شَفِيعٍ فِي الْجَنَّةِ

فرمایا: جنت میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ہوں۔

3956 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ لَا يَزَالُونَ يَتَسَاءَلُونَ مَا كَذَا؟ مَا كَذَا؟ حَتَّى يَقُولُوا: هَذَا اللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ، فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تیری اُمت کے لوگ یقیناً ایک دوسرے سے سوالوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے' یہ کس طرح ہے؟ یہ کس طرح ہے؟ حتیٰ کہ ایک دن کہہ بیٹھیں گے: یہ اللہ ہے جس نے ہر شی کو پیدا فرمایا' پس اللہ کو کس نے پیدا کیا؟

3957 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمْ يُصَدَّقْ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مَا صُدِّقْتُ، وَإِنَّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ نَبِيًّا مَا صَدَّقَهُ مِنْ أُمَّتِهِ إِلَّا رَجُلٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انبیاء میں سے کوئی نبی ایسا نہیں ہے جس کی تصدیق میرے جتنی کی گئی ہو' انبیاء میں سے ایک نبی علیہ السلام وہ بھی ہے جس کی صرف ایک آدمی نے تصدیق کی۔

3958 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شَرَابٍ بِالْيَمَنِ يُقَالَ لَهُ: الْبِتْعُ وَالْمِزْرُ، فَقَالَ: مَا أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یمن کی شراب کے متعلق پوچھا گیا' اس کو بتع اور مزر کہا جاتا تھا' آپ نے فرمایا: جو نشہ دے وہ حرام ہے۔

3959 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ نُوحٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انبیاء میں سے کوئی

3956- الحديث سبق برقم: 3949,3948 ففراجعه .

3957- الحديث سبق برقم: 3954,3951,3946 .

3958- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه56 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

3959- الحديث سبق برقم: 3957,3954,3951,3946 فراجعه .

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا صُدِّقَ نَبِيٌّ مَا صُدِّقْتُ، إِنَّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ مَنْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا مَعَهُ مِنْ أُمَّتِهِ إِلَّا رَجُلٌ

نبی ایسا نہیں ہے جس کی تصدیق میرے جتنی کی گئی ہو' انبیاء میں سے ایک نبی علیہ السلام قیامت کے دن وہ بھی آئے گا جس کا صرف ایک اُمتی ہوگا۔

3960 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ أَشْفَعُ فِي الْجَنَّةِ، وَأَنَا أَكْثَرُ النَّاسِ تَبَعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمام لوگوں سے پہلے جنت میں شفاعت کروں گا اور میری پیروی کرنے والے بھی زیادہ ہوں گے۔

3961 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ مِنْ قِيَامِ أَحَدِكُمْ فِي أَهْلِهِ أَلْفَ سَنَةٍ بِصِيَامِ نَهَارِهَا وَقِيَامِ لَيْلِهَا، السَّنَةُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّونَ يَوْمًا، الْيَوْمُ أَلْفُ سَنَةٍ

حضرت سعید بن خالد فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں ایک دن گزارنا اپنے اہل و عیال میں رہ کر' تم میں سے کسی ایک کا ہزار سال روزے رکھنے اور راتوں کو قیام کرنے سے بہتر ہے' ایک سال' تین سو ساٹھ دن کا ہوگا اور وہ دن' ہزار سال کا ہوگا۔

الشَّعْبِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت امام شعبی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3962 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے یا تبسم فرمایا اور اپنے صحابہ سے فرمایا:

3960- الحديث سبق برقم: **3959,3957,3954,3951,3946** فراجعه .

3961- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2770** . وابن حبان في المجروحين جلد **1** صفحه **317** من طريقين عن محمد بن شعيب به .

الْمُكْتِبِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، أَوْ تَبَسَّمَ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتُ؟، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ؟، قَالَ: عَجِبْتُ مِنْ مُجَادَلَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَقُولُ: يَا رَبِّ، أَلَيْسَ وَعَدْتَنِي أَلَّا تَظْلِمَنِي؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَإِنِّي لَا أَقْبَلُ عَلَيَّ شَاهِدًا إِلَّا مِنْ نَفْسِي، فَيَقُولُ: أَوَ لَيْسَ كَفَانِي شَهِيدًا وَالْمَلَائِكَةَ الْكِرَامَ الْكَاتِبِينَ؟ قَالَ: فَيُرَدِّدُ الْكَلَامَ مِرَارًا، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، وَتَكَلَّمُ أَرْكَانُهُ مَا كَانَ يَعْمَلُ، قَالَ: فَيَقُولُ: بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا، عَنْكُنَّ كُنْتُ أُجَادِلُ

تم پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے تعجب ہوا اس بندہ کے متعلق جو بندہ قیامت کے دن اپنے رب سے جھگڑے گا۔ عرض کرے گا: اے رب! کیا تُو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ پر ظلم نہیں کرے گا؟ اللہ پاک فرمائے گا: کیوں نہیں؟ وہ عرض کرے گا: میرے پاس کوئی گواہ نہیں ہے سوائے میری جان کے۔ اللہ فرمائے گا: کیا میں گواہ کافی نہیں ہوں؟ اور فرشتے کراماً کاتبین؟ وہ کلام کئی مرتبہ کرے گا، اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی، اس کے اعضاء کلام کریں گے جو وہ کام کرتا تھا' فرمایا: پس وہ (اپنے اعضاء سے مخاطب ہو کر) کہے گا: تم مجھ سے دور ہو جاؤ اور بہت زیادہ دُور' ہلاکت ہو! میں تمہاری خاطر ہی تو لڑ رہا تھا۔

3963 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ التِّنْعِيِّ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلَاةُ، فَإِنْ تَمَّتْ تَمَّ سَائِرُ عَمَلِهِ، وَإِنْ نَقَصَتْ قِيلَ: انْظُرُوا هَلْ لَهُ مِنْ تَطَوُّعٍ؟ فَإِنْ كَانَ لَهُ تَطَوُّعٌ، قَالَ: أَتِمُّوا بِهِ مَا نَقَصَ مِنْ صَلَاتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندے سے سب سے پہلے قیامت کے دن حساب و کتاب نماز کے متعلق ہوگا۔ اگر مکمل ہوگا یہاں پر اس کے سارے عمل ختم ہو جائیں گے اگر کمی ہوئی، کہا جائے گا: دیکھو اس نے نفل وغیرہ پڑھے ہیں؟ اگر نفل وغیرہ ہیں وہ اس کے ساتھ مکمل کرو جو فرضوں میں کمی ہوئی۔

3964 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3963- الحديث في المقصد العلي برقم: **1904** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **288** وقال: رواه أبو يعلىٰ' وفيه يزيد الرقاشي ضعفه شعبة وغيره' ووثقه ابن معين وابن عدى .

3964- أخرجه مسلم رقم الحديث: **2969** من طريق أبي بكر بن النضر بن أبي النضر به . والحديث سبق لكن من

أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مِمَّ أَضْحَكُ؟، قَالَ: قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: مِنْ مُخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ، أَلَمْ تُجِرْنِي مِنَ الظُّلْمِ؟ قَالَ: يَقُولُ عَزَّ وَجَلَّ: بَلَى، قَالَ: فَإِنِّي لَا أُجِيزُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا شَاهِدًا مِنِّي، قَالَ: فَيَقُولُ: كَفَى بِنَفْسِكَ عَلَيْكَ شَهِيدًا وَبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ شُهُودًا، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ وَيُقَالُ لِأَرْكَانِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ بِأَعْمَالِهِ، ثُمَّ قَالَ: يُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَلَامِ، فَيَقُولُ: بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا، فَعَنْكُنَّ كُنْتُ أُنَاضِلُ

حضور ﷺ مسکرائے یا تبسم فرمایا اور اپنے صحابہ سے فرمایا: تم پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے تعجب ہوا اس بندہ کے متعلق جو بندہ قیامت کے دن اپنے رب سے جھگڑے گا۔ عرض کرے گا: اے رب! کیا تُو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ پر ظلم نہیں کرے گا؟ اللہ پاک فرمائے گا: کیوں نہیں؟ وہ عرض کرے گا: میرے پاس کوئی گواہ نہیں ہے سوائے میری جان کے۔ اللہ فرمائے گا: کیا میں گواہ کافی نہیں ہوں؟ اور فرشتے کراماً کاتبین؟ وہ کلام کئی مرتبہ کرے گا، اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی، اور اس کے اعضاء سے کہا جائے گا' آپ نے فرمایا: اس کے اعضاء کلام کریں گے جو وہ کام کرتا تھا' پھر فرمایا: اس کا کلام ختم ہو جائے گا۔ پس وہ (اپنے اعضاء سے) کہے گا: دور ہو جاؤ اور تمہارے لیے ہلاکت ہو! پس میں تمہاری طرفداری اور ہمدردی ہی تو کر رہا تھا۔

عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت علی بن زید رضی اللہ عنہ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3965 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

طریق ضعیف برقم: 3962.

3965- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 259 قال: حدثنا أسود بن عامر. وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 285. وعبد بن حُميد: 1223. والترمذي رقم الحديث: 3206 قال: حدثنا عبد بن حُميد.

السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ سِتَّةَ أَشْهُرٍ بِبَابِ فَاطِمَةَ بِنْتِ النَّبِيِّ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَيَقُولُ: الصَّلَاةُ يَا أَهْلَ الْبَيْتِ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، (إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الأحزاب:33).

حضور ﷺ چھ ماہ تک حضرت سیدہ طیبہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے کے پاس فجر کی نماز کے وقت فرماتے تھے: نماز! اے اہل بیت! تین مرتبہ یہ فرماتے: ''بے شک اللہ عزوجل اہل بیت سے پلیدی لے گیا اور ان کو خوب پاک کیا ہے''۔

3966 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَاذَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِبَيْتِ فَاطِمَةَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چھ ماہ تک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرے اور نماز کا حکم کرتے رہے اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

3967 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ مَلِكَ الرُّومِ أَهْدَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتُقَةً مِنْ سُنْدُسٍ فَلَبِسَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى يَدَيْهَا تَذَبْذَبَانِ، فَقَالَ أَصْحَابُهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُنْزِلَ هَذَا عَلَيْكَ مِنَ السَّمَاءِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَمِنْدِيلٌ مِنْ مَنَادِيلِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْ هَذَا، فَبَعَثَ بِهَا إِلَى جَعْفَرٍ فَلَبِسَهَا جَعْفَرٌ، فَقَالَ: إِنِّي لَمْ أَبْعَثْ بِهَا إِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا، قَالَ: فَمَا أَصْنَعُ بِهَا؟ قَالَ: ابْعَثْ بِهَا إِلَى أَخِيكَ النَّجَاشِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ روم کے بادشاہ نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں ریشم بطور تحفہ بھیجا' پس آپ ﷺ نے اسے زیب تن فرمایا' سو گویا میں اس کے ہاتھوں کو ہلتا ہوا دیکھ رہا ہوں' پس آپ ﷺ کے صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ آپ پر کہیں آسمان سے اُترا ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! حضرت سعد بن معاذ کو جنت میں عطا کیے جانے والے کئی رومالوں میں سے ایک رومال بھی اس سے بہتر ہے۔ پس آپ ﷺ نے وہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی طرف بھیج دیا' اُنہوں نے پہنا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تیرے پہننے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔

3966- الحديث سبق برقم: **3965** فراجعه.

3967- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2545**. وأحمد جلد **3** صفحه **251**. وأبو داؤد جلد **4** صفحه **84** من طريق حماد بن سلمة به. وقد سبق من حديث قتادة برقم: **3100**.

عرض کی: میں سے کیا کروں؟ فرمایا: اسے اپنے نجاشی بھائی کی طرف بھیجو۔

3968 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ جِيءَ بِرَأْسِهِ إِلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ، فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِقَضِيبِهِ عَلَى ثَنَايَاهُ وَقَالَ: إِنْ كَانَ لَحَسَنَ الثَّغْرِ، فَقُلْتُ: أَمَا وَاللَّهِ لَأَسُوءَنَّكَ، فَقَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ مَوْضِعَ قَضِيبِكَ مِنْ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مولا حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کا سرِ انور عبید اللہ بن زیاد کے پاس لایا گیا وہ اپنی چھڑی سے آپ رضی اللہ عنہ کے دانتوں کو رگڑنے لگا (نعوذ باللہ) اور کہنے لگا: اگرچہ اس کے دانت خوبصورت ہیں۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ تجھے ضرور رسوا کرے گا۔ بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ بوسہ لے رہے تھے۔

3969 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: إِنْ كَانَتِ الْوَلِيدَةُ مِنْ وَلَائِدِ الْمُسْلِمِينَ لَتَجِيءُ فَتَأْخُذُ بِيَدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا يَنْزِعُ يَدَهُ مِنْ يَدِهَا حَتَّى تَذْهَبَ بِهِ حَيْثُ شَاءَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مسلمانوں کی چھوٹی سی بچی بھی آتی وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑتی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے ہاتھ کھینچتے نہیں تھے یہاں تک کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جاتی جہاں چاہتی۔

3970 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: ابوطلحہ کی آواز لشکر میں گروہ سے بہتر ہے۔

3968- الخبر في المقصد العلي برقم: **1361** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**195** وقال: رواه البزار والطبراني بأسانيد ورجاله وثقوا .

3969- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**174** قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . وفي جلد **3**صفحه**215** قال: حدثنا عبد الصمد . وابن ماجة رقم الحديث: **4177** قال: حدثنا نصر بن علي، قال: حدثنا عبد الصمد، وسلم بن قتيبة .

3970- الحديث في المقصد العلي برقم: **1416** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9**صفحه**312** وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، ورجال الرواية الأولى رجال الصحيح .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَوْتُ أَبِي طَلْحَةَ فِي الْجَيْشِ خَيْرٌ مِنْ فِئَةٍ، وَكَانَ إِذَا لَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَثَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَقَالَ: نَفْسِي لِنَفْسِكَ الْفِدَاءُ، وَوَجْهِي لِوَجْهِكَ الْوِقَاءُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب ملتے تو اپنے دونوں ہاتھ آپ کے آگے بچھا دیتے اور عرض کرتے: میری جان آپ کی ذات پر قربان! میرا چہرہ آپ کے چہرے پر قربان!

3971 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، أَخْبَرَنَا، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: شَهِدْتُ وَلِيمَةَ امْرَأَتَيْنِ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا أَطْعَمَنَا خُبْزًا وَلَا لَحْمًا، قَالَ: قُلْتُ: فِمَهْ؟ قَالَ: الْحَيْسَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں دو ازواجِ مطہرات کے ولیموں میں حاضر ہوا' ہم نے روٹی اور گوشت نہیں کھایا' میں نے عرض کی: کیا کھایا؟ فرمایا: مالیدہ۔

3972 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: قُلْنَا: وَلَا أَنْتَ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي رَبِّي بِرَحْمَةٍ مِنْهُ وَفَضْلٍ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی بھی اپنے عمل سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ہم نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی نہیں؟ فرمایا: میں بھی نہیں' مگر مجھے میرے رب نے اپنی رحمت اور فضل سے گھیر لیا ہے۔

3973 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هَذَا الْحَدِيثِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

3974 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3971- الحديث سبق برقم: 3767 .

3972- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 235 . ومسلم رقم الحديث: 2816 من طريق ابن أبي عدى' عن محمد به . والبخارى رقم الحديث: 5673 .

3973- الحديث سبق برقم: 3972 فراجعه .

3974- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3854 قال: حدثنا عبد الله بن أبي زياد' قال: حدثنا سيّار' قال: حدثنا جعفر بن

دَاوُدُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ، قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ ذُو طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ، مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو اہلِ جنت کے متعلق بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: کیوں نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر کمزور اور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو' پرانے کپڑوں والا' اگر وہ اللہ پر قسم اٹھالیں، اللہ ان کی قسم کو پورا ضرور کرتا ہے؛ اُن میں براء بن مالک رضی اللہ عنہ بھی ہے۔

3975 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ كَمَثَلِ نَهْرٍ عَذْبٍ جَارٍ، أَوْ غَمْرٍ، عَلَى بَابِ أَحَدِكُمْ، يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، مَا يَبْقَى عَلَيْهِ مِنْ دَرَنِهِ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں پڑھنے والے کی مثال اس نہر کی طرح ہے جو کسی کے دروازے کے پاس ہو، اس میں ہر روز پانچ دفعہ غسل کرے کیا اس کے جسم پر میل باقی رہے گی؟

3976 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَأُقَعْقِعُهَا، قَالَ أَنَسٌ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ يُقَلِّبُ بِيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں سب سے پہلے جنت کے دروازہ کا حلقہ پکڑوں گا' میں اس کو کھٹکھٹاؤں گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اب بھی وہ منظر دیکھ ہوں کہ آپ ہاتھ ہاتھ سے پلٹ رہے تھے۔

3977 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے احد کے دن فرمایا: (جب لڑائی کے لیے آگے

سليمان' قال: حدثنا ثابت' وعلى بن زيد' فذكراه .

3975- الحديث في المقصد العلى برقم: 184 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 298 وقال: رواه أبو يعلى' والبزار' وفيه: داؤد بن الزبرقان وهو ضعيف .

3976- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 1204 . والترمذي رقم الحديث: 3147 . والدارمي جلد 1 صفحه 27 من طريق سفيان بن عيينة به .

3977- الحديث سبق برقم: 3306 فراجعه .

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ أُحُدٍ لَمَّا رَهَقُوهُ، وَهُوَ فِي سَبْعَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَرَجُلَيْنِ مِنْ غَيْرِهِمْ: مَنْ يَرُدُّهُمْ عَنَّا وَهُوَ رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ؟ ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ ذٰلِكَ حَتَّى قُتِلَ السَّبْعَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْصَفْنَا أَصْحَابَنَا

آئے' وہ سات آدمی انصار سے تھے اور دو آدمی قریش سے تھے) ہم نے ان کو کون دور کرے گا؟ جو دور کرے گا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔ انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہوگیا' پھر اسی طرح فرمایا تو دوسرا آدمی کھڑا ہوا' وہ بھی لڑا یہاں تک کہ وہ شہید ہوگیا' آپ مسلسل کہتے تھے یہاں تک کہ ساتوں ہی شہید ہو گئے' اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے اصحاب نے ہمت نہیں ہاری۔

3978 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَوْتُ أَبِي طَلْحَةَ فِي الْجَيْشِ خَيْرٌ مِنْ فِئَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوطلحہ کی آواز سو آدمیوں سے بہتر ہے۔

3979 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عَلَى رِجَالٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ، قُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ أُمَّتِكَ، يَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ أَنْفُسَهُمْ، وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ، أَفَلَا يَعْقِلُونَ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں معراج کی رات ایسی قوم کے پاس سے گزرا جو اپنے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹ رہے تھے۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: آپ ﷺ کی امت کے خطیب حضرات جو لوگوں کو نیکی کرنے کا حکم دیتے اور اپنے آپ کو بھول جاتے تھے۔ حالانکہ وہ قرآن پاک پڑھتے تھے، کیا وہ عقل نہیں رکھتے ہیں؟

3980 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ

3978- الحديث سبق برقم: 3971 فراجعه .

3979- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 239,231,180,120 من طريق وكيع' ويونس' وحسن ثلاثتهم عن حماد بن سلمة . وأخرجه ابن المبارك في الزهد رقم الحديث: 819 من طريق حماد به .

3980- الحديث سبق برقم: 3977,3970 فراجعه .

عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ أَبُو طَلْحَةَ إِذَا كَانَ فِي جَيْشٍ نَثَرَ كِنَانَتَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَقَالَ: نَفْسِي لِنَفْسِكَ الْفِدَاءُ، وَوَجْهِي لِوَجْهِكَ الْوِقَاءُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَوْتُ أَبِي طَلْحَةَ فِي الْجَيْشِ خَيْرٌ مِنْ فِئَةٍ

جب لشکر میں ہوتے تو اپنے تمام تیر حضور ﷺ کے آگے رکھ دیتے اور عرض کرتے: میری جان آپ پر قربان! میرا چہرہ آپ کی ذات پر قربان! حضور ﷺ نے فرمایا: ابوطلحہ کی آواز لشکر میں سو آدمیوں سے بہتر ہے۔

3981 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلُ أَهْلِ بِئْرِ مَعُونَةَ قَامَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ بَعْدَ الرُّكُوعِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ، وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، يَقُولُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ يُكَبِّرُ، ثُمَّ يَسْجُدُ، فَحَفِظْتُ ذٰلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثِينَ يَوْمًا يَفْعَلُهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں معونہ کے کنویں پر شہید ہونے والوں کی خبر آئی تو صبح کی نماز کی دوسری رکعت میں رکوع کے بعد کھڑے ہوئے دعا کی: اے اللہ! رعل اور ذکوان پر لعنت فرما اور عصیہ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے تین بار یہ کہا پھر تکبیر کہی پھر سجدہ کیا پس جہاں تک مجھے یاد ہے: آپ تیس دن یہی کرتے رہے۔

3982 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَاذَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَهِقَهُ الْمُشْرِكُونَ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ: مَنْ يَرُدُّهُمْ عَنَّا وَهُوَ رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ قَامَ آخَرُ يَرُدُّهُمْ حَتَّى قُتِلَ سَبْعَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْصَفْنَا أَصْحَابَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے احد کے دن فرمایا: (جب لڑائی کے لیے آگے آئے وہ سات آدمی انصار سے تھے اور دو آدمی قریش سے تھے) ہم نے ان کو کون دور کرے گا؟ جو دور کرے گا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔ انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا پھر اسی طرح فرمایا تو دوسرا آدمی کھڑا ہوا وہ بھی لڑا یہاں تک کہ وہ شہید ہو گیا آپ مسلسل کہتے تھے یہاں تک کہ ساتوں ہی شہید ہو گئے اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا:

3981- الحديث سبق برقم: 3903 فراجعه .

3982- الحديث سبق برقم: 3977,3306 فراجعه .

ہمارے اصحاب نے ہمت نہیں ہاری۔

3983 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عَلَى قَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنَ النَّارِ، قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا مِمَّنْ كَانُوا يَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ أَنْفُسَهُمْ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ، أَفَلَا يَعْقِلُونَ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں معراج کی رات ایسی قوم کے پاس سے گزرا جو اپنے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹ رہے تھے۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے خطیب حضرات جو لوگوں کو نیکی کرنے کا حکم دیتے اور اپنے آپ کو بھول جاتے تھے۔ حالانکہ وہ قرآن پاک پڑھتے تھے، کیا وہ عقل نہیں رکھتے ہیں؟

3984 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَنَسٍ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: آخُذُ بِحَلْقَةِ الْبَابِ فَأُقَعْقِعُهَا، وَقَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي بِيَدِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: گویا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ اس حال میں فرما رہے ہیں کہ انہوں نے دروازے کی کنڈی کو پکڑا ہوا ہے اور اسے ہلا رہے ہیں۔ اور سفیان کا قول ہے: یعنی اپنے ہاتھ کے ساتھ۔

3985 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ مُصْعَبَ بْنَ الزُّبَيْرِ هَمَّ بِعَرِيفِ الْأَنْصَارِ لِيَقْتُلَهُ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اسْتَوْصُوا بِالْأَنْصَارِ خَيْرًا وَمَعْرُوفًا، اقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ، قَالَ: فَنَزَلَ مُصْعَبٌ مِنْ سَرِيرِهِ عَلَى بِسَاطِهِ، وَأَلْزَقَ جِلْدَهُ، أَوْ خَدَّهُ عَلَيْهِ،

حضرت علی بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت مصعب بن زبیر نے انصار کے گروہ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ان کے پاس داخل ہوئے' فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: انصار کے ساتھ نیکی کرو اور بھلائی سے پیش آؤ' ان کی نیکیاں قبول کرو اور برائیوں سے تجاوز کرو۔ حضرت مصعب اپنے تخت سے نیچے اُترے' اپنے قالین پر اُترے اس پر اپنے رخسار رکھے اور فرمانے لگے: آپ کو اللہ

3983- الحديث سبق برقم: 3979 فراجعه .

3984- الحديث سبق برقم: 3976 فراجعه .

3985- الحديث سبق برقم: 3758 فراجعه .

أَوْ قَالَ: تَمَعَّكَ وَقَالَ: أَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنَيْنِ، أَمْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنَيْنِ، فَتَرَكَهُ

جزاء دے! حضور ﷺ کا حکم سر آنکھوں پر! حضور ﷺ کا حکم میرے سر آنکھوں پر! تو آپ ﷺ نے اسے چھوڑ دیا۔

3986 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَطَرَتِ السَّمَاءُ بَرَدًا، فَقَالَ لَنَا أَبُو طَلْحَةَ وَنَحْنُ غِلْمَانٌ: نَاوِلْنِي يَا أَنَسُ مِنْ ذَاكَ الْبَرَدِ، فَجَعَلَ يَأْكُلُ وَهُوَ صَائِمٌ، فَقُلْتُ: أَلَسْتَ صَائِمًا؟ قَالَ: بَلَى، إِنَّ هَذَا لَيْسَ بِطَعَامٍ وَلَا شَرَابٍ، وَإِنَّمَا هُوَ بَرَكَةٌ مِنَ السَّمَاءِ نُطَهِّرُ بِهِ بُطُونَنَا، قَالَ أَنَسٌ: فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: خُذْ عَنْ عَمِّكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمان سے اولے برسنے لگے، ہمیں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس حالت میں کہ ہم بچے تھے: اے انس! مجھے یہ اولے پکڑاؤ! آپ روزہ کی حالت میں تھے، اس کو کھانے لگے تو میں نے عرض کی: کیا آپ روزہ کی حالت میں نہیں ہیں؟ فرمایا: کیوں نہیں! یہ نہ کھانا ہے اور نہ پینے والی شی ہے، یہ آسمان کی برکت ہے، اس کے ذریعے ہم اپنے پیٹوں کو صاف کرتے ہیں۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا، میں نے آپ کو یہ واقعہ بتایا تو آپ نے فرمایا: اپنے چچا کے عمل کرلو۔

3987 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى عَلَى قَتْلَى بِئْرِ مَعُونَةَ فَقَامَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ، قَالَ: فَكَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنْ آخِرِ الرَّكْعَةِ انْتَصَبَ قَائِمًا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ، وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، ثَلَاثًا، ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَسْجُدُ، قَالَ: فَحَفِظْتُ ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثِينَ يَوْمًا يَفْعَلُهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ جب معونہ کے کنویں کے شہیدوں پر تشریف لائے تو صبح کی نماز میں کھڑے ہوکر فرمایا: پس جب آپ ﷺ آخری رکعت کے رکوع سے سر اُٹھاتے تو سیدھے کھڑے ہو جاتے، پھر یوں پڑھتے: اے اللہ! رعل اور ذکوان قبیلے پر لعنت فرما اور وہ گروہ جس نے اللہ کی نافرمانی کی ہے، تین بار پھر تکبیر کہہ کر سجدہ کرتے، پس میں نے یہ رسول کریم ﷺ سے یاد کرلی، آپ ﷺ تیس دن تک یہ کرتے رہے۔

3986- الحديث سبق برقم: **1420** فراجعه .

3987- الحديث سبق برقم: **3981** فراجعه .

3988 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ الْكُوفِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

3989 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ؛ فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس میرا ذکر ہو اسے چاہیے کہ وہ مجھ پر درود پڑھے کیونکہ جس نے مجھ پر ایک بار درود پڑھا' اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

3990 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَوَاتٌ لَا يَدَعُهُنَّ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَغَلَبَةِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چند مخصوص دعائیں تھیں جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی نہ چھوڑتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم سے' پریشانی سے' عجز سے' سستی سے' کنجوسی' بزدلی سے' قرض کی زیادتی اور لوگوں کے غلبہ سے۔

3991 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ:

حضرت بیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی، مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے

3988- الحديث سبق برقم: **3704** فراجعه .

3989- الحديث سبق برقم: **3669** فراجعه .

3990- الحديث سبق برقم: **3691,3689,3683** فراجعه .

3991- الحديث فى المقصد العلى برقم: **185** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **304** وقال: رواه أبو يعلى واسناده حسن .

بَيَانٌ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: حَدِّثْنِي بِوَقْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ، قَالَ: كَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ عِنْدَ دُلُوكِ الشَّمْسِ، وَيُصَلِّي الْعَصْرَ بَيْنَ صَلَاتَيْكُمُ الْأُولَى وَالْعَصْرِ، وَكَانَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، وَيُصَلِّي الْعِشَاءَ عِنْدَ غُرُوبِ الشَّفَقِ، وَيُصَلِّي الْغَدَاةَ عِنْدَ الْفَجْرِ حِينَ يُفْتَتَحُ الْبَصَرُ، كُلُّ مَا بَيْنَ ذَلِكَ وَقْتٌ ، أَوْ قَالَ: صَلَاةٌ

اوقات کے متعلق بتائیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ ظہر کی نماز پڑھتے تھے سورج کے ڈھلنے کے وقت اور عصر پڑھتے تھے پہلے' اول اور عصر کے درمیان اور مغرب پڑھتے تھے سورج کے غروب ہونے کے وقت اور عشاء شفق (سرخی یا سفیدی) کے غروب کے وقت اور فجر کی نماز جس وقت آنکھ کھلتی تھی ہر نماز کا وقت درمیان والا ہوتا تھا۔

3992 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ بَيَانٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: بَنَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ، فَأَرْسَلَنِي فَدَعَوْتُ رِجَالًا إِلَى الطَّعَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کسی عورت سے شادی فرمائی، مجھے بھیجا میں نے کچھ آدمیوں کو کھانے کے لیے دعوت دی۔

الْأَعْمَشُ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت اعمش رحمۃ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3993 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعْرَضُ أَهْلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اہل نار کو قیامت کے دن صفوں میں پیش کیا جائے گا۔ اُن کے پاس سے مومن گزریں

3992- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 238 قال: حدثنا حسن . والبخاري جلد 7 صفحه 31 قال: حدثنا مالك بن اسماعيل . وأخرجه الترمذي رقم لحديث: 3219 قال: حدثنا عمر بن اسماعيل بن مجالد' قال: حدثني أبي .

3993- الحديث في المقصد العلي برقم: 1919 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 382 وقال: رواه أبو يعلى' والطبراني في الأوسط' وفيه يوسف بن خالد السمي وهو كذاب .

النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفُوفًا، فَيَمُرُّ بِهِمُ الْمُؤْمِنُونَ، فَيَرَى الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ الرَّجُلَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَرَفَهُ فِي الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اسْتَعَنْتَنِي فِي حَاجَةِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: فَيَذْكُرُ ذَلِكَ الْمُؤْمِنُ فَيَعْرِفُهُ، فَيَشْفَعُ لَهُ إِلَى رَبِّهِ فَيُشَفِّعُهُ فِيهِ

گے۔ اہل نار میں سے ایک آدمی ان مومنوں میں سے ایک آدمی کو پہچانتا ہوگا۔ اس نے اس کو دنیا میں پہچانا ہو گا، وہ کہے گا، اے فلاں! کیا آپ کو یاد ہے وہ دن تو مجھ سے فلاں فلاں کام کے لیے فریاد کی تھی۔ مومن اس کو یاد کرے گا وہ اس کو پہچان لے گا۔ اس کی رب کے ہاں سفارش کرے گا، اس کی رب تعالیٰ سفارش قبول کرے گا۔

3994 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، وَالْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ: كُنَّا لَا نَحْنِي ظُهُورَنَا حَتَّى نَنْظُرَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم پیٹھ کو نہیں جھکاتے تھے یہاں تک کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کی حالت میں دیکھ لیتے تھے۔

3995 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعٌ رَهْنًا عِنْدَ يَهُودِيٍّ، فَمَا وَجَدَ مَا يَفْتَكُّهَا حَتَّى مَاتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زرہ یہودی کے پاس بطور رہن رکھی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز نہ پائی جو دے کر اسے چھڑا لیتے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔

3996 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ جَمِيعًا، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلاموں کے لیے ہلاکت مالک کی وجہ سے ہوگی اور مالک کی ہلاکت غلام سے ہوگی اور

3994- الحديث في المقصد العلي برقم: **295** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **77** وقال: رواه البزار' وأبو يعلى بنحوه' وفي حديث البزار سعيد بن الفضل ضعفه أبو حاتم ووثقه غيره' وحديث أبي يعلى منقطع بين الأعمش وأنس .

3995- الحديث سبق برقم: **3049** فراجعه .

3996- الحديث في المقصد العلي برقم: **1898** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **348** وقال: رواه البزار عن شيخه محمد بن الليث وقد ذكره ابن حبان في الثقات وقال: يخطئ ويخالف .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِلْمَمْلُوكِ مِنَ الْمَالِكِ وَيْلٌ لِلْمَالِكِ مِنَ الْمَمْلُوكِ وَيْلٌ لِلْغَنِيِّ مِنَ الْفَقِيرِ وَيْلٌ لِلْفَقِيرِ مِنَ الْغَنِيِّ وَيْلٌ لِلشَّدِيدِ مِنَ الضَّعِيفِ وَيْلٌ لِلضَّعِيفِ مِنَ الشَّدِيدِ

ہلاکت ہوگی مال دار کے لیے فقیر سے اور فقیر کے لیے ہلاکت ہوگی مال دار سے۔ ہلاکت ہوگی سختی والے کے لیے کمزور سے اور ہلاکت ہوگی کمزور کے لیے سختی والے سے۔

3997 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا سلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ، فَإِذَا هُوَ قَدْ عَادَ كَالْفَرْخِ مِنْ شِدَّةِ الْمَرَضِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا كُنْتَ تَدْعُو؟ أَمَا كُنْتَ تَسْأَلُ؟، فَقَالَ: بَلَى، كُنْتُ أَقُولُ: اللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي بِهِ فِي الْآخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذًا لَا تُطِيقُ ذَلِكَ، أَلَا قُلْتَ: رَبِّ آتِنِي فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ، فَقَالَهَا فَعُوفِيَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کی بیمار پرسی کرنے کے لیے تشریف لائے اچانک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ پڑی تو وہ مرض کی سختی کی وجہ سے چوزے کی طرح ہو چکا تھا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دعا کیوں نہیں کرتے؟ تم سوال کیوں نہیں کرتے؟ اس نے جواب دیا: کیوں نہیں! (دعا کرتا ہوں) میں عرض کرتا ہوں: اے اللہ! تُو نے جو سزا مجھے آخرت میں دینی ہے وہ جلدی مجھے دنیا میں ہی دیدے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تُو اس کی طاقت نہ رکھ سکے گا' تُو یہ کیوں نہیں کہتا: اے میرے رب! مجھے دنیا میں بھی نیکی اور آخرت میں بھی نیکی عطا فرما اور آخرت کے عذاب سے بچا۔ پس اُس نے یہی دعا کی تو اسے عافیت عطا کی گئی۔

3998 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ، عَنْ أَنَسٍ يَرْفَعُهُ، أَنَّهُ قَالَ: إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ عَلَى امْرَأَةٍ، فَإِنْ كَانَتْ بِكْرًا أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا، وَإِنْ كَانَتْ ثَيِّبًا أَقَامَ مَعَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ قَسَمَ بَعْدَ ذَلِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب آدمی پہلی عورت کی موجودگی میں شادی کرے' اگر وہ کنواری ہو تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے' اگر شادی شدہ ہو تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے' پھر اس کے بعد باریاں تقسیم کردے۔

3997- الحديث سبق برقم: 3790,3747,3498 فراجعه .

3998- الحديث سبق برقم: 3777 فراجعه .

3999 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَبْصَرَ الرِّيحَ فَزِعَ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب ہوا کو دیکھتے تھے تو پریشان ہوتے تھے اور یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انى اسئالك الى آخره''۔

4000 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يُحَرِّكُ الْحَصَى وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لِلرَّجُلِ: هُوَ حَظُّكَ مِنْ صَلَاتِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا، وہ کنکریوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، نماز کی حالت میں۔ جب وہ فارغ ہوا اس آدمی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: وہ تیری نماز سے تیرا حصہ ہے۔

4001 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَافَرَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ وَأَفْطَرَ، فَصَامَ أَصْحَابُهُ وَأَفْطَرُوا، فَلَمْ يَعِبْ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کی حالت میں رمضان کا روزہ رکھا اور افطار کیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے افطار کیا اور روزہ نہیں رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی پر عیب نہیں لگایا۔

4002 - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْعَى إِلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کی روٹی اور باسی چربی کی دعوت دی جاتی تو بھی آپ قبول کرتے تھے' آپ نے اپنی زرہ ایک یہودی کو بطور

3999- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1668** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**135** وقال: رواه أبو يعلى بأسانيد' ورجال أحدهما رجال الصحيح .

4000- الحديث فى المقصد العلى برقم: **288** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**86** وقال: رواه أبو يعلى' والبزار' وفيه يوسف بن خالد السمتى وهو ضعيف .

4001- أخرج مالك الموطأ رقم الحديث: **197** . والبخارى جلد **3**صفحه**44** قال: حدثنا عبد الله بن مسلمة' عن مالك . وأخرجه مسلم جلد**3**صفحه**143** قال: حدثنا يحيى بن يحيى' قال: أخبرنا أبو خيثمة' زهير بن معاوية .

4002- الحديث سبق برقم: **3995** فراجعه .

خُبْزِ الشَّعِيرِ وَالْإِهَالَةِ السَّنِخَةِ فَيُجِيبُ، وَلَقَدْ كَانَتْ لَهُ دِرْعٌ رَهْنًا عِنْدَ يَهُودِيٍّ مَا وَجَدَ مَا يَفْتَكُّهَا حَتَّى مَاتَ

رہن دی تھی، آپ ﷺ نے اتنی وسعت نہیں پائی کہ وہ چھڑا لیتے یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

4003 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ فَقَالَ: هَلْ تَشْتَهِي شَيْئًا؟ هَلْ تَشْتَهِي كَعْكًا؟ ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَطَلَبُوا لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس داخل ہوئے، اس کی عیادت کرنے کیلئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا کسی شے پر دل کر رہا ہے؟ کیا تیرا دل کعک یعنی جو آٹے اور دودھ اور شکر سے بنایا جائے کھانے کو کرتا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! پس اس کے گھر والوں نے اس کیلئے منگوایا۔

4004 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: اسْتُشْهِدَ غُلَامٌ مِنَّا يَوْمَ أُحُدٍ، فَوُجِدَ عَلَى بَطْنِهِ صَخْرَةٌ مَرْبُوطَةٌ مِنَ الْجُوعِ، فَمَسَحَتْ أُمُّهُ التُّرَابَ عَنْ وَجْهِهِ وَقَالَتْ: هَنِيئًا لَكَ يَا بُنَيَّ الْجَنَّةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُدْرِيكِ؟ لَعَلَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ فِيمَا لَا يَعْنِيهِ، وَيَمْنَعُ مَا لَا يَضُرُّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارا غلام احد کے دن شہید ہو گیا۔ اس کو اس حالت میں پایا گیا اس نے بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر باندھا ہوا تھا۔ اس کی ماں نے اس کے چہرے سے مٹی صاف کی اور کہنے لگی: اے میرے بیٹے تیرے لیے جنت کی خوشخبری ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا چاہتی ہو؟ ہوسکتا ہے وہ لایعنی گفتگو کرتا ہو اور وہ رکتا ہو اس کو جو نقصان نہ دے۔

4005 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ يَعْنِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی۔ اگر چہ وہ صحرائی پرندے یا سنگ خوار پرند کے گھونسلے کے

4003- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3441,1440** من طريق سفيان بن وكيع' حدثنا أبو يحيىٰ الحمانى به .

4004- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **2317** وأبو نعيم فى الحلية جلد **5** صفحه **56,55** من طريقين حدثنا عمر بن حفص بن غياث' حدثنا أبى' عن الأعمش به .

4005- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **319** قال: حدثنا قتيبة' قال: حدثنا نوح بن قيس' عن عبد الرحمٰن مولىٰ قيس' عن زياد النُميرى' فذكره .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ مَسْجِدًا كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

برابر ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنادے گا۔

4006 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْأَحْمَرُ أَبُو الْحَسَنِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ لَا يُقْضَى لَهُ قَضَاءٌ إِلَّا خَيْرٌ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے متعلق ہر فیصلہ بھلائی والا ہوتا ہے۔

4007 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَاكُ بِفَضْلِ وَضُوئِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وضو کے بچے ہوئے پانی سے مسواک کرتے تھے۔

4008 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ: أُخْبِرْتُ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يُخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَقَدْ أُخْبِرْنَا بِهِ، فَسَمِعَ لَغَطًا فِي الْمَسْجِدِ فَاخْتُلِسَتْ مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات نکلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ تھا کہ ہم کو لیلۃ القدر کے متعلق آگاہ کرنے کا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو اس کے متعلق بتانے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں شور سنا اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اٹھالیا گیا۔

4009 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں

4006- الحديث في المقصد العلى برقم: **1149** . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **184,117** من طريق يحيٰى ووكيع، عن سفيان، عن القاسم بن شريح .

4007- أخرجه الدارقطني رقم الحديث: **4** من طريق ابن أبي حية، حدثنا اسحاق بن أبي اسرائيل، حدثنا يوسف بن خالد به . وأخرجه الداارقطن رقم الحديث: **3** من طريق محمد بن أحمد بن محمد بن حسان الضبي، حدثنا اسحاق بن ابراهيم شاذان، حدثنا سعد بن الصلت، عن الأعمش، عن مسلم الأعور، عن أنس .

4008- الحديث في المقصد العلى برقم: **525** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **176** وقال: رواه أبو يعلٰى، والطبراني في الأوسط، وسقط منه التابعي، ورجاله ثقات .

4009- الحديث في المقصد العلى برقم: **1217** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **156** وقال: رواه البزار، وأبو يعلٰى...... ولم يقل الأعمش: سمعت أنسًا، ورجال أبي يعلٰى رجال الصحيح، ورجال البزار ثقات .

حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَصْوَبُ قِيلًا) ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: إِنَّمَا نَقْرَؤُهَا (وَأَقْوَمُ قِيلًا) (المزمل: 6) ، فَقَالَ: إِنَّ أَقْوَمَ، وَأَصْوَبَ، وَأَهْيَأَ، وَأَشْبَاهَ هَذَا وَاحِدٌ

نے یہ آیت پڑھی: ''اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْأً وَاَصْوَبُ قِيْلًا''۔ایک آدمی نے کہا: ہم اس کو اس طرح پڑھتے ہیں: ''وَاَقْوَمُ قِيْلًا''۔حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس آدمی کو کہا: اقوم واصوب اھیأ اور اس کے مشابہ ساری قرأت ایک ہے۔

عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت عاصم الاحول کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4010 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: حَالَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِي الَّتِي بِالْمَدِينَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش اور انصار کے درمیان میرے مدینہ والے گھر میں معاہدہ کیا۔

4011 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: حَالَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِي بِالْمَدِينَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں میرے گھر میں قریش یعنی مہاجرین اور انصار کے درمیان معاہدہ کیا۔

4012 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا' پس اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالیا۔

4010- الحديث سبق برقم: 3343 فراجعه .

4011- الحديث سبق برقم: 4010,3343 فراجعه .

4012- الحديث سبق برقم: 3988,3704,3135 فراجعه .

4013 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ - وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ - حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْقُنُوتِ قَبْلَ الرُّكُوعِ أَوْ بَعْدَ الرُّكُوعِ؟ قَالَ: قَبْلَ الرُّكُوعِ، قَالَ: قُلْتُ: فَإِنَّ نَاسًا يَزْعُمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوعِ، فَقَالَ: إِنَّمَا قَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُو عَلَى أُنَاسٍ قَتَلُوا نَاسًا مِنْ أَصْحَابِهِ يُقَالُ لَهُمْ: الْقُرَّاءُ

حضرت عاصم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا' قنوت رکوع سے پہلے یا بعد میں؟ فرمایا: رکوع سے پہلے ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ گمان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کے بعد قنوت پڑھتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ماہ لوگوں کے خلاف دعا کرتے رہے' جنہوں نے قراء صحابہ کرام کو شہید کیا تھا۔

4014 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ عَاصِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَحَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، هِيَ حَرَامٌ، حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت عاصم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کو حرم قرار دیا؟ فرمایا: جی ہاں! یہ حرم ہے' اللہ اور اس کے رسول نے حرم قرار دیا ہے' اس کی گھاس نہیں کاٹی جاسکتی ہے' جس نے ایسے کیا اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

4015 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَالَفَ بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ فِي دَارِ أَنَسٍ بِالْمَدِينَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے مدینہ والے گھر میں انصار اور مہاجرین کے درمیان معاہدہ طے فرمایا۔

4016 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4013- الحديث سبق برقم: **3987,3903,3981** فراجعه .

4014- الحديث سبق برقم: **3691,3690** فراجعه .

4015- الحديث سبق برقم: **4010,3343** فراجعه .

4016- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **117** قال: حدثنا أبو أسامة . وفي جلد **3** صفحه **127** قال: حدثنا حجاج، وأبو أسامة . وفي جلد **3** صفحه **242** قال: حدثنا اسحاق .

حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ذَا الْأُذُنَيْنِ

حضور ﷺ نے مجھے کہا: اے دو کانوں والے!

4017 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْأَجْلَحِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ خَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھی اس کے دونوں کنارے مخالف سمت لٹکائے ہوئے تھے۔

4018 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوتِ؟ فَقَالَ: قَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوعِ، كَانَ بَعَثَ يَوْمًا سَبْعِينَ رَجُلًا إِلَى قَوْمٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: وَقَوْمٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ، فَقَتَلَهُمُ الْمُشْرِكُونَ الَّذِينَ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ، فَقَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُو عَلَيْهِمْ

حضرت عاصم الاحول فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے قنوت کے متعلق پوچھا' فرمایا: حضور ﷺ نے ایک ماہ قنوت پڑھی تھی رکوع کے بعد' اس کا سبب یہ تھا کہ آپ نے ستّر صحابہ کرام کو مشرکین کی طرف بھیجا' مشرکین قوم اور آپ کے درمیان معاہدہ تھا' مشرکین نے اس معاہدہ کو توڑا جو آپ اور مشرکین کے درمیان تھا' حضور ﷺ ایک ماہ تک اُن کے خلاف دعا کرتے رہے۔

سَهْلٌ أَبُو الْأَسْوَدِ، عن انس

حضرت سہل ابوالاسود کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے

4017- الحديث في المقصد العلي برقم: **332** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **49** وقال: رواه أبو يعلى والبزار بنحوه ورجاله موثقون .

4018- الحديث سبق برقم: **4013,3987,3981,3903** فراجعه .

عَنْ أَنَسٍ روایت کردہ احادیث

4019 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ بُكَيْرٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ سَهْلٍ أَبِي الْأَسَدِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا فِي بَيْتٍ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَابِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَلِي عَلَيْكُمْ حَقٌّ، وَلَهُمْ عَلَيْكُمْ مِثْلُهُ مَا فَعَلُوا ثَلَاثًا: إِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا وَفَوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم گھر میں تھے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے دروازے پر کھڑے تھے' آپ نے فرمایا: ائمہ قریش سے ہیں' میرا اُن پر حق ہے ان کا تم پر حق ہے' بشرطیکہ جب وہ تین کام کریں: جب رحم مانگا جائے تو وہ رحم کریں' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو پورا کریں' اُن میں سے جو یہ نہ کرے اس پر اللہ' تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

4020 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا سَهْلٌ أَبُو الْأَسَدِ، عَنْ بُكَيْرٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ وَنَحْنُ فِي بَيْتِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، ثُمَّ قَالَ: الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَلِي عَلَيْكُمْ حَقٌّ، وَلَهُمْ مِثْلُ ذَلِكَ مَا إِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا وَفَوْا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم گھر میں تھے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے دروازے پر کھڑے تھے' آپ نے فرمایا: ائمہ قریش سے ہیں' میرا اُن پر حق ہے ان کا تم پر حق ہے' بشرطیکہ جب وہ تین کام کریں: جب رحم مانگا جائے تو وہ رحم کریں' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو پورا کریں' اُن میں سے جو یہ نہ کرے اس پر اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

4021 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا الٰہ الا اللہ بندہ کو اللہ کی ناراضگی

4019- الحديث سبق برقم: **3632** فراجعه .

4020- الحديث سبق برقم: **4019,3632** فراجعه .

4021- الحديث في المقصد العلي برقم: **1970** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **277** وقال: رواه البزار واسناده حسن .

يَعْنِي ابْنَ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ تَمْنَعُ الْعَبْدَ مِنْ سُخْطِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُؤْثِرُوا سَفْقَةَ دُنْيَاهُمْ عَلَى دِينِهِمْ، فَإِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ اللّٰهُ: كَذَبْتُمْ

سے محفوظ رکھتا ہے۔ جب تک دنیا کے نفع کو دین کے نفع پر ترجیح نہ دے۔ جب وہ ایسے کریں پھر لا الہ الا اللہ کہیں تو اللہ پاک فرماتا ہے کہ تم جھوٹ بولتے ہو۔

الزُّبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت زبیر بن عدی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4022 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا زِيَادٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

4023 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا مِنْ يَوْمٍ إِلَّا وَالَّذِي بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ، سَمِعْنَا ذٰلِكَ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر آنے والا دن بعد والے دن سے بُرا ہوگا۔ ہم نے یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔

4024 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ:

حضرت زبیر بن عدی فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو شکایت کی جو ہم کو حجاج کی طرف

4022- الحديث سبق برقم: 2896,2829 فراجعه .

4023- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 117 قال: حدثنا ابن نُمير' قال: أخبرنا مالك بن مَغْوَل . وفي جلد 3 صفحه 132 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدي' عن سفيان .

4024- الحديث سبق برقم: 4024 فراجعه .

شَكَوْنَا إِلَى أَنَسٍ مَا نَلْقَى مِنَ الْحَجَّاجِ فَقَالَ: اصْبِرُوا فَإِنَّهُ لَا يَأْتِي عَلَيْكُمْ عَامٌ، أَوْ يَوْمٌ، إِلَّا الَّذِي بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ حَتَّى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ، سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سے تکالیف پہنچیں، تو آپ نے فرمایا: صبر کرو کیونکہ اس کے بعد آنے والا دن اس سے زیادہ بڑا ہوگا یہاں تک کہ تم اپنے رب سے ملاقات کرو گے، میں نے تمہارے نبی ﷺ سے سنا ہے۔

4025 - حَدَّثَنَا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَصْبَهَانِيُّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: لَا يَبْتَاعَنَّ أَحَدُكُمْ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبْ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے۔ نہ اپنے بھائی کے نکاح کے پیغام پر پیغام بھیجے۔

4026 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ، وَعَنِ السَّمَرِ بَعْدَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عشاء سے پہلے سونے سے منع کیا اور عشاء کے بعد (دنیوی) گفتگو کرنے سے منع کیا۔

4027 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الرِّجَالِ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ لِي ثَابِتٌ الْأَعْرَجُ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ هَذِهِ الْأُمَّةُ بِخَيْرٍ مَا إِذَا قَالَتْ صَدَقَتْ، وَإِذَا حَكَمَتْ عَدَلَتْ، وَإِذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس امت کا ہر کام بہتر ہوگا جب تک سچ بولتی رہی جب فیصلہ کرے تو عدل کرے جب رحم طلب کیا جائے تو رحم کرے۔

4025- الحديث في المقصد العلى برقم: **663** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**84** وقال: رواه أبو يعلىٰ، وفيه بشر بن الحسين وهو كذاب .

4026- أورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **277** وعزاه الى أبي بكر بن أبي شيبة . وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف جلد**2**صفحه**333** من طريق عبد الله بن ادريس، عن ليث، عن رجل، عن أنس .

4027- الحديث في المقصد العلى برقم: **863** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**196** وقال: رواه أبو يعلىٰ، والطبراني في الأوسط، وفيه: اسحاق بن يحيىٰ وهو متروك .

اسْتُرْحِمَتْ رَحِمَتْ

4028 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الصَّهْبَاءِ، حَدَّثَنَا أَبُو غَالِبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بْنَ زِيَادٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَيْفَ يُبْعَثُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: يُبْعَثُونَ وَالسَّمَاءُ تَطُشُّ عَلَيْهِمْ

حضرت علاء بن زیارہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: لوگوں کو قیامت کے دن کیسے اٹھایا جائے گا؟ فرمایا: ان کو اٹھایا جائے گا اس حالت میں کہ آسمان ان پر ہلکی بارش برسا رہا ہوگا۔

السُّدِّيُّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت سدی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4029 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْصَرِفُ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دائیں جانب پھرتے تھے (یعنی نماز کے بعد)۔

4030 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ السُّدِّيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو کر دائیں جانب پھرتے تھے۔

4031 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضرت

4028- الحديث في المقصد العلي برقم: **1885** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **335,334** وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى وفيه: عبد الرحمٰن بن أبي حاتم، ولم يذكر فيه جرحًا، وبقية رجاله ثقات .

4029- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **133** قال: حدثنا عبد الرحمٰن، قال: حدثنا سفيان . وفي جلد **3** صفحه **179** قال: حدثنا وكيع، قال: حدثني سفيان .

4030- الحديث سبق برقم: **4029** فراجعه .

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، وَحُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا رِدْفَ أَبِي طَلْحَةَ، وَإِنَّ رُكْبَتَهُ تَمَسُّ رُكْبَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَا يَصْرُخَانِ جَمِيعًا بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار تھے جبکہ حضرت ابوطلحہ کا گھٹنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنے کو چھو رہا تھا اور دونوں مل کر اکٹھے حج وعمرہ کا تلبیہ کہہ رہے تھے۔

4032 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ يُتَّخَذُ خَلًّا؟ قَالَ: لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا اس شراب کے متعلق جو سرکہ بن گئی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

4033 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حَرْبٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ زَيْنَبَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ مُعَاذًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا الْأُمَرَاءُ لَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِكَ، وَلَا يَأْخُذُونَ بِأَمْرِكَ، فَمَا تَأْمُرُنِي فِي أَمْرِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا طَاعَةَ لِمَنْ لَمْ يُطِعِ اللَّهَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم بتائیں اگر ہم پر ایسے حکمران مسلط ہو جائیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل نہ کریں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر نہ چلیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے متعلق ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی اطاعت نہیں ہے جو اللہ کی اطاعت نہیں کرتا ہے۔

4034 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْفِزْرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک مزات (ایک قسم کی شراب) حرام ہے، جو خشک اور تر کھجوروں سے ملا کر

4032- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 180,119 . وأبو داؤد رقم الحديث: 3675 قال: حدثنا زهير بن حرب . كلاهما (أحمد، وزهير) قالا: حدثنا وكيع .

4033- الحديث في المقصد العلي برقم: 883 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 225 . وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، وفيه: عمرو بن زينب، ولم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح .

4034- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 155 قال: حدثنا أسود، قال: حدثنا الحسن بن صالح، عن خالد، فذكره . والحديث سبق برقم: 3089 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلا إِنَّ الْمُزَّاتِ حَرَامٌ: خَلِيطُ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

بنائی جائے۔

4035 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْفَزْرِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ الْمُزَّاتِ حَرَامٌ: خَلِيطُ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک مزات (ایک قسم کی شراب) حرام ہے، جو خشک اور تر کھجوروں سے ملا کر بنائی جائے۔

4036 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ أَجْرَأَ النَّاسِ عَلَى مَسْأَلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَعْرَابُ، أَتَاهُ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتَى السَّاعَةُ؟ فَلَمْ يُجِبْهُ، حَتَّى أَتَى الْمَسْجِدَ فَصَلَّى فَأَخَفَّ الصَّلَاةَ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى الْأَعْرَابِيِّ وَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ؟ ، وَمَرَّ سَعْدٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ هَذَا عُمِّرَ حَتَّى يَأْكُلَ عُمُرَهُ لَمْ يَبْقَ مِنْكُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں میں سے دیہاتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سوال کرنے میں زیادہ جری تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دیہاتی آیا، اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کوئی جواب نہ دیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں آئے۔ نماز پڑھی مختصر پڑھائی۔ پھر دیہاتی کی طرف متوجہ ہوئے، فرمایا: قیامت کے متعلق پوچھنے والا کہاں ہے؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ گزرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ عمر دی گئی ہے؟ یہاں تک کہ یہ اپنی عمر کو کھا جائے گا، تم سے آنکھ جھپکنے کے برابر باقی نہیں رہے گی۔

4037 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، حَدَّثَنَا أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بیان کرتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہجرت سے سو سال نہیں آئے گا اور تم میں سے آنکھ

4035- الحديث سبق برقم: **4034** فراجعه .

4036- الحديث في المقصد العلي برقم: **95** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **198** وقال: رواه أبو يعلى، قلت: لأنس في الصحيح: ان يعش هذا حتى يستكمل عمره لم يمت حتى تقوم الساعة وهذا الحديث أبين وان كان فيه سفيان بن وكيع وهو ضعيف .

4037- الحديث سبق برقم: **4036** فراجعه .

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَأْتِي مِائَةُ سَنَةٍ مِنَ الْهِجْرَةِ وَمِنْكُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ

جھپکنے کی مقدار باقی ہو گی۔

4038 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَيْتَامٍ وَرِثُوا خَمْرًا، فَقَالَ: أَهْرِقْهَا، قَالَ: أَفَلَا أَجْعَلُهَا خَلًّا؟ قَالَ: لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کچھ یتیموں کے متعلق وہ شراب کے وارث بنے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو بہا دو، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اس کو سرکہ نہ بنالیا جائے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔

4039 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا مُسْهِرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلَكِ بْنِ سَلْعٍ ثِقَةٌ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ عُمَرَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَهُ طَائِرٌ فَقَالَ: اللَّهُمَّ ائْتِنِي بِأَحَبِّ خَلْقِكَ يَأْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا الطَّيْرِ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَرَدَّهُ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَرَدَّهُ، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَذِنَ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پرندے تھے (بھنے ہوئے)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی، اے اللہ اس کو لے آ جو مخلوق میں سے تجھے سب سے زیادہ پسند ہے جو میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو واپس کر دیا۔ پھر مولا علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو اجازت دے دی۔

4040 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ: أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟ فَقَالَ: بِمِنًى، قُلْتُ: أَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ؟ فَقَالَ: بِالْأَبْطَحِ، ثُمَّ قَالَ: افْعَلْ كَمَا

حضرت عبد العزیز بن رفیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، میں نے عرض کی: مجھے ایسی شے کے متعلق بتائیں جو آپ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کی ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھویں ذوالحجہ کے دن کہاں ظہر کی نماز پڑھی تھی؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: منیٰ شریف میں۔ میں نے عرض کی: کوچ کے دن

4038- الحديث سبق برقم: **4032** فراجعه.

4039- الحديث في المقصد العلي برقم: **1326**. أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3721** قال: حدثنا سفيان بن وكيع. قال: حدثنا عبيد الله بن موسى، عن عيسى بن عمر، عن السدي، فذكره.

4040- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **100**. والدارمي رقم الحديث: **1879** قال: أخبرنا محمد بن أحمد، وأحمد بن حنبل. والبخاري جلد **2** صفحه **197** قال: حدثني عبد الله بن محمد.

يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكُم

عصر کی نماز کہاں پڑھی تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وادیٔ ابطح میں۔ پھر فرمایا: تم ایسے ہی کرو جیسے تمہارے امراء کرتے ہیں۔

4041 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرًا مَوْلَى الْمُطَّلِبِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَفَلَ مِنْ خَيْبَرَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

حضرت عمر مولیٰ مطلب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا' فرمایا: حضور ﷺ کی دعا جب خیبر سے واپس آئے تھے تو یہ تھی: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اِلٰی آخرہ''۔

4042 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ قَبْلَ خُرُوجِ الدَّجَّالِ نَيِّفٌ عَلَى سَبْعِينَ دَجَّالًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال کے نکلنے سے پہلے ستر سے اوپر دجال آئیں گے۔

4043 - حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْعَثِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةٍ، فَرَأَى نِسْوَةً فَقَالَ: أَتَحْمِلْنَهُ؟ ، قَالَ: أَتَدْفُنَّهُ؟ ، قُلْنَ: لَا، قَالَ: فَارْجِعْنَ مَأْزُورَاتٍ غَيْرَ مَأْجُورَاتٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک جنازہ پڑھنے کے لیے نکلے، آپ ﷺ نے کچھ عورتوں کو دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے جنازہ اٹھانا ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے اس کو دفن کرنا ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس

4041- الحديث سبق برقم: **3689,3688** .

4042- الحديث في المقصد العلي برقم: **1860** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **333** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه ليث بن أبي سليم وهو مدلس' وبشر صاحب أنس لم أعرفه .

4043- الحديث في المقصد العلي برقم: **450** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **28** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه الحارث بن زياد . قال الذهبي: ضعيف .

چلی جاؤ۔ کئی زیارت کرنے والیاں ثواب نہیں پاتی ہیں۔

4044 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حُصَيْنٍ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، حَدَّثَنِي سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي نَصْرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَنَّانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اجْتَنَيْتُهَا ، يَعْنِي حَمْزَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت رکھی بقلہ کے ساتھ جو میں چنا کرتا تھا، یعنی حمزہ۔

4045 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (الحجر:93) ، قَالَ عَنْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے اس ارشاد کے متعلق، آپ کے رب کی قسم! ہم اُن تمام سے پوچھیں گے اس کے متعلق جو وہ کرتے تھے۔ یعنی لا الٰہ الا اللہ کے حوالہ سے۔

سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

سلیمان تیمی کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4046 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اِلٰی آخرہٖ''۔

4044- أخرجه أحمد جلد 3صفحه 232,161 من طريق عبد الرزاق، وعبد الله بن واقد كلاهما عن سفيان الثورى به . وأخرجه أحمد جلد3صفحه 260,127 من طريق شريك .

4045- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3126 قال: حدثنا أحمد بن عبدة الضبى، قال: حدثنا معتمر بن اليمان، عن ليث بن أبى سُليم، عن بشر، فذكره .

4046- الحديث سبق برقم: 4041 فراجعه .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْهَرَمِ وَالْجُبْنِ، وَالْبُخْلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

4047 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، وَجَرِيرٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ، أَوْ فَسَمَّتَ، أَحَدَهُمَا وَتَرَكَ الْآخَرَ، وَقَالَ: إِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَإِنَّ هٰذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینک آئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن میں سے ایک کا جواب دیا، دوسرے کا نہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے الحمد للہ کہا تھا اور اس نے الحمد للہ نہیں کہا تھا۔

4048 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا' اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

4049 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

مَاتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ اللَّيْثِيُّ، فَتُحِبُّ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ضَرَبَ بِجَنَاحِهِ الْأَرْضَ فَلَمْ يَبْقَ شَجَرَةٌ وَلَا أَكَمَةٌ إِلَّا تَضَعْضَعَتْ، فَرَفَعَ سَرِيرَهُ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ وَخَلْفَهُ صَفَّانِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فِي كُلِّ صَفٍّ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، بِمَ نَالَ هَذِهِ الْمَنْزِلَةَ مِنَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِحُبِّهِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقِرَاءَتِهِ إِيَّاهَا ذَاهِبًا وَجَائِيًا، وَقَائِمًا وَقَاعِدًا، وَعَلَى كُلِّ حَالٍ

زمین پر اپنا پَر مارا۔ پس نہ کوئی درخت اور نہ گھاس باقی رہی مگر ہر چیز گر گئی۔ پس اُنہوں نے اس کی چارپائی کو اُٹھایا۔ پس آپ ﷺ نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے اس پر تکبیریں کہیں اور آپ کے پیچھے فرشتوں کی دو صفیں تھیں۔ ہر صف میں ستر ہزار فرشتے تھے۔ پس نبی کریم ﷺ نے کہا: اے جبریل! اس بندے نے کس چیز کے بدلے اللہ کے نزدیک یہ مقام پایا ہے۔ انہوں نے کہا: سورۂ اخلاص سے محبت کرنے کی وجہ سے اور جاتے ہوئے، آتے ہوئے، کھڑے، بیٹھے اور ہر حال میں اس کو پڑھنے کے سبب۔

4253 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ زَرْوَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: وَضَّأْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا غَسَلَ وَجْهَهُ أَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ بِهَا مِنْ بَاطِنِهَا، وَقَالَ: هَكَذَا أَمَرَنِي رَبِّي تَبَارَكَ وَتَعَالَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو وضو کروایا، جب آپ نے اپنا چہرہ دھویا، آپ پانی ہتھیلی میں لے کر اس کے ساتھ داڑھی شریف کے اندرونی حصے کو دھویا اور فرمایا: مجھے میرے رب نے اسی طرح حکم دیا ہے۔

4254 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ فَلْيَصْدُقْهَا، فَإِنْ سَبَقَهَا فَلَا يُعْجِلْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنی بیوی کے پاس آئے تو اسے مہر ادا کرے، پس اگر پہلے دے چکا ہو تو دوبارہ نہ دے۔

4255 - حَدَّثَنَا ابْنُ جَامِعٍ مُحَمَّدٌ أَبُو عَبْدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4253- الحديث سبق برقم: **3487** .

4254- الحديث سبق برقم: **4185** فراجعه .

4255- اخرجه النسائى جلد **3** صفحه **120** . والطحاوى فى شرح الآثار جلد **1** صفحه **418** من طريقين عن الليث ابن

اللّٰهِ بْنُ أَبِي كَامِلٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ إِمَارَتِهِ

حضور ﷺ کے ساتھ میں نے منیٰ میں دو رکعتیں ادا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی دو رکعتیں ادا کیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی خلافت کے شروع میں۔

4256 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ. حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَأْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهِ، أَوْ يَشْرَبَ بِشِمَالِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا بائیں ہاتھ سے کھانے یا بائیں ہاتھ سے پینے سے۔

4257 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ وَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيُشْرَبُ بِشِمَالِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھائے تو وہ دائیں ہاتھ کے ساتھ کھائے اور دائیں ہاتھ سے پئے۔ بے شک شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور پیتا ہے۔

4258 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا بائیں ہاتھ سے کھانے یا بائیں

سعد به .

4256- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**202** من طريق يزيد بن هارون وروح و خالد بن الحارث' حدثنا هشام به . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5**صفحه**25** وقال: رواه أحمد' والطبراني في الأوسط' وفيه عبيد الله أو عبد الله بن دهقان روى عنه روح عن هشام بن حسان' ولم يضعفه أحد' وبقية رجاله رجال الصحيح .

4257- الحديث سبق برقم: **4256** فراجعه .

4258- الحديث سبق برقم: **4257,4256** فراجعه .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَأْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهِ أَوْ يَشْرَبَ بِشِمَالِهِ

ہاتھ سے پینے سے۔

4259 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ مَرَّ بِالصَّخْرَةِ مِنَ الرَّوْحَاءِ سَبْعُونَ نَبِيًّا حُفَاةً عَلَيْهِمُ الْعَبَاءَةُ، يَؤُمُّونَ بَيْتَ اللّٰهِ الْعَتِيقَ، مِنْهُمْ مُوسَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک پتھر کے پاس سے گزرے جو روحاء کے مقام پر تھا' فرمایا: ستر انبیاء علیہم السلام گزرے ہیں ان پر چادریں تھیں' پاک بیت اللہ کے پاس جانے کا ارادہ کر رہے تھے، اُن میں اللہ کے موسیٰ علیہ السلام بھی تھے۔

4260 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا سَلْمٌ الْعَلَوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ كُنْتُ أَدْخُلُ كَمَا كُنْتُ أَدْخُلُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَرَاءَكَ يَا بُنَيَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب پردہ والی آیات نازل ہوئیں، میں داخل ہوتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جس طرح کے پہلے داخل ہوتا تھا، مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بیٹے! اپنے پیچھے سے۔

4261 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا سَلْمٌ الْعَلَوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: قُرِّبَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَحْفَةٌ فِيهَا قَرْعٌ، وَكَانَ يُعْجِبُهُ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يُدْخِلُ إِصْبَعَهُ يَلْتَمِسُ الْقَرْعَ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَرَأَى عَلَيْهِ أَثَرَ صُفْرَةٍ فَكَرِهَهَا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت سلم العلوی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا' فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا اس میں کدو تھا' آپ کدو کو پسند کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے آپ کو دیکھا' آپ نے اپنی انگلیاں اس پیالہ میں داخل کیں اور کدو تلاش کرنے لگے۔ آپ کے پاس ایک آدمی داخل ہوا'

4259- الحديث في المقصد العلي برقم: **550** ـ وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **220** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه سعيد بن ميسرة' وهو ضعيف .

4260- الحديث في المقصد العلي برقم **1191** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **93** وقال: له في الصحيح غير هذا' رواه أبو يعلى' وفيه سلم العلوي وهو ضعيف .

4261- الحديث سبق برقم: **3230,3386** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ لَا يُوَاجِهُ رَجُلًا فِي وَجْهِهِ بِشَيْءٍ يَكْرَهُهُ، فَلَمَّا قَامَ قَالَ لِبَعْضِ الْقَوْمِ: لَوْ أَمَرْتُمْ هَذَا أَنْ يَدَعَ هَذِهِ الصُّفْرَةَ

آپ نے اس پر زرد رنگ کا نشان دیکھا' آپ نے اس کو ناپسند کیا' آپ کی عادت تھی کہ جس آدمی کو ناپسند کرتے' آپ اس کی طرف دیکھتے نہیں تھے' جب آپ کھڑے ہوئے تو بعض لوگوں نے کہا: اگر تم کو یہ حکم دیتے کہ یہ زرد رنگ اُتار دو۔

4262 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى وُجُوهِهِمْ؟ فَقَالَ: إِنَّ الَّذِي أَمْشَاهُمْ عَلَى أَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُمْشِيَهُمْ عَلَى وُجُوهِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا: لوگوں کا حشر مونہوں کے بل کیسے ہوگا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جو اپنے پاؤں پر چلتا ہے' وہ اپنے منہ کے بل چلنے پر قادر ہوگا۔

4263 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ الْأَعْمَى، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى وُجُوهِهِمْ؟ قَالَ: إِنَّ الَّذِي أَمْشَاهُمْ عَلَى أَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ أَنْ يُمْشِيَهُمْ عَلَى وُجُوهِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کیسے لوگ اپنے مونہوں کے بل چل کر میدانِ حشر میں آئیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک وہ لوگ جو یہاں پاؤں پر چل سکتے ہیں' وہ مونہوں کے بل نہیں چل سکیں گے۔

4264 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصَمِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ تکبیر میں کمی نہیں کرتے تھے۔

4262- الحديث سبق برقم: **3036** فراجعه .

4263- الحديث سبق برقم: **4262,3036** فراجعه .

4264- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **257,251** قال: حدثنا عفان . والنسائي جلد **3** صفحه **2**' وفي الكبرى رقم الحديث: **1011** قال: أخبرنا قتيبة بن سعيد .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ لَا يَنْقُصُونَ التَّكْبِيرَ

4265 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ كَانُوا يُتِمُّونَ التَّكْبِيرَ، إِذَا رَفَعُوا وَإِذَا وَضَعُوا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم سب مکمل تکبیر کہتے تھے جب اُٹھتے اور بیٹھتے تھے۔

4266 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ نَوْفَلٍ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى أَنَسٍ فَقُلْنَا: حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ حَرُمَ عَلَى النَّارِ، وَحَرُمَتِ النَّارُ عَلَيْهِ. إِيمَانٌ بِاللّٰهِ، وَحُبٌّ فِي اللّٰهِ، وَأَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ فَيَحْتَرِقَ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَرْجِعَ فِي الْكُفْرِ

حضرت نوفل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، ہم نے عرض کی: ہم کو بیان کریں جو آپ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میں تین چیزیں پائی جائیں' جہنم اُن پر اور یہ جہنم پر حرام کر دیئے جائیں گے' اللہ پر ایمان لانا، اللہ کے لیے محبت کرنا اور آگ میں جا کر جل جانا اس کے ہاں زیادہ پسند ہوا اس سے کہ وہ کفر کی طرف واپس جائے۔

4267 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ أَبِي طَوِيلٍ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ حَرَسَ لَيْلَةً عَلَى سَاحِلِ الْبَحْرِ كَانَ أَفْضَلَ مِنْ عِبَادَةِ رَجُلٍ فِي أَهْلِهِ أَلْفَ سَنَةٍ. السَّنَةُ ثَلَاثُ

حضرت سعید بن خالد بن ابی طویل القرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے سمندر کے کنارے ایک رات گزاری' اللہ کے لیے یعنی جہاد کے لیے ہے' تو یہ آدمی افضل ہوگا' اس آدمی سے جو اپنے گھر ایک ہزار سال تک عبادت کرتا رہا' ایک سال میں

4265- الحديث سبق برقم: 4264 فراجعه.

4266- الحديث في المقصد العلي برقم: 30. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 55 وقال: له في الصحيح حديث بغير هذا السياق.

4267- الحديث سبق برقم: 3961 فراجعه.

مِائَةٍ وَسِتُّونَ يَوْمًا، كُلُّ يَوْمٍ أَلْفُ سَنَةً

تین سو ساٹھ دن ہوتے ہیں' ہر دن ایک ہزار سال کا ہو گا۔

4268 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَانَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةٍ، فَرَأَى نِسْوَةً فَقَالَ: أَتَحْمِلْنَهُ؟، قُلْنَ: لَا، قَالَ: تَدْفِنَّهُ؟، قُلْنَ: لَا، قَالَ: فَارْجِعْنَ مَأْزُورَاتٍ غَيْرَ مَأْجُورَاتٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ایک جنازہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے' پس آپ نے (جنازے کے ساتھ) عورتوں کو دیکھا' پس آپ نے فرمایا: تم نے جنازہ اُٹھانا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تم نے دفنانا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تم واپس جاؤ! تم نے محض تکلیف کی ہے' تمہیں اجر نہیں ملا۔

4269 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ الْحُدَّانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَبُّكُمْ: مَنْ أَذْهَبْتُ كَرِيمَتَيْهِ، ثُمَّ صَبَرَ وَاحْتَسَبَ كَانَ ثَوَابُهُ الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا رب فرماتا ہے: وہ شخص جس کی دو محبوب چیزیں یعنی آنکھیں میں نے لے لیں' پھر اس نے صبر کیا اور ثواب کی نیت رکھی تو اس کا بدلہ جنت ہے۔

4270 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ بَعْدَ الرُّكُوعِ، قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَدْعُو فِي قُنُوتِهِ عَلَى الْكَفَرَةِ، قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: وَاجْعَلْ قُلُوبَهُمْ كَقُلُوبِ نِسَاءٍ كَوَافِرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھتے تھے' میں نے اس قنوت کو سنا' اس قنوت میں آپ کافروں کے خلاف دعا کرتے تھے' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سُنا' آپ نے عرض کی: اے اللہ! ان کے دلوں کو بنا دے کافر عورتوں کی طرح۔

4271 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی

4268- الحديث سبق برقم: 4043 فراجعه .

4269- الحديث سبق برقم: 4222 فراجعه .

4270- الحديث في المقصد العلى برقم: 302 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 139 وقال: رواه أبو يعلى' والبزار' وفيه حنظلة بن عبيد الله السدوسي' ضعفه أحمد' وابن المديني' وجماعة' ووثقه ابن حبان .

حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيَنْحَنِي بَعْضُنَا لِبَعْضٍ إِذَا الْتَقَيْنَا؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَيَلْتَزِمُ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَيُصَافِحُ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ؟ قَالَ: تَصَافَحُوا

گئی: یا رسول اللہ! کیا ہم میں بعض بعض کے لیے جھکیں، جب ہم ملاقات کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کی. یا رسول اللہ! ایک دوسرے سے چمٹیں؟ فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایک دوسرے سے مصافحہ کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! مصافحہ کیا کرو۔

4272 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ وَجْهَهَا، وَكَانُوا يَأْتُونَهُ فَيَمْسَحُ وُجُوهَهُنَّ وَيَدْعُو لَهُنَّ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طَأْطِءْ يَدَكَ. قَالَ: فَدَفَعَهَا وَقَالَ: إِلَيْكِ عَنِّي

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئی' پس آپ نے اس کے چہرے پر پھونک ماری اور عورتیں آپ کے پاس آیا کرتی تھیں تو آپ ان کے چہروں پر پھونک مارتے اور ان کے لیے دعا کرتے' پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اپنا ہاتھ ڈھیلا کریں' آپ نے اس کو پیچھے کر دیا اور فرمایا: مجھ سے دور ہو جا۔

4273 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حَنْظَلَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيَنْحَنِي بَعْضُنَا لِبَعْضٍ إِذَا الْتَقَيْنَا؟ قَالَ: لَا ، قُلْتُ: فَيَلْتَزِمُ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ: فَيُصَافِحُ بَعْضُنَا بَعْضًا؟، قَالَ: نَعَمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! کیا ہم میں بعض بعض کے لیے جھکیں، جب ہم ملاقات کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کی. یا رسول اللہ! ایک دوسرے سے چمٹیں؟ فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایک دوسرے سے مصافحہ کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

4274 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي عَنْبَسَةُ الْقَاصُّ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مکھیوں کی عمریں چالیس

4272- الحديث في المقصد العلي برقم: **1707** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3852** .

4273- الحديث سبق برقم: **4271** فراجعه .

4274- الحديث سبق برقم: **4216** فراجعه .

حَـنْظَلَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمْرُ الذُّبَابِ أَرْبَعُونَ يَوْمًا، وَالذُّبَابُ كُلُّهُ فِي النَّارِ

چالیس دن ہوتی ہیں اور مکھیاں ساری کی ساری دوزخی ہیں۔

4275 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا سَلَامُ بْنُ أَبِي خُبْزَةَ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ: الثُّومِ وَالْبَصَلِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مِنْ مُصَلَّانَا، وَلْيَأْتِنِي أَمْسَحُ وَجْهَهُ وَأُعَوِّذُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوان دو درختوں یعنی لہسن اور پیاز سے کھائے' وہ ہماری مسجدوں کے قریب نہ آئے' وہ آئے جس کے منہ سے اس کی بدبو ختم ہوگئی ہو۔

4276 - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: زَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ سُلَيْمٍ فَصَلَّى فِي بَيْتِهَا صَلَاةَ تَطَوُّعٍ، فَقَالَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، إِذَا صَلَّيْتِ الْمَكْتُوبَةَ فَقُولِي: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَشْرًا، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ عَشْرًا، ثُمَّ سَلِي مَا شِئْتِ، فَإِنَّهُ يَقُولُ لَكِ: نَعَمْ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر آئے، ان کے گھر میں نفلی نماز پڑھی اس کے بعد فرمایا: اے ام سلیم! جب تو فرض نماز پڑھ لے تو دس مرتبہ سبحان اللہ، دس مرتبہ الحمد للہ، دس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کر پھر تو چاہے جو مرضی مانگ لے وہ تیرے لیے ہوگا، تین مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

4277 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ أَبِي خَلِيفَةَ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَمِعْتُهُ ذَكَرَهُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی: اے انس! اچھا وضو کر، تیری عمر میں اضافہ کیا جائے گا' اے انس! چاشت

4275- الحديث في المقصد العلي برقم: **230** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**17** وقال: رواه أبو يعلى وفيه سلام بن أبي خبزة وهو ضعيف جدًا .

4276- الحديث في المقصد العلي برقم: **1654** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**101**: رواه البزار وأبو يعلى بنحوه الا أنه قال......' وفيه عبد الرحمٰن بن اسحاق أبو شيبة الواسطي وهو ضعيف .

4277- الحديث سبق برقم: **4163** فراجعه .

أَوْصَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَنَسُ أَسْبِغِ الْوُضُوءَ يُزَدْ فِي عُمْرِكَ، يَا أَنَسُ صَلِّ صَلَاةَ الضُّحَى؛ فَإِنَّهَا صَلَاةُ الْأَوَّابِينَ مِنْ قَبْلِكَ، يَا أَنَسُ سَلِّمْ عَلَى أَهْلِ بَيْتِكَ تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ، يَا أَنَسُ سَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيتَ مِنْ أُمَّتِي تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ، يَا أَنَسُ أَكْثِرِ الصَّلَاةَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يُحِبَّكَ حَافِظَاكَ، يَا أَنَسُ بِتْ وَأَنْتَ طَاهِرٌ، فَإِنْ مُتَّ مُتَّ شَهِيدًا، يَا أَنَسُ وَقِّرِ الْكَبِيرَ، وَارْحَمِ الصَّغِيرَ

کی نماز پڑھ لیا کر بے شک یہ نماز تم سے پہلے رجوع کرنے والوں کی ہے، اے انس! اپنے گھر والوں کو سلام کیا کر تیری نیکیاں زیادہ ہو جائیں گی، اے انس! اس کو سلام کر جو تجھ سے ملے میری امت سے تیری نیکیاں زیادہ ہوں گے، اے انس! دن و رات کو زیادہ نماز پڑھا کر تیرے ساتھ اللہ محبت کرے گا، اے انس! وضو کی حالت میں رات گزار اگر اس حالت میں مرے گا تو شہید کی موت مرے گا، اے انس! بزرگوں کی عزت کیا کر اور بچوں پر شفقت کیا کر۔

4278 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّمِيمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ أَهْلِ بَيْتِكَ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، قَالَ: فَكَانَ يَقُولُ لِفَاطِمَةَ: ادْعِي ابْنَيَّ، فَيَشُمُّهُمَا وَيَضُمُّهُمَا إِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسن اور حسین رضی اللہ عنہما۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرماتے تھے: میرے جگر کے ٹکڑوں کو بلواؤ ان دونوں کو سونگھتے اور گلے سے لگاتے۔

4279 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا شُبَيْلُ بْنُ عَزْرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَقَتَادَةُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَحَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ مَثَلُ الْعَطَّارِ، إِنْ أَصَابَكَ مِنْهُ، وَإِلَّا أَصَابَكَ مِنْ رِيحِهِ، وَمَثَلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال عطار کی طرح ہے اگر کچھ نہ لے گا کم از کم خوشبو تو پا لے گا، برے آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال بھٹی کی طرح ہے اگر کچھ نہ پائے گا تو دھواں تو پائے گا۔

4278- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3774** من طريق أبي سعيد الأشج به .

4279- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **4831** من طريق عبد الله بن محمد، حدثنا سعيد بن عامر، عن شبيل بن عروة به . وأخرجه أبو دأود أيضًا رقم الحديث: **4829** من طريق مسلم بن ابراهيم، حدثنا أبان، عن قتادة، عن أنس .

الْجَلِيسِ السُّوءِ مَثَلُ الْقَيْنِ، إِنْ أَصَابَكَ مِنْهُ، وَإِلَّا أَصَابَكَ مِنْ دُخَانِهِ

4280 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا السَّكَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَصَمُّ، حَدَّثَنَا زِيَادٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ، وَاللَّهُ يُحِبُّ إِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا کرنے والے کی طرح ہے، اللہ عزوجل مظلوم کی مدد کرنے والے کو پسند کرتا ہے۔

4281 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ زِيَادٍ النُّمَيْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَلَا نَشَزًا مِنَ الْأَرْضِ يَقُولُ: اللَّهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ، وَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى كُلِّ حَالٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب بلندی پر چڑھتے تو یہ دعا کرتے: ''اَللّٰهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ الٰی آخرہٖ''۔

4282 - حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى قَيْسٍ، عَنْ زِيَادٍ النُّمَيْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ مَسْجِدًا - صَغِيرًا كَانَ أَوْ كَبِيرًا - بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی' چاہے وہ چھوٹی تھی یا بڑی' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

4283 - حَدَّثَنَا أَبُو الْجَهْمِ الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4280- الحديث في المقصد العلي برقم: **1041**م . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **137** وقال: رواه البزار' وفيه زياد النميري' وثقه ابن حبان .

4281- الحديث في المقصد العلي برقم: **1663** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **133** وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' وفيه زياد النميري' وقد وثق على ضعفه' وبقية رجاله ثقات .

4282- الحديث سبق برقم: **4005** فراجعه .

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ زِيَادٍ النُّمَيْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَجَرَةً، فَهَزَّهَا حَتَّى تَسَاقَطَ مِنْ وَرَقِهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَتَسَاقَطَ، ثُمَّ قَالَ: الْأَوْجَاعُ وَالْمُصِيبَاتُ أَسْرَعُ فِي ذُنُوبِ ابْنِ آدَمَ مِنِّي فِي هَذِهِ الشَّجَرَةِ

حضور ﷺ ایک درخت کے پاس آئے، اس کو ہلایا یہاں تک کہ اس کے پتے گرے، جتنے اللہ نے چاہا، پھر حضور ﷺ نے فرمایا: آزمائش اور تکلیف سے اس درخت کے پتوں سے زیادہ تیزی سے ابن آدم کے گناہ جھڑتے ہیں۔

4284 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ فِي بَلْهُجَيْمِ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ أَبِي عُمَارَةَ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ دَارًا مِنْ دُورِ بَنِي النَّجَّارِ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا مُنْتَقِعًا لَوْنُهُ، فَقَالَ: مَنْ أَهْلُ هَذِهِ الْقُبُورِ؟ ، قَالُوا: قُبُورٌ، مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، قَالَ: ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ رَأَيْتُ أَبْدَانَهُمْ كَيْفَ يُعَذَّبُونَ فِي قُبُورِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ بنی نجار کے گھر میں سے کسی گھر میں داخل ہوئے' اس کے بعد آپ ہمارے پاس نکلے' آپ کا رنگ بدلا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: یہ کس کی قبریں ہیں؟ انہوں نے عرض کی: یہ ان لوگوں کی قبریں ہیں جو جاہلیت میں مر گئے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اللہ عزوجل کی عذابِ قبر سے پناہ مانگو! اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں نے اُن کے بدنوں کو دیکھا کہ کیسے قبروں میں اُن کو عذاب دیا جا رہا تھا۔

4285 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ أَبِي عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ وَاضِعٌ خَطْمَهُ عَلَى قَلْبِ ابْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک شیطان اپنی سونٹ انسان کے دل پر رکھتا ہے، اگر اللہ کا ذکر کرے وہ دور چلا جاتا ہے اگر بھول جائے تو اس کے دل میں داخل کر دیتا ہے

4284- الحديث سبق برقم: 3715 فراجعه .

4285- الحديث في المقصد العلي برقم: 1213 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 149 وقال: رواه أبو يعلى، وفيه عدى بن أبى عمارة وهو ضعيف .

آدَمَ، فَإِنْ ذَكَرَ اللّٰهَ خَنَسَ، وَإِنْ نَسِيَ الْتَقَمَ قَلْبَهُ فَذَلِكَ الْوَسْوَاسُ الْخَنَّاسُ

یہ شیطانی وسواس۔

4286 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ زِيَادًا النُّمَيْرِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ يَخْرُجُ فِي بُرْدَيْنِ، فَاخْتَالَ فِيهِمَا، فَأَمَرَ اللّٰهُ الْأَرْضَ فَأَخَذَتْهُ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے پہلے ایک آدمی تھا، وہ دو چادروں میں نکلا، وہ اُن دونوں میں فخر کرنے لگا۔ اللہ عزوجل نے زمین کو حکم دیا تو زمین نے اس کو پکڑ لیا وہ قیامت تک زمین میں دھنستا رہے گا۔

4287 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ أَبُو سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اشْتَكَتِ النَّارُ إِلَى رَبِّهَا، فَقَالَتْ: رَبِّ، أَكَلَ بَعْضِي بَعْضًا، فَجَعَلَ لَهَا نَفَسَيْنِ: نَفَسًا فِي الشِّتَاءِ، وَنَفَسًا فِي الصَّيْفِ، فَشِدَّةُ مَا تَجِدُونَ مِنَ الْحَرِّ حَرُّهَا، وَشِدَّةُ مَا تَجِدُونَ مِنَ الْبَرْدِ مِنْ زَمْهَرِيرِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم نے رب کریم سے شکایت کی، عرض کی: اے رب! میرا بعض بعض کو کھا جاتا ہے۔ اس کو دو سانسوں کی اجازت دی گئی، ایک گرمیوں میں اور ایک سردیوں میں۔ گرمیوں میں جو گرمی پاتے ہو اس سانس کی وجہ سے ہے جو تم سردیوں میں شدت پاتے ہو، اس کی سانس سے ہے۔

4288 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو جَنَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، قَالَ أَبُو جَنَابٍ: حَلَفَ ثَلَاثَةَ أَيْمَانٍ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا

حضرت ابوجناب فرماتے ہیں کہ انہوں نے تین دفعہ اللہ کی قسم اُٹھائی کہ جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے وہ ہی رحمٰن اور رحیم ہے کہ اُنہوں نے حضرت انس

4286- الحديث في المقصد العلى برقم: **1567** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **126** وقال: رواه أبو يعلىٰ، وفيه زياد بن عبد الله النميري، وهو ضعيف وقد وثقه ابن حبان وقال: يخطئ .

4287- الحديث في المقصد العلى برقم: **1929** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **388** وقال: رواه أبو يعلىٰ، وفيه زياد النميري وهو ضعيف عند الجمهور .

4288- الحديث سبق برقم: **4091,3270** فراجعه .

هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَحَلَفَ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشَّفَاعَةُ لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي

بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اللہ کی قسم اُٹھائی جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے، وہی رحمٰن و رحیم ہے کہ انہوں نے حضور رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

4289 - وَعَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرُ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلَا فَخْرُ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ وَلَا فَخْرُ، وَلِوَاءُ الْحَمْدِ بِيَدِي وَلَا فَخْرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں، اس پر فخر نہیں ہے، سب سے پہلے میری قبر کھلے گی، اس پر فخر نہیں ہے، جنت کا دروازہ سب سے پہلے میں کھولوں گا، اس پر فخر نہیں ہے۔ حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا، اس پر فخر نہیں ہے۔

4290 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ شَابٌّ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرِضَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ فَقَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟، قَالَ: فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلَى أَبِيهِ، فَقَالَ لَهُ: قُلْ كَمَا يَقُولُ لَكَ مُحَمَّدٌ، فَقَالَ: فَقَبِلَ ثُمَّ مَاتَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ: صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نوجوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا تھا، وہ بیمار ہو گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لیے آئے، اس کو فرمایا: کیا تو گواہی دیتا ہے اللہ کی توحید اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی؟ وہ اپنے باپ کی طرف دیکھنے لگا، اس کے باپ نے کہا وہ کہہ جو کہتے ہیں، اس نے کہا اور اس کے بعد مر گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام سے کہا: اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔

4291 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا شُجَاعُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

4289- الحديث سبق من حيث الشفاعة راجع الفهرس .

4290- الحديث في المقصد العلي برقم **465** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **756** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **42** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

4291- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **264** قال: حدثنا معاوية بن عمرو، قال: حدثنا زائدة، عن سفيان، عن عبد الله بن

بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الَّذِي يَكُونُ فِي بَنِي دَالَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكْفِي أَحَدَكُمْ مِنَ الْوُضُوءِ مُدٌّ، وَمِنَ الْغُسْلِ صَاعٌ

نے حضور ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں ہر ایک کے لیے وضو کا پانی ایک مد کافی ہے اور غسل کے لیے ایک صاع کافی ہے۔

4292 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَأَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ - وَاللَّفْظُ لِأَبِي خَيْثَمَةَ - قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آيَةُ الْمُؤْمِنِ حُبُّ الْأَنْصَارِ، وَآيَةُ الْمُنَافِقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انصار سے محبت باایمان ہونے کی نشانی ہے اور اِن سے بغض منافقت کی نشانی ہے۔

4293 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضُ أَزْوَاجِهِ يَغْتَسِلَانِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور آپ ﷺ کی بعض ازواج رضی اللہ عنہن ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

4294 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ عزوجل نے زمین کو پیدا کیا، وہ ہلنے لگی، اللہ عزوجل

عیسٰی' قال: حدثنی جبر بن عبد اللّٰہ' فذکرہ .

4292- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **130** قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفی جلد **3** صفحه **134** قال: حدثنا بهز' وفی جلد **3** صفحه **249** قال: حدثنا عفان .

4293- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **116,112** قال: حدثنا يحيٰى بن سعيد . وفی جلد **3** صفحه **130,112** قال: حدثنا محمد بن جعفر .

4294- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **124** . وعبد بن حُميد: **1215** . والترمذی رقم الحديث: **3369** قال: حدثنا محمد بن بشار .

حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْأَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيدُ، فَخَلَقَ الْجِبَالَ فَأَلْقَاهَا عَلَيْهَا فَاسْتَقَرَّتْ، فَتَعَجَّبَتِ الْمَلَائِكَةُ مِنْ خَلْقِ الْجِبَالِ، فَقَالَتْ: يَا رَبِّ، هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْحَدِيدُ، قَالَتْ: يَا رَبِّ، فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْحَدِيدِ؟ قَالَ: نَعَمْ، النَّارُ، قَالَتْ: يَا رَبِّ، فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْمَاءُ، قَالَتْ: يَا رَبِّ فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْمَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الرِّيحُ، قَالَتْ: يَا رَبِّ، فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الرِّيحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْإِنْسَانُ يَتَصَدَّقُ بِيَمِينِهِ وَيُخْفِيهَا مِنْ شِمَالِهِ

نے پہاڑوں کو پیدا فرمایا، اس پر ڈال دیا وہ ٹھہر گئی۔ فرشتوں نے پہاڑوں کے پیدا کرنے پر تعجب کیا، عرض کی: اے رب! کیا پہاڑ سے بھی زیادہ سخت کوئی شے تو نے پیدا کی ہے؟ فرمایا: ہاں! لوہا۔ فرشتوں نے عرض کی: اس لوہے سے زیادہ سخت کوئی ہے جو تو نے پیدا کیا؟ فرمایا: ہاں! آگ۔ فرشتوں نے عرض کی: یا اللہ! آگ سے زیادہ سخت چیز تو نے کوئی شے پیدا کی ہے؟ فرمایا: ہاں! پانی۔ عرض کیا: پانی سے زیادہ سخت تُو نے کوئی شے پیدا کی ہے؟ فرمایا: جی ہاں! انسان اپنے دائیں ہاتھ سے صدقہ کرے بائیں ہاتھ سے چھپا کر۔

4295 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نُشْبَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مِنْ أَصْلِ الْإِسْلَامِ: الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا يُكَفِّرُهُ بِذَنْبٍ، وَلَا يُخْرِجُهُ مِنَ الْإِسْلَامِ بِعَمَلٍ، وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِي اللّٰهُ إِلَى أَنْ يُقَاتِلَ آخِرُ أُمَّتِي الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهُ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ، وَالْإِيمَانُ بِالْأَقْدَارِ كُلِّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اسلام کی اصل ہیں: (۱) جو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہو اس کو قتل نہ کرنا (۲) گناہ کی وجہ کافر نہ کہنا (۳) اسلام سے کسی عمل کی وجہ سے نہیں نکلتا، جہاد قیامت تک جاری رہے گا اس امت کا آخری گروہ دجال سے لڑے گا، ظالم کا ظلم اور عادل کا عدل اس کو نہیں روکے گا اور ساری تقدیر پر ایمان لانا۔

4295- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **2532** قال: حدثنا سعيد بن منصور' قال: حدثنا أبو مُعاوية' قال: حدثنا جعفر بن بُرقان' عن يزيد بن أبي نشبة' فذكره .

4296 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نُشْبَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مِنْ أَصْلِ الْإِيمَانِ: الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَا يُكَفِّرُهُ بِذَنْبٍ، وَلَا يُخْرِجُهُ مِنَ الْإِسْلَامِ بِفِعْلٍ، وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِي اللّٰهُ إِلَى أَنْ تُقَاتِلَ أُمَّتِي الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهُ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ، وَالْإِيمَانُ بِالْأَقْدَارِ كُلِّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اسلام کی اصل ہیں: (۱) جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہو اس کو قتل نہ کرنا (۲) گناہ کی وجہ کافر نہ کہنا (۳) اسلام سے کسی عمل کی وجہ سے نہیں نکلتا، جہاد قیامت تک جاری رہے گا اس امت کا آخری گروہ دجال سے لڑے گا، ظالم کا ظلم اور عادل کا عدل اس کو نہیں روکے گا اور ساری تقدیر پر ایمان لانا۔

4297 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي بَحْرٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِلْمُؤْمِنِ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْضِي لَهُ قَضَاءً إِلَّا كَانَ خَيْرًا لَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کو ہر فیصلہ خوش کرنے والا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ مؤمن کے حوالے سے جو بھی فیصلہ فرماتا ہے وہی اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔

4298 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: إِنَّكُمْ لَتَعْمَلُونَ أَعْمَالًا هِيَ أَدَقُّ فِي أَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ، كُنَّا نَعُدُّهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوبِقَاتِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک تم لوگ جو بھی اعمال کرتے ہو وہ تمہاری نگاہوں میں بال سے باریک ہی کیوں نہ ہو ہم ان کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہلاک کرنے والی چیزوں سے شمار کرتے تھے۔

4299 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4296- الحديث سبق برقم: **4295** فراجعه .

4297- الحديث سبق برقم: **4202** فراجعه .

4298- الحديث سبق برقم: **4192** فراجعه .

4299- الحديث في المقصد العلي برقم: **415** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **283** وقال: رواه أبو يعلى، والبزار، والطبراني في الأوسط، وفيه عثمان بن سعد وثقه أبو نعيم، وأبو حاتم، وضعفه جماعة .

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتَّى يُوَدِّعَهُ بِرَكْعَتَيْنِ

حضور ﷺ جب کسی جگہ سے اترتے اس سے جاتے نہیں تھے، یہاں تک کہ الوداعی دو رکعتیں نہ پڑھ لیتے۔

4300 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ فَنَزَلَ مَنْزِلًا فَأَرَادَ أَنْ يَرْتَحِلَ وَدَّعَ الْمَنْزِلَ بِرَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی جگہ سے اترتے اس سے جاتے نہیں تھے، یہاں تک کہ الوداعی دو رکعتیں نہ پڑھ لیتے۔

4301 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُنَيَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے!

4302 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أَبِي الْأَبْيَضِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُحَلِّقَةٌ، فَآتِي عَشِيرَتِي فَأَجِدُهُمْ جُلُوسًا، فَأَقُولُ لَهُمْ: قُومُوا فَصَلُّوا، فَقَدْ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ عصر کی پڑھتے اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا تھا۔ میں اپنے خاندان کے پاس آتا ان کو بیٹھا ہوا پاتا، میں ان کو کہتا کہ کھڑا ہو نماز پڑھو بے شک رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھ لی ہے۔

4300- الحديث سبق برقم: **4299** فراجعه .

4301- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **285** قال: حدثنا عفان . ومسلم جلد **6** صفحه **177** قال: حدثنا محمد بن عبيد الغبري . وأبو داؤد رقم الحديث: **4964** قال: حدثنا عمرو بن عون، ومسدد، ومحمد بن محبوب .

4302- الحديث سبق برقم: **3593,3592** فراجعه .

4303 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلُوا عِنْدَ أَهْلِ بَيْتٍ قَالَ: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تھے کسی گھر میں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے' آپ کے پاس روزے داروں نے روزہ افطار کیا ہے اور تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے تم پر فرشتے دعا کر رہے ہیں۔

4304 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْطَرَ عِنْدَ أَهْلِ بَيْتٍ قَالَ: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تھے کسی گھر میں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے' آپ کے پاس روزے داروں نے روزہ افطار کیا ہے اور تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے تم پر فرشتے دعا کر رہے ہیں۔

4305 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ قَالَ: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تھے کسی گھر میں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے' آپ کے پاس روزے داروں نے روزہ افطار کیا ہے اور تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے تم پر فرشتے دعا کر رہے ہیں۔

4306 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ، أَنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب روزہ افطار کرتے تھے کسی گھر میں تو

4303- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 118 قال: حدثنا وكيع واسحاق الأزرق . وفي جلد 3 صفحه 201 قال: حدثنا يزيد . وعبد بن حُميد: 1234 .

4304- الحديث سبق برقم: 4303 فراجعه .

4305- الحديث سبق برقم: 4304,4303 فراجعه .

4306- الحديث سبق برقم: 4305,4304,4303 .

يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ الْيَمَامِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَفْطَرَ عِنْدَ أَهْلِ بَيْتٍ قَالَ: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

آپ ﷺ فرماتے تھے' آپ کے پاس روزے داروں نے روزہ افطار کیا ہے اور تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے تم پر فرشتے دعا کر رہے ہیں۔

4307 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ بَكْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ فَسَقَةٌ، يُصَلُّونَ الصَّلَاةَ لِغَيْرِ وَقْتِهَا، فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْعَلُوا الصَّلَاةَ مَعَهُمْ نَافِلَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد نافرمان ائمہ ہوں گے، وہ نماز کو وقت پر نہیں پڑھائیں گے، جب وہ ایسا کریں تو تم اس وقت نماز پڑھ لو اپنی اور ان کے ساتھ نفل نماز پڑھ لو۔

4308 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الضَّبِّيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتَّى يُصَلِّيَ الظُّهْرَ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو: وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ؟ قَالَ: وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ

حضرت حمزہ ضبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ جب کسی جگہ اُترتے تو وہاں سے نہ جاتے یہاں تک کہ آپ ظہر کی نماز پڑھ لیتے۔ حضرت محمد بن عمرو نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: اگرچہ دوپہر کا وقت ہوتا؟ فرمایا: اگرچہ دوپہر کا وقت ہوتا۔

4309 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَمْزَةَ الضَّبِّيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت حمزہ ضبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ جب کسی جگہ اُترتے تو وہاں سے نہ جاتے یہاں تک کہ آپ ظہر

4307- الحديث في المقصد العلي برقم: 212 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 345 وقال: روه الطبراني في الأوسط، وأبو يعلى وفي اسناده من لا يُعرف .

4308- الحديث سبق برقم: 4299 فراجعه .

4309- الحديث سبق برقم: 4308,4299 فراجعه .

وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ مَنزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتَّى يُصَلِّيَ الظُّهْرَ ، فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو: يَا أَبَا حَمْزَةَ، وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ؟ قَالَ: وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ

کی نماز پڑھ لیتے۔ حضرت محمد بن عمرو نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر چہ دوپہر کا وقت ہوتا؟ فرمایا: اگر چہ دوپہر کا وقت ہوتا۔

4310 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الْعَائِذِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ مَنزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتَّى يُصَلِّيَ الظُّهْرَ ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ؟ قَالَ: وَإِنْ كَانَ بِنِصْفِ النَّهَارِ

حضرت حمزہ ضبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جگہ اُترتے تو وہاں سے نہ جاتے یہاں تک کہ آپ ظہر کی نماز پڑھ لیتے۔ حضرت محمد بن عمرو نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر چہ دوپہر کا وقت ہوتا؟ فرمایا: اگر چہ دوپہر کا وقت ہوتا۔

4311 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَتَّابٍ، مَوْلَى هُرْمُزَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: بَايَعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ ، فَقَالَ: فِيمَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کرتے تھے سننے پر اور اطاعت کرنے پر، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: جتنی تم طاقت رکھتے ہو۔

4312 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي الْمُخَيِّسِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اسْتُشْهِدَ فُلَانٌ مَوْلَاكَ، قَالَ: كَلَّا، إِنِّي رَأَيْتُ عَلَيْهِ عَبَاءَةً غَلَّهَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! فلاں کا غلام شہید کیا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز وہ شہید نہیں ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس پر چادر دیکھی، اس نے فلاں فلاں دن چوری کی تھی۔

4313 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

4310- الحديث سبق برقم: **4309,4308,4299** فراجعه .

4311- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **119** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **3** صفحه **172** قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفي جلد **3** صفحه **185** قال: حدثنا عبد الرحمٰن .

4312- الحديث في المقصد العلي برقم: **947** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **338** وقال: رواه أحمد' وأبو يعلىٰ' وفيه المخيس وهو مجهول .

حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدِينِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ إِذَا مَالَتِ الشَّمْسُ

حضور ﷺ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھتے تھے جب سورج ڈھل جاتا۔

4314 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ بِقَدْرِ مَا يَذْهَبُ الرَّجُلُ إِلَى بَنِي حَارِثَةَ بْنِ الْحَارِثِ وَيَرْجِعُ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، وَبِقَدْرِ مَا يَنْحَرُ الرَّجُلُ الْجَزُورَ وَيُعَضِّيهَا لِغُرُوبِ الشَّمْسِ، وَكَانَ لَا يُصَلِّي الْجُمُعَةَ حَتَّى تَمِيلَ الشَّمْسُ، وَكَانَ إِذَا خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالشَّجَرَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عصر کی نماز اس وقت پڑھاتے تھے جب کوئی آدمی بنی حارثہ بن حارث کی طرف جائے اور سورج غروب ہونے سے پہلے واپس آ جائے' یا اتنا وقت باقی بچتا تھا کہ کوئی آدمی اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کر دے غروبِ شمس تک' آپ نمازِ جمعہ نہیں پڑھاتے تھے یہاں تک کہ سورج ڈھل جاتا' آپ جب مکہ کی طرف جاتے تو آپ ظہر کی نماز درخت کے پاس دو رکعت ادا کرتے تھے۔

4315 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: بَعَثَنِي أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَدْعُوَهُ، وَقَدْ جَعَلَ لَهُ طَعَامًا، قَالَ: فَأَقْبَلْتُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ، قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيَّ فَاسْتَحْيَيْتُ، فَقُلْتُ: أَجِبْ أَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ لِلنَّاسِ: قُومُوا، فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بھیجا حضور ﷺ کی طرف کہ آپ ﷺ کو بلا کر لاؤں۔ آپ ﷺ کے لیے کھانا تیار کیا گیا۔ میں آیا اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام کے ساتھ تھے۔ آپ ﷺ نے میری طرف نظر شفقت فرمائی، مجھے حیاء آئی۔ میں نے عرض کی: آپ ﷺ کو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بلوایا ہے۔ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: چلو اٹھو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے

4314- الحديث في المقصد العلي برقم: **193** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **308** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

4315- الحديث سبق برقم: **4136,4230** فراجعه .

صَنَعْتُ شَيْئًا لَكَ، قَالَ: فَمَسَّهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا لَهَا فِيهِ بِالْبَرَكَةِ، وَقَالَ: أَدْخِلْ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِي عَشَرَةً، قَالَ: كُلُوا، فَأَخْرَجَ لَهُمْ شَيْئًا بَيْنَ أَصَابِعِهِ، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَخَرَجُوا، فَمَا زَالَ يُدْخِلُ عَشَرَةً وَيُخْرِجُ عَشَرَةً حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَ فَأَكَلَ حَتَّى شَبِعَ، قَالَ: ثُمَّ هَيَّأَهَا فَإِذَا هِيَ مِثْلُهَا حِينَ أَكَلُوا مِنْهَا

4690- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **101** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا أبو عوانة . وابن ماجة رقم الحديث: **1703** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . قال: حدثنا محمد بن فُضَيل .

الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبِيتُ فَيُنَادِيهِ بِلَالٌ بِالْأَذَانِ فَيَقُومُ فَيَغْتَسِلُ، فَإِنِّي لَأَرَى الْمَاءَ يَنْحَدِرُ عَلَى جِلْدِهِ وَشَعَرِهِ، ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّي فَأَسْمَعُ بُكَاءَهُ، ثُمَّ يَظَلُّ صَائِمًا . قَالَ: قُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ: فِي رَمَضَانَ؟ قَالَ: سَوَاءٌ

کھڑے ہوتے اور غسل کرتے۔ میں دیکھتی کہ آپ کے جسم اور بالوں سے پانی گر رہا ہوتا تھا۔ پھر آپ نکلتے، آپ نماز پڑھتے۔ آپ ﷺ کے رونے کی آواز سنتی پھر روزہ کی حالت میں ہوتے تھے۔ امام شعبی سے عرض کی گئی: رمضان میں؟ آپ نے فرمایا: رمضان اور نفل روزہ میں بھی۔

4691 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: كَتَبْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ نَسْأَلُهُ عَنِ الرَّضَاعِ فَكَتَبَ: إِنَّ شُرَيْحًا حَدَّثَ، أَنَّ عَلِيًّا وَابْنَ مَسْعُودٍ كَانَا يَقُولَانِ: يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ قَلِيلُهُ وَكَثِيرُهُ . قَالَ: وَكَانَ فِي كِتَابِهِ أَنَّ أَبَا الشَّعْثَاءِ الْمُحَارِبِيَّ حَدَّثَ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَا تُحَرِّمُ الْخَطْفَةُ وَالْخَطْفَتَانِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ابراہیم بن یزید کی طرف سے خط لکھا کہ ہم رضاع کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ نے لکھا کہ قاضی شریح بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ دونوں فرماتے تھے کہ رضاعت سے حرام ہو جاتا ہے۔ چاہے دودھ تھوڑا یا زیادہ پیا ہو۔ ان کے خط میں لکھا تھا کہ ابو الشعثاء المحاربی نے بیان کیا کہ حضور ﷺ فرماتے تھے کہ ایک گھونٹ یا دو گھونٹ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔

4692 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ لَمَّا مَاتَ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ قَالَ: لَا تَبْكُوا عَلَيْهِ؛ فَإِنَّ بُكَاءَ الْحَيِّ عَلَى الْمَيِّتِ عَذَابٌ عَلَى الْمَيِّتِ . فَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَهُودِيَّةٍ أَهْلُهَا يَبْكُونَ عَلَيْهَا: إِنَّهُمْ لَيَبْكُونَ عَلَيْهَا، وَإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِي قَبْرِهَا

حضرت عبداللہ بن ابی بکر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا جب رافع بن خدیج کا وصال ہوا کہ اس پر نہ روؤ کیونکہ میت پر رونے کی وجہ سے میت کو عذاب ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک یہودیہ مرگئی' اس کے خاندان کے لوگ اس پر رونے لگے اس کے رونے کی وجہ سے اس کو عذاب ہوا ہے۔

4691- أخرجه النسائي جلد 6 صفحه 101 قال: أخبرنا محمد بن عبد الله بن بزيع . أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 247 قال: حدثنا عثمان . والدارمي رقم الحديث: 2256 قال: حدثنا عبد الله بن صالح .

4692- الحديث سبق برقم: 4482 فراجعه .

4693 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، سَمِعَ عَائِشَةَ - وَبَسَطَتْ يَدَيْهَا - تَقُولُ: طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِيَّ هَاتَيْنِ لِحَرَمِهِ حِينَ أَحْرَمَ، وَلِحِلِّهِ قَبْلَ أَنْ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا کہ آپ اپنے ہاتھ کشادہ کر کے فرما رہی تھیں: میں اپنے اُن دونوں ہاتھوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگاتی تھی جس وقت آپ طواف سے پہلے احرام باندھتے تھے۔

4694 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى مَخِيلَةً فَزِعَ لَهَا وَتَغَيَّرَ لَهَا لَوْنُهُ، وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ، وَدَخَلَ وَخَرَجَ، فَإِذَا أَمْطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ لَعَلَّهُ كَمَا قَالَ: (فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا) (الأحقاف: **24**)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب بادل دیکھتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پریشان ہوتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ مبارک بدل جاتا تھا۔ آگے بڑھتے، پیچھے ہٹتے، داخل ہوتے، باہر نکلتے۔ جب بارش برستی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اس کے متعلق پوچھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ یہ سکتا ہے ایسے ہی جیسے اللہ نے فرمایا ہے: "یہ بادل ہم پر برسے گا بلکہ یہ تو وہ ہے جس کو تم جلدی مچاتے تھے ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے"۔

4695 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ: أَسَمِعْتَ أَبَاكَ يُخْبِرُ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ قَالَ: نَعَمْ

حضرت سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم سے کہا: کیا آپ نے اپنے والد کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے سنا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

4696 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

4693- الحديث سبق برقم: **4374** فراجعه .

4694- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**167** . ومسلم جلد**3**صفحه**26** قال: حدثني هارون بن معروف .

4695- الحديث سبق برقم: **4677** فراجعه .

4696- الحديث سبق برقم: **4411** فراجعه .

بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

4697 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ سَلَامُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ فِي شَهْرِ الصَّوْمِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ روزہ کی حالت میں بوسہ لیتے تھے۔

4698 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ. أَفَلَا نُجَاهِدُ؟ قَالَ: لَكِنَّ أَفْضَلُ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُورٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے عرض کی گئی: آپ جہاد کو عمل سے افضل دیکھتے ہیں، کیا ہم جہاد کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: افضل حج، حج مبرور (مقبول) ہے۔

4699 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ فَكَرِهَتْهَا. فَقُلْتُ لَهَا: بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ؟ فَقَالَتْ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَمْلَكَ لِإِرْبِهِ مِنَ النَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: روزہ کی حالت میں آپ بیوی کے ساتھ لیٹنے کو ناپسند کرتے ہیں؟ میں نے آپ سے عرض کی: مجھے حدیث پہنچی ہے کہ حضور ﷺ حالتِ روزہ میں اپنی ازواج کے ساتھ لیٹتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ خود پر قابو رکھنے والے تھے۔

4700 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم

4697- الحديث سبق برقم: 4696,4695 فراجعه .

4698- الحديث سبق برقم: 4494 فراجعه .

4699- الحديث سبق برقم: 4411 فراجعه .

4700- الحديث سبق برقم: 4487 فراجعه .

بْـنُ عُيَيْـنَةَ، عَـنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ قَـالَ: قَـالَـتْ عَائِشَةُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَرَى إِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا كُنَّا بِسَرِفٍ أَوْ قَرِيبًا مِنْهُ حِضْتُ، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ: مَا لَكِ أَنُفِسْتِ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ ـ قَالَ: إِنَّ هَذَا أَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَى بَنَاتِ آدَمَ فَـاقْـضِـي مَـا يَـقْضِي الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِـالْبَيْتِ حَتَّى تَغْتَسِلِي ـ فَـلَـمَّا كُنَّا بِمِنًى ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ الْبَقَرَ

حضور ﷺ کے ساتھ حج کے لیے نکلے' ہمارا مقصد صرف حج ہی تھا' جب ہم مقامِ سرف یا اس کے قریب پہنچے تو مجھے حیض آنا شروع ہو گیا' حضرت میرے پاس داخل ہوئے اس حالت میں کہ میں رو رہی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں حیض آنا شروع ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ معاملہ آدم کی بیٹیوں پر لازمی ہے' تو حج کے وہی ارکان ادا کر جو دوسرے حاجی کرتے ہیں لیکن طواف نہ کرنا یہاں تک کہ تو غسل کر لے۔ جب ہم مقامِ منیٰ میں گئے تو آپ نے اپنی ازواج کی طرف سے گائے کی قربانی کی۔

4701 - حَـدَّثَـنَـا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْـنُ عَبْـدِ الـلّٰـهِ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي الْهُـذَيْـلِ قَـالَ: كَـانُـوا يُـحِبُّونَ إِذَا قَضَى الرَّجُلُ الـصَّلَاةَ أَنْ يَـقُـولَ: الـلّٰهُـمَّ أَنْـتَ السَّلَامُ وَمِـنْكَ السَّلَامُ ـ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت عبداللہ بن ابوہذیل سے روایت ہے کہ صحابہ پسند فرماتے تھے کہ آدمی جب نماز سے فارغ ہو تو یہ کہے: "اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ اِلٰی آخرہٖ"۔

4702 - حَـدَّثَـنَـا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ هَذِهِ الْكَلِمَاتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ بھی یہ کلمات کہتے تھے۔

4703 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

4701- الحديث في المقلد العلي برقم: **1657** ـ وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **102** وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح ـ

4702- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **62** قال: حدثنا وكيع' عن سفيان' عن عاصم بن سليمان ـ والدارمي رقم الحديث: **1354** قال: أخبرنا يزيد بن هارون ـ قال أخبرنا عاصم ـ

4703- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **115** قال: حدثنا هارون بن معروف ـ والبخاري جلد **6** صفحه **169** قال: حدثنا

حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي شَيْئًا مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ جَالِسًا . حَتَّى إِذَا دَخَلَ فِي السِّنِّ صَلَّى فَقَرَأَ، فَإِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنَ السُّورَةِ ثَلَاثُونَ آيَةً أَوْ أَرْبَعُونَ آيَةً قَامَ فَقَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ

حضور ﷺ کو رات کی نماز میں سے کوئی چیز بیٹھ کر پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ مگر جب بڑھاپا آیا تو آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے۔ یہاں تک کہ جب آپ ﷺ کی عمر زیادہ ہوگئی تو نماز بھی پڑھی اور قرأت بھی کی' جب سورت سے تین یا چالیس آیتیں باقی رہ جاتی تھیں تو آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے، آپ اس کو پڑھتے پھر رکوع کرتے۔

4704 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ وَقَدِ اسْتَتَرْتُ بِقِرَامٍ عَلَى سَهْوَةٍ لِي فِيهِ تَمَاثِيلُ، فَلَمَّا رَآهُ هَتَكَهُ بِيَدِهِ وَقَالَ: أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِينَ يُضَاهُونَ بِخَلْقِ اللّٰهِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَطَّعْنَاهُ فَجَعَلْنَا مِنْهُ وِسَادَةً أَوْ وِسَادَتَيْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سفر سے واپسی پر میرے پاس داخل ہوئے تو گھر کے اندر پردہ لٹکا ہوا تھا جس میں تصویریں تھیں' جب آپ نے اُسے دیکھا تو اس کو ہاتھ کے ساتھ ختم کر دیا اور فرمایا: قیامت کے دن اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عذاب ان لوگوں کو ہوگا جو اللہ کی صفت خلق میں مشابہت کرتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نے اس کپڑے کو کاٹا اور اس سے ایک یا دو تکیے بنائے۔

4705 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أُمِّ مُوسَى قَالَتْ: رَأَيْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عصر کے بعد نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

4706 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أُمِّ مُوسَى قَالَتْ: إِنَّ نَاجِيَةَ بِنْتَ

حضرت ام موسیٰ فرماتی ہیں کہ مجھے ناجیہ بنت فرطہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف بھیجا کہ میں ان سے

الحسن بن عبد العزيز . ومسلم جلد8صفحه141 قال: حدثنا هارون بن معروف وهارون بن سعيد الأيلي .

4704- الحديث سبق برقم: 4421 فراجعه .

4705- انظر: المصنف لابن أبي شيبة جلد2صفحه393 . والمحلى لابن حزم جلد3صفحه3 .

4706- أخرجه أحمد جلد 6صفحه109 قال: حدثنا أسود بن عامر. قال: حدثنا اسرائيل' عن المغيرة' عن أم موسى' فذكرته . وأخرجه أحمد جلد6صفحه253 قال: حدثنا محمد بن بكر البرساني .

قَرَظَةَ أَرْسَلَتْنِي إِلَى عَائِشَةَ أَسْأَلُهَا عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ. قَالَتْ: فَأَتَيْتُهَا وَمَا أُبَالِي مَا قَالَتْ بَعْدَ الَّذِي رَأَيْتُ مِنْ عَلِيٍّ. قَالَتْ: فَأَخْبَرَتْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ

پوچھوں عصر کے بعد نماز پڑھنے کے متعلق؟ میں آئی، آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے کوئی پرواہ نہیں جوانہوں نے کہا، اس کے بعد کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا عصر کے بعد نماز پڑھتے ہوئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی عصر کے بعد نماز پڑھتے تھے۔

4707 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَغْتَرِفُ مِنْهُ وَنَحْنُ جُنُبٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں غسل جنابت کرتے تھے۔

4708 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَأْسَهُ فِي حِجْرِ إِحْدَانَا وَهِيَ حَائِضٌ، ثُمَّ يَتْلُو الْقُرْآنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سرِ مبارک ہم میں سے کسی بھی بیوی کی گود میں رکھ لیتے تھے، حالت حیض میں، پھر قرآن پاک کی تلاوت کرتے۔

4709 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي قَائِمًا وَقَاعِدًا، فَإِذَا صَلَّى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَإِذَا صَلَّى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے اور بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے۔ جب کھڑے ہو کر پڑھتے تو رکوع بھی کھڑے ہو کر کرتے تھے جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تو رکوع بھی بیٹھ کر کرتے تھے۔

4710 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنبی

4707- الحديث سبق برقم: **4467,4412** فراجعه .

4708- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **169** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **6** صفحه **117** قال: حدثنا موسى بن داؤد . قال: حدثنا زهير . وفي جلد **6** صفحه **135** قال: حدثنا على بن عاصم .

4709- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **30** قال: حدثنا هُشَيم . قال: أخبرنا خالد . وفي جلد **6** صفحه **98** قال: حدثنا محمد ابن أبي عدى . عن حُميد .

4710- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **43** قال: حدثنا أبو بكر بن عياش . قال: حدثنا الأعمش . وفي جلد **6** صفحه **106**

بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُ جُنُبًا كَهَيْئَتِهِ لَا يَمَسُّ مَاءً

حالت میں سو جاتے تھے اور پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگاتے تھے۔

4711 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَ: قُلْتُ لَهَا: مَا أُبَالِي يَا أُمَّهْ أَنْ لَا أَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ. قَالَتْ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ أُخْتِي إِنَّهُ كَانَ مَنْ أَهَلَّ لِمَنَاةَ الَّتِي بِالْمُشَلَّلِ لَمْ يَطُفْ بَيْنَهُمَا - أَوْ يَطُوفُ بَيْنَهُمَا، شَكَّ سُفْيَانُ - فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) (البقرة: 158) قَدْ طَافَ رَسُولُ اللّٰهِ بَيْنَهُمَا فَهِيَ سُنَّةٌ

حضرت عروہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے آپ سے عرض کی: اے امی جان! مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ میں صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کروں۔ آپ نے فرمایا: اے میری بہن کے بیٹے! تُو نے بہت بُرا کہا ہے جس نے ان دونوں کے درمیان طواف نہیں کیا یا ان دونوں کے درمیان طواف کیا سفیان کو شک ہے اللہ عزوجل نے نازل فرمایا: ''بے شک صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں'' بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کے درمیان سعی کرتے تھے اور یہ سنت ہے۔

4712 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُكْفَأُ الْإِسْلَامَ كَمَا يُكْفَأُ الْإِنَاءُ فِي شَرَابٍ يُقَالُ لَهُ: الطِّلَاءُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ پہلا شخص جو اسلام کے اصولوں کو پلٹ دے گا جس طرح برتن کو پانی میں اوندھا کر دیا جاتا ہے اس کو طلاء کہا جائے گا۔

4713 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ،

حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

قال: حدثنا عبد الله بن يزيد' عن سفيان . وذكر رجلًا آخر' عن سفيان .

4711- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **243** . والبخارى جلد **3** صفحه **7** وجلد **6** صفحه **28** قال: حدثنا عبد الله ابن يوسف . قال: أخبرنا مالك .

4712- الحديث في المقصد العلي برقم: **1537** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **56** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه فرات بن سلمان' قال: أحمد: ثقة .

4713- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **218** قال: حدثنا اسماعيل ويزيد . وابن ماجة رقم الحديث: **102** قال: حدثنا على

حَـدَّثَـنَـا سَعِيدٌ أَبُو مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْـنِ شَـقِيـقٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ أَيُّ صَـحَـابَةِ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَحَـبَّ إِلَيْهِ؟ قَالَتْ: أَبُو بَكْرٍ ـ قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُـمَّ عُمَرُ ـ قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ ـ قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: فَسَكَتَتْ

نے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: اے ام المومنین! کون سا صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب تھا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ابوبکر! پھر میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: عمر! پھر میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: عثمان! پھر میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ابوعبیدہ بن جراح۔ پھر میں نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ خاموش ہو گئیں۔

4714 - حَـدَّثنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْـنُ عُيَيْـنَةَ، عَـنْ مَـنْصُورٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ امْـرَأَـةً سَـأَلَـتِ الـنَّبِـيَّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِهَا مِنَ الْـمَـحِيضِ، فَأَمَرَهَا كَيْفَ تَغْتَسِلُ، ثُمَّ قَـالَ: خُـذِى فِـرْصَةً مِـنْ مَسْكٍ فَتَطَهَّرِى بِهَـا . قَـالَـتْ: كَيْفَ أَتَـطَهَّـرُ بِهَـا؟ قَـالَـتْ: فَسَتَرَ وَجْهَـهُ بِـطَـرَفِ ثَـوْبِـهِ وَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ تَطَهَّرِى بِهَا . قَـالَـتْ عَائِشَةُ: فَاجْتَذَبْتُ الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ: تَتَبَّعِى بِهَا أَثَرَ الدَّمِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ عورت حیض کا غسل کس طرح کرے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کس طرح غسل کرتی ہے؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھال کی ایک پوٹی پکڑ۔ اس کے ساتھ پاک کر۔ عرض کی: میں کس طرح اس کے ساتھ پاکی حاصل کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے چہرے کو کپڑے کی ایک طرف کے ساتھ ڈھانپ لیا اور فرمایا: سبحان اللہ! اس کے ساتھ پاکی حاصل کر۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عورت کو پکڑ کے کھینچا اور میں نے کہا: اس کے ساتھ خون کے اثرات صاف کر لے۔

4715 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَـنْ هِشَـامِ بْـنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کی حالت میں اپنی ازواج میں سے کسی کا بوسہ لیتے۔ پھر

ابن محمد ـ قال: حدثنا أبو أسامة .

4714- أخرجه الحُميدى رقم الحديث: **167** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **6** صفحه **122** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا وهيب .

4715- الحديث سبق برقم: **4414** فراجعه .

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ بَعْضَ أَزْوَاجِهِ وَهُوَ صَائِمٌ ثُمَّ تَضْحَكُ

آپ مسکرا پڑیں۔

4716 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَمِرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا رَكِبَتْ بَعِيرًا فَلَعَنَتْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْكَبِيهِ

حضرت یحییٰ بن وثاب فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک اونٹ پر سوار ہوئیں۔ آپ نے اس پر لعنت فرمائی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس پر سوار نہ ہو۔

4717 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ أَوْ تَمَاثِيلُ . قَالَ: فَقُلْتُ: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى عَائِشَةَ، فَأَخْبَرْنَاهَا بِمَا قَالَ أَبُو طَلْحَةَ فَقَالَتْ: لَا أَدْرِي . وَسَأُحَدِّثُكُمْ بِمَا رَأَيْتُهُ فَعَلَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، فَكُنْتُ أَتَحَيَّنُ قُفُولَهُ فَأَخَذْتُ نَمَطًا لَنَا فَسَتَرْتُ بِهِ عَلَى الْعَرْضِ . قَالَتْ: فَلَمَّا أَقْبَلَ قُمْتُ فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَعَزَّكَ وَنَصَرَكَ وَأَكْرَمَكَ . قَالَتْ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَنَظَرَ إِلَى النَّمَطِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا عَرَفْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِهِ، فَانْطَلَقَ حَتَّى هَتَكَ النَّمَطَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَأْمُرْنَا فِيمَا رَزَقَنَا أَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَاللَّبِنَ . قَالَتْ: فَأَخَذْتُهُ فَجَعَلْتُهُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے کسی ایسے کمرے میں تشریف نہیں لاتے جس میں کتا ہو یا تصویریں ہوں۔ ایک راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: ہمیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس لے چلو، ہم نے ان کو خبر دی، جو بات حضرت ابوطلحہ نے کہی تھی تو اُنہوں نے فرمایا: میں نہیں جانتی ہوں اور عنقریب میں آپ لوگوں کو بیان کروں گی، جو کام کرتے ہوئے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن کسی غزوہ میں تشریف لے چلے، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے موقع غنیمت جانا، میں نے اپنے بستر کی دھاری دار چادر لے کر چوڑائی میں، اس کا پردہ بنا دیا۔ آپ فرماتی ہیں: پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو میں نے کھڑے ہو کر کہا: السلام علیک یا رسول اللہ! تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں جس نے آپ کو غالب فرمایا، مدد فرمائی اور آپ کو عزت دی۔ آپ فرماتی ہیں: آپ سر اُٹھا کر اس پردے کی طرف دیکھا اور مجھے

4716- الحديث في المقصد العلي برقم: **1104** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **76** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورجاله ثقات، الا أن يحيى بن وثاب لم يسمع من عائشة وان كان تابعيًا .

4717- الحديث سبق في مسند أبي طلحة فليراجع هناك .

وِسَادَةً ثُمَّ حَشَوْتُهَا لِيفًا ، فَلَمْ يَعِبْ ذَلِكَ عَلَيَّ

کوئی جواب نہ دیا' میں نے آپ ﷺ کے چہرے میں ناپسندیدگی کے آثار پہچان لیے' پس آپ اُٹھے حتیٰ کہ اس پردے کو پھاڑ دیا' پھر فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو رزق دیا ہے اس میں حکم نہیں دیا کہ ہم پتھروں اور اینٹوں کو لباس پہنائیں۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: میں نے اسے پکڑ کر' اس کا سرہانہ بنا دیا' پھر میں نے اسے کھجور کی چھال سے بھرا تو اس کی وجہ سے آپ ﷺ نے مجھ پر اعتراض نہیں کیا۔

4718 - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی رات کی نماز نو رکعتیں ہوتی تھی۔

4719 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ يُفَضِّلُ الصَّلَاةَ الَّتِي يَسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلَاةِ الَّتِي لَا يَسْتَاكُ سَبْعِينَ ضِعْفًا . وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفَضِّلُ الذِّكْرَ الْخَفِيَّ الَّذِي لَا يَسْمَعُهُ الْحَفَظَةُ سَبْعِينَ ضِعْفًا . فَيَقُولُ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَجَمَعَ اللَّهُ الْخَلَائِقَ لِحِسَابِهِمْ، وَجَاءَتِ الْحَفَظَةُ بِمَا حَفِظُوا وَكَتَبُوا . قَالَ اللَّهُ لَهُمْ: انْظُرُوا . هَلْ بَقِيَ لَهُ مِنْ شَيْءٍ؟ فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا مَا تَرَكْنَا شَيْئًا مِمَّا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ نماز جو مسواک کر کے پڑھی جائے وہ اس نماز سے افضل ہے جو مسواک کر کے نہ پڑھی جائے ستر گنا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ ذکر خفی فضیلت رکھتا ہے جو کوئی نہ سنے' اور فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو جمع کرے گا اُن سے حساب لینے کے لیے۔ کراماً کاتبین حساب لائیں گے جو انہوں نے یاد کیا تھا اور لکھا تھا۔ اللہ تعالیٰ اُن سے ارشاد فرمائے گا۔ دیکھو اس کے اعمال میں کوئی شے باقی رہ گئی ہے؟ وہ کہیں گے: ہم نے کوئی شے نہیں چھوڑی جو ہم نے جانی اور جو ہم کو یاد تھی

4718- الحديث سبق برقم: **4631** فراجعه .

4719- الحديث في المقصد العلي برقم: **255** بشطره الأول فقط . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **81** وقال: رواه أبو يعلى وفيه معاوية بن يحيى الصدفي وهو ضعيف .

عَلِمْنَاهُ وَحَفِظْنَاهُ إِلَّا وَقَدْ أَحْصَيْنَاهُ وَكَتَبْنَاهُ . فَيَقُولُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَهُ: إِنَّ لَكَ عِنْدِي خَبْئًا لَا تَعْلَمُهُ وَأَنَا أَجْزِيكَ بِهِ، وَهُوَ الذِّكْرُ الْخَفِيُّ

ہم نے اس کو شمار کیا اور لکھا ہے۔ اللہ پاک ارشاد فرمائے گا اس کا ایک عمل میرے پاس ہے جو آپ نہیں جانتے ہیں۔ میں اس کی جزاء دیتا ہوں اور وہ ذکر الخفی ہے۔

4720 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى الصَّدَفِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي بَيْتِي فَأَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَامَ إِلَى جَنْبِهِ عَنْ يَمِينِهِ، فَأَقْبَلَتْ عَقْرَبٌ نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا دَنَتْ مِنْهُ صُدَّتْ عَنْهُ، ثُمَّ أَقْبَلَتْ نَحْوَ عَلِيٍّ، فَأَخَذَ النَّعْلَ فَقَتَلَهَا وَهُوَ يُصَلِّي، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ قَالَ: قَاتَلَهَا اللّٰهُ أَقْبَلَتْ نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صُدَّتْ عَنْهُ، ثُمَّ أَقْبَلَتْ إِلَيَّ تُرِيدُنِي . فَلَمْ يَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهَا فِي الصَّلَاةِ بَأْسًا .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے گھر میں نماز پڑھ رہے تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے ۔ آپ ﷺ کی دائیں جانب کھڑے ہو گئے۔ ایک بچھو حضور ﷺ کی طرف آیا جب آپ ﷺ کے قریب ہوا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوا، حضرت علی نے جوتی پکڑی اس کو نماز کی حالت میں مار دیا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ نے اس کو مار دیا۔ جب یہ نبی ﷺ کی طرف متوجہ ہوا تھا پھر میری طرف مُتوجہ ہوا تھا، مجھے چاہتا تھا حضور ﷺ نے فرمایا: نماز کے درمیان مارنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

4721 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاجَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا حَمَلَنِي عَلَى كَثْرَةِ مُرَاجَعَتِهِ إِلَّا أَنِّي لَمْ يَكُنْ يَقَعُ فِي نَفْسِي أَنْ يُحِبَّ النَّاسُ رَجُلًا قَامَ مَقَامَهُ أَبَدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اللہ کی قسم! میں نے حضور ﷺ سے رجوع کیا' مجھے کثرتِ رجوع پر کسی شی نے نہیں اُبھارا سوائے اس کے کہ میرے دل میں لوگوں میں سے زیادہ محبوب کوئی نہیں تھا جس کو آپ کی جگہ ہمیشہ کے لیے کھڑا کروں۔

4722 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میٹھا

4720- الحديث في المقصد العلي برقم: 287 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 84 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وأبو يعلى .

4721- الحديث طرف من الحديث رقم: 4461 فراجعه .

أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ

اور شہد کو پسند کرتے تھے۔

4723 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أُهْدِيَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدِيَّةٌ وَهُوَ صَائِمٌ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْلَا صِيَامُكَ لَأَتْحَفْنَاكَ بِشَيْءٍ. قَالَ: هَاتِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیے پیش کیے جاتے' آپ روزہ کی حالت میں ہوتے' ہم عرض کرتیں: یارسول اللہ! اگر آپ روزہ کی حالت میں نہ ہوتے تو ہم آپ کو کوئی شی ضرور چکھاتیں' آپ فرماتے: لے آؤ!

4724 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُ الْغَدَاءَ فَنَقُولُ: لَيْسَ، فَيَقُولُ: إِنِّي صَائِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ صبح کھانا طلب کرتے' ہم عرض کرتے: نہیں ہے! تو آپ فرماتے: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔

4725 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ حِينَ صَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ رَجَعَ فَمَكَثَ بِمِنًى لَيَالِيَ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ يَرْمِي الْجَمْرَةَ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ كُلَّ جَمْرَةٍ سَبْعَ حَصَيَاتٍ، وَيَقِفُ عِنْدَ الْأُولَى وَعِنْدَ الثَّانِيَةِ فَيُطِيلُ الْقِيَامَ وَيَتَضَرَّعُ، ثُمَّ يَرْمِي الْجَمْرَةَ الثَّالِثَةَ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ دن کے آخری حصہ میں عرفات سے واپس آتے' جس وقت ظہر کی نماز پڑھ لیتے پھر واپس آتے' آپ منیٰ میں چند راتیں ٹھہرتے' تشریق کے دنوں میں آپ جمرہ کو کنکری مارتے' جب سورج ڈھل جاتا تو ہر جمرہ کو سات کنکریاں مارتے' پہلے کے پاس ٹھہرتے اور دوسرے کے پاس لمبا قیام کرتے' روتے گڑگڑاتے ہوئے پھر تیسرے کو مارتے اور اس کے پاس نہ ٹھہرتے۔

4723- الحديث سبق برقم: **4577,4545** فراجعه .

4724- الحديث سبق برقم: **4723,4577,4545** فراجعه .

4725- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **90** قال: حدثنا على بن بحر . وأبو داؤد رقم الحديث: **1973** قال: حدثنا على بن بحر وعبد الله بن سعيد . وابن خزيمة رقم الحديث: **2971,2956** قال: حدثنا عبد الله بن سعيد الأشج .

4726 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ النَّصْرِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَيْلٌ لِلْأُمَرَاءِ وَيْلٌ لِلْعُرَفَاءِ وَيْلٌ لِلْأُمَنَاءِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِهِمْ يَوْمٌ وَدَّ أَنَّهُ مُعَلَّقٌ بِالنَّجْمِ وَأَنَّهُ لَمْ يَلِ عَمَلًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امراء' عرفاء' امناء کے لیے بربادی ہے۔ تم میں سے کسی ایک پر وہ دن آئے گا کہ وہ پسند کرے گا کہ وہ ستارے کے ساتھ لٹکا ہوا ہو' اس نے کوئی عمل نہیں کیا ہو گا۔

4727 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُومُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ يُنَافِحُ ' وَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ - أَوْ فَاخَرَ - عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان کیلئے مسجد میں منبر بچھواتے' وہ اس پر کھڑے ہو کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے فخریہ اشعار کہتے یا آپ کا دفاع کرتے۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے: بے شک اللہ تعالیٰ روح القدس حضرت جبریل سے حضرت حسان کی مدد فرماتا ہے جب تک وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے (کافروں کے) فخریہ اشعار کا جواب دیتے رہتے ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کرتے ہیں۔

4728 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْدُو إِلَى هَذِهِ التِّلَاعِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس ٹیلے سے شروع کرتے تھے۔

4729 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

4726- الحديث في المقصد العلي برقم: 1898 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 199 وقال: رواه أبو يعلىٰ' والطبراني في الأوسط وفيه: عمر بن سعد النضرى وهو ضعيف' وليث بن أبي سليم مدلس .

4727- الحديث سبق برقم: 4572 فراجعه .

4728- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 58 قال: حدثنا ابن نُمير . قال: حدثنا شريك . وفي جلد 6 صفحه 112 قال: حدثنا حُسين . قال: حدثنا اسرائيل . وفي جلد 6 صفحه 125 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا شعبة .

شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: فَقَدْتُهُ مِنَ اللَّيْلِ - تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَإِذَا هُوَ بِالْبَقِيعِ فَقَالَ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ . أَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَإِنَّا بِكُمْ لَاحِقُونَ . اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُمْ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُمْ

حضور ﷺ کو ایک رات اپنے بستر پر نہ پایا تو آپ جنت البقیع میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا: ایمان والوتم پر سلامتی ہو! تم ہمارے آگے چلے گئے ہم تمہیں ملنے والے ہیں اے اللہ! ہمیں ان کے اجر سے محروم نہ رکھنا اے اللہ! ہمیں ان کے بعد فتنے میں نہ ڈالنا۔

4730 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا مِنْدَلٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ، وَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نکاح صرف ولی ہی کر سکتا ہے جس کا کوئی ولی نہیں ہے اس کا ولی بادشاہ ہے۔

4731 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ إِلَّا بِإِذْنِ وَلِيِّهَا؛ فَإِنْ نَكَحَتْ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، وَإِنْ أَصَابَهَا فَلَهَا مَهْرُهَا بِمَا أَصَابَ مِنْهَا، وَإِنِ اشْتَجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت نکاح نہ کرے مگر اپنے ولی کی اجازت کے ساتھ اگر اس نے نکاح ولی کی اجازت کے بغیر کیا تو اس کا نکاح باطل ہے باطل ہے اگر کر لیا تو اس کے لیے مہر ہے جو اس نے اس سے فائدہ اُٹھایا ہے اگر ولیوں کے درمیان جھگڑا ہو تو اس کا ولی بادشاہ ہے جس کا کوئی ولی نہ ہو۔

4732 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ شعبان

4730- الحديث سبق برقم: 4673,4663 فراجعه .

4731- الحديث سبق برقم: 4730,4673,4663 فراجعه .

4732- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 1739,1649 قال: حدثنا هشام بن عمار . قال: حدثنا يحيى بن حمزة . والترمذى رقم الحديث: 745 وفي الشمائل رقم الحديث: 304 قال: حدثنا أبو حفص عمرو بن على الفلاس .

دَاوُدَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ، وَيَتَحَرَّى صَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

ورمضان کے روزے رکھتے تھے۔ پیر اور جمعرات کے دن کو روزہ رکھنے کی کوشش کرتے تھے۔

4733 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنَا ابْنُ دَاوُدَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک کے ساتھ وتر بنا لیتے تھے۔

4734 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَتْنِي غِبْطَةُ أُمُّ عَمْرٍو الْمُجَاشِعِيَّةُ قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي، عَنْ جَدَّتِي، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَأَلْتُهَا عَنِ الْوَاصِلَةِ فَقَالَتْ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ

حضرت غبطہ اُم عمرو مجاشعیہ فرماتی ہیں کہ مجھے میری پھوپھی نے، اُنہوں نے میری دادی سے، اُنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے واصلہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واصلہ اور مستوصلہ پر لعنت فرمائی۔

4735 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَتْنِي غِبْطَةُ أُمُّ عَمْرٍو- عَجُوزٌ مِنْ بَنِي مُجَاشِعٍ- حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي، عَنْ جَدَّتِي، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِتُبَايِعَهُ، فَنَظَرَ إِلَى يَدَيْهَا فَقَالَ لَهَا: اذْهَبِي فَغَيِّرِي يَدَكِ . قَالَ: فَذَهَبَتْ فَغَيَّرَتْهَا بِحِنَّاءٍ . ثُمَّ جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أُبَايِعُكِ عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكِي بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہند بنت عتبہ بن ربیعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی تا کہ وہ بیعت کر لے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ دیکھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس جا، اپنے ہاتھوں کو بدلو (یعنی رنگ یا مہندی لگوا)۔ وہ گئیں تو انہوں نے مہندی کے ساتھ بدل دیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں آپ کی بیعت کرلوں گا اس شرط پر کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرانا۔ فضول خرچی نہیں

4733- الحديث في المقصد العلي برقم: 387 .

4734- أخرجه أحمد جلد6صفحه111 قال: حدثنا حُسين . قال: حدثنا شعبة بن الحجاج العتكي، عن عمرو بن مرة . وفي جلد6صفحه116 قال: حدثنا يحيى بن أبي بُكير .

4735- الحديث في المقصد العلي برقم: 38 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه37 وقال: رواه أبو يعلى وفيه من لم أعرفهن .

تَسْرِقِي وَلَا تَزْنِي . قَالَتْ: أَوَ تَزْنِي الْحُرَّةُ؟ قَالَ: وَلَا تَقْتُلَنَّ أَوْلَادَكُنَّ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ . قَالَتْ: وَهَلْ تَرَكْتَ لَنَا أَوْلَادًا نَقْتُلُهُمْ؟ قَالَ: فَبَايَعَتْهُ ثُمَّ قَالَتْ لَهُ وَعَلَيْهَا سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ مَا تَقُولُ فِي هَذَيْنِ السِّوَارَيْنِ؟ قَالَ: جَمْرَتَانِ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ

کرنی، زنا نہیں کرنا، اپنی حالت افلاس کے ڈر کی وجہ سے اولاد کو نہ مارنا۔ اس نے عرض کی: کیا آپ ﷺ نے ہمارے لیے اولاد چھوڑی ہے کہ ہم اس کو قتل کریں۔ آپ ﷺ نے اس سے بیعت لی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ہے کہ تم سونے کے کنگن پہن لو۔ آپ ﷺ ان دونوں سونے کے کنگنوں کے متعلق کیا فرماتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: باہر اگر ان کی زکوٰۃ نہ ادا کی جائے تو جہنم کے انگارے ہیں۔

4736 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُرَّةَ الْحَنَفِيُّ، عَنْ عَسَلِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو قرآن اچھی آواز سے نہیں پڑھتا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

4737 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَعْتِقَ مَمْلُوكَيْنِ لَهَا زَوْجٌ، فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ابْدَئِي بِالرَّجُلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ انہوں نے ان لونڈیوں کو آزاد کرنا چاہا جن کے شوہر تھے۔ میں نے یہ بات حضور ﷺ کے سامنے کی، آپ ﷺ نے فرمایا: مرد کے ساتھ ابتدا کر۔

4738 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

4736- الحديث في المقصد العلي برقم: **422** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **267** وقال: رواه أبو يعلى وفيه عسل بن سفيان وثقه ابن حبان وقال: يخطئ ويخالف وضعفه الجمهور .

4737- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **2237** قال: حدثنا زهير بن حرب ونصر بن علي . وابن ماجة رقم الحديث: **2532** قال: حدثنا محمد بن بشار .

4738- الحديث في المقصد العلي برقم: **867** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **292** وقال: رواه

بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ تُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: وَجَدْتُ فِي قَائِمِ سَيْفِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابًا: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عُتُوًّا مَنْ ضَرَبَ غَيْرَ ضَارِبِهِ، وَرَجُلٌ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ، وَرَجُلٌ تَوَلَّى غَيْرَ أَهْلِ نِعْمَتِهِ، فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ فَقَدْ كَفَرَ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا، وَفِي الْأَجْرِ الْمُؤْمِنُونَ تَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ . لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ، وَلَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ، وَلَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى خَالَتِهَا، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَلَا تُسَافِرُ امْرَأَةٌ ثَلَاثَ لَيَالٍ مَعَ غَيْرِ ذِي مَحْرَمٍ

حضور ﷺ کی تلوار کی نیام میں ایک خط دیکھا' اس میں لکھا تھا کہ لوگوں میں سب سے بڑا متکبر' حد سے بڑھنے والا وہ ہے جو بلاوجہ کسی کو مارے، کسی کو قتل کرے بغیر کسی وجہ کے۔ وہ آدمی جو کسی کا ولی بنے اس کی نعمت کے علاوہ جس نے یہ کیا۔ اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا انکار کیا۔ اللہ اس کے فرض ونفل قبول نہیں کرے گا۔ اجر میں ایمان والوں کے خون برابر ہیں' ان کا کمترین بھی اپنے ذمہ میں کوشش کر سکتا ہے' مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے' ذمی کو قتل نہ کیا جائے' دو دینوں والے ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے ہیں' کسی عورت کی پھوپھی اور خالہ کے ہوتے ہوئے اس سے نکاح نہ کیا جائے' عصر کی نماز کے بعد کوئی نفلی نماز نہیں ہے حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے اور عورت تین دن غیر محرم کے ساتھ سفر نہ کرے۔

4739 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي شَرِيكُ بْنُ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَتْ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيعِ فَيَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ . أَتَاكُمْ مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ . اللّٰهُمَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب بھی کوئی اہم رات ہوتی تو آپ رات کے آخری حصے میں جنت البقیع کی طرف چلے جاتے اور فرماتے: ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ الٰى آخره''۔

أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح غير مالك بن أبي الرجال وقد وثقه ابن حبان، ولم يضعفه أحد .

4739- الحديث سبق برقم: **4729,4600,4574** فراجعه .

اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ

4740 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ خَيْرَةَ بِنْتِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ سِبَاعٍ، عَنْ أُمِّهَا، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھلائی طلب کرو نیک لوگوں کے صدقے سے۔

4741 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشِّعْرِ. فَقَالَ: هُوَ كَلَامٌ. فَحَسَنُهُ حَسَنٌ وَقَبِيحُهُ قَبِيحٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے شعر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا اچھا کلام اچھا ہے اور برا کلام برا ہے۔

4742 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اس حالت میں مرا کہ اس کے ذمے روزے تھے اس کی طرف سے اس کا ولی روزے رکھے۔

4743 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے سنا

4740- الحديث في المقصد العلي برقم: 1035 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 195 وقال: رواه أبو يعلى وفيه من لم أعرفهم .

4741- الحديث في المقصد العلي برقم: 1120 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 122 وقال: رواه أبو يعلى وفيه عبد الرحمن بن ثابت ابن ثوبان وثقه دحيم وجماعة وضعفه ابن معين وغيره، وبقية رجاله رجال الصحيح .

4742- الحديث سبق برقم: 4417 .

4743- الحديث في المقصد العلي برقم: 600 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 281 وقال: رواه أبو يعلى، وفيه ابن اسحاق وهو ثقة لكنه مدلس، وبقية رجاله رجال الصحيح .

يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بِمِنًى يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ النَّفْرَ غَدًا فَلا يَنْفِرَنَّ أَحَدٌ حَتَّى يَطُوفَ بِالْبَيْتِ، فَإِنَّ آخِرَ النُّسُكِ الطَّوَافُ.

ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ منیٰ میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ اے لوگو! کل چلے جانا تم میں سے کوئی بھی بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے نہ جائے۔ بے شک حج کا آخری رکن طواف کعبہ ہے یعنی طوافِ زیارت۔

4744 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: فَلْتَنْفِرْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں، مگر اس میں یہ لفظ اضافی ہیں کہ طوافِ زیارت کے بعد چلا جائے۔

4745 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا أَبُو لُبَابَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ كُلَّ لَيْلَةٍ تَنْزِيلَ السَّجْدَةِ وَالزُّمَرَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات سورۃ تنزیل السجدہ، سورۃ الزمر پڑھتے تھے۔

4746 - حَدَّثَنَا الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَاءُ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی کو کوئی شے ناپاک نہیں کرتی ہے۔

4747 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

4744- أخرجه مالك رقم الحديث: **237** . وأحمد جلد **6** صفحه **231,213,207,202** من طريق هشام بن عروة به . وأخرجه أحمد جلد **6** صفحه **164,38** . ومسلم رقم الحديث: **1211** .

4745- الحديث سبق برقم: **4624** فراجعه .

4746- الحديث في المقصد العلى برقم: **118** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **214** وقال: رواه البزار، وأبو يعلى، والطبراني في الأوسط، ورجاله ثقات .

4747- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **50** قال: حدثنا يحيىٰ عن التيمي وابن أبي عروبة . ومسلم جلد **2** صفحه **160**

حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

فرمایا: فجر کی دو رکعتیں دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔

4748 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے، کسی مسلمان کا خون حلال نہیں ہے جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیتا ہے۔

4749 - قَالَ الْأَعْمَشُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ إِبْرَاهِيمَ، فَحَدَّثَنِي عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنَحْوِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اسی کی مثل روایت کرتی ہیں۔

4750 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ عِرْقُ الْكُلْيَةِ - وَهِيَ الْخَاصِرَةُ - تَأْخُذُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا مَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى النَّاسِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَكْرُبُ حَتَّى آخُذَ بِيَدِهِ فَأَتْفُلُ فِيهَا بِالْقُرْآنِ، ثُمَّ أَكُبُّهَا عَلَى وَجْهِهِ أَلْتَمِسُ بِذَلِكَ بَرَكَةَ الْقُرْآنِ وَبَرَكَةَ يَدِهِ، فَأَقُولُ: يَا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ گردے کی رگ کی بیماری ہے اور کلیہ سے مراد پہلو اور کوکھ ہے جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ماہ تک رہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی وجہ سے لوگوں کے پاس نہیں جا سکتے تھے (اللہ! اللہ!) میں نے آپ کو بڑی تکلیف میں ملاحظہ کیا یہاں تک کہ میں آپ کا ہاتھ تھام لیتی۔ قرآن پڑھ کر اس میں دم کرتی، پھر وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر رکھ دیتی۔ اس طریقے سے میں قرآن اور آپ کے ہاتھ کی برکت

قال: حدثنا محمد بن عبيد الغبرى .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے شادی نہیں فرمائی یہاں تک کہ میری صورت حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس لے کر آئے۔ عرض کی: یہ آپ ﷺ کی زوجہ پاک ہیں۔ پھر میرے ساتھ آپ ﷺ نے شادی فرمائی۔ میں بچی تھی مجھ پر خوف تھا جب میری شادی ہوگئی اللہ تعالیٰ نے مجھ پر حیاء ڈال دی۔

4804 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِيَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ کے پاس آنے کی اجازت چاہی' جب حضور ﷺ نے اس کی آواز سنی تو آپ نے فرمایا: بُرا

4801- الحديث سبق برقم: **4800,4473** فراجعه .

4802- الحديث سبق برقم: **4390** فراجعه .

4803- الحديث في المقصد العلي برقم: **1379** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **227** وقال: رواه أبو يعلىٰ' والطبراني باختصار' وفيه أبو سعد البقال وهو مدلس .

4804- الحديث سبق برقم: **4618** .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ قَالَ: بِئْسَ الرَّجُلُ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا خَرَجَ كَلَّمَتْهُ عَائِشَةُ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْتَ: بِئْسَ الرَّجُلُ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطْتَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنِ اتُّقِيَ فُحْشُهُ

آدمی ہے اپنے خاندان کا بُرا فرد ہے۔ جب وہ داخل ہوا تو حضور ﷺ خندہ پیشانی سے اس کو ملے جب وہ نکلا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا تھا کہ وہ بُرا آدمی ہے اپنے خاندان کا بُرا آدمی ہے لیکن جب وہ داخل ہوا تو آپ اس کے ساتھ خندہ پیشانی سے ملے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! لوگوں میں سے سب سے بدتر آدمی وہ ہے جس کی شر سے بچنے کے لیے عزت کی جائے۔

4805 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا رَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ فِي السَّمَاءِ إِلَّا قَالَ: يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى طَاعَتِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب بھی آسمان کی طرف اپنا سر اُٹھاتے تو یہ پڑھتے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنی اطاعت پر ثابت رکھ!

4806 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِابْنِ زُرَارَةَ أَنْ يُكْوَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ابن زُرارہ کو داغ لگانے کا حکم دیا۔

4807 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ عَائِشَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو حضور ﷺ نے حکم دیا کہ ہم لوگوں کو ان کے مقام و مرتبہ کے برابر اتاریں۔

4805- الحديث سبق برقم: **4650** فراجعه .

4806- الحديث في المقصد العلي برقم: **1582** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **98** وقال: رواه أبويعلى ورجاله رجال الصحيح .

4807- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **4842** من طريقين عن يحيى بن اليمان بهذا السند . وذكره مسلم في المقدمة جلد **1** صفحه **4** معلقًا بصيغة التمريض .

قَالَتْ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُنْزِلَ النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ

4808 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ حَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشِيقَةُ ظَبْيٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَرَدَّهُ وَلَمْ يَأْكُلْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہرن کا بچہ ہدیہ دیا گیا۔ حالت احرام میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو واپس کر دیا' اسے کھایا نہیں۔

4809 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سَحُولِيَّةٍ وَلُحِدَ لَهُ، وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبِنُ نَصْبًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سحولیہ کپڑوں میں کفن دیا گیا اور آپ کے لیے لحد بنائی گئی' اس لحد میں مٹی ڈالی گئی۔

4810 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِي بِثَوْبِهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى الْحَبَشَةِ وَهُمْ يَلْعَبُونَ، وَأَنَا جَارِيَةٌ فَاقْدُرُوا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْغَرَّةِ الْحَدِيثَةِ السِّنِّ . وَقَالَتْ: كَانَ يَوْمُ عِيدٍ يَلْعَبُ السُّودَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ، فَإِمَّا سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِمَّا قَالَ: تَشْتَهِينَ تُبْصِرِينَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ . فَأَقَامَنِي وَرَاءَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے کپڑے سے ڈھانپ لیا۔ میں حبشہ کے (بچوں) کی طرف دیکھ رہی تھی۔ میں اس وقت بچی تھی۔ مجھے کھیلنے کا شوق تھا بچپن کی وجہ سے۔ جب عید کا دن تھا، حبشی چمڑے کی ڈھالوں اور نیزوں کے ساتھ کھیل رہے تھے میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو دیکھنا چاہتی ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کر لیا میں نے اپنے رخسار آپ صلی اللہ علیہ وسلم

4808- الحديث سبق برقم: **4597,4596** فراجعه .

4809- الحديث سبق برقم: **4495,4451,4402** .

4810- أخرجه مسلم رقم الحديث: **892** من طريق هارون بن سعيد الأيلى' حدثنا ابن وهب بهذا السند . وأخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: **19721** . والبخارى رقم الحديث: **5190** من طريق معمر' عن الزهرى' به .

هُ خَدِّى عَلَى خَدِّهِ وَهُوَ يَقُولُ: دُونَكُمْ بَنِي أَرْفِدَةَ . حَتَّى إِذَا مَلِلْتُ قَالَ: حَسْبُكِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ . قَالَ: فَاذْهَبِي

کے کندھوں پر رکھے اور آپ ﷺ کہہ رہے تھے بنی ارفدہ پیچھے سے پکڑو۔ جب میں اُکتا گئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: کافی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تو جا۔

4811 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، نَحْوَهُ . قَالَتْ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَسْبُكِ . فَقُلْتُ: لَا تَعْجَلْ يَا رَسُولَ اللَّهِ . قَالَتْ: وَمَا بِي حُبُّ النَّظَرِ إِلَيْهِمْ، وَلَكِنْ أَحْبَبْتُ أَنْ يَبْلُغَ النِّسَاءَ مَقَامُكَ، وَمَكَانِي مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح مروی ہے' آپ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے کافی ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ جلدی نہ کریں' آپ فرماتی ہیں کہ مجھے ان کی طرف دیکھنا پسند نہیں تھا' میں تو صرف اس لیے دیکھتی ہوں کہ تیرا کھڑا ہونا عورتوں تک پہنچ جائے اور مقام آپ کے حوالے سے عورتوں کو معلوم ہو جائے۔

4812 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَأَخْبَرَنِي شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَتْ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيعِ فَيَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ وَأَتَاكُمْ مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ . اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيعِ الْفَرْقَدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ جب بھی میری باری ہوتی تھی تو رات کے آخری حصے میں آپ ﷺ اُٹھ کر جنت البقیع تشریف لے جاتے' فرمایا: اے مؤمنین کے گھر! تم پر سلامتی ہو! تمہیں مل گیا جو تمہیں کل ملنے کا وعدہ کیا جاتا تھا اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں' اے اللہ! جنت البقیع والوں کی مغفرت فرما دے۔

4813 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک

4811- الحديث سبق برقم: 4810 فراجعه .

4812- الحديث سبق برقم: 4739 فراجعه .

4813- الحديث سبق برقم: 4804 فراجعه .

بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِيَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ . فَقَالُوا: فُلَانٌ . فَقَالَ: بِئْسَ الرَّجُلُ وَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ- أَوْ كَمَا قَالَ- ائْذَنُوا لَهُ . فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطَ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتَ بِئْسَ الرَّجُلُ وَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ ثُمَّ انْبَسَطْتَ إِلَيْهِ؟ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهِ

آدمی نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت طلب کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ صحابہ کرام نے (اس کا نام لیا کہ) فلاں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کتنا بُرا آدمی ہے اور اپنے خاندان کا کتنا بُرا فرد ہے' یا جو الفاظ آپ ﷺ نے فرمائے' اس کو اجازت دے دو۔ پس جب وہ داخل ہوا تو آپ ﷺ کھلے چہرے سے اس کو ملے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ ﷺ نے فرمایا: کتنا بُرا آدمی ہے اور اپنے قبیلے کا کتنا بُرا فرد ہے' پھر آپ ﷺ اسے اچھے طریقے سے ملے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! قیامت کے دن اللہ کے نزدیک تمام لوگوں سے بُرا وہ آدمی ہوگا جس کو لوگ اس کے شر کی وجہ سے چھوڑ چکے ہوں گے۔

4814 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ إِحْرَامِهِ، فَرَأَيْتُ الطِّيبَ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ بَعْدَ ثَلَاثَةٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کو احرام باندھتے وقت خوشبو لگاتی تھی' میں خوشبو آپ کے سر پر دیکھتی تھی' تین دنوں کے بعد بھی آپ حالت احرام میں ہوتے تھے۔

4815 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَضَّأُ بَعْدَ الْغُسْلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ غسل کے بعد وضو نہیں کرتے تھے۔

4816 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سحری

4814- الحديث سبق برقم: **4693,4374** فراجعه .

4815- الحديث سبق برقم: **4514** فراجعه .

4816- الحديث سبق برقم: **4643** فراجعه .

حَـدَّثَـنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَـائِشَةَ قَـالَـتْ: مَا أَلْفَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي بِالْأَسْحَارِ إِلَّا وَهُوَ نَائِمٌ

کے وقت میرے پاس آرام کر رہے ہوتے تھے۔

4817 - حَـدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِي رُبُعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار دینار سے زیادہ چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

4818 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُـرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَـالَ: أَيُّـمَـا امْـرَأَةٍ نَكَحَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَـاحُهَـا بَـاطِـلٌ، وَإِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا مَهْرُهَا بِمَا أَصَـابَ مِـنْ فَرْجِهَا، وَإِنِ اشْتَجَرُوا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس عورت نے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو اس کا نکاح باطل ہے اور اگر اس سے دخول ہو گیا تو وہ مہر کی حقدار ہو گی' اس چیز کے بدلے جو اس کی فرج کو استعمال کیا گیا اور اگر لوگ جھگڑیں' پس بادشاہِ وقت اس کا ولی ہے' جس کا کوئی ولی نہیں۔

4819 - حَـدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا أَبُـو عَبْـدِ الـرَّحْـمَـنِ، حَـدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا عُقَيْلٌ، وَيُـونُـسُ، عَـنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الـرَّحْـمَـنِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ مِنْ أُمَّتِي دَيْنًا، ثُمَّ اجْتَهَدَ فِي قَضَائِهِ فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يَقْضِيَهُ، فَأَنَا وَلِيُّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے کسی نے قرض لیا پھر اسے ادا کرنے میں کوشش کی، اسی حالت میں مر گیا اس کو ادا کرنے سے پہلے میں اس کا ولی ہوں ادا کرنے کا۔

4820 - حَـدَّثَنَا هَارُونُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

4817- الحديث سبق برقم: **4394** فراجعه .

4818- الحديث سبق برقم: **4731,4663** فراجعه .

4819- الحديث في المقصد العلي برقم: **700** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **132** وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، والطبراني في الأوسط، ورجال أحمد رجال الصحيح .

وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ، حَدَّثَهُ، أَنَّ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء: 123) فَقَالَ: إِنَّا لَنُجْزَى بِكُلِّ مَا عَمِلْنَا؟ هَلَكْنَا إِذًا. فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَعَمْ. يُجْزَى بِهِ الْمُؤْمِنُ فِي الدُّنْيَا: فِي مُصِيبَتِهِ فِي جَسَدِهِ فِيمَا يُؤْذِيهِ

سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے یہ آیت تلاوت کی: "من يعمل سوءًا يُجز به" اس نے کہا: ہم کو جزاء دی جائے گی ہر اس عمل کے بدلے جو ہم نے کیا؟ پھر تو ہم ہلاک ہو گئے، پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس کے بدلے مؤمن کو دنیا میں ہی سزا مل جائے گی، اس کے جسم میں جو مصیبت پہنچتی ہے اور اسے تکلیف ہوتی ہے۔

4821 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرْهِقُوا الْقِبْلَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قبلہ کے قریب ہو جاؤ۔

4822 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ بِالنَّاسِ فِي الْمَسْجِدِ، فَصَفُّوا وَرَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَوِيلًا مِنَ النَّهَارِ حَتَّى صُرِعَ رِجَالٌ حَرًّا، حَتَّى رَأَيْتُ رِجَالًا تَنْضَحُ وُجُوهُهُمْ بِالْمَاءِ، ثُمَّ رَكَعَ مِثْلَ قِيَامِهِ حَتَّى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں سورج گرہن لگ گیا۔ لوگ مسجد میں کھڑے ہوئے۔ انہوں نے حضور ﷺ کے پیچھے صفیں بنا لیں۔ حضور ﷺ نے قیام فرمایا۔ لمبے دن کے وقت یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ لوگوں کے منہ پر پانی کے نشانات تھے۔ پھر آپ ﷺ نے رکوع کیا، قیام کی طرح، یہاں تک کہ میں نے مردوں کو دیکھا۔ پھر آپ ﷺ نے رکوع سے سر اٹھایا پھر سجدہ کیا، پھر قیام کیا لیکن پہلے قیام سے کم تھا، پھر رکوع کیا پہلے رکوع سے کم تھا، پھر سر اٹھایا

4821- الحديث سبق برقم: 4370 فراجعه.

4822- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 133. والحميدي رقم الحديث: 179 قال: حدثنا سفيان. وأحمد جلد 6 صفحه 53 قال: حدثنا يحيى. والدارمي رقم الحديث: 1535 قال: حدثنا أبو النعمان. قال: حدثنا حماد بن زيد.

رَأَيْتُ رِجَالًا يُصْرَعُونَ أَيْضًا، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ قَامَ دُونَ قِيَامِهِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ دُونَ رَكْعَتِهِ الْأُولَى، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ قَامَ أَيْضًا دُونَ ذَلِكَ، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ سَجَدَ

پھر سجدہ کیا، پھر قیام کیا، پھر رکوع کیا، پھر اپنے سر کو اٹھایا اور سجدہ کیا۔

4823 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مِخْرَاقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ: إِنَّ نَاسًا يَقْرَأُ أَحَدُهُمُ الْقُرْآنَ فِي لَيْلَةٍ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا . قَالَتْ: أُولَئِكَ قَرَءُوا وَلَمْ يَقْرَءُوا . كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ اللَّيْلَةَ التَّمَامَ يَقْرَأُ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَآلِ عِمْرَانَ، وَالنِّسَاءِ، لَا يَمُرُّ بِآيَةٍ فِيهَا اسْتِبْشَارٌ إِلَّا دَعَا

حضرت مسلم بن مخراق فرماتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی کہ کچھ لوگ قرآن ایک رات میں دو مرتبہ یا تین مرتبہ پڑھتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ لوگ پڑھیں اور نہ پڑھیں کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم ساری رات سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران و النساء پڑھتے تھے۔ کسی خوشخبری والی آیت سے گزرتے تھے تو آپ دعا کرتے تھے۔

4824 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات جنب کی مرض سے وصال فرمایا۔

4825 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سورج کے طلوع ہونے کے وقت نماز پڑھنے سے منع کرتے

4823- الحديث في المقصد العلي برقم: **411** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **272** وقال: رواه أحمد...... وأبو يعلى، وفيه: ابن لهيعة وفيه كلام .

4824- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **34** وقال: رواه الطبراني في الأوسط، وأبو يعلى......، وفيه ابن لهيعة وفيه ضعف، وبقية رجاله ثقات .

4825- الحديث في المقصد العلي برقم: **349** . ولم أجده في المطبوع من مجمع الزوائد، وأصل الحديث في صحيح مسلم والسنن .

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الصَّلَاةِ حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتَّى تَرْتَفِعَ فَيَقُولُ: إِنَّهَا تَطْلُعُ بِقَرْنِ شَيْطَانٍ . وَيَنْهَى عَنِ الصَّلَاةِ حِينَ تُقَارِبُ الْغُرُوبَ حَتَّى تَغْرُبَ

تھے یہاں تک کہ بلند ہو جائے، فرماتے تھے: اس وقت سورج شیطان کے سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور منع کرتے جس وقت سورج غروب ہوتا تھا یہاں تک کہ غروب ہو جائے۔

4826 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنِ ابْنِ شَقِيقٍ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ. كَانَ يُصَلِّي أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّي الظُّهْرَ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَخْرُجُ لِلْمَغْرِبِ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَخْرُجُ لِلْعِشَاءِ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ.

عبداللہ بن شقیق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعت سنتیں ادا کرتے' پھر نکلتے اور ظہر کی نماز پڑھاتے تھے پھر واپس آتے تو دو رکعت سنتیں ادا کرتے' پھر مغرب کے لیے نکلتے پھر واپس آتے تو گھر میں دو رکعت سنتیں ادا کرتے' پھر عشاء کی نماز کے لیے نکلتے پھر واپس آتے تو دو رکعت سنتیں ادا کرتے۔

4827 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ حُرَيْثٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ ثُمَّ أَتَانِي فَضَمَمْتُهُ إِلَيَّ فَأُدْفِئُهُ، وَلَمْ أَغْتَسِلْ بَعْدَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بسا اوقات جنابت سے غسل کرتے تھے پھر میرے پاس آتے تھے اور پھر میرے پاس تشریف لائے' پس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چمٹ جاتی' پس میں اس سے گرمی حاصل کرتی' اس کے بعد غسل نہیں کرتی تھی۔

4828 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر میں ہوتے تھے تو آپ وہی کام کرتے جو تم میں

4826- الحديث سبق برقم: **4709** فراجعه . وقد أخرجه مسلم رقم الحديث: **730** من طريق يحيٰى بن يحيٰى' أخبرنا هشيم' عن خالد بهذا السند .

4827- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **580** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . قال: حدثنا شريك . والترمذي رقم الحديث: **123** قال: حدثنا هناد . قال: حدثنا وكيع .

4828- الحديث سبق برقم: **4634** فراجعه .

سَعِيدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهِ مِثْلَ أَحَدِكُمْ فِي بَيْتِهِ: يَخِيطُ ثَوْبَهُ، وَيَعْمَلُ كَمَا يَعْمَلُ أَحَدُكُمْ

سے کوئی کرتا ہے آپ کپڑے سی لیتے اور بھی کام کرتے جو تم میں سے کوئی کرتا ہے۔

4829 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: هَذَا مَا قَرَأْنَا عَلَى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أُنْزِلَ (عَبَسَ وَتَوَلَّى) (عبس: 1) فِي ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ الْأَعْمَى أَتَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرْشِدْنِي، وَعِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُظَمَاءِ الْمُشْرِكِينَ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرِضُ عَنْهُ وَيُقْبِلُ عَلَى الْآخَرِينَ فَيَقُولُ: أَتَرَوْنَ بِمَا أَقُولُ بَأْسًا؟ فَيَقُولُونَ: لَا. فَفِي هَذَا أُنْزِلَتْ (عَبَسَ وَتَوَلَّى) (عبس: 1)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ''عَبَسَ وَتَوَلّٰی'' ابن اُم مکتوم کے متعلق نازل ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، عرض کرنے لگے: یا رسول اللہ! مجھے ہدایت دیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مشرکین کے بڑے لوگ تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اعراض کیا، دوسروں کی طرف توجہ کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دیکھتے ہو میں کہہ رہا ہوں کوئی حرج۔ انہوں نے عرض کی: نہیں! اس وقت یہ آیت نازل ہوئی: ''عَبَسَ وَتَوَلّٰی''۔

4830 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ أَخُو حَجَّاجٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فجر کی دو رکعتیں دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔

4831 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

4829- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3331** قال: حدثنا سعيد بن يحيى بن سعيد الأموى .

4830- الحديث سبق برقم: **4747** فراجعه .

4831- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **95** قال: حدثنا عفان . وأبو داؤد رقم الحديث: **42** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد وخلف بن هشام المقرئ (ح) وحدثنا عمرو بن عون . وابن ماجة رقم الحديث: **327** قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة . قال: حدثنا أبو أسامة .

حَدَّثَنَا أَبُو يَعْقُوبَ التَّوْأَمُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فَاتَّبَعَهُ عُمَرُ بِكُوزٍ مِنْ مَاءٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا عُمَرُ؟ قَالَ: مَاءٌ تَتَوَضَّأُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أُمِرْتُ كُلَّمَا بُلْتُ أَنْ أَتَوَضَّأَ، وَلَوْ فَعَلْتُ لَكَانَتْ سُنَّةً

پیشاب کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پانی کا ایک لوٹا لے کر آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ پانی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کر لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم نہیں دیا گیا کہ جب بھی پیشاب کروں وضو کرنے کا، اگر میں ایسا کرتا تو سنت ہوتا۔

4832 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ أَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُحِبُّ التَّيَمُّنَ فِي طُهُورِهِ إِذَا تَطَهَّرَ، وَفِي تَرَجُّلِهِ إِذَا تَرَجَّلَ، وَفِي انْتِعَالِهِ إِذَا انْتَعَلَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرنے اور کنگھی کرنے میں اور جوتی پہننے میں سب کچھ دائیں جانب سے کرتے تھے۔

4833 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُ بِالْهَدْيِ وَيَفْتِلُ قَلَائِدَهَا، ثُمَّ لَا يَتَّقِي مَا يَتَّقِي الْمُحْرِمُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کا جانور بھیجتے تھے اس کو قلادہ پہنایا ہوتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی شے سے پرہیز نہیں کرتے تھے جتنا محرم پرہیز کرتا ہے۔

4834 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قربانی کے جانور کو قلادہ پہنایا اور اس کو نشان لگایا

4832- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **94** قال: حدثنا بهز . قال: حدثنا شعبة . وفي جلد **6** صفحه **130** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا شعبة . وفي جلد **6** صفحه **147** قال: حدثنا محمد بن جعفر . قال: حدثنا شعبة .

4833- الحديث سبق برقم: **4639,4488,4377** فراجعه .

4834- الحديث سبق برقم: **4833,4639,4488,4377** فراجعه .

بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَلَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيَهُ وَأَشْعَرَهَا، وَبَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ لَمْ يَدَعْ شَيْئًا أَحَلَّهُ اللّٰهُ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ

اور وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیج دیا، پھر آپ نے کوئی شی نہیں چھوڑی جو اللہ نے آپ کے لیے حلال کی تھی یہاں تک کہ قربانی کی۔

4835 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَفْرُكُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَأَيْتَهُ اغْسِلْهُ وَإِلَّا فَرُشَّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو کھرچتی تھی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے تو اس کو دھو لیتے ورنہ پانی اس پر ڈالتے تھے۔

4836 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَأَ بِكَفَّيْهِ فَغَسَلَهُمَا، ثُمَّ غَسَلَ مَرَافِقَهُ وَأَفَاضَ عَلَيْهَا الْمَاءَ، فَإِذَا أَنْقَى أَهْوَى بِهِمَا إِلَى حَائِطٍ، ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ الْوُضُوءَ، ثُمَّ يُفِيضُ الْمَاءَ عَلَى رَأْسِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ جب غسل جنابت کا ارادہ کرتے۔ اپنی ہتھیلیوں سے ابتداء کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کو دھوتے تھے۔ پھر اپنی کہنیوں کو دھوتے تھے، پھر اپنے جسم پر پانی ڈالتے تھے، جب زیادہ پاک ارادہ کرتے ان دونوں کو دیوار پر مارتے تھے پھر وضو کرتے پھر اپنے جسم پر پانی ڈالتے تھے۔

4837 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَرِقَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رات گزارنی چاہی۔ پھر فرمایا: کاش کوئی نیک آدمی میرے صحابہ میں سے آئے اس رات میری حفاظت

4835- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 186 قال: حدثنا سفيان. قال: حدثنا منصور. وأحمد جلد 6 صفحه 43 قال: حدثنا أبو معاوية. قال: حدثنا الأعمش.

4836- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 171 قال: حدثنا محمد بن جعفر (ح) وعبد الوهاب. وأبو داؤد رقم الحديث: 243 قال: حدثنا عمرو بن علي الباهلي. قال: حدثنا محمد بن أبي عدي.

4837- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 140 قال: حدثنا يزيد. والبخاري جلد 4 صفحه 41 قال: حدثنا اسماعيل بن خليل. قال: أخبرنا علي بن مسهر.

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ ثُمَّ قَالَ: لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ أَصْحَابِي جَاءَ يَحْرُسُنِي اللَّيْلَةَ . قَالَتْ: إِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ السِّلَاحِ فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: أَنَا سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ جِئْتُ أَحْرُسُكَ . قَالَتْ: فَنَامَ حَتَّى سَمِعْتُ غَطِيطَهُ

کرے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اچانک ایک ہتھیار کی ہم نے آواز سنی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لیے آیا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے اور میں نے خراٹوں کی آواز سنی۔

4838 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أُمِّي عَلَى عَائِشَةَ فَسَأَلْتُهَا عَنْ عَلِيٍّ فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ، وَلَا امْرَأَةً كَانَتْ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِ امْرَأَتِهِ

حضرت جمیع بن عمیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں اپنی امی کے ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا۔ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے کوئی آدمی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آپ سے زیادہ محبوب کوئی نہیں دیکھا نہ آپ کی بیوی کسی عورت سے زیادہ آپ کے ہاں محبوب دیکھی۔

4839 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ بِقَدْرِ الصَّاعِ وَيَتَوَضَّأُ بِقَدْرِ الْمُدِّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک صاع سے غسل کرتے تھے۔ ایک مد کی مقدار سے وضو کرتے تھے۔

4840 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: مُرْنَ أَزْوَاجَكُنَّ أَنْ يَغْسِلُوا عَنْهُمْ أَثَرَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: (اے عورتوں کے گروہ!) تم اپنے خاوندوں کو بتاؤ کہ وہ اپنے چھوٹے بڑے پیشاب کا اثر دھولیا کریں کیونکہ انہیں حکم کرنے

4838- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3صفحه154 وصححه، وتعقبه الذهبي فقال: جميع بن عمير متهم، ولم تقل عائشة هذا أصلًا .

4839- أخرجه أحمد جلد 6صفحه121 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا همام . وفي جلد6صفحه121 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا أبان . وفي جلد6صفحه234 قال: حدثنا عبد الأعلى . قال: حدثنا سعيد .

4840- الحديث سبق برقم: 4497 فراجعه .

الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ؛ فَإِنِّي أَسْتَحْيِي أَنْ آمُرَهُمْ، وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

سے مجھے حیا آتی ہے کیونکہ رسول کریم ﷺ یہ کام کیا کرتے تھے۔

4841 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَبِيدٍ، سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ يَقُولُ: أَتَيْتُ عَائِشَةَ فَقُلْتُ: أَيْ أُمَّهْ أَخْبِرِينِي عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَتْ: كَانَتْ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ وَفِيمَا سِوَى ذَلِكَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا رَكْعَتَا الْفَجْرِ. قُلْتُ: أَخْبِرِينِي عَنْ صِيَامِهِ. قَالَتْ: كَانَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ: قَدْ صَامَ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ: قَدْ أَفْطَرَ، وَلَمْ أَرَهُ صَامَ مِنْ شَهْرٍ قَطُّ أَكْثَرَ مِنْ صِيَامِهِ مِنْ شَعْبَانَ، كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ، كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ إِلَّا قَلِيلًا

حضرت ابو سلمہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اے امی جان! مجھے حضور ﷺ کی نماز کے متعلق بتائیں؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کی نماز رات کی نماز رمضان المبارک میں تیرہ رکعتیں ہوتی تھیں ان میں دو رکعتیں فجر کی ہوتی تھیں۔ مجھے آپ روزہ کے متعلق بتائیں؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ ﷺ روزہ رکھتے تھے ہم کہتے: آپ ﷺ روزہ ہی رکھیں گے۔ آپ ﷺ روزہ نہیں رکھتے تھے، ہم کہتے آپ ﷺ روزہ نہیں رکھیں گے۔ ہم نے شعبان سے زیادہ آپ ﷺ کو کسی ماہ کے روزہ رکھتے نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ شعبان کے مکمل روزے رکھتے تھے۔ کبھی تھوڑے رکھتے کبھی زیادہ۔

قَالَ أَبُو الْفَضْلِ: وَسَمِعْتُ سُفْيَانَ قَالَ: قَالَتْ هِيَ يَعْنِي عَائِشَةَ: كَانَ يَكُونُ عَلَيَّ الصِّيَامُ مِنْ رَمَضَانَ، فَمَا أَصُومُهُ حَتَّى يَكُونَ شَعْبَانُ. كُلُّهَا تَجْزِي أَنْ تَصُومَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا فَسَّرَهُ سُفْيَانُ

ابوالفضل فرماتے ہیں کہ میں نے سفیان کو فرماتے ہوئے سنا' فرمایا کہ حضرت عائشہ فرماتی تھیں: میرے ذمہ رمضان کے مکمل روزے ہیں' میں شعبان کے مکمل روزے کیوں رکھوں' اتنا کافی ہے کہ حضور ﷺ رمضان کے مکمل روزے رکھتے ہیں' یہ تفسیر سفیان نے کی ہے۔

4842 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامِ بْنِ

حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بادشاہ کی اتباع کرتا تھا مجھے باپ نے مجھے پکڑا اور مجھے

4841- اخرجه مسلم جلد **1**صفحه**365,255** طرفه الأول . أما الطرف الثانی أخرجه البخاری جلد **1**صفحه**264** من طريق أبی النضر عن أبی سلمة به .

4842- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**235,97** . وأبو داؤد رقم الحديث: **1352** . والنسائی جلد **3**صفحه**242** من طريق الحسن به . وأخرجه أحمد جلد**6**صفحه**52** . ومسلم رقم الحديث: **746** .

عَامِرٍ قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا أَتَتَبَّعُ السُّلْطَانَ، فَأَخَذَنِي أَبِي فَحَبَسَنِي - قَالَ مُبَارَكٌ: وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: وَقَيَّدَنِي - فَقَالَ لِي: وَاللّٰهِ لَا تَخْرُجُ حَتَّى تَسْتَظْهِرَ كِتَابَ اللّٰهِ، فَاسْتَظْهَرْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَنَفَعَنِي اللّٰهُ بِهِ، فَذَهَبَتْ عَنِّي الدُّنْيَا وَجَعَلْتُ أَكْرَهُ أَنْ أَتَزَوَّجَ وَأَصْنَعُ، فَدَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: سَعْدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ فَقَالَتْ: رَحِمَ اللّٰهُ عَامِرًا أُصِيبَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيدًا . قَالَ: فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَبَتَّلَ فَجِئْتُ أَسْأَلُكِ عَنْ ذٰلِكَ . فَقَالَتْ: يَا هِشَامُ لَا تَبَتَّلْ؛ فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ (الأحزاب: 21)، وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ وَوُلِدَ لَهُ . قَالَ: قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ حَدِّثِينِي عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: يَا بُنَيَّ أَمَا تَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ اللّٰهُ: ﴿وَإِنَّكَ لَعَلَى خُلُقٍ عَظِيمٍ﴾ (القلم: 4) خُلُقُ مُحَمَّدٍ الْقُرْآنُ . قَالَ: قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، حَدِّثِينِي عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: يَا بُنَيَّ وَمَنْ يُطِيقُ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ هَجَعَ هَجْعَةً، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَةً . أَوْ قَالَتْ: فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَةً صَلَاةً بَعْدَ الْعِشَاءِ تِسْعَ

روکا۔ راوی حدیث مبارک فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا ہوں مگر یہ ہے کہ مجھے قید کر لیا۔ مجھے کہا، نہیں اللہ کی قسم، آپ نہ نکلیں یہاں تک کہ کتاب اللہ سے ظاہر کریں، میں نے کتاب اللہ سے ظاہر کیا، مجھے شادی کرنے پر مجبور کیا گیا کہ میں شادی کروں۔ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا۔ میں نے سعد بن ہشام بن عامر سے کہا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اللہ عامر پر رحم کرے! وہ احد کے دن شہید ہو گئے۔ میں نے عرض کی اے ام المومنین رضی اللہ عنہا میں بغیر شادی کے رہنا چاہتا ہوں۔ میں آپ رضی اللہ عنہا سے اس کے متعلق پوچھنے آیا ہوں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے ابن ہشام شادی کے بغیر نہ رہنا۔ بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے: بے شک تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کی زندگی بطور نمونہ ہے (الاحزاب: ۲۱)۔ بے شک حضور ﷺ نے خود شادی فرمائی۔ آپ ﷺ کے بچے بھی تھے میں نے عرض کی: اے ام المومنین! مجھے حضور ﷺ کے اخلاق کے متعلق بتائیں؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا تو نے قرآن نہیں پڑھا؟ اللہ فرماتا ہے: کہ آپ ﷺ خلق عظیم کے عظیم منصب پر فائز ہیں (القلم: ۴)۔ محمد ﷺ کا اخلاق قرآن ہے۔ میں نے عرض کی: اے ام المومنین! مجھے حضور ﷺ کی نماز کے متعلق کچھ بتائیں؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے! رسول اللہ ﷺ کی نماز کی کون طاقت رکھتا ہے؟ بے شک رسول اللہ ﷺ جب نماز پڑھتے تھے تو دو رکعتیں ادا کرتے۔ پھر تھوڑی دیر رکتے

رَكَعَاتٍ وَإِحْدَى عَشْرَةَ، فَلَمَّا بَدُنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَثُرَ لَحْمُهُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَتَيْنِ وَرَكْعَةً، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

پھر کھڑے ہوتے، دو رکعتیں اور دو رکعتیں اور دو رکعتیں اور دو رکعتیں اور دو رکعتیں اور ایک رکعت یا یہ فرمایا' آپ ﷺ دو رکعتیں اور دو اور دو اور دو اور دو اور ایک رکعت نماز عشاء کے بعد نو رکعتیں اور گیارہ رکعتیں۔ جب حضور ﷺ کا بدن بھاری ہو گیا۔ آپ ﷺ دو رکعتیں اور دو رکعتیں اور ایک رکعت اور دو رکعتیں پڑھتے بیٹھ کر۔

4843 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ أَبَانَ حَدَّثَهُ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی نافرمانی میں نذر مانی وہ نافرمانی نہ کرے۔

4844 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَقُومُ لِلْوُضُوءِ يَكْفَأُ الْإِنَاءَ فَيُسَمِّي، ثُمَّ يُسْبِغُ الْوُضُوءَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب وضو کے لیے کھڑے ہوتے تھے تو آپ ﷺ برتن کو بسم اللہ پڑھ کے اٹھاتے، پھر وضو کرتے۔

4845 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّ أُمَّهُ، وَخَالَتَهُ دَخَلَتَا عَلَى

حضرت جمیع بن عمیر روایت فرماتے ہیں کہ ان کی امی اور خالہ دونوں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں اور عرض کی: اے ام المؤمنین! آپ کیا کرتی تھیں جب

4843- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 294 . وأحمد جلد 6 صفحه 36 قال: حدثنا عبد الرحمن' عن مالك . وفي جلد 6 صفحه 224,41 قال: حدثنا ابن ادريس .

4844- الحديث سبق برقم: 4777,4668 فراجعه .

4845- أخرج الجزء الأول منه: النسائي رقم الحديث: 375 من طريق هناد بن السرى' عن ابن عياش وهو أبو بكر بهذا السند . وأحمد جلد 6 صفحه 123 من طريق عفان' حدثنا عبد الواحد بن زياد' حدثنا صدقة ابن سعيد به .

عَـائِشَةَ فَقَـالَتَـا: يَـا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ كَيْفَ كَـانَتْ إِحْـدَاكُـنَّ تَـصْـنَـعُ إِذَا هِـيَ حَاضَتْ؟ قَالَتْ: تَشُدُّ عَـلَيْهَـا إِزَارًا، ثُمَّ يَلْتَزِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَـطْنَهَـا وَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ . قَـالَتَـا: كَيْفَ يَـغْتَسِلُ؟ قَالَتْ: يُـفِيضُ عَلَى يَدَيْهِ ثُمَّ يَسْتَنْجِي، ثُمَّ يَضْرِبُ بِيَـدِهِ الْأَرْضَ، ثُـمَّ يُفِيضُ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا . قَالَتْ: وَأَمَّـا نَـحْنُ فَنُفِيضُ خَمْسًا مِنْ أَجْلِ الضُّفُرِ قَالَتَا: فَـأَخْبِرِينَا عَنْ عَلِيٍّ . قَالَتْ: أَيَّ شَيْءٍ تَسْأَلْنَ عَنْ رَجُـلٍ وَضَـعَ يَـدَهُ مِـنْ رَسُـولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ مَـوْضِـعًا فَسَالَتْ نَفْسُهُ فِي يَدِهِ فَمَسَحَ بِهَا وَجْهَـهُ؟ وَاخْتَـلَفُوا فِي دَفْنِهِ فَقَالَ: إِنَّ أَحَبَّ الْبِقَاعِ إِلَى اللّٰهِ مَكَانٌ قُبِضَ فِيهِ نَبِيُّهُ . قَالَتَا: فَلِمَ خَرَجْتِ عَـلَيْـهِ؟ قَـالَتْ: أَمْرٌ قُضِيَ لَوَدِدْتُ أَنْ أَفْدِيَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ

آپ رضی اللہ عنہا کو حیض آتا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس جگہ پر ازار باندھ لیتے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیٹ کے ساتھ چمٹا لیتے تھے۔ تہبند کے اوپر سے (فائدہ اٹھاتے تھے) عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کیسے کرتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اپنے ہاتھ پر پانی ڈالتے پھر استنجاء کرتے، پھر اپنے ہاتھ کو زمین پر مارتے، پھر اپنے سر پر پانی ڈالتے تین مرتبہ۔ ہم پانچ مرتبہ ڈالتی ہیں مینڈھیوں کی وجہ سے۔ دونوں نے عرض کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق بتائیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کس شے کے متعلق آپ پوچھتی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس جگہ ہاتھ رکھا۔ میں نے اس ہاتھ کے متعلق پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ چہرے کا مسح کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن کرنے میں اختلاف ہوا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کے ہاں وہ ٹکڑا زیادہ پسند ہے۔ جس جگہ اس کے نبی کی روح قبض ہوئی ہے۔ دونوں نے عرض کی: آپ رضی اللہ عنہا نے ان کے خلاف خروج کیوں کیا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ کا حکم تھا' میرا من کہتا ہے کہ زمین پر جو کچھ ہے اس کے فدیہ میں دے دوں' میں چاہتی ہوں کہ میں فدیہ دینے کا جو زمین میں ہے۔

4846 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الرَّحْـمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَـدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُـلَيْـمٍ، عَـنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أُمِّ ذَرَّةٍ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور مسکین اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبابہ اور وسطی کو

4846- الحديث في المقصد العلي برقم: **1016** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **160** وقال: رواه أبو يعلى، والطبراني في الأوسط، وفيه ليث بن أبي سليم وهو مدلس، وبقية رجاله ثقات .

عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ - وَجَمَعَ بَيْنَ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى - وَالسَّاعِي عَلَى الْيَتِيمِ وَالْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللهِ وَالصَّائِمِ الْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ

جمع کیا۔ یتیم اور بیوہ اور مسکین کی کفالت کرنے والا ایسے ہے جس طرح اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہوتا ہے۔ پختہ روزہ رکھنے والے کی طرح جو تھکتا ہی نہیں ہے۔

4847 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اجْعَلُوا مِنْ صَلَاتِكُمْ فِي بُيُوتِكُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اپنے گھروں کے لیے نماز میں سے کچھ حصہ رکھ لیا کرو۔

4848 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: مَرَّتْ عَائِشَةُ بِمَاءٍ لِبَنِي عَامِرٍ يُقَالُ لَهُ الْحَوْأَبُ، فَنَبَحَتْ عَلَيْهِ الْكِلَابُ، فَقَالَتْ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: مَاءٌ لِبَنِي عَامِرٍ. فَقَالَتْ: رُدُّونِي رُدُّونِي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَيْفَ بِإِحْدَاكُنَّ إِذَا نَبَحَتْ عَلَيْهَا كِلَابُ الْحَوْأَبِ؟

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنوعامر کے پانی کے پاس سے گزریں جس کا نام "حوأب" تھا' پس اس پر کتے بھونکے' آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: یہ بنوعامر قبیلے کا پانی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے واپس لوٹا کر لے جاؤ' مجھے واپس لوٹا کر لے جاؤ' میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا یہ فرماتے ہوئے: تم میں سے کسی ایک کا کیا حال ہوگا جب اس پر حوأب کے کتے بھونکیں گے؟

4849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

4847- أخرجه أحمد جلد6صفحه65 قال: حدثنا حسن . قال: حدثنا ابن لهيعة . قال: حدثنا أبو الأسود' عن عروة فذكره' وزاد: ولا تجعلوها عليكم قبورًا .

4848- أخرجه أحمد جلد6صفحه97,52 من طريق يحيى وشعبة كلاهما عن اسماعيل بهذا السند . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه234 وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' والبزار' ورجال أحمد رجال الصحيح .

4849- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 387 قال: حدثنا محمود بن خالد . قال: حدثنا محمد' يعني ابن عائذ . قال: حدثني يحيى' يعني ابن حمزة' عن الأوزاعي'عن محمد بن الوليد . قال: أخبرني سعيد ابن أبي سعيد' عن القعقاع بن حكيم' فذكره .

يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَمْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَطَأُ بِنَعْلَيْهِ فِي الْأَذَى . قَالَ: التُّرَابُ لَهُمَا طُهُورٌ

میں نے اس آدمی کے متعلق پوچھا جو اپنی جوتی کے ساتھ گندگی کو صاف کرتا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: ان دونوں کو مٹی پاک کر دے گی۔

4850 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِي عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ . قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا كَانَ؟ قَالَتْ: قُلْتُ: كَانَ يَنْحَرُ الْكَوْمَاءَ، وَيُكْرِمُ الْجَارَ، وَيَقْرِي الضَّيْفَ، وَيَصْدُقُ الْحَدِيثَ، وَيُوفِي بِالذِّمَّةِ، وَيَصِلُ الرَّحِمَ، وَيَفُكُّ الْعَانِي، وَيُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَيُؤَدِّي الْأَمَانَةَ . قَالَ: هَلْ قَالَ يَوْمًا وَاحِدًا: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ؟ قَالَتْ: لَا . وَمَا كَانَ يَدْرِي مَا جَهَنَّمُ . قَالَ: فَلَا . إِذًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اے اللہ کے رسول! ابن جدعان کے بارے مجھے بتائیں! نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ کیا تھا؟ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: وہ اونٹوں کو ذبح کر دیا کرتا تھا' پڑوسی کی عزت کرتا' مہمانوں کی میزبانی کرتا' سچ بولتا' ذمہ داری کو پورا کرتا' صلہ رحمی کرتا' کھانے کھلاتا اور امانت ادا کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس نے ایک دن بھی کہا: اے اللہ! مجھے جہنم کی آگ سے پناہ عطا کر؟ عرض کی: جی نہیں! وہ نہیں جانتا تھا کہ جہنم کیا ہے' فرمایا: پس پھر تو نہیں۔

☆☆☆☆☆

4850- الحديث سبق برقم: **4653** فراجعه .